41۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْعَبْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ اَيُّوْبَ النَّصِيْبِيُّ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيْدِ الْكَرَابِيْسِيُّ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ الدِّمَشْقِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِيْ حَمْزَةَ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ اسْمًا مِئَةً اِلَّا وَاحِدَةٍ، مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ، اِنَّهُ وِتْرٌ يُحِبُّ الْوِتْرَ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ، الرَّحِيْمُ، الْمَلِكُ، الْقُدُّوْسُ، السَّلَامُ، الْمُؤْمِنُ، الْمُهَيْمِنُ، الْعَزِيْزُ، الْجَبَّارُ، الْمُتَكَبِّرُ، الْخَالِقُ، الْبَارِءُ، الْمُصَوِّرُ، الْغَفَّارُ، الْقَهَّارُ، الْوَهَّابُ، الرَّزَّاقُ، الْفَتَّاحُ، الْعَلِيْمُ، الْقَابِضُ، الْبَاسِطُ، الْخَافِضُ، الرَّافِعُ، الْمُعِزُّ، الْمُذِلُّ، السَّمِيْعُ، الْبَصِيْرُ، الْحَكَمُ، الْعَدْلُ، اللَّطِيْفُ، الْخَبِيْرُ، الْحَلِيْمُ، الْعَظِيْمُ، الْغَفُوْرُ، الشَّكُوْرُ، الْعَلِيُّ، الْكَبِيْرُ، الْحَفِيْظُ، الْمُغِيْثُ، الْمُقِيْتُ، وَاِلَيْهِ ذَهَبَ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ فِيْ مُخْتَصَرِ الصَّحِيْحِ، الْحَسِيْبُ، الْجَلِيْلُ، الْكَرِيْمُ، الرَّقِيْبُ، الْمُجِيْبُ، الْوَاسِعُ، الْحَكِيْمُ، الْوَدُوْدُ، الْمَجِيْدُ، الْبَاعِثُ، الشَّهِيْدُ، الْحَقُّ، الْوَكِيْلُ، الْقَوِيُّ، الْمَتِيْنُ، الْوَلِيُّ، الْحَمِيْدُ، الْمُحْصِي، الْمُبْدِءُ، الْمُعِيْدُ، الْمُحْيِي، الْمُمِيْتُ، الْحَيُّ، الْقَيُّوْمُ، الْوَاجِدُ، الْمَاجِدُ، الْوَاحِدُ، الصَّمَدُ، الْقَادِرُ، الْمُقْتَدِرُ، الْمُقَدِّمُ، الْمُؤَخِّرُ، الْاَوَّلُ، الْاٰخِرُ، الظَّاهِرُ، الْبَاطِنُ، الْوَالِيْ، الْمُتَعَالِيْ، الْبَرُّ، التَّوَّابُ، الْمُنْتَقِمُ، الْعَفُوُّ، الرَّءُوْفُ، مَالِكُ الْمُلْكِ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ، الْمُقْسِطُ، الْجَامِعُ، الْغَنِيُّ، الْمُغْنِيْ، الْمَانِعُ، الضَّارُّ، النَّافِعُ، النُّوْرُ، الْهَادِيْ، الْبَدِيْعُ، الْبَاقِيْ، الْوَارِثُ، الرَّشِيْدُ، الصَّبُوْرُ

هٰذَا حَدِيْثٌ قَدْ خَرَّجَاهُ فِي الصَّحِيْحَيْنِ بِاَسَانِيْدَ صَحِيْحَةٍ دُوْنَ ذِكْرِ الْاَسَامِيْ فِيْهِ، وَالْعِلَّةُ فِيْهِ عِنْدَهُمَا اَنَّ الْوَلِيْدَ بْنَ مُسْلِمٍ تَفَرَّدَ بِسِيَاقَتِهِ بِطُوْلِهِ، وَذَكَرَ الْاَسَامِيَ فِيْهِ وَلَمْ يَذْكُرْهَا غَيْرُهُ، وَلَيْسَ هٰذَا بِعِلَّةٍ فَاِنِّيْ لَا اَعْلَمُ اخْتِلَافًا بَيْنَ اَئِمَّةِ الْحَدِيْثِ اَنَّ الْوَلِيْدَ بْنَ مُسْلِمٍ اَوْثَقُ وَاَحْفَظُ وَاَعْلَمُ وَاَجَلُّ مِنْ اَبِي الْيَمَانِ وَبِشْرِ بْنِ شُعَيْبٍ وَّعَلِيِّ بْنِ عَيَّاشٍ وَّاَقْرَانِهِمْ مِنْ اَصْحَابِ شُعَيْبٍ، ثُمَّ نَظَرْنَا فَوَجَدْنَا الْحَدِيْثَ قَدْ رَوَاهُ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الْحُصَيْنِ، عَنْ اَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِيِّ، وَهِشَامِ بْنِ حَسَّانٍ جَمِيْعًا، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِطُوْلِهِ

حدیث 41:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 808 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث: 42

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کے ۹۹ نام ہیں، جوان کو یاد کرے گا، جنتی ہے، اللہ تعالیٰ تنہا ہے اور تنہائی کو ہی پسند کرتا ہے۔ (اللہ تعالیٰ کے نام بمعہ ترجمہ درج ذیل ہیں)

اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ (مہربان)، الرَّحِيْمُ (رحم کرنے والا)، الْمَلِكُ (بادشاہ)، الْقُدُّوسُ (پاک)، السَّلَامُ (سلامتی والا)، الْـمُؤْمِنُ (امن دینے والا)، الْـمُهَيْمِنُ (نگہبان)، الْعَزِيْزُ (غالب)، الْجَبَّارُ (زبردست)، الْمُتَكَبِّرُ (بڑائی والا)، الْخَالِقُ (پیدا کرنے والا)، الْبَارِئُ (عالم بنانے والا)، الْمُصَوِّرُ (صورت بنانے والا)، الْغَفَّارُ (بخشنے والا)، الْقَهَّارُ (زبردست)، الْوَهَّابُ (بہت دینے والا) الرَّزَّاقُ (رزق دینے والا)، الْفَتَّاحُ (کھولنے والا)، الْعَلِيْمُ (جاننے والا)، الْقَابِضُ (بند کرنے والا)، الْبَاسِطُ (کھولنے والا)، الْخَافِضُ (جھکانے والا)، الرَّافِعُ (بلند کرنے والا)، الْـمُعِزُّ (عزت دینے والا)، الْـمُذِلُّ (ذلت دینے والا)، السَّمِيْعُ (سننے والا)، الْبَصِيْرُ (دیکھنے والا)، الْحَكَمُ (حاکم)، الْعَدْلُ (انصاف کرنے والا)، اللَّطِيْفُ (باریک بین)، الْخَبِيْرُ (خبردار)، الْحَلِيْمُ (بردبار)، الْعَظِيْمُ (بزرگ)، الْغَفُوْرُ (بخشنے والا)، الشَّكُوْرُ (شکر کرنے والا)، الْعَلِيُّ (بلند)، الْكَبِيْرُ (بڑا)، الْحَفِيْظُ (نگہبان)، الْـمُغِيْثُ (مدد کرنے والا)، الْمُقِيْتُ (قوت دینے والا)، الْحَسِيْبُ (کافی)، الْجَلِيْلُ (بزرگ)، الْكَرِيْمُ (سخی)، الرَّقِيْبُ (نگہبان)، الْـمُجِيْبُ (قبول کرنے والا)، الْوَاسِعُ (فراخی والا)، الْحَكِيْمُ (حکمت والا)، الْوَدُوْدُ (محبت کرنے والا)، الْمَجِيْدُ (بزرگ)، الْبَاعِثُ (اٹھانے والا)، الشَّهِيْدُ (گواہ)، الْحَقُّ (سچا)، الْوَكِيْلُ (کارساز)، الْقَوِيُّ (طاقت والا)، الْمَتِيْنُ (مضبوط)، الْوَلِيُّ (دوست)، الْحَمِيْدُ (قابل تعریف)، الْمُحْصِي (گھیرنے والا)، الْمُبْدِئُ (ابتدا کرنے والا)، الْمُعِيْدُ (لوٹانے والا)، الْمُحْيِي (زندگی دینے والا)، الْمُمِيْتُ (موت دینے والا)، الْحَيُّ (زندہ)، الْقَيُّوْمُ (ہمیشہ رہنے والا)، الْوَاجِدُ (پانے والا)، الْمَاجِدُ (بزرگی والا)، الْوَاحِدُ (اکیلا)، الصَّمَدُ (بے نیاز)، الْقَادِرُ (قدرت والا)، الْمُقْتَدِرُ (اقتدار والا)، الْمُقَدِّمُ (پہلا)، الْمُؤَخِّرُ (پچھلا)، الْاَوَّلُ (پہلا)، الْاٰخِرُ (آخری)، الظَّاهِرُ (آشکار)، الْبَاطِنُ (پوشیدہ)، الْوَالِيُ (کارساز)، الْمُتَعَالِيُ (برتر)، الْبَرُّ (احسان کرنے والا)، التَّوَّابُ (توبہ قبول کرنے والا)، الْمُنْتَقِمُ (بدلہ لینے والا)، الْعَفُوُّ (معاف کرنے والا)، الرَّءُوْفُ (بہت مہربان)، مَالِكُ الْمُلْكِ (ملک کا مالک) ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ (بزرگی اور بخشش والا)، الْمُقْسِطُ (عدل کرنے والا)، الْجَامِعُ (جمع کرنے والا)، الْغَنِيُّ (بے پرواہ)، الْمُغْنِيُ (دولت مند کرنے والا)، الْمَانِعُ (منع کرنے والا)، الضَّارُّ (ضرر دینے والا)، النَّافِعُ (نفع دینے والا)، النُّوْرُ (روشنی والا)، الْهَادِيُ (راہ دکھانے والا)، الْبَدِيْعُ (نیا پیدا کرنے والا)، الْبَاقِي (ہمیشہ رہنے والا)، الْوَارِثُ (مالک)، الرَّشِيْدُ (راہنما)، الصَّبُوْرُ (بڑا تحمل والا)

❖ یہ حدیث صحیح ہے اور شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے دیگر صحیح سندوں کے ساتھ اس حدیث کو نقل کیا ہے، البتہ ان میں اللہ تعالیٰ کے اسماء گرامی مذکور نہیں ہیں۔ اس حدیث میں شیخین رحمۃ اللہ علیہما کو جو نقص نظر آیا ہے وہ یہ ہے کہ اس حدیث میں تمام اسماء الحسنیٰ کا ذکر صرف ولید بن مسلم نے کیا ہے ان کے علاوہ اور کسی راوی نے ''اسماء الحسنیٰ'' کا ذکر نہیں کیا ہے (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں) یہ کوئی نقص

نہیں ہے کیونکہ ائمہ حدیث کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ولید بن مسلم ابوہمان، بشر بن شعیب، علی بن عباس رضی اللہ عنہما اور ان کے دیگر معاصرین سے زیادہ ثقہ ہیں۔ ان سے زیادہ مضبوط حافظے کے مالک، ان سے زیادہ علم حدیث رکھنے والے اور ان سب سے زیادہ بزرگ ہیں۔ مزید غور و فکر کرنے سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ اس پوری حدیث کو عبدالعزیز بن الحصین نے ابوایوب السختیانی کے ذریعے اور ہشام بن حسان نے محمد بن سیرین کے واسطے سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

(وہ حدیث درج ذیل ہے)

42۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنِ حِمْدَانَ الْحلاب بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا الْاَمِيْرُ اَبُو الْهَيْثَمِ خَالِدُ بْنُ اَحْمَدَ الذُّهْلِيُّ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اَسَدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ الْقَطَوَانِيُّ، حَدَّثَنَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُفْيَانَ النَّسَائِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ حُصَيْنِ بْنِ التَّرْجُمَانِ، حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِيُّ، وَهِشَامُ بْنُ حَسَّانٍ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ اسْمًا مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ: اَللّٰهُ، الرَّحْمٰنُ، الرَّحِيْمُ، الْاِلٰهُ، الرَّبُّ، الْمَلِكُ، الْقُدُّوسُ، السَّلَامُ، الْمُؤْمِنُ، الْمُهَيْمِنُ، الْعَزِيْزُ، الْجَبَّارُ، الْمُتَكَبِّرُ، الْخَالِقُ، الْبَارِءُ، الْمُصَوِّرُ، الْحَلِيْمُ، الْعَلِيْمُ، السَّمِيْعُ، الْبَصِيْرُ، الْحَيُّ، الْقَيُّوْمُ، الْوَاسِعُ، اللَّطِيْفُ، الْخَبِيْرُ، الْحَنَّانُ، الْمَنَّانُ، الْبَدِيْعُ، الْوَدُوْدُ، الْغَفُوْرُ، الشَّكُوْرُ، الْمَجِيْدُ، الْمُبْدِءُ، الْمُعِيْدُ، النُّوْرُ، الْاَوَّلُ، الْاٰخِرُ، الظَّاهِرُ، الْبَاطِنُ، الْغَفَّارُ، الْوَهَّابُ، الْقَادِرُ، الْاَحَدُ، الصَّمَدُ، الْكَافِیْ، الْبَاقِیْ، الْوَكِيْلُ، الْمَجِيْدُ، الْمُغِيْثُ، الدَّائِمُ، الْمُتَعَالِ، ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ، الْمَوْلٰى، النَّصِيْرُ، الْحَقُّ، الْمُبِيْنُ، الْبَاعِثُ، الْمُجِيْبُ، الْمُحْيِیْ، الْمُمِيْتُ، الْجَمِيْلُ، الصَّادِقُ، الْحَفِيْظُ، الْكَبِيْرُ، الْقَرِيْبُ، الرَّقِيْبُ، الْفَتَّاحُ، التَّوَّابُ، الْقَدِيْمُ، الْوِتْرُ، الْفَاطِرُ، الرَّزَّاقُ، الْعَلَّامُ، الْعَلِیُّ، الْعَظِيْمُ، الْغَنِیُّ، الْمَلِيْكُ، الْمُقْتَدِرُ، الْاَكْرَمُ، الرَّءُوْفُ، الْمُدَبِّرُ، الْمَالِكُ، الْقَدِيْرُ، الْهَادِیْ، الشَّاكِرُ، الرَّفِيْعُ، الشَّهِيْدُ، الْوَاحِدُ، ذُو الطَّوْلِ، ذُو الْمَعَارِجِ، ذُو الْفَضْلِ، الْخَلَّاقُ، الْكَفِيْلُ، الْجَلِيْلُ، الْكَرِيْمُ

هٰذَا حَدِيْثٌ مَّحْفُوْظٌ مِّنْ حَدِيْثِ اَيُّوْبَ وَهِشَامٍ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ مُخْتَصَرًا دُوْنَ ذِكْرِ الْاَسَامِیْ الزَّائِدَةِ فِيْهَا، كُلُّهَا فِی الْقُرْاٰنِ، وَعَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الْحُصَيْنِ بْنِ التَّرْجُمَانِ ثِقَةٌ، وَاِنْ لَّمْ يُخَرِّجَاهُ،

حدیث: 43

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3910 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 4194 اخرجه ابوعبدالله النيسابوری فی "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 44 اخرجه ابويعلى الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 5092 اخرجه ابوالحسن الجوهری فی "مسنده" طبع موسسه نادر بيروت لبنان 1410ھ/1990ء رقم الحديث: 488

وَاِنَّمَا جَعَلْتَهُ شَاهِدًا لِلْحَدِيْثِ الْاَوَّلِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے''اللہ تعالیٰ کے ۹۹ اسمائے گرامی ہیں جوان کو یاد کرے گا وہ جنتی ہے۔

❖ یہ حدیث ابوسختیانی اور ہشام کی اس سند کے لحاظ سے ''محفوظ'' ہے جوانہوں نے محمد بن سیرین سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے ''اسمائے الحسنٰی'' کا ذکر کئے بغیر مختصر طور پر نقل کی ہے اور جن اسمائے حسنٰی کا اضافہ ہے وہ قرآن سے ثابت ہیں اور عبدالعزیز بن الحصین بن الترجمان ثقہ راوی ہیں۔ اگر چہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے ان کی روایت نہیں لی تاہم میں نے اس کو گزشتہ حدیث کے شاہد کے طور پر پیش کیا ہے۔

43ـ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِيْ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ بَالَوَيْهِ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، وَمُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، وَاَبُوْ عَمْرٍو الْحَوْضِيُّ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، اَخْبَرَنِيْ سَلَمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عِيْسٰى، رَجُلاً مِّنْ بَنِيْ اَسَدٍ يُحَدِّثُ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الطِّيَرَةُ شِرْكٌ، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُذْهِبُهُ بِالتَّوَكُّلِ وَعِيْسٰى هٰذَا هُوَ: ابْنُ عَاصِمٍ الْاَسَدِيُّ كُوْفِيٌّ ثِقَةٌ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بدشگونی شرک ہے، اللہ تعالیٰ پر توکل کر کے اس کو ختم کیا جا سکتا ہے۔

❖ اس کی سند میں جو عیسیٰ (راوی) ہیں وہ عیسیٰ بن عاصم الاسدی ہیں، یہ کوفہ کے رہنے والے تھے، ثقہ راوی تھے۔

44ـ حَدَّثَنَا بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيٰى، وَاَخْبَرَنِيْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَّادٍ الْبَاهِلِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ عِيْسٰى بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الطِّيَرَةُ مِنَ الشِّرْكِ وَمَامِنَّا، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يُذْهِبُهُ بِالتَّوَكُّلِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ سَنَدُهُ، ثِقَاتٌ رُوَاتُهُ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَعِيْسٰى بْنُ عَاصِمٍ الْاَسَدِيُّ قَدْ رَوٰى اَيْضًا، عَنْ

حدیث 43:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3910 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 4194 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 44 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 5092 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر بيروت لبنان 1410ھ/1990ء رقم الحديث: 488

عَدِيّ بْنِ ثَابِتٍ، وَغَيْرِهِ، وَقَدْ رَوَى عَنْهُ شُعْبَةُ، وَجَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، وَمُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، وَغَيْرُهُمْ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بدشگونی کا تعلق شرک سے ہے اور ذہنی الجھاؤ کا باعث ہے لیکن اللہ تعالیٰ اسے توکل کی برکت سے ختم فرما دیتا ہے۔

✣✣ اس حدیث کی سند "صحیح" ہے، اس کے راوی ثقہ ہیں لیکن اس کے باوجود شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا ہے اور عیسیٰ بن عاصم الاسدی نے عدی بن ثابت وغیرہ سے بھی روایت کی ہے اور ان سے روایت لینے والوں میں شعبہ، جریر بن حازم، معاویہ بن صالح اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم کے نام شامل ہیں۔

45- حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي طَالِبٍ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، وَاَحْمَدُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، اَنْبَاَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ النَّخَعِيِّ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ حَلَفَ بِغَيْرِ اللّٰهِ فَقَدْ كَفَرَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، فَقَدِ احْتَجَّا بِمِثْلِ هٰذَا الْاِسْنَادِ وَخَرَّجَاهُ فِي الْكِتَابِ، وَلَيْسَ لَهُ عِلَّةٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، فَقَدِ احْتَجَّ بِشَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ النَّخَعِيِّ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کی قسم کھائی اس نے کفر کیا۔

✣✣ یہ حدیث شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق "صحیح" ہے کیونکہ دونوں نے اس قسم کی سند اپنی کتابوں میں ذکر کی ہیں اور اس حدیث میں کوئی نقص نہیں ہے لیکن انہوں نے اسے نقل نہیں کیا ہے۔ اس حدیث کی شاہد ایک دوسری حدیث ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے اور اس میں کوئی نقص نہیں ہے (حدیث درج ذیل ہے)

46- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَعَمْرُو بْنُ مَنْصُورٍ الْعَدْلُ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، اَنْبَاَنَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا شَرِيكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: كُلُّ يَمِيْنٍ يُحْلَفُ بِهَا دُوْنَ اللّٰهِ شِرْكٌ

✧✧ حضرت (عبداللہ) ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو "قسم" غیر اللہ کے نام سے کھائی جائے وہ شرک ہے۔

حدیث: 45

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3251 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 1535 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 6072 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 4358 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث: 169

47۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَيُّوْبَ التُّوقَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ يَحْيٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِيْ مَيْسَرَّةَ الْمَكِّيُّ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، قَالَا: اَنْبَاَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، قَالَ: اَتَانِيْ اَبُو الْعَالِيَةِ اَنَا وَصَاحِبًا لِيْ، فَقَالَ: هَلُمَّا فَاَنْتُمَا اَشَبُّ وَاَوْعٰى لِلْحَدِيْثِ مِنِّيْ، فَانْطَلَقَ بِنَا حَتّٰى اَتَيْنَا نَصْرَ بْنَ عَاصِمٍ اللَّيْثِيَّ، فَقَالَ حَدِّثْ هٰذَيْنِ حَدِيْثَكَ، قَالَ: نَصْرٌ، حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مَالِكٍ، وَكَانَ مِنْ رَّهْطِهٖ، قَالَ: بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً فَاَغَارُوْا عَلٰى قَوْمٍ فَشَذَّ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ فَاتَّبَعَهٗ رَجُلٌ مِّنَ السَّرِيَّةِ مَعَهُ السَّيْفُ شَاهِرٌ، فَقَالَ الشَّاذُّ مِنَ الْقَوْمِ: اِنِّيْ مُسْلِمٌ، فَلَمْ يَنْظُرْ فِيْهَا، فَضَرَبَهٗ فَقَتَلَهٗ، فَنَمَى الْحَدِيْثُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ قَوْلًا شَدِيْدًا فَبَلَغَ الْقَاتِلَ، فَبَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ اِذْ قَالَ الْقَاتِلُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَاللّٰهِ مَا قَالَ الَّذِيْ قَالَ اِلَّا تَعَوُّذًا مِّنَ الْقَتْلِ، فَاَعْرَضَ عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَنْ مَّنْ قِبَلَهٗ مِنَ النَّاسِ وَاَخَذَ فِيْ خُطْبَتِهٖ، ثُمَّ قَالَ الثَّانِيَةَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ مَا قَالَ الَّذِيْ قَالَهٗ اِلَّا تَعَوُّذًا مِّنَ الْقَتْلِ، فَاَعْرَضَ عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَنْ مَّنْ قِبَلَهٗ مِنَ النَّاسِ وَاَخَذَ فِيْ خُطْبَتِهٖ، ثُمَّ لَمْ يَصْبِرْ اَنْ قَالَ الثَّالِثَةَ: وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا قَالَ الَّذِيْ قَالَ اِلَّا تَعَوُّذًا مِّنَ الْقَتْلِ، فَاَقْبَلَ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُعْرَفُ الْمَسَائَةُ فِيْ وَجْهِهٖ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَبٰى عَلٰى مَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا قَالَهَا ثَلَاثًا

هٰذَا حَدِيْثٌ مُّخَرَّجٌ مِثْلُهٗ فِي الْمُسْنَدِ الصَّحِيْحِ لِمُسْلِمٍ، فَقَدِ احْتَجَّ بِنَصْرِ بْنِ عَاصِمٍ اللَّيْثِيِّ وَسُلَيْمَانَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ، فَاَمَّا عُقْبَةُ بْنُ مَالِكٍ اللَّيْثِيُّ، فَاِنَّهٗ صَحَابِيٌّ مُّخَرَّجٌ حَدِيْثُهٗ فِيْ كُتُبِ الْاَئِمَّةِ فِي الْوُجْدَانِ، وَقَدْ بَيَّنْتُ شَرْطِيْ فِيْ اَوَّلِ الْكِتَابِ بِاَنِّيْ اُخَرِّجُ حَدِيْثَ الصَّحَابَةِ عَنْ اٰخِرِهِمْ، اِذَا صَحَّ الطَّرِيْقُ اِلَيْهِمْ، وَقَدْ تَابَعَ يُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ سُلَيْمَانَ بْنَ الْمُغِيْرَةِ عَلٰى رِوَايَتِهٖ عَنْ حُمَيْدٍ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت عتبہ بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجاہدین کا ایک لشکر روانہ کیا، لشکر نے جا کر حملہ کر دیا (جنگ کے دوران مخالف قبیلے کا) ایک شخص میدان جنگ سے بھاگ نکلا، ایک مسلم مجاہد تلوار سونتے ہوئے اس کے تعاقب میں نکلا (جب یہ مجاہد اس مفرور کے سر پر جا پہنچا تو) اس نے کہا: میں مسلمان ہوں لیکن مسلم مجاہد نے آؤ دیکھا نہ تاؤ، تلوار ماری اور اسے قتل کر

حدیث 47:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 5972 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 6829 اخرجه ابوبکر الشیبانی فی "الاحاد والمثانی" طبع دارالرایة ریاض سعودی عرب 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 942 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 28944 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 8593 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم و الحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 980

ڈالا۔ یہ بات رسول اللہ ﷺ تک پہنچی تو آپ ﷺ نے ناراضگی کا اظہار فرمایا اور اس ناراضگی کی خبر اس مجاہد تک بھی پہنچ گئی۔ پھر ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے کہ دوران خطبہ وہ مجاہد کھڑا ہو کر کہنے لگا: خدا کی قسم! اس نے اپنے مسلمان ہونے کا اقرار فقط اپنی جان بچانے کے لئے کیا تھا۔ آپ ﷺ نے اس کی طرف سے توجہ ہٹائی اور خطبہ جاری رکھا۔ اس نے دوبارہ کہا: حضور! خدا کی قسم! اس نے صرف اپنے بچاؤ کی خاطر اپنے مسلمان ہونے کا اقرار کیا تھا۔ آپ ﷺ نے اس مرتبہ بھی اس سے توجہ ہٹائی اور خطبہ جاری رکھا۔ اس نے تیسری مرتبہ پھر وہی الفاظ دہرائے تو آپ ﷺ نے اس کی طرف توجہ فرمائی (اس وقت آپ کے چہرہ اقدس پر ناراضگی کے آثار نمایاں تھے) آپ ﷺ نے فرمایا: جو شخص کسی مسلمان کو قتل کرے اللہ تعالیٰ اسے پسند نہیں کرتا۔ آپ نے تین مرتبہ یہی الفاظ دہرائے۔

❖ اس جیسی کئی احادیث صحیح مسلم میں مذکور ہیں۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے نصر بن عاصم لیثی اور سلیمان بن مغیرہ کی روایات نقل کی ہیں اور عقبہ بن عامر لیثی کی احادیث آئمہ کی کتابوں میں موجود ہیں جبکہ میں نے اپنا معیار کتاب کے آغاز میں بیان کر دیا تھا کہ میں ہر اس صحابی کی روایت نقل کروں گا جس تک سند درست طریقے سے پہنچتی ہو۔ جس طرح سلیمان بن مغیرہ نے حمید سے روایت لی ہے اسی طرح یونس بن عبید نے بھی حمید سے روایت لی ہے اور وہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے (وہ حدیث درج ذیل ہے)

48- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَلِيِّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الْقَاضِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حُمَيْدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ نَصْرِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: اَمَّا بَعْدُ، فَمَا بَالُ الرَّجُلِ يَقْتُلُ الرَّجُلَ وَهُوَ يَقُوْلُ: اَنَا مُسْلِمٌ؟ فَقَالَ الْقَاتِلُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّمَا قَالَهَا مُتَعَوِّذًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰكَذَا وَكَرِهَ مَقَالَتَهُ، وَحَوَّلَ وَجْهَهُ عَنْهُ، فَقَالَ: اَبَى اللّٰهُ عَلٰى مَنْ قَتَلَ مُسْلِمًا، اَبَى اللّٰهُ عَلٰى مَنْ قَتَلَ مُسْلِمًا

✧✧ حضرت عقبہ بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضور ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کے بعد ارشاد فرمایا: اس شخص کا کیا حشر ہوگا جو ایسے شخص کو قتل کر ڈالے جو اپنے مسلمان ہونے کا اقرار کر رہا ہو۔ وہ قاتل کہنے لگا: یا رسول اللہ ﷺ اس نے صرف اپنے بچاؤ کی خاطر اسلام کا اقرار کیا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: ایسے ہی! آپ ﷺ کو اس کی بات انتہائی ناپسند لگی۔ آپ ﷺ نے اپنا چہرہ اس سے دوسری طرف پھیر لیا اور فرمایا: اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو پسند نہیں کرتا جو کسی مسلمان کو قتل کرے۔ اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو پسند نہیں کرتا جو کسی مسلمان کو قتل کرے۔

49- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ يَحْيَى الْاٰدَمِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي الْعَوَّامِ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا هَمَّامٌ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا

حدیث 49:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث:25164 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث:4566

مُوْسٰی بْنُ اِسْمَاعِیْلَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَبَّانَ الْاَنْصَارِیُّ، اَنْبَاَ اَبُو الْوَلِیْدِ، وَمُوْسٰی بْنُ اِسْمَاعِیْلَ، قَالَا: حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ یَحْیٰی، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ شَیْبَةُ الْخُضَرِمِیُّ، اَنَّهٗ شَهِدَ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَیْرِ، یُحَدِّثُ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِیْزِ، عَنْ عَآئِشَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثٌ اَحْلِفُ عَلَیْهِنَّ: لَا یَجْعَلُ اللّٰهُ مَنْ لَهٗ سَهْمٌ فِی الْاِسْلَامِ کَمَنْ لَّا سَهْمَ لَهٗ وَسِهَامُ الْاِسْلَامِ الصَّوْمُ وَالصَّلٰوةُ وَالصَّدَقَةُ، وَلَا یَتَوَلَّی اللّٰهُ عَبْدًا فَیُوَلِّیهِ غَیْرَهٗ یَوْمَ الْقِیَامَةِ، وَلَا یُحِبُّ رَجُلٌ قَوْمًا اِلَّا جَعَلَهُ اللّٰهُ مَعَهُمْ، وَالرَّابِعَةُ اِنْ حَلَفْتُ عَلَیْهَا رَجَوْتُ اَنْ لَّا اٰثَمَ: مَا یَسْتُرُ اللّٰهُ عَلٰی عَبْدٍ فِی الدُّنْیَا اِلَّا سَتَرَ عَلَیْهِ فِی الْاٰخِرَةِ، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ: اِذَا سَمِعْتُمْ مِثْلَ هٰذَا الْحَدِیْثِ یُحَدِّثُ عُرْوَةَ، عَنْ عَآئِشَةَ فَاحْفَظُوْهُ شَیْبَةُ الْحَضْرَمِیُّ قَدْ خَرَّجَهُ الْبُخَارِیُّ، وَقَالَ فِی التَّارِیْخِ: وَیُقَالُ الْخُضَرِیُّ سَمِعَ عُرْوَةَ وَعُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِیْزِ، وَهٰذَا الْحَدِیْثُ صَحِیْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: میں تین چیزوں کے حق ہونے پر قسم کھا سکتا ہوں۔(۱) جس شخص کا اسلام میں کوئی حصہ ہے، اللہ تعالیٰ اسے اس شخص کی طرح نہ کرے گا جس کا کوئی حصہ نہیں ہے۔اور اعمالِ صالحہ، روزہ، نماز اور صدقہ سب اسلام کا حصہ ہیں۔(۲) جس شخص سے اللہ تعالیٰ دنیا میں دوستی رکھے گا، قیامت کے دن بھی اس سے دوستی نبھائے گا۔(۳) جو شخص جس قوم سے محبت رکھے گا اللہ تعالیٰ اس کا حشر اسی کے ساتھ کرے گا اور چوتھی بات ایسی ہے کہ اگر میں اس پر بھی قسم کھاؤں تو کوئی حرج نہیں (وہ یہ ہے) اللہ تعالیٰ جس کی دنیا میں پردہ پوشی کرتا ہے قیامت کے دن بھی اس کے گناہوں کو چھپائے گا۔عمر بن عبدالعزیز کہتے ہیں: اس طرح کی کوئی بھی حدیث جب عروہ، عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے روایت کریں تو اسے یاد کرلیا کرو۔

❖ (اس حدیث کے ایک راوی) شیبہ حضرمی کی روایات امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کی ہیں۔تاریخ بغداد میں ہے کہ خضری نے عروہ اور عمر بن عبدالعزیز سے حدیث کا سماع کیا ہے۔

50۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اَیُّوْبَ الْفَقِیْهُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ زِیَادٍ، حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ سُلَیْمَانَ الْوَاسِطِیُّ، وَحَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِیُّ، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ مَعِیْنٍ، وَحَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عِیْسٰی، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ نَجْدَةَ، حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا هُشَیْمٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِیْ هِنْدٍ، عَنْ اَبِیْ حَرْبِ بْنِ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ فَضَالَةَ اللَّیْثِیِّ، قَالَ: اَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: اِنِّیْ اُرِیْدُ الْاِسْلَامَ فَعَلِّمْنِیْ شَرَائِعَ مِنْ شَرَائِعِ الْاِسْلَامِ، فَذَکَرَ الصَّلٰوةَ وَشَهْرَ رَمَضَانَ وَمَوَاقِیْتَ الصَّلٰوةِ، فَقُلْتُ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّکَ تَذْکُرُ سَاعَاتٍ اَنَا فِیْهِنَّ مَشْغُوْلٌ، وَلٰکِنْ عَلِّمْنِیْ جِمَاعًا مِّنَ الْکَلَامِ، قَالَ: اِنْ شُغِلْتَ

حدیث 50:

اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحدیث:19046 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث:1741

فَلَا تُشْغَلْ عَنِ الْعَصْرَیْنِ، قُلْتُ: وَمَا الْعَصْرَانِ ؟ وَلَمْ تَكُنْ لُغَةَ قَوْمِی، قَالَ: الْفَجْرُ وَالْعَصْرُ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ، وَفِیْهِ اَلْفَاظٌ لَمْ یُخَرِّجَاهَا بِاِسْنَادٍ اٰخَرَ، وَاَكْثَرُهَا فَائِدَةً ذِكْرُ شَرَائِعِ الْاِسْلَامِ، فَاِنَّهُ فِیْ حَدِیْثِ عَبْدِ الْعَزِیْزِ بْنِ اَبِیْ دَاوُدَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ یَحْیَی بْنِ یَعْمَرَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، وَلَیْسَ مِنْ شَرْطِ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا، وَقَدْ خُوْلِفَ هُشَیْمُ بْنُ بَشِیْرٍ فِیْ هٰذَا الْاِسْنَادِ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِیْ هِنْدٍ خِلَافًا لَا یَضُرُّ الْحَدِیْثَ بَلْ یَزِیْدُهُ تَاْكِیْدًا

✧✧ حضرت فضالہ لیثی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوکر اسلامی تعلیمات سیکھنے کی خواہش کا اظہار کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھنے اور روزہ رکھنے کی تلقین فرمائی اور نمازوں کے اوقات بھی بتائے۔ میں نے عرض کی: حضور! آپ نے نمازوں کے لئے جو وقت بتائے ہیں، میں ان اوقات میں بہت مصروف ہوتا ہوں، اس لئے آپ مجھ کو مختصر اور جامع سا حکم ارشاد فرما دیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مصروفیت کتنی بھی ہو ''عصرین'' کو نہیں چھوڑنا۔ چونکہ یہ لفظ ہماری زبان میں استعمال نہیں ہوتا تھا (اس لئے مجھے سمجھ نہیں آئی، میں نے سمجھنے کے لئے عرض کیا) ''عصران'' کا کیا مطلب؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''فجر اور عصر''۔

✤✤ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق ''صحیح'' ہے لیکن اس کو صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا جبکہ اس میں (شرائع اسلام کے متعلق) کچھ الفاظ ایسے ہیں جنہیں شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے کسی دوسری سند کے ساتھ بھی روایت نہیں کیا حالانکہ (اگر دیکھا جائے تو) اس کا ذکر کرنے میں فائدہ زیادہ ہے کیونکہ شرائع اسلام کا ذکر عبدالعزیز بن ابوداؤد کی اس روایت میں موجود ہے جس کی سند علقمہ بن مرثد، پھر یحییٰ بن یعمر سے ہوتی ہوئی ابن عمر رضی اللہ عنہما تک پہنچتی ہے۔ اور یہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں میں سے کسی کے بھی معیار پر ''صحیح'' نہیں ہے تاہم اس کی سند میں داؤد بن ابوہند کی طرف سے ہشیم بن بشیر کی کچھ مخالفت ضرور کی گئی ہے لیکن اس طرح کی مخالفت سے حدیث کو نقصان نہیں پہنچتا بلکہ اس کی پختگی میں مزید اضافہ ہوتا ہے۔

51- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّافِعِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرِ بْنِ مَطَرٍ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِیَّةَ، وَحَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عِیْسٰی، حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِیَادٍ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ شَاهِیْنَ، قَالَا: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ دَاوُدَ، عَنْ اَبِیْ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ فَضَالَةَ، عَنْ اَبِیْهِ، قَالَ: عَلَّمَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

حدیث 51:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 428 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 1742 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث: 717 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث: 6637 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 826 اخرجه ابوبکر الشیبانی فی "الاحاد والمثانی" طبع دارالرایة ریاض سعودی عرب 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 939

وَسَلَّمَ فَكَانَ فِيمَا عَلَّمَنِي اَنْ قَالَ: حَافِظْ عَلَى الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ، فَقُلْتُ: هٰذِهِ سَاعَاتٌ لِّيْ فِيهَا اشْتِغَالٌ، فَحَدِّثْنِي بِاَمْرٍ جَامِعٍ اِذَا اَنَا فَعَلْتُهُ اَجْزَاَ عَنِّي، قَالَ: حَافِظْ عَلَى الْعَصْرَيْنِ، قَالَ: وَمَا كَانَتْ مِنْ لُغَتِنَا قُلْتُ: وَمَا الْعَصْرَانِ ؟ قَالَ: صَلٰوةٌ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ، وَصَلٰوةٌ قَبْلَ غُرُوبِهَا وَاَبُوْ حَرْبِ بْنِ اَبِي الْاَسْوَدِ الدِّيلِيُّ تَابِعِيٌّ كَبِيرٌ عِنْدَهُ مِنْ اَكَابِرِ الصَّحَابَةِ لَا يُقْصَرُ سَمَاعُهُ عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ اللَّيْثِيِّ، فَاِنَّ هُشَيْمَ بْنَ بَشِيرٍ حَافِظٌ مَعْرُوفٌ بِالْحِفْظِ، وَخَالِدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَاسِطِيَّ صَاحِبُ كِتَابٍ، وَهٰذَا فِي الْجُمْلَةِ كَمَا خَرَّجَ مُسْلِمٌ فِي كِتَابِ الْاِيْمَانِ حَدِيثَ شُعْبَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ، وَبَعْدَهُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن فضالہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے جو تعلیمات دی ہیں ان میں یہ بھی تھا کہ نمازِ پنجگانہ پابندی سے ادا کرو (فضالہ کہتے ہیں) میں نے عرض کی: یہ اوقات تو میری مصروفیت کے ہیں، اس لئے مجھے کوئی ایسا جامع عمل بتا دیجیے جو کہ میرے لئے کافی ہو، آپ ﷺ نے فرمایا: ''عصرین'' کی حفاظت کرو (فضالہ کہتے ہیں) چونکہ ''عصرین'' ہماری زبان کا لفظ نہیں تھا اس لئے میں نے پوچھ لیا: حضور! ''عصرین'' کا کیا مطلب ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: سورج کے طلوع اور غروب ہونے سے پہلے کی نمازیں۔

❖❖ اس کی سند میں ابوحرب بن ابوالاسود الدیلی کبیر تابعی ہیں۔ ان کا سماع صرف فضالہ بن عبید لیثی تک ہی محدود نہیں ہے بلکہ ان کے پاس دیگر اکابر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی روایات بھی موجود ہیں۔ سابقہ حدیث میں ہشیم بن بشیر حافظ الحدیث ہیں اور آئمہ حدیث میں معروف بالحفظ ہیں اور خالد بن عبداللہ الواسطی خود صاحب کتاب ہیں۔ المختصر یہ سند شعبہ کی اس روایت کی طرح ہے جو امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب الایمان میں نقل کی ہے، جس کی حدیث عثمان بن عبداللہ بن موہب، ان کے بعد محمد بن عثمان سے ہوتی ہوئی ان کے والد تک پہنچتی ہے۔

52- حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، وَاَخْبَرَنِي اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنَزِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الدَّارِمِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ لِلْاِسْلَامِ ضُوءًا وَمَنَارًا كَمَنَارِ الطَّرِيقِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ، فَقَدْ رَوٰى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَلَفٍ الْعَسْقَلَانِيِّ وَاحْتَجَّ بِثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ الشَّامِيِّ، فَاَمَّا سَمَاعُ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ فَغَيْرُ مُسْتَبْعَدٍ، فَقَدْ حَكَى الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ عَنْهُ، اَنَّهُ قَالَ: لَقِيتُ سَبْعَةَ عَشَرَ رَجُلًا مِّنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَعَلَّ مُتَوَهِّمًا يَتَوَهَّمُ اَنَّ هٰذَا مَتْنٌ شَاذٌّ، فَلْيَنْظُرْ فِي الْكِتَابَيْنِ لِيَجِدَ مِنَ الْمُتُونِ الشَّاذَّةِ الَّتِي لَيْسَ لَهَا اِلَّا اِسْنَادٌ وَّاحِدٌ مَّا يُتَعَجَّبُ مِنْهُ، ثُمَّ لِيَقِسْ هٰذَا عَلَيْهَا حَدِيثٌ اٰخَرُ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اسلام راستے کے سنگ میل کی طرح ہدایت کا

ایک مینارہ نور ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق "صحیح" ہے کیونکہ انہوں نے محمد بن خلف عسقلانی کی روایات نقل کی ہیں نیز ثور بن یزید (بن زیاد) شامی کی احادیث بھی نقل کی ہیں اور خالد بن معدان کا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سماع بھی کوئی بعید بات نہیں ہے۔ ولید بن مسلم کا کہنا ہے کہ ثور بن یزید خود اپنے متعلق بیان کرتے ہیں کہ میں سترہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے ملاقات کر چکا ہوں۔ ہوسکتا ہے کہ کسی کو یہ وہم پیدا ہو کہ یہ متن چونکہ شاذ ہے اس لئے شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا تو پھر بخاری و مسلم اٹھا کر دیکھیں آپ کو ایسی کتنی روایات ملیں گی جن کے متن شاذ ہیں اور ان کی سند صرف ایک ہی ہے (اس کے باوجود شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل کیا ہے) اسی سند کے ساتھ ایک اور حدیث بھی درج ذیل ہے۔

53ـ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الاِسْلَامُ اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ لَا تُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا، وَتُقِيْمَ الصَّلٰوةَ، وَتُؤْتِيَ الزَّكٰوةَ، وَتَصُوْمَ رَمَضَانَ، وَتَحُجَّ الْبَيْتَ، وَالْاَمْرُ بِالْمَعْرُوْفِ، وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَتَسْلِيْمُكَ عَلٰى اَهْلِكَ، فَمَنِ انْتَقَصَ شَيْئًا مِّنْهُنَّ فَهُوَ سَهْمٌ مِّنَ الْاِسْلَامِ يَدَعُهُ، وَمَنْ تَرَكَهُنَّ كُلَّهُنَّ فَقَدْ وَلَّى الْاِسْلَامَ ظَهْرَهُ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِثْلُ الْاَوَّلِ فِي الْاِسْتِقَامَةِ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسلام یہ ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ صرف اسی کی عبادت کرو، نماز و روزہ کی پابندی کرو، زکوٰۃ ادا کرو، حج ادا کرو، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرو، اپنے اہل و عیال کو سلام کرو، جس نے ان میں سے کسی بھی عمل کو چھوڑا، اس نے اسلام کا ایک حصہ (اچھا عمل) چھوڑا اور جس نے سب کو چھوڑ دیا، اس نے اسلام سے ہی منہ پھیر لیا۔

❖❖ یہ حدیث بھی گزشتہ حدیث کی طرح "صحیح" ہے۔

54ـ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِيْ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ سُلَيْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ مَيْمُوْنٍ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلَا اُعَلِّمُكَ، اَوْ قَالَ: اَلَا اَدُلُّكَ عَلٰى كَلِمَةٍ مِّنْ تَحْتِ الْعَرْشِ مِنْ كَنْزِ الْجَنَّةِ؟ تَقُوْلُ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: اَسْلَمَ عَبْدِيْ وَاسْتَسْلَمَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّلَا يُحْفَظُ لَهٗ عِلَّةٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِيَحْيَى بْنِ اَبِيْ سُلَيْمٍ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں ایک کلمہ سکھاؤں یا (شاید یہ)

حدیث 54:

اخرجه ابو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 8407 اخرجه ابو الحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ھ/1990ء' رقم الحديث: 1707

کہ ایک کلمہ پر راہنمائی کروں جو عرش کے نیچے جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے؟ (فرمایا) تم پڑھو لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ (اس کے جواب میں) اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرے بندے نے اقرار کیا اور مان لیا، دل سے تسلیم کر لیا۔

❖ یہ حدیث صحیح ہے اور ہمیں اس میں کوئی نقص بھی نظر نہیں آیا، اس کے باوجود شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔ حالانکہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے یحییٰ بن ابوسلیم کی روایات نقل کی ہیں۔

55۔ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبِ بْنِ حَرْبٍ، وَاَخْبَرَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ الطُّوسِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْعَبَّاسِ الْبَجَلِيُّ، قَالَ: ذَكَرَ عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ اَنَّ رَجُلَيْنِ دَخَلَا فِي الْاِسْلَامِ فَاهْتَجَرَا كَانَ اَحَدُهُمَا خَارِجًا مِّنَ الْاِسْلَامِ حَتّٰى يَرْجِعَ الظَّالِمُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ جَمِيْعًا، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَعَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ بْنِ سَعِيْدٍ ثِقَةٌ مَّاْمُوْنٌ، وَقَدْ خَرَّجَا جَمِيْعًا لَهٗ غَيْرَ حَدِيْثٍ تَفَرَّدَ بِهٖ، عَنْ اَبِيْهِ، وَشُعْبَةَ، وَغَيْرِهِمَا

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر دو آدمی داخل اسلام ہوں اور وہ آپس میں قطع تعلق کر لیں تو ان میں سے ایک اسلام سے خارج ہوگا جب تک کہ جس کی جانب سے زیادتی ہے وہ اپنی غلطی سے رجوع نہ کر لے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق ''صحیح'' ہے لیکن دونوں نے ہی اس کو نقل کرنے سے گریز کیا ہے، حالانکہ (اس کے راوی) عبدالصمد بن عبدالوارث بن سعید ثقہ ہیں اور جرح سے بھی بچے ہوئے ہیں اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے ان کی چند (ایسی) روایات (جن کو اپنے والد، شعبہ اور دیگر راویوں سے روایت کرنے میں یہ تنہا ہیں) کے علاوہ باقی تمام روایات نقل کی ہیں۔

56۔ حَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ الْفَقِيْهُ، وَاَبُو الْحُسَيْنِ الْحِيْرِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِئٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، اَنْبَاَنَا نَافِعُ بْنُ يَزِيْدَ، حَدَّثَنَا ابْنُ الْهَادِ، اَنَّ سَعِيْدَ بْنَ اَبِيْ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا زَنَى الْعَبْدُ خَرَجَ مِنْهُ الْاِيْمَانُ، وَكَانَ كَالظُّلَّةِ، فَاِذَا انْقَلَعَ مِنْهَا رَجَعَ اِلَيْهِ الْاِيْمَانُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ فَقَدِ احْتَجَّا بِرُوَاتِهٖ وَلَهٗ شَاهِدٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

حدیث 56:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4690

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب بندہ زنا میں مبتلا ہوتا ہے تو اس کے دل سے ایمان نکل کر اس کے اوپر سائبان کی طرح ہو جاتا ہے۔ پھر جب بندہ گناہ سے فارغ ہو جاتا ہے تو دوبارہ ایمان اس میں داخل ہو جاتا ہے۔

❖ یہ حدیث شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق ''صحیح'' ہے کیونکہ دونوں نے اس کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں اور اس حدیث کی شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی شرائط کے مطابق ''صحیح'' ہے۔

(شاہد حدیث درج ذیل ہے)

57- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حِمْدَانَ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ الْفَضْلِ، وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِیْ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيْدِ، عَنِ ابْنِ حُجَيْرَةَ، اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ زَنٰى وَشَرِبَ الْخَمْرَ نَزَعَ اللّٰهُ مِنْهُ الْاِيْمَانَ كَمَا يَخْلَعُ الْاِنْسَانُ الْقَمِيْصَ مِنْ رَّاْسِهٖ قَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حُجَيْرَةَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْوَلِيْدِ وَهُمَا شَامِيَّانِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص زنا کرتا ہے یا شراب پیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس سے ایمان اس طرح نکال لیتا ہے جیسے انسان قمیص اتار دیتا ہے۔

❖ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالرحمٰن بن حجیرہ شامی اور عبداللہ بن ولید شامی کی روایات نقل کی ہیں۔

58- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، اَنَا مُوْسٰى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ يَعْلٰى بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْحَيَاءُ وَالْاِيْمَانُ قُرِنَا جَمِيْعًا، فَاِذَا رُفِعَ اَحَدُهُمَا رُفِعَ الْاٰخَرُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا، فَقَدِ احْتَجَّا بِرُوَاتِهٖ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حیاء اور ایمان دو گہرے دوست ہیں، جب ان میں سے کوئی ایک اٹھ جائے تو دوسرا خود بخود اٹھ جاتا ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق ''صحیح'' ہے، دونوں نے اس کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں لیکن ان الفاظ کے ساتھ حدیث نقل نہیں کی۔

59- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيٰى بْنِ رَزِيْنٍ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مَعْرُوْفٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِیْ اَبُوْ صَخْرٍ، عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْمُؤْمِنَ يَاْلَفُ، وَلَا خَيْرَ فِيْمَنْ لَّا يَاْلَفُ وَلَا يُؤْلَفُ

حدیث 58:

اخرجه ابوعبدالله البخاری فی "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلامیه' بیروت' لبنان' 1409ھ/1989ء' رقم الحدیث: 1313

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَا اَعْلَمُ لَهٗ عِلَّةً وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن محبت کرنے والا ہوتا ہے اور وہ شخص اچھا نہیں ہے جو نہ خود محبت کرتا ہو اور نہ اس سے کوئی محبت کرتا ہو۔

❖❖ یہ حدیث شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن انہوں نے اسے نقل نہیں کیا اور ہمارے علم میں اس حدیث میں کوئی نقص نہیں ہے۔

60- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ بْنِ عَبْدِ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ عُقْبَةَ، سَمِعَ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ عَبْدٍ يَّعْبُدُ اللّٰهَ وَلَا يُشْرِكُ بِهٖ شَيْـئًا، وَيُقِيْمُ الصَّلٰوةَ، وَيُؤْتِي الزَّكٰوةَ، وَيَجْتَنِبُ الْكَبَائِرَ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ، قَالَ: فَسَاَلُوْهُ مَا الْكَبَائِرُ ؟ قَالَ: الْاِشْرَاكُ بِاللّٰهِ، وَالْفِرَارُ مِنَ الزَّحْفِ، وَقَتْلُ النَّفْسِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَا اَعْرِفُ لَهٗ عِلَّةً وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص صرف اللہ کی عبادت کرے، شرک سے بچتا رہے، نماز کی پابندی کرے، زکوٰۃ ادا کرتا رہے اور کبیرہ گناہوں سے بچتا رہے، وہ جنتی ہے (ابوایوب) کہتے ہیں: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پوچھا: کبائر کون کون سے گناہ ہیں؟ فرمایا: اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا، میدان جنگ سے بھاگنا اور ناحق قتل کرنا۔

حدیث 59:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 22891 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 5744 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث:8976

حدیث 60:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث: 4009 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 23549 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 23553 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 3247 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 3472 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 11100 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 3885 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 3880 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث:8655

✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق ''صحیح'' ہے لیکن دونوں نے اسے روایت نہیں کیا اور اس میں کوئی ضعف بھی نہیں ہے۔

61- اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عِصْمَةَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى، اَنَا يَزِيْدُ بْنُ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحِ بْنِ هَانِءٍ، عَنِ الْمِقْدَامِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ هَانِءٍ، اَنَّهُ لَمَّا وَفَدَ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَيُّ شَيْءٍ يُوجِبُ الْجَنَّةَ؟ قَالَ: عَلَيْكَ بِحُسْنِ الْكَلَامِ، وَبَذْلِ الطَّعَامِ

هٰذَا حَدِيْثٌ مُّسْتَقِيْمٌ وَّلَيْسَ لَهُ عِلَّةٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَالْعِلَّةُ عِنْدَهُمَا فِيْهِ اَنَّ هَانِءَ بْنَ يَزِيْدَ لَيْسَ لَهُ رَاوٍ غَيْرُ ابْنِهِ شُرَيْحٍ، وَقَدْ قَدَّمْتُ الشَّرْطَ فِي اَوَّلِ هٰذَا الْكِتَابِ اَنَّ الصَّحَابِيَّ الْمَعْرُوفَ اِذَا لَمْ نَجِدْ لَهُ رَاوِيًا غَيْرَ تَابِعِيٍّ وَّاحِدٍ مَعْرُوْفٍ احْتَجَجْنَا بِهِ، وَصَحَّحْنَا حَدِيْثَهُ اِذْ هُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا جَمِيعًا، فَاِنَّ الْبُخَارِيَّ قَدِ احْتَجَّ بِحَدِيْثِ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ مِرْدَاسٍ الْاَسْلَمِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْهَبُ الصَّالِحُونَ وَاحْتَجَّ بِحَدِيْثِ قَيْسٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ عَمِيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اسْتَعْمَلْنَاهُ عَلٰى عَمَلٍ وَّلَيْسَ لَهُمَا رَاوٍ غَيْرُ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، وَكَذٰلِكَ مُسْلِمٌ قَدِ احْتَجَّ بِاَحَادِيْثِ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ، عَنْ اَبِيهِ وَاَحَادِيْثِ مَجْزَاَةَ بْنِ زَاهِرٍ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ فَلَزِمَهُمَا جَمِيعًا عَلٰى شَرْطِهِمَا الِاحْتِجَاجُ بِحَدِيْثِ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِيهِ، فَاِنَّ الْمِقْدَامَ وَاَبَاهُ شُرَيْحًا مِّنْ اَكَابِرِ التَّابِعِيْنَ، وَقَدْ كَانَ هَانِءُ بْنُ يَزِيْدَ وَفَدَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✧ حضرت ہانی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب وہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو دریافت کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وہ کون سا عمل ہے جو جنت میں جانے کا باعث بنتا ہے؟ فرمایا: اچھی گفتگو اور کھانا کھلانا۔

✣ یہ حدیث ''صحیح'' ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا حالانکہ اس میں کوئی نقص بھی نہیں ہے۔ ہوسکتا ہے کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے نزدیک اس حدیث میں یہ نقص ہو کہ اس کی سند میں ہانی بن یزید کا اس کے بیٹے ''شریح'' کے علاوہ دوسرا کوئی راوی نہیں ہے اور اس کتاب کے آغاز میں یہ بات گزر چکی ہے کہ جب کسی معروف صحابی سے ایک بھی معروف تابعی روایت کرنے والا ہوگا ہم وہ حدیث نقل کریں گے اور اسے ''صحیح'' قرار دیں گے کیونکہ وہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے کیونکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے قیس بن ابوحازم کی وہ روایت جس میں مرداس اسلمی کے حوالے سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ''يَذْهَبُ الصَّالِحُونَ'' (والا) فرمان (موجود ہے) نقل کیا ہے، یونہی قیس کی وہ روایت جس میں عدی بن عمیرہ کے حوالے سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ''مَنِ اسْتَعْمَلْنَا عَلٰى عَمَلٍ'' ہے، نقل کیا ہے حالانکہ پہلی حدیث میں مرداس اسلمی اور دوسری میں عدی بن

حدیث 61:

اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/ 1983ء' رقم الحديث: 470 اخرجه ابوعبدالله القضاعی فی "مسنده" طبع موسسة الرسالة' بيروت' لبنان 1407ھ/ 1986ء' رقم الحديث:1140 اخرجه ابوبكر الكوفی' فی "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحديث: 25332 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء' رقم الحديث:490

عمیرہ کا قیس بن ابوحازم کے علاوہ اور کوئی راوی نہیں ہے۔ یونہی امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابومالک اشجعی کی روایات ان کے والد کے حوالے سے اور مجزاۃ بن زاہر اسلمی کی ان کے والد کے حوالے روایات نقل کی ہیں تو ان کو ''شریح'' کی اپنے والد سے روایت کردہ احادیث بھی نقل کرنی چاہئے تھیں کیونکہ مقدام اور اس کے والد شریح اکابر تابعین میں سے ہیں۔ اس کی دلیل ہانی بن یزید کا رسول پاک کی بارگاہ میں حاضر ہونے کا درج ذیل واقعہ بھی ہے۔

62۔ كَمَا حَدَّثَنَاهُ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ نُصَيْرٍ الْخُلْدِيِّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ هَانِءٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِيْ هَانِءِ بْنِ يَزِيْدَ، اَنَّهُ وَفَدَ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَنُّوْنَهُ بِاَبِي الْحَكَمِ، فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَكَمُ لِمَ تُكَنَّى بِاَبِي الْحَكَمِ ؟ قَالَ: اِنَّ قَوْمِي اِذَا اخْتَلَفُوا حَكَمْتُ بَيْنَهُمْ فَرَضِيَ الْفَرِيقَانِ، قَالَ: هَلْ لَكَ وَلَدٌ ؟ قَالَ: شُرَيْحٌ وَّعَبْدُ اللّٰهِ وَمُسْلِمٌ بَنُو هَانِءٍ، قَالَ: فَمَنْ اَكْبَرُهُمْ ؟ قَالَ: شُرَيْحٌ، قَالَ: فَاَنْتَ اَبُوْ شُرَيْحٍ فَدَعَا لَهُ وَلِوَلَدِهِ وَقَدْ ذَكَرْتُ فِيْ كِتَابِ الْمَعْرِفَةِ فِيْ ذِكْرِ الْمُخَضْرَمِيْنَ شُرَيْحَ بْنَ هَانِءٍ فَاِنَّهُ اَدْرَكَ الْجَاهِلِيَّةَ وَالْاِسْلَامَ، وَلَمْ يَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَارَ عِدَادُهُ فِي التَّابِعِيْنَ

✧✧ حضرت ہانی بن یزید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے، آپ کو پتہ چلا کہ میری کنیت ''ابوالحکم'' ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''حکم'' تو اللہ تعالیٰ ہے تم نے اپنی کنیت ''ابوحکم'' کیوں رکھی ہوئی ہے؟ (شریح کہتے ہیں میرے والد نے) جواب دیا: ہمارے قبیلے میں جب لوگوں کا آپس میں کسی بات پر جھگڑا ہو جاتا ہے تو میں ان میں فیصلہ کرتا ہوں (اس لئے لوگ مجھے ابوالحکم کہتے ہیں) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیری اولاد ہے؟ میں نے عرض کیا: میرے تین بیٹے شریح، عبداللہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: ان میں بڑا کون ہے؟ میں نے عرض کی ''شریح'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (آج کے بعد تیری کنیت) ابوشریح ہے، اس کے بعد آپ نے میرے لئے اور میری اولاد کے لئے دعا فرمائی اور میں نے اپنی کتاب ''المعرفۃ'' کے اندر مخضرمین کے ذکر میں شریح بن ہانی کا بھی تذکرہ کیا ہے کیونکہ انہوں نے زمانہ جاہلیت بھی پایا ہے اور اسلام کا زمانہ بھی لیکن رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نہ کر سکے۔ اس لئے ان کا شمار تابعین میں ہوتا ہے۔

حدیث 62:

88۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ كَامِلٍ الْقَاضِيْ بِبَغْدَادَ، وَاَبُوْ اَحْمَدَ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ قِلَابَةَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حُمَيْدٍ، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ اَبِي الْاَخْضَرِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، رُقًى كُنَّا نَسْتَرْقِي بِهَا وَاَدْوِيَةٌ كُنَّا نَتَدَاوٰى بِهَا هَلْ تَرُدُّ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ، قَالَ: هُوَ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ

✧✧ حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم جو دوا لیتے ہیں یا دم وغیرہ کرواتے ہیں کیا یہ تقدیر کو بدل دیتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ بھی تو تقدیر ہی سے ہے۔

89۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مَيْمُوْنٍ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْكِرْمَانِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْرُوْقٍ، عَنْ يُوْسُفَ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ بْنِ اَبِي مُوْسٰى، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، قَالَ: اَتَيْتُ عَائِشَةَ، فَقُلْتُ: يَا اُمَّاهُ، حَدِّثِيْنِي بِشَيْءٍ سَمِعْتِيهِ، مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الطَّيْرُ تَجْرِي بِقَدَرٍ، وَكَانَ يُعْجِبُهُ الْفَالُ الْحَسَنُ قَدِ احْتَجَّ الشَّيْخَانِ بِرُوَاةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ اٰخِرِهِمْ، غَيْرَ يُوْسُفَ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ، وَالَّذِي عِنْدِي اَنَّهُمَا لَمْ يُهْمِلَاهُ بِجَرْحٍ وَّلَا بِضَعْفٍ بَلْ لِقِلَّةِ حَدِيْثِهِ، فَاِنَّهُ عَزِيْزُ الْحَدِيْثِ جِدًّا

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بدشگونی تقدیر کو بدل نہیں سکتی (البتہ آپ) نیک شگونی کو پسند کرتے تھے۔

❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں سوائے ابو یوسف بن ابو بردہ کے۔ اور جہاں تک میں سمجھ پایا ہوں وہ یہ ہے کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے ابو یوسف کو کسی ضعف یا جرح کی وجہ سے ترک نہیں کیا بلکہ ان کی روایات قلیل ہونے کی وجہ سے ان کو چھوڑا ہے کیونکہ ان کی اکثر احادیث ''عزیز'' ہیں۔

90۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ تَمِيْمٍ الْحَنْظَلِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

حدیث 90:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث: 2145 اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 81 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 758 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 178 اخرجه ابويعلىٰ الموصلى فى "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 583 اخرجه ابوداؤد الطيالسى فى "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 106 اخرجه ابومحمد الكسى فى "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحديث: 75

عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَيَّارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُؤْمِنُ الْعَبْدُ حَتّٰى يُؤْمِنَ بِاَرْبَعٍ حَتّٰى يَشْهَدَ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ بَعَثَنِيْ بِالْحَقِّ، وَيُؤْمِنُ بِالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ، وَيُؤْمِنُ بِالْقَدَرِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَقَدْ قَصَّرَ بِرِوَايَتِهٖ بَعْضُ اَصْحَابِ الثَّوْرِيِّ، وَهٰذَا عِنْدَنَا مِمَّا لَا يُعْبَاُ

✧✧ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک ۴ چیزوں پر ایمان نہ رکھے۔ (۱) اللہ تعالیٰ کو وحدہ لاشریک مانے (۲) میرے سچا نبی ہونے کی گواہی دے (۳) قیامت کے دن پر ایمان رکھے (۴) تقدیر پر ایمان رکھے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔تاہم یہ روایت ثوری کے بعض اصحاب تک محدود ہے جبکہ ہمارے نزدیک اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

91۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ رَّجُلٍ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ اَبُوْ حُذَيْفَةَ مُوْسٰى بْنُ مَسْعُوْدٍ النَّهْدِيُّ، وَاِنْ كَانَ الْبُخَارِيُّ يَحْتَجُّ بِهٖ، فَاِنَّهٗ كَثِيْرُ الْوَهْمِ لَا يُحْكَمُ لَهٗ عَلٰى اَبِيْ عَاصِمٍ النَّبِيْلِ، وَمُحَمَّدِ بْنِ كَثِيْرٍ وَّاَقْرَانِهِمْ، بَلْ يَلْزَمُ الْخَطَاُ اِذَا خَالَفَهُمْ، وَالدَّلِيْلُ عَلٰى مَا ذَكَرْتُهٗ مُتَابَعَةُ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيْدِ الثَّوْرِيَّ فِيْ رِوَايَتِهٖ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ عَلِيٍّ، وَجَرِيْرٌ مِّنْ اَعْرَفِ النَّاسِ بِحَدِيْثِ مَنْصُوْرٍ

✧✧ اس سند کے ہمراہ بھی سابقہ حدیث حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے۔

❖ (اس حدیث کی سند میں ایک راوی) ابوحذیفہ موسیٰ بن مسعود النہدی ہیں اگرچہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ ان کی روایت لیتے ہیں لیکن چونکہ یہ کثیرالوہم تھے اس لئے ان کو ابوعاصم النبیل محمد بن کثیر اور ان کے دیگر معاصرین پر ترجیح نہیں دی جاسکتی بلکہ اگر ان کی روایت ان کے معاصرین کے خلاف ہو تو ان کی روایت کو خطا سمجھا جائے گا اور جو کچھ میں نے ذکر کیا ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ ثوری کی طرح جریر بن عبدالحمید نے بھی منصور پھر ربعی، پھر علی کے حوالے سے حدیث نقل کی ہے اور منصور کی احادیث روایت کرنے میں جریر سب سے زیادہ مشہور ہے۔ (جریر کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

92۔ حَدَّثَنَاهُ يَحْيَى بْنُ مَنْصُوْرٍ الْقَاضِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الطَّالَقَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ، قَالَا: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَنْبَاَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتّٰى يُؤْمِنَ بِاَرْبَعٍ: يَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ

بَعَثَنِیْ بِالْحَقِّ، وَاَنَّهٗ مَبْعُوثٌ بَعْدَ الْمَوْتِ، وَيُؤْمِنُ بِالْقَدَرِ كُلِّهٖ

✧✧ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک چار چیزوں پر ایمان نہ لائے۔(۱) اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کی گواہی دے۔(۲) میرے سچا رسول ہونے کی گواہی دے۔(۳) یوم محشر پر ایمان لائے۔(۴) تقدیر پر مکمل ایمان لائے۔

93۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ سُلَيْمَانُ بْنُ الْاَشْعَثِ، حَدَّثَنَا سُلَيْمُ بْنُ حَرْبٍ، وَشَيْبَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، وَاَخْبَرَنِيْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ صَالِحٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، قَالَا: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ اَمْرُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ مُؤَامِرًا اَوْ قَالَ مُقَارِبًا مَا لَمْ يَتَكَلَّمُوْا فِي الْوِلْدَانِ وَالْقَدَرِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَا نَعْلَمُ لَهٗ عِلَّةً وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس امت کا معاملہ اس وقت تک درست رہے گا جب تک یہ بچوں اور تقدیر کے متعلق بحث مباحثہ نہ کریں گے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ حالانکہ اس میں کوئی نقص نہیں ہے۔

94۔ حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ السِّجْزِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ هَارُوْنَ، وَصَالِحُ بْنُ مُقَاتِلٍ، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَادَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى الْعَنَزِيُّ، وَاَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَبَّارُ، وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُفْيَانَ بْنِ حَمْدَوَيْهِ الْفَقِيْهُ بِبُخَارٰى، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَبِيْبٍ الْحَافِظُ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَنَابٍ الْمِصِّيْصِيُّ، حَدَّثَنَا عِيْسٰى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ قَسَمَ بَيْنَكُمْ اَخْلَاقَكُمْ كَمَا قَسَمَ بَيْنَكُمْ اَرْزَاقَكُمْ، وَاِنَّ اللّٰهَ يُعْطِي الدُّنْيَا مَنْ يُحِبُّ وَمَنْ لَّا يُحِبُّ، وَلَا يُعْطِي الْاِيْمَانَ اِلَّا مَنْ يُحِبُّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ تَفَرَّدَ بِهٖ اَحْمَدُ بْنُ جَنَابٍ الْمِصِّيْصِيُّ، وَهُوَ شَرْطٌ مِّنْ شَرْطِنَا فِيْ هٰذَا الْكِتَابِ اَنَّا نُخَرِّجُ اِفْرَادَ الثِّقَاتِ اِذَا لَمْ نَجِدْ لَهَا عِلَّةً، وَقَدْ وَجَدْنَا لِعِيْسٰى بْنِ يُوْنُسَ فِيْهِ مُتَابِعَيْنِ اَحَدُهُمَا مِنْ

حدیث 93:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحديث: 6724

حديث 94: اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 3672 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ه/1983ء رقم الحديث: 8990 اخرجه ابوعبدالله البخاري في "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلاميه بيروت لبنان 1409ه/1989ء رقم الحديث: 275

شَرْطِ هٰذَا الْكِتَابِ وَهُوَ سُفْيَانُ بْنُ عُقْبَةَ اَخُو قَبِيْصَةَ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس طرح اللہ تعالیٰ نے تمہارے رزق بانٹ دیئے ہیں، اسی طرح اخلاق بھی تقسیم کر دیئے ہیں اور اللہ تعالیٰ دنیا کا مال اس کو بھی دیتا ہے جو مال کا طالب ہوتا ہے اور اس کو بھی دیتا ہے جو طالب نہیں ہوتا جبکہ ایمان صرف اس کو عطا کرتا ہے جس میں ایمان کی طلب ہوتی ہے۔

❖❖ اس حدیث کی سند صحیح ہے اور اس میں احمد بن جناب المصیصی ''متفرد'' ہیں اور یہ ہمارے معیار میں شامل ہے جیسا کہ ہم نے کتاب کے آغاز میں کہہ دیا تھا کہ ہم ثقہ راویوں کی روایات نقل کریں گے جب تک ان میں کوئی نقص نہ ہو جبکہ اس سند کے راوی عیسیٰ بن یونس کے ۲ متابع بھی ہمیں مل گئے۔ ان میں سے ایک تو اسی کتاب کے معیار پر ہیں اور وہ ہیں قبیصہ کے بھائی سفیان بن عقبہ۔ (جیسا کہ درج ذیل ہے)

95۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا مِهْرَانُ بْنُ هَارُوْنَ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا وَهُوَ فَضْلَكُ الرَّازِيُّ الْفَضْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمَّوَيْهِ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُقْبَةَ اَخُو قَبِيْصَةَ، عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ، وَسُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ قَسَمَ بَيْنَكُمْ اَخْلَاقَكُمْ كَمَا قَسَمَ بَيْنَكُمْ اَرْزَاقَكُمْ، وَاِنَّ اللّٰهَ يُعْطِي الْمَالَ مَنْ يُحِبُّ وَمَنْ لَّا يُحِبُّ، وَلَا يُعْطِي الْاِيْمَانَ اِلَّا مَنْ يُحِبُّ، وَاِذَا اَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا اَعْطَاهُ الْاِيْمَانَ وَاَمَّا الْمُتَابِعُ الَّذِيْ لَيْسَ مِنْ شَرْطِ هٰذَا الْكِتَابِ فَعَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبَانَ، وَالْحَدِيْثُ مَعْرُوْفٌ بِهِ، فَقَدْ صَحَّ بِمُتَابِعَيْنِ لِعِيْسٰى بْنِ يُوْنُسَ ثُمَّ بِمُتَابِعٍ لِلثَّوْرِيِّ، عَنْ زُبَيْدٍ وَّهُوَ حَمْزَةُ الزَّيَّاتُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن مسعود بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے جس طرح تمہارے رزق تقسیم کر دیئے ہیں، اسی طرح تمہارے اخلاق بھی تقسیم کر دیئے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دنیا کا مال مانگو یا نہ مانگو، اللہ تعالیٰ ہر ایک کو اس کی قسمت دے دیتا ہے لیکن ایمان صرف اسی کو دیتا ہے جو اس کا طلب گار ہوتا ہے اور جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے، اسے ایمان کی دولت سے سرفراز فرما دیتا ہے۔

❖❖ اور وہ ''متابع'' جو اس کتاب کے معیار کا نہیں ہے وہ عبدالعزیز بن ابان ہے جبکہ یہ حدیث اسی کے حوالے سے معروف ہے۔ چنانچہ یہ حدیث عیسیٰ بن یونس کے ۲ متابع اور زبید سے روایت کرنے میں ثوری کے متابع ''حمزہ زیات'' کی وجہ سے صحیح قرار پاتی ہے۔

96۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْحَرَشِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ يُوْسُفَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَاللَّفْظُ لِلْحُمَيْدِيِّ، حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، حَدَّثَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، قَالَ: سَمِعْتُ كُرْزَ بْنَ عَلْقَمَةَ، يَقُوْلُ: سَاَلَ رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هَلْ

لِلاِسْلامِ مِنْ مُّنْتَهًى ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ، اَيُّمَا اَهْلِ بَيْتٍ مِّنَ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ اَرَادَ اللّٰهُ بِهِمْ خَيْرًا اَدْخَلَ عَلَيْهِمُ الاِسْلامَ، ثُمَّ تَقَعُ الْفِتَنُ كَاَنَّهَا الظُّلَلُ تَابَعَهُ مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ، وَيُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ

✧✧ حضرت کرز بن علقمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، ایک شخص نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا اسلام کی کوئی انتہاء ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی بھی عربی یا عجمی خاندان سے جب اللہ تعالیٰ خیر کا ارادہ کرے گا، ان میں ایمان ڈال دے گا پھر (ایک وقت آئے گا کہ) فتنے بادلوں کی طرح چھا جائیں گے (وہ وقت اسلام کی انتہاء کا ہوگا)

❖ زہری سے روایت کرنے میں محمد بن راشد اور یونس بن یزید، سفیان کے متابع ہیں اور معمر کی حدیث درج ذیل ہے۔

97- فَاَخْبَرَنَاهُ الْقَاسِمُ بْنُ الْقَاسِمِ السَّيَّارِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، حَدَّثَنَا عَبْدَانُ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ مَّعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ كُرْزِ بْنِ عَلْقَمَةَ، قَالَ: قَالَ اَعْرَابِيٌّ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هَلْ لِلاِسْلامِ مِنْ مُّنْتَهًى ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، اَيُّمَا اَهْلِ بَيْتٍ مِّنَ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ اَرَادَ اللّٰهُ بِهِمْ خَيْرًا اَدْخَلَ عَلَيْهِمُ الاِسْلامَ، ثُمَّ تَقَعُ الْفِتَنُ كَاَنَّهَا الظُّلَلُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَلَيْسَ لَهُ عِلَّةٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ لِتَفَرُّدِ عُرْوَةَ بِالرِّوَايَةِ، عَنْ كُرْزِ بْنِ عَلْقَمَةَ وَكُرْزُ بْنُ عَلْقَمَةَ صَحَابِيٌّ مُّخَرَّجٌ حَدِيْثُهُ فِيْ مَسَانِيْدِ الْاَئِمَّةِ سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ عُمَرَ الْحَافِظَ، يَقُوْلُ: مِمَّا يَلْزَمُ مُسْلِمٌ وَّالْبُخَارِيُّ اِخْرَاجُهُ حَدِيْثُ كُرْزِ بْنِ عَلْقَمَةَ هَلْ لِلاِسْلامِ مُنْتَهًى فَقَدْ رَوَاهُ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، وَعَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ قَيْسٍ عنه وَرَوَاهُ الزُّهْرِيُّ، قَالَ الْحَاكِمُ وَالدَّلِيْلُ الْوَاضِحُ على ما ذكره أبو الحسن أنهما جميعا قد اتفقا على حديث عتبان بن مالك الأنصاری الذی صلى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَيْتِهِ وَلَيْسَ لَهُ رَاوٍ غَيْرُ مَحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ

✧✧ حضرت کرز بن علقمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، ایک دیہاتی نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا اسلام کبھی ختم بھی ہو جائے گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواباً ارشاد فرمایا: کوئی بھی گھرانہ خواہ عربی ہو یا عجمی۔ اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرمائے گا ان میں اسلام داخل کر دے گا پھر (ایک وقت ایسا آئے گا کہ) بادلوں کی طرح فتنے پھیل جائیں گے۔

حدیث 96:

اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث:15958 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 5956 اخرجه ابوعبدالله النيسابوری فی "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان 1411ھ/1990ء' رقم الحديث: 97 اخرجه ابوداؤد الطيالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1290 اخرجه ابوبكر الحميدی فی "مسنده" طبع دارالكتب العلميه' مكتبه المتنبی' بيروت' قاهره' رقم الحديث: 574 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث:442

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اس میں کوئی نقص بھی نہیں ہے اور شیخین رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو اس لئے ترک کر دیا کہ اس کی سند میں عروہ، کرز بن علقمہ سے روایت کرنے میں تنہا ہیں اور کرز بن علقمہ صحابی ہیں اور آئمہ حدیث نے اپنی مسانید میں ان کی روایات نقل کی ہیں۔ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) میں نے علی بن عمر الحافظ کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے: امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کو کرز بن علقمہ کی "هَلْ لِلْاِسْلَامِ مُنْتَهًى" والی حدیث نقل کرنی چاہئے تھی کیونکہ اس کو عروۃ بن زبیر، زہری اور عبدالواحد بن قیس نے بھی کرز بن علقمہ کے حوالے سے نقل کیا ہے۔ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) ابوحسن نے جو کچھ کہا ہے اس کی واضح دلیل یہ ہے کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے عتبان بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ جن کے گھر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی تھی کی حدیث نقل کی ہے حالانکہ عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ کا راوی محمود بن ربیع کے علاوہ اور کوئی نہیں۔

98۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْفَضْلِ الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوبَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا السَّرِيُّ بْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، وَاَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، قَالَا: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ هَانِءٍ حُمَيْدُ بْنُ هَانِءٍ الْخَوْلَانِيُّ، اَنَّ اَبَا عَلِيٍّ الْجَنْبِيَّ اَخْبَرَهُ، اَنَّهُ سَمِعَ فَضَالَةَ بْنَ عُبَيْدٍ، يُخْبِرُ اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: طُوْبٰى لِمَنْ هُدِيَ اِلَى الْاِسْلَامِ وَكَانَ عَيْشُهُ كَفَافًا وَقَنِعَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَبَلَغَنِيْ اَنَّهُ خَرَّجَهُ بِاِسْنَادٍ اٰخَرَ

❖❖ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ان لوگوں کے لئے خوشخبری ہے جن کو قبول اسلام کی توفیق ملی اور جن کو دو وقت کا کھانا میسر ہے اور اس پر وہ قناعت کرنے والے ہیں۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے اور میری اطلاع کے مطابق امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو دوسری سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

99۔ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، وَاَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ فَضْلٍ الْبَجَلِيُّ، وَاَخْبَرَنِيْ اَبُوْ مُحَمَّدٍ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْحَذَّاءُ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا هَوْذَةُ بْنُ خَلِيْفَةَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عُثْمَانَ الشَّحَّامِ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ اَبِيْ بَكْرَةَ، عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ، وَعَذَابِ الْقَبْرِ

حديث 98:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 2349 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 23989 اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 786 اخرجه ابوعبدالله القضاعي في "مسنده" طبع موسسة الرسالة بيروت لبنان 1407ھ/ 1986ء رقم الحديث: 616

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ یُخَرِّجَاہُ، وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِعُثْمَانَ الشَّحَّامِ

✧✧ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے اللہ! میں کفر، فقر اور عذاب قبر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ حالانکہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عثمان بن شحام کی روایات نقل کی ہیں۔

100۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمُزَنِیُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَیْمَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُو الْخَطَّابِ زِیَادُ بْنُ یَحْیَی الْحَسَّانِیُّ، وَثنا اَبُو الْفَضْلِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ، حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِیَادٍ، وَاِبْرَاهِیْمُ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا زِیَادُ بْنُ یَحْیَی الْحَسَّانِیُّ، اَنْبَاَنَا مَالِكُ بْنُ سُعَیْرٍ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: یَا اَیُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا اَنَا رَحْمَةٌ مُّهْدَاۃٌ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِهِمَا فَقَدِ احْتَجَّا جَمِیْعًا بِمَالِكِ بْنِ سُعَیْرٍ، وَالتَّفَرُّدُ مِنَ الثِّقَاتِ مَقْبُوْلٌ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! میں تو رحم کرنے والا اور ذریعہ ہدایت ہوں۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ کیونکہ دونوں نے مالک بن سعیر کی روایات نقل کی ہیں اور ثقہ کا تفرد مقبول ہوتا ہے۔

101۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِیْهُ، ثنا هِلَالُ بْنُ الْعَلَاءِ الرَّقِّیُّ، ثنا اَبِیْ، ثنا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَیْدِ بْنِ اَبِیْ اُنَیْسَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَوْفٍ الشَّیْبَانِیْ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ یَقُوْلُ لَقَدْ عِشْنَا بُرْهَةً مِنْ دَهْرِنَا وَاِنَّ اَحَدَنَا یُؤْتَی الْاِیْمَانَ قَبْلَ الْقُرْاٰنِ وَتَنْزِلُ السُّوْرَةُ عَلٰی مُحَمَّدٍ فَیَتَعَلَّمُ حَلَالَهَا وَحَرَامَهَا وَمَا یَنْبَغِیْ اَنْ یُّوْقَفَ عِنْدَهٗ کَمَا تُعَلِّمُوْنَ اَنْتُمُ الْقُرْاٰنَ ثُمَّ قَالَ لَقَدْ رَاَیْتُ رِجَالًا یُؤْتٰی اَحَدَهُمُ الْقُرْاٰنُ فَیَقْرَاُ مَا بَیْنَ فَاتِحَتِهٖ اِلٰی خَاتِمَتِهٖ مَا یَدْرِیْ مَا اٰمِرُهٗ وَلَا زَاجِرُهٗ وَلَا یَنْبَغِیْ اَنْ یُّوْقَفَ عِنْدَهٗ مِنْهُ یَنْثُرُهٗ نَثْرَ الدَّقَلِ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ وَلَا اَعْرِفُ لَهٗ عِلَّةً وَلَمْ یُخَرِّجَاہُ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، ہم نے اپنی زندگی کے طویل عرصے میں یہ دیکھا ہے کہ لوگ ایمان پہلے لائے تھے اور قرآن بعد میں نازل ہوا۔ پھر قرآن کے نزول کے بعد اس سے حلال وحرام کا پتہ چل جاتا تھا اور ہونا بھی یہی چاہئے کہ جو کچھ قرآن پاک میں بیان کیا گیا ہے اس کو سمجھا جائے جیسا کہ تم لوگ قرآن سیکھتے ہو (پھر ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا) میں نے ایسے کئی لوگوں کو

حدیث 100:

اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 15 اخرجه ابوعبدالله القضاعی فی "مسنده" طبع موسسة الرسالة بیروت لبنان 1407ھ / 1986ء رقم الحدیث: 1160

دیکھا ہے کہ ان کو اگر قرآن پڑھنے کو دیا جائے تو وہ از اول تا آخر سارا قرآن پڑھ ڈالیں گے لیکن انہیں یہ پتہ نہیں چلے گا (کہ کون سی آیت میں ثواب کی بات ہے اور کس میں عذاب کی) کہاں پر کوئی حکم دیا گیا ہے اور کہاں پر ڈانٹا گیا ہے۔ ایسے طریقے سے قرآن نہیں پڑھنا چاہئے کہ اس میں کوئی بات سمجھ میں ہی نہ آسکے۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم؛ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور اس میں کوئی نقص بھی نہیں ہے۔

102 حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ دَرَسْتَوَيْهِ الْفَارِسِيُّ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ سُفْيَانَ الْفَارِسِيُّ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زِيَادٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَرْوِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الْمَوَالِ الْقُرَشِيُّ، وَاَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي الْمَوَالِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَوْهَبٍ الْقُرَشِيُّ، عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سِتَّةٌ لَعَنْتُهُمْ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ وَكُلُّ نَبِيٍّ مُجَابٍ: الْمُكَذِّبُ بِقَدَرِ اللّٰهِ، وَالزَّائِدُ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ، وَالْمُتَسَلِّطُ بِالْجَبَرُوْتِ يُذِلُّ مَنْ اَعَزَّ اللّٰهُ وَيُعِزُّ مَنْ اَذَلَّ اللّٰهُ، وَالْمُسْتَحِلُّ لِحُرَمِ اللّٰهِ، وَالْمُسْتَحِلُّ مِنْ عِتْرَتِيْ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ، وَالتَّارِكُ لِسُنَّتِيْ قَدِ احْتَجَّ الْبُخَارِيُّ بِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي الْمَوَالِ،

وَهٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَا اَعْرِفُ لَهُ عِلَّةً وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ۶ آدمیوں پر میں لعنت کرتا ہوں، ان پر اللہ تعالیٰ نے بھی لعنت کی ہے اور ہر مستجاب الدعوات کی ان پر لعنت ہے (چھ آدمی یہ ہیں) (۱) تقدیر کا انکار کرنے والا (۲) قرآن پاک میں اضافہ کرنے والا (۳) ایسا صاحب منصب جو باعزت لوگوں کو ذلیل کرے اور ذلیل لوگوں کو عزت دے (۴) اللہ تعالیٰ کی حرام کردہ اشیاء کو حلال سمجھنے والا (۵) میری آل سے بغض رکھنے والا (۶) میری سنت کو ترک کرنے والا۔

✤✤ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، حالانکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالرحمٰن بن الموال کی روایات نقل کی ہیں۔ اس حدیث میں ہمیں کوئی نقص نظر نہیں آیا۔

103۔ اَخْبَرَنَا الْحَاكِمُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَافِظُ، اِمْلَاءً فِيْ شَهْرِ رَبِيْعٍ الْاٰخِرِ سَنَةَ ثَلَاثٍ

حدیث 102:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت ' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 5749 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء' رقم الحدیث: 3940

حدیث 103:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت ' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 103 اخرجه ابن راهویه الحنظلی فی "مسنده" طبع مکتبه الایمان' مدینه منوره' (طبع اول) 1412ھ/1991ء' رقم الحدیث: 437

وَّتِسْعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ، اَنْبَانَا اَبُوْ اَحْمَدَ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، وَاَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَوْهَرِيُّ، وَاللَّفْظُ لَهُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرِ بْنِ رِبْعِيِّ الْقَيْسِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ الْمُغِيْرَةُ بْنُ سَلَمَةَ الْمَخْزُوْمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْاَصَمِّ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ الْاَصَمِّ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: جَآءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ اَرَاَيْتَ جَنَّةً عَرْضُهَا السَّمٰوَاتُ وَالْاَرْضُ فَاَيْنَ النَّارُ ؟ قَالَ: اَرَاَيْتَ اللَّيْلَ الَّذِیْ قَدْ اَلْبَسَ كُلَّ شَیْءٍ فَاَيْنَ جَعَلَ النَّهَارَ ؟ قَالَ: اللّٰهُ اَعْلَمُ، قَالَ: كَذٰلِكَ يَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَاءُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَا اَعْلَمُ لَهُ عِلَّةً وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص بارگاہ رسالت میں حاضر ہوکر عرض کرنے لگا: اے محمد! جنت کی چوڑائی تو تمام آسمان اور زمین کے برابر ہے (یہ سب کچھ تو جنت سے گھر گیا) پھر دوزخ کہاں ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رات ہر چیز کو تاریکی میں ڈبو دیتی ہے، اس وقت دن کہاں جاتا ہے؟ اس نے کہا: اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسی طرح (جنت و دوزخ کے مقام کو بھی اللہ تعالیٰ ہی جانتا) ہے، اللہ تعالیٰ جس طرح چاہتا ہے ویسے ہی کرتا ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور ہمیں اس میں کوئی نقص بھی نہیں مل سکا۔

104۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، اَنْبَانَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى، قَالُوْا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَانَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَدْرِیْ تُبَّعٌ اَنَبِيًّا كَانَ اَمْ لَا ؟ وَمَا اَدْرِیْ ذَا الْقَرْنَيْنِ اَنَبِيًّا كَانَ اَمْ لَا ؟ وَمَا اَدْرِی الْحُدُوْدُ كَفَّارَاتٌ لِاَهْلِهَا اَمْ لَا ؟

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَا اَعْلَمُ لَهُ عِلَّةً وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ .

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' مجھے نہیں معلوم کہ "تبع" نبی تھے یا نہیں۔ مجھے نہیں معلوم کہ "ذوالقرنین" نبی تھے یا نہیں اور مجھے نہیں معلوم گناہ کی شرعی سزا پانے کے بعد مجرم کا گناہ مٹ جاتا ہے یا نہیں۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور اس میں کوئی نقص بھی نہیں ہے۔

105۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ اَسَدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ

اٰدَمَ صَوَّرَهٗ وَتَرَكَهٗ فِي الْجَنَّةِ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَّتْرُكَهٗ، فَجَعَلَ اِبْلِيسُ يُطِيفُ بِهٖ، فَلَمَّا رَاٰهُ اَجْوَفَ عَرَفَ اَنَّهٗ خَلْقٌ لَّا يَتَمَالَكُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَقَدْ بَلَغَنِيْ اَنَّهٗ اَخْرَجَهٗ فِيْ اٰخِرِ الْكِتَابِ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کے جسم کو تخلیق کرلیا تو انہیں کچھ عرصہ کے لئے جنت میں رکھا۔ اس دوران ابلیس نے ایک مرتبہ آ کر اس جسم کو چاروں طرف سے بہت غور سے دیکھا۔ جب اس نے یہ دیکھا کہ یہ درمیان سے خالی ہے تو سمجھ گیا کہ یہ ایسی مخلوق ہے جو اپنے آپ پر قابو نہیں رکھ سکتی۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں) ہمیں یہ معلوم ہوا ہے کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو کتاب کے آخر میں نقل کیا ہے۔

106- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ السَّمَّاكُ بِبَغْدَادَ، قَالَ: قُرِءَ عَلٰى عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مُحَمَّدٍ وَّاَنَا اَسْمَعُ، حَدَّثَنَا قُرَيْشُ بْنُ اَنَسٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَتَتَّبِعُنَّ سَنَنَ مَنْ قَبْلَكُمْ بَاعًا فَبَاعًا، وَذِرَاعًا فَذِرَاعًا، وَشِبْرًا فَشِبْرًا، حَتّٰى لَوْ دَخَلُوْا جُحْرَ ضَبٍّ لَدَخَلْتُمُوْهُ مَعَهُمْ، قَالَ: قِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارٰى، قَالَ: فَمَنْ اِذًا ؟

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنے سے پہلے لوگوں کے رسم ورواج کی قدم بہ قدم اس قدر پابندی سے پیروی کرنے لگ جاؤ گے کہ اگر وہ کسی جان لیوا جانور کے بل میں گھسیں گے تو ان کے پیچھے تم بھی

حدیث 105:

اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوری فی صحيحه طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث: 2611 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 13415 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 12561 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 13540 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 13686 اخرجه ابويعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دار المامون للتراث دمشق شام 1404ه-1984ء رقم الحديث: 3321 اخرجه ابوداؤد الطيالسی فی "مسنده" طبع دار المعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 2024 اخرجه ابومحمد الكسی فی "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ه/1988ء رقم الحديث: 1386

حدیث 106:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحيحه" (طبع ثالث) دار ابن كثير يمامه بيروت لبنان 1407ه 1987ء رقم الحديث: 3269 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 10839 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 8322

جا گھسو گے (ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) عرض کیا گیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہود اور نصاریٰ (کے متعلق آپ ارشاد فرما رہے ہیں)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو اور کون؟

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

107- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا اَبِىْ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، حَدَّثَنَا الْمِنْهَالُ بْنُ عَمْرٍو، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، اَنْبَاَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، حَدَّثَنَا الْمِنْهَالُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَاذَانَ اَبِىْ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ، يَقُوْلُ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ جَنَازَةِ رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَانْتَهَيْنَا اِلَى الْقَبْرِ وَلَمَّا يُلْحَدْ بَعْدُ، قَالَ: فَقَعَدْنَا حَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ يَنْظُرُ اِلَى السَّمَآءِ وَيَنْظُرُ اِلَى الْاَرْضِ، وَجَعَلَ يَرْفَعُ بَصَرَهُ وَيَخْفِضُهُ ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ: اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ الرَّجُلَ الْمُسْلِمَ اِذَا كَانَ فِىْ قُبُلٍ مِّنَ الْاٰخِرَةِ وَانْقِطَاعٍ مِّنَ الدُّنْيَا جَآءَ مَلَكُ الْمَوْتِ فَقَعَدَ عِنْدَ رَاْسِهِ، وَيَنْزِلُ مَلَائِكَةٌ مِّنَ السَّمَآءِ كَاَنَّ وُجُوْهَهُمُ الشَّمْسُ مَعَهُمْ اَكْفَانٌ مِّنْ اَكْفَانِ الْجَنَّةِ وَحَنُوْطٌ مِّنْ حَنُوْطِ الْجَنَّةِ، فَيَقْعُدُوْنَ مِنْهُ مَدَّ الْبَصَرِ، قَالَ: فَيَقُوْلُ مَلَكُ الْمَوْتِ: اَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ اخْرُجِىْ اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ، قَالَ: فَتَخْرُجُ تَسِيْلُ كَمَا تَسِيْلُ الْقَطْرَةُ مِنَ السِّقَاءِ، فَلَا يَتْرُكُوْنَهَا فِىْ يَدِهٖ طَرْفَةَ عَيْنٍ، فَيَصْعَدُوْنَ بِهَا اِلَى السَّمَآءِ، فَلَا يَمُرُّوْنَ بِهَا عَلٰى جُنْدٍ مِّنْ مَّلَائِكَةٍ اِلَّا قَالُوْا: مَا هٰذِهِ الرُّوْحُ الطَّيِّبَةُ ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ بِاَحْسَنِ اَسْمَائِهٖ، فَاِذَا انْتَهٰى اِلَى السَّمَآءِ فُتِحَتْ لَهٗ اَبْوَابُ السَّمَآءِ، ثُمَّ يُشَيِّعُهٗ مِنْ كُلِّ سَمَاءٍ مُقَرَّبُوْهَا اِلَى السَّمَآءِ الَّتِىْ تَلِيْهَا، حَتّٰى يُنْتَهٰى اِلَى السَّمَآءِ السَّابِعَةِ، ثُمَّ يُقَالُ: اكْتُبُوْا كِتَابَهٗ فِىْ عِلِّيِّيْنَ، ثُمَّ يُقَالُ: اَرْجِعُوْا عَبْدِىْ اِلَى الْاَرْضِ، فَاِنِّىْ وَعَدْتُّهُمْ اَنِّىْ مِنْهَا خَلَقْتُهُمْ وَفِيْهَا اُعِيْدُهُمْ وَمِنْهَا اُخْرِجُهُمْ تَارَةً اُخْرٰى، فَتُرَدُّ رُوْحُهٗ اِلٰى جَسَدِهٖ، فَتَاْتِيْهِ الْمَلَائِكَةُ فَيَقُوْلُوْنَ: مَنْ رَّبُّكَ ؟ قَالَ: فَيَقُوْلُ: اللّٰهُ، فَيَقُوْلُوْنَ: مَا دِيْنُكَ ؟ فَيَقُوْلُ: الْاِسْلَامُ، فَيَقُوْلُوْنَ: مَا هٰذَا الرَّجُلُ الَّذِىْ خَرَجَ فِيْكُمْ ؟ قَالَ: فَيَقُوْلُ: رَسُوْلُ اللّٰهِ، قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ: وَمَا يُدْرِيْكَ ؟ قَالَ: فَيَقُوْلُ: قَرَاْتُ كِتَابَ اللّٰهِ فَاٰمَنْتُ بِهٖ وَصَدَّقْتُ، قَالَ: فَيُنَادِىْ مُنَادٍ مِّنَ السَّمَآءِ اَنْ صَدَقَ فَافْرِشُوْهُ مِنَ الْجَنَّةِ وَاَلْبِسُوْهُ مِنَ الْجَنَّةِ وَاَرُوْهُ مَنْزِلَهٗ مِنَ الْجَنَّةِ، قَالَ: وَيُمَدُّ لَهٗ فِىْ قَبْرِهٖ وَيَاْتِيْهِ رَوْحُ الْجَنَّةِ وَرِيْحُهَا، قَالَ: فَيُفْعَلُ ذٰلِكَ بِهٖ، وَيَمْثُلُ لَهٗ رَجُلٌ حَسَنُ الْوَجْهِ حَسَنُ الثِّيَابِ طَيِّبُ الرِّيْحِ، فَيَقُوْلُ: اَبْشِرْ بِالَّذِىْ يَسُرُّكَ هٰذَا يَوْمُكَ الَّذِىْ كُنْتَ تُوْعَدُ، فَيَقُوْلُ: مَنْ اَنْتَ فَوَجْهُكَ وَجْهٌ يُبَشِّرُ بِالْخَيْرِ ؟ قَالَ: فَيَقُوْلُ اَنَا عَمَلُكَ الصَّالِحُ، قَالَ: فَهُوَ يَقُوْلُ: رَبِّ اَقِمِ السَّاعَةَ كَىْ اَرْجِعَ اِلٰى اَهْلِىْ وَمَالِىْ، ثُمَّ قَرَاَ: يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِى الْاٰخِرَةِ وَاَمَّا الْفَاجِرُ فَاِذَا كَانَ فِىْ قُبُلٍ مِّنَ الْاٰخِرَةِ وَانْقِطَاعٍ مِّنَ الدُّنْيَا اَتَاهُ مَلَكُ الْمَوْتِ فَيَقْعُدُ عِنْدَ رَاْسِهٖ وَيَنْزِلُ الْمَلَائِكَةُ سُوْدُ الْوُجُوْهِ مَعَهُمُ الْمُسُوْحُ فَيَقْعُدُوْنَ مِنْهُ مَدَّ الْبَصَرِ، فَيَقُوْلُ مَلَكُ الْمَوْتِ:

اخْرُجِي أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْخَبِيثَةُ إِلٰى سَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ وَغَضَبٍ، قَالَ: فَتُفَرَّقُ فِي جَسَدِهِ فَيَنْقَطِعُ مَعَهَا الْعُرُوْقُ، وَالْعَصَبُ كَمَا يُسْتَخْرَجُ الصُّوفُ الْمَبْلُوْلُ بِالسَّفُودِ ذِي الشُّعَبِ، قَالَ: فَيَقُومُوْنَ إِلَيْهِ فَلَا يَدَعُونَهُ فِي يَدِهِ طَرْفَةَ عَيْنٍ فَيَصْعَدُوْنَ بِهَا إِلَى السَّمَآءِ فَلَا يَمُرُّونَ عَلٰى جُنْدٍ مِّنَ الْمَلَائِكَةِ إِلَّا، قَالُوْا: مَا هٰذِهِ الرُّوحُ الْخَبِيثَةُ؟ قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ: فُلَانٌ بِأَقْبَحِ أَسْمَائِهِ، قَالَ: فَإِذَا انْتُهِيَ بِهِ إِلَى السَّمَآءِ غُلِّقَتْ دُوْنَهُ أَبْوَابُ السَّمٰوَاتِ، قَالَ: وَيُقَالُ اكْتُبُوْا كِتَابَهُ فِي سِجِّينٍ، قَالَ: ثُمَّ يُقَالُ: أَعِيْدُوْا عَبْدِيْ إِلَى الْأَرْضِ فَإِنِّيْ وَعَدْتُّهُمْ أَنِّيْ مِنْهَا خَلَقْتُهُمْ وَفِيهَا أُعِيدُهُمْ وَمِنْهَا أُخْرِجُهُمْ تَارَةً أُخْرٰى، قَالَ: فَيُرْمٰى بِرُوْحِهِ حَتّٰى تَقَعَ فِيْ جَسَدِهِ، قَالَ: ثُمَّ قَرَأَ: وَمَنْ يُشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَأَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ أَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيقٍ، قَالَ: فَتَأْتِيهِ الْمَلَائِكَةُ، فَيَقُوْلُوْنَ: مَنْ رَّبُّكَ؟ قَالَ: فَيَقُوْلُ: لَا أَدْرِي، فَيُنَادِيْ مُنَادٍ مِّنَ السَّمَآءِ أَنْ قَدْ كَذَبَ فَأَفْرِشُوهُ مِنَ النَّارِ وَأَلْبِسُوهُ مِنَ النَّارِ وَأَرُوْهُ مَنْزِلَهُ مِنَ النَّارِ، قَالَ: فَيَضِيقُ عَلَيْهِ قَبْرُهُ حَتّٰى تَخْتَلِفَ فِيهِ أَضْلَاعُهُ، قَالَ: وَيَأْتِيهِ رِيحُهَا وَحَرُّهَا، قَالَ: فَيُفْعَلُ بِهِ ذٰلِكَ، وَيَمْثُلُ لَهُ رَجُلٌ قَبِيحُ الْوَجْهِ قَبِيحُ الثِّيَابِ مُنْتِنُ الرِّيحِ، فَيَقُوْلُ: أَبْشِرْ بِالَّذِيْ يَسُوْؤُكَ هٰذَا يَوْمُكَ الَّذِيْ كُنْتَ تُوعَدُ، قَالَ: فَيَقُوْلُ: مَنْ أَنْتَ؟ فَوَجْهُكَ الْوَجْهُ يُبَشِّرُ بِالشَّرِّ، قَالَ: فَيَقُوْلُ: أَنَا عَمَلُكَ الْخَبِيثُ، قَالَ: وَهُوَ يَقُوْلُ: رَبِّ لَا تُقِمِ السَّاعَةَ

✧✧ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک انصاری صحابی رضی اللہ عنہ کے جنازے میں شرکت کے لئے جا رہے تھے۔ ہم قبر پر پہنچ گئے لیکن ابھی تک قبر کی لحد تیار نہیں ہوئی تھی (تو لحد تیار ہونے کے انتظار میں) ہم لوگ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے اردگرد جمع ہو کر بیٹھ گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کبھی آسمان کی طرف نگاہ اٹھاتے تو کبھی زمین کی طرف۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ اسی طرح کیا، پھر یوں دعا مانگی: اے اللہ! میں عذابِ قبر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ پھر فرمایا: بندۂ مومن کا جب آخری وقت آتا ہے تو ملک الموت آ کر اس کے سرہانے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ آسمان سے فرشتے اترتے ہیں جن کے چہرے سورج کی طرح چمک رہے ہوتے ہیں ان کے پاس جنتی کفن اور جنتی خوشبوئیں ہوتی ہیں۔ یہ مومن کے قریب بیٹھ جاتے ہیں (ان کی تعداد اس قدر زیادہ ہوتی ہے کہ) حد نگاہ تک (یہی نظر آ رہے ہوتے ہیں) پھر موت کا فرشتہ (مومن سے مخاطب ہو کر) کہتا ہے اے نفس مطمئنہ اپنے رب کی مغفرت اور خوشنودی کی طرف چل۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: روح (بندہ مومن کے جسم سے) اس طرح بہہ کر نکل آتی ہے جیسے مشکیزے (کو الٹا دیں تو اس میں) سے قطرے بہہ کر نکلتے ہیں۔ پھر ملائکہ اس روح کو پلک جھپکنے کے برابر بھی ہاتھوں سے نہیں چھوڑتے پھر اس روح کو لے کر آسمانوں کی طرف جاتے ہیں، راستے میں فرشتوں کی جس جماعت کے بھی قریب سے گزرتے ہیں وہ جماعت کہتی ہے: یہ اتنی اچھی روح کس کی ہے؟ فرشتے بتاتے ہیں کہ یہ فلاں بن فلاں ہے اور بہت اچھے اچھے القابات سے پکارتے ہیں۔ پھر جب فرشتے روح کو لے کر آسمان تک پہنچتے ہیں تو اس کے لئے آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔ پھر اس آسمان کے فرشتے ان کے ساتھ ساتھ چلتے ہیں اور دوسرے آسمان تک پہنچاتے ہیں یونہی ہر آسمان کے مقرب ملائکہ اس کو اگلے آسمان تک چھوڑنے کے لئے ساتھ ساتھ جاتے ہیں۔ جب ساتویں آسمان تک یہ روح پہنچتی ہے تو کہا جاتا ہے:

اس کا نامہ اعمال ''اعلیٰ علیین'' میں لکھ دو۔ پھر کہا جاتا ہے: میرے بندے کو واپس زمین پر لے جاؤ کیونکہ میں نے ان سے وعدہ کیا تھا کہ میں نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا ہے پھر اسی میں تمہیں لوٹاؤں گا اور پھر دوبارہ اسی سے نکالوں گا۔ چنانچہ اس کی روح کو اس کے جسم میں لوٹا دیا جاتا ہے پھر اس کے پاس فرشتے آتے ہیں اور آ کر کہتے ہیں: تیرا رب کون ہے؟ (حضور ﷺ نے فرمایا) وہ کہتا ہے: میرا رب ''اللہ'' ہے۔ پھر وہ (دوسرا) سوال کرتے ہیں: تیرا دین کیا ہے؟ وہ جواب دیتا ہے: میرا دین اسلام ہے۔ پھر وہ (رسول پاک ﷺ کے چہرہ اقدس کی طرف اشارہ کر کے) پوچھتے ہیں: یہ شخصیت جو تمہارے اندر مبعوث کیے گئے تھے تو ان کے بارے میں کیا جانتا ہے؟ وہ جواب دیتا ہے: یہ اللہ کے رسول ہیں۔ وہ پوچھتے ہیں: تجھے کیسے پتہ چلا؟ وہ جواب دیتا ہے: میں نے اللہ تعالیٰ کی کتاب پڑھی، اس پر ایمان لایا، اس کی تصدیق کی (حضور ﷺ فرماتے ہیں: اس کے یہ جواب دینے کے بعد) ایک منادی آسمان سے پکار کر بولتا ہے: اس نے سچ کہا۔ اس کے لئے جنتی بستر بچھا دو، اس کو جنتی لباس پہنا دو اور اس کو اس کا جنت کا ٹھکانہ دکھا دو (حضور ﷺ فرماتے ہیں) پھر اس کی قبر کو کشادہ کر دیا جاتا ہے تاکہ اس میں جنت کی خوشبودار ہواؤں کے جھونکے آتے رہیں (حضور ﷺ فرماتے ہیں) اس بندۂ مومن کے ساتھ یہی معاملہ کر دیا جاتا ہے۔ پھر خوشبودار عمدہ لباس میں ایک خوبصورت شخص اس کے پاس آتا ہے اور کہتا ہے: تیرے لئے خوشخبری ہے جس سے تو خوش ہو جائے یہ وہی دن ہے جس کا تجھ سے وعدہ کیا گیا تھا۔ بندہ کہتا ہے: شکل وصورت سے تو تو بہت بھلا معلوم ہوتا ہے تو ہے کون؟ (حضور ﷺ فرماتے ہیں) وہ کہے گا: میں تیرا نیک عمل ہوں۔ پھر بندہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کرتا ہے: یا اللہ جلدی قیامت قائم کر دے تاکہ میں اپنے اہل وعیال سے مل سکوں پھر نبی اکرم ﷺ نے یہ آیت پڑھی: يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ (ابراہیم ۲۷) اور کافر شخص کا جب آخری وقت آتا ہے تو ملک الموت آ کر اس کے سرہانے کھڑا ہو جاتے ہیں اور سیاہ صورتوں میں۔ بے شمار فرشتے نازل ہو کر اس کے پاس حدنگاہ تک بیٹھ جاتے ہیں۔ پھر موت کا فرشتہ کہتا ہے: اے خبیث روح! اللہ تعالیٰ کے غضب اور ناراضگی کی طرف چل (یہ سن کر) روح (چھپنے کی کوشش میں) پورے جسم میں پھیل جاتی ہے (پھر موت کا فرشتہ اسے کھینچ کر نکالتا ہے) تو اس کی نسیں اور پٹھے ٹوٹ پھوٹ جاتے ہیں (اور ان کی حالت ایسی ہو جاتی ہے) جیسے دھنی ہوئی روئی میں سے کانٹے دار چھڑی نکالیں (تو روئی کے گالے اس میں پیوست ہوئے ہوتے ہیں) ملائکہ یہ روح نکال کر فوراً آسمانوں کی طرف لے جاتے ہیں پھر ملائکہ کے جس گروہ کے قریب سے گزرتے ہیں وہ پوچھتے ہیں: یہ خبیث روح کس کی ہے؟ تو وہ بہت قبیح القابات بولتے ہوئے جواب دیتے ہیں: فلاں کی ہے۔ پھر جب یہ آسمانوں تک پہنچتے ہیں تو آسمانوں کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں اور یہ حکم ملتا ہے کہ اس کا نامہ اعمال ''سجین'' میں لکھ دو۔ حضور ﷺ فرماتے ہیں: پھر کہا جائے گا: میرے بندے کو زمین کی طرف لوٹا دو کیونکہ میں نے اس سے وعدہ کیا ہے کہ تمہیں زمین سے پیدا کیا ہے، اسی میں لوٹاؤں گا اور پھر دوبارہ اسی میں سے اٹھاؤں گا۔ حضور ﷺ فرماتے ہیں: اس کی روح کو وہیں سے نیچے پھینک دیا جاتا ہے اور وہ اپنے جسم میں آ کر گرتی ہے (حضرت براء بن عازب ﷺ کہتے ہیں) پھر حضور ﷺ نے یہ آیت پڑھی: وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ (الحج: ۳۱) (نبی اکرم ﷺ نے فرمایا) پھر اس کے پاس فرشتے آتے ہیں اور سوال کرتے ہیں: تیرا رب کون ہے؟ وہ جواب دیتا ہے: مجھے

نہیں معلوم ۔تو آسمان سے ندا آتی ہے کہ اس نے جھوٹ بولا، اس کے لئے جہنم کا بستر لگا دو، اس کو جہنمی لباس پہنا دو اور اس کو اس کا جہنم میں ٹھکانہ دکھا دو (حضور ﷺ فرماتے ہیں) اس کی قبر اتنی تنگ کردی جاتی ہے کہ اس کی پسلیاں توڑ کر رکھ دیتی ہے۔اس کی قبر میں جہنم کی گرمی، بدبودار ہوائیں آتی رہتی ہیں (ملائکہ اس نداء پر عمل کرتے ہیں) پھر بدبودار، گندے لباس میں ملبوس، انتہائی بدصورت ایک شخص اس کے پاس آتا ہے اور کہتا ہے: تیرے لئے وہ خبر ہے جو تجھے پریشان کردے گی۔یہ وہ دن ہے جس کا تجھ سے وعدہ کیا گیا تھا۔وہ کہتا ہے: تو کون ہے؟ (ویسے تیرے چہرے سے تو کوئی بھلائی کی امید نظر نہیں آتی) وہ کہتا ہے: میں تیرا ''برا عمل'' ہوں۔وہ کہتا ہے: یا اللہ! کہیں قیامت قائم نہ ہو جائے۔

108۔ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعُمَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، فَذَكَرَهُ بِاِسْنَادٍ نَحْوِهٖ، وَقَالَ فِيْ اٰخِرِهٖ: وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ فِيْ عَقِبِ خَبَرِهٖ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ نَحْوًا مِّنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ يُرِيْدُ حَدِيْثَ الْبَرَاءِ اِلَّا اَنَّهٗ قَالَ: ارْقُدْ رَقْدَةَ الْمُتَّقِيْنَ، لِلْمُؤْمِنِ الْاَوَّلِ، وَيُقَالُ لِلْفَاجِرِ: ارْقُدْ مَنْهُوْشًا، فَمَا مِنْ دَابَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا وَلَهَا فِيْ جَسَدِهٖ نَصِيْبٌ وَّقَدْ رَوَاهُ سُفْيَانُ بْنُ سَعِيْدٍ، وَشُعْبَةُ بْنُ الْحَجَّاجِ، وَزَائِدَةُ بْنُ قُدَامَةَ وَهُمُ الْاَئِمَّةُ الحفاظ، عَنِ الْاَعْمَشِ

اَمَا حَدِيْثُ الثَّوْرِيِّ،

✧✧ اس مذکورہ بالا سند کے ہمراہ بھی یہ حدیث منقول ہے تاہم اس میں کچھ الفاظ مختلف ہیں۔اسی حدیث کو سفیان بن سعید، شعبہ بن حجاج اور زائدہ بن قدامہ نے بھی اعمش کے حوالے سے نقل کیا ہے اور یہ تمام لوگ ائمہ اور حفاظ الحدیث ہیں۔اس سلسلہ میں ثوری کی روایت درج ذیل ہے۔

109۔ فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَمْدَانَ الْجَلَابُ، بِهَمْدَانَ وَاَنَا سَاَلْتُهٗ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الصُّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زَاذَانَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ جَنَازَةٍ فَاَتَيْنَا الْقَبْرَ وَلَمَّا يُلْحَدْ وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ

وَاَمَّا حَدِيْثُ شُعْبَةَ،

✧✧ شعبہ کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے:

110۔ فَحَدَّثَنِيْهِ اَبُوْ سَعِيْدِ بْنُ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ اَبِيْ عُثْمَانَ، رَحِمَهُمُ اللّٰهُ وَاَنَا سَاَلْتُهٗ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ الْاَصْبَهَانِيُّ بِالرَّيِّ، حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ رَجَاءٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، وَعَنْ زَاذَانَ، عَنِ الْبَرَاءِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَدِيْثِ الْقَبْرِ

وَاَمَّا حَدِيْثُ زَائِدَةَ،

✧✧ زائدہ بن روایت کردہ حدیث یہ ہے:

111- فَحَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُوْرٍ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْفَضْلِ الْبَجَلِيُّ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زَاذَانَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: صَلَّيْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى جَنَازَةِ رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَذَكَرَ حَدِيْثَ الْقَبْرِ بِطُوْلِهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، فَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِالْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو وَزَاذَانَ اَبِيْ عُمَرَ الْكِنْدِيِّ، وَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ فَوَائِدُ كَثِيْرَةٌ لِاَهْلِ السُّنَّةِ وَقَمْعٌ لِّلْمُبْتَدِعَةِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِطُوْلِهِ، وَلَهُ شَوَاهِدُ عَلٰى شَرْطِهِمَا يُسْتَدَلُّ بِهَا عَلٰى صِحَّتِهِ

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے منھال بن عمرو اور زاذان ابوعمر الکندی کی روایات نقل کی ہیں اور اس حدیث میں اہلسنّت کے عقائد کے اثبات اور بدعتیوں کے رد کے سلسلے میں بہت شاندار دلائل موجود ہیں لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو اس قدر تفصیل کے ساتھ ذکر نہیں کیا ہے اور اس حدیث کے شاہد کے طور پر کئی حدیثوں کو پیش کیا جا سکتا ہے جو شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق صحیح ہیں اور ان سے اس مذکورہ حدیث کی صحت پر بھی استدلال کیا جا سکتا ہے۔ اس کی ایک شاہد حدیث درج ذیل ہے۔

112- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ النَّحْوِيُّ بِبَغْدَادَ، وَاَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ مِنْ اَصْلِ كِتَابِهِ، قَالَا: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: ذَكَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُؤْمِنَ وَالْكَافِرَ، ثُمَّ ذَكَرَ طَرَفًا مِّنْ حَدِيْثِ الْقَبْرِ فَقَدْ بَانَ بِالْاَصْلِ وَالشَّاهِدِ صِحَّةُ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَلَعَلَّ متوهمًا يَتَوَهَّمُ اَنَّ الْحَدِيْثَ الَّذِيْ

❖ اصل اور شاہد کو مدنظر رکھتے ہوئے مذکورہ حدیث کی صحت روز روشن کی طرح واضح ہو جاتی ہے اور ہو سکتا ہے کہ کسی کو یہ وہم ہو جائے کہ درج ذیل حدیث:

113- حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْحُسَيْنِ عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُكْرَمٍ الْبَزَّارُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ كَزَالٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِبْرَاهِيْمَ التَّرْجُمَانِيُّ، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ صَفْوَانَ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ خَبَّابٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ اَبِي الْبَخْتَرِيِّ الطَّائِيِّ، سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ، اَنَّهُ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ جَنَازَةِ رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَاَتَيْنَا الْقَبْرَ، وَلَمَّا يُلْحَدْ فَجَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ وَجَلَسْنَا حَوْلَهُ ثُمَّ ذَكَرَ الْحَدِيْثَ

يُعَلَّلُ بِهِ هٰذَا الْحَدِيْثُ، وَلَيْسَ كَذٰلِكَ، فَاِنَّ ذِكْرَ اَبِي الْبَخْتَرِيِّ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَهْمٌ مِّنْ شُعَيْبِ بْنِ صَفْوَانَ لِاِجْمَاعِ الْاَئِمَّةِ الثِّقَاتِ عَلٰى رِوَايَتِهِ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ خَبَّابٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زَاذَانَ، اَنَّهُ سَمِعَ الْبَرَاءَ حَدَّثَنَا بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْتُهُ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَصْرٍ الْخُلْدِيُّ، اِمْلَاءً بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ

الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ زِيَادٍ سَبَلانَ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ، قَالَ: اَتَيْتُ يُوْنُسَ بْنَ خَبَّابٍ، بِمِنًى عِنْدَ الْمَنَارَةِ وَهُوَ يَقُصُّ، فَسَاَلْتُهُ عَنْ حَدِيْثِ عَذَابِ الْقَبْرِ فَحَدَّثَنِيْ بِهِ

سے وہ حدیث معلل ہو جاتی ہے، حالانکہ ایسا نہیں ہے کیونکہ اس حدیث کی سند میں ابوالبختری کا ذکر کرنے میں شعیب بن صفوان کو سہو ہوا ہے۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ ثقہ آئمہ حدیث کا اس حدیث کے حوالے سے اس بات پہ اتفاق ہے کہ اس کی سند یونس بن خباب، پھر منہال بن عمرو سے ہوتی ہوئی زاذان تک پہنچتی ہے اور زاذان نے خود براء سے سنا ہے اور اس پر شہادت کے طور پر وہ حدیث بھی پیش کی جا سکتی ہے جو جعفر بن محمد بن نصر الخلدی نے بغداد میں املاء کراتے ہوئے ہمیں بیان کی (اس کی سند کچھ اس طرح ہے) علی بن عبدالعزیز، ابراہیم بن زیاد سبلان کے حوالے سے عباد بن عباد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں منیٰ میں اس منارہ کے قریب یونس بن خباب کے پاس آیا تو وہ احادیث بیان کر رہے تھے، میں نے ان سے عذاب قبر کے متعلق حدیث پوچھی تو انہوں نے مجھے یہی حدیث سنائی (حدیث درج ذیل ہے)

114۔ وَاَخْبَرَنِيْ اَبُوْ عُمَرَ، وَاِسْمَاعِيْلُ بْنُ بُجَيْدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ يُوْسُفَ السُّلَمِيُّ، أنبأ أبو مسلم إبراهيم بن عبد اللّٰه، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمْرٍو الضَّرِيْرُ، حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُوْنٍ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ خَبَّابٍ، وَاَخْبَرَنَا وَاللَّفْظُ لَهُ، اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ خَبَّابٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زَاذَانَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، وَفِيْ حَدِيْثِ عَبَّادِ بْنِ عَبَّادٍ، اَنَّهُ سَمِعَ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ جَنَازَةٍ، فَجَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْقَبْرِ وَجَلَسْنَا حَوْلَهُ وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهِ

هٰذَا هُوَ الصَّحِيْحُ الْمَحْفُوْظُ مِنْ حَدِيْثِ يُوْنُسَ بْنِ خَبَّابٍ وَّهٰكَذَا رَوَاهُ اَبُوْ خَالِدٍ الدَّالانِيُّ، وَعَمْرُو بْنُ قَيْسٍ الْمُلائِيُّ، والحسن بن عبد اللّٰه النخعي، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو

اَمَّا حَدِيْثُ اَبِيْ خَالِدٍ الدَّالانِيِّ،

❖ یہ حدیث یونس بن خباب کی سند کے حوالے سے محفوظ ہے۔ یونہی ابوخالد دالانی، عمرو بن قیس الملائی اور حسن بن عبید اللہ النخعی نے بھی منہال بن عمرو کے حوالے سے یہ حدیث نقل کی ہے۔

ابوخالد دالانی کی روایت یہ ہے:

115۔ فَحَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا السَّرِيُّ بْنُ يَحْيَى التَّمِيْمِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الدَّالانِيُّ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو وَاَمَّا حَدِيْثُ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ الْمُلائِيِّ،

عمر بن قیس ملائی کی روایت یہ ہے:

116۔ فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بِشْرٍ الْمَرْثَدِيُّ، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ

مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ شَیْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدِ الْاَحْمَرُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَیْسٍ الْمُلَائِیِّ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو

وَاَمَّا حَدِیْثُ الْحَسَنِ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ،

حسن بن عبداللہ کی روایت یہ ہے:

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے ان الفاظ کے ہمراہ اس حدیث کو نقل نہیں کیا ہے تاہم امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے زہری کی وہ حدیث روایت کی ہے جس کی سند حمید بن عبدالرحمن کے ذریعے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے اور سلیمان التیمی کی وہ حدیث بھی روایت کی ہے جس کی سند ابوعثمان سے ہوتی ہوئی سلمان تک پہنچتی ہے پھر اس کو امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالملک بن سلیمان کے حوالے سے بھی نقل کیا ہے، جس کی سند عطاء بن ابی اباح کے ذریعے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے اور یہ حدیث گزشتہ دونوں حدیثوں سے زیادہ جامع ہے۔ اس حدیث کی ایک شاہد حدیث عوف کی طرز پر بھی موجود ہے۔

(جو کہ درج ذیل ہے)

186۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِي بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِي اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ اَبِي زَيْنَبَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا عُثْمَانَ النَّهْدِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضَ مِئَةَ رَحْمَةٍ كُلُّ رَحْمَةٍ طِبَاقُهَا

طِبَاقُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ، فَقَسَمَ رَحْمَةً بَيْنَ جَمِيْعِ الْخَلَائِقِ وَاَخَّرَ تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ رَحْمَةً لِنَفْسِهٖ، فَاِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ رَدَّ هٰذِهِ الرَّحْمَةَ فَصَارَ مِئَةَ رَحْمَةٍ يَرْحَمُ بِهَا عِبَادَهٗ وَلَهٗ شَاهِدٌ اٰخَرُ مُفَسَّرٌ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس دن اللہ تعالیٰ نے زمین اور آسمان پیدا کئے، اس دن رحمت کے سو حصے پیدا فرمائے۔ ہر حصۂ رحمت کی وسعت زمین و آسمان کے برابر ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ایک رحمت مخلوقات میں تقسیم کر دی اور ننانوے رحمتیں اپنے پاس رکھیں، قیامت کے دن یہ ایک رحمت بھی ننانوے رحمتوں کے ساتھ ملا کر سو پوری کرے گا پھر یہ پوری ۱۰۰ رحمتیں اپنے خاص بندوں کو عطا فرمائے گا۔

✣•✣ اس کی ایک اور شاہد حدیث بھی ہے جو کہ جندب بن عبداللہ سے منقول ہے۔

(شاہد حدیث درج ذیل ہے)

187۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنِي الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَسْرِيِّ، حَدَّثَنَا جُنْدُبٌ، قَالَ: جَآءَ اَعْرَابِيٌّ فَاَنَاخَ رَاحِلَتَهٗ، ثُمَّ عَقَلَهَا، فَصَلّٰى خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا سَلَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتٰى رَاحِلَتَهٗ فَاَطْلَقَ عِقَالَهَا، ثُمَّ رَكِبَهَا، ثُمَّ نَادٰى: اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ وَمُحَمَّدًا وَلَا تُشْرِكْ فِيْ رَحْمَتِنَا اَحَدًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَقُوْلُوْنَ اَهُوَ اَضَلُّ اَمْ بَعِيْرُهٗ؟ اَلَمْ تَسْمَعُوْا مَا قَالَ؟ قَالُوْا: بَلٰى، فَقَالَ: لَقَدْ حَظَّرَ رَحْمَةً وَّاسِعَةً، اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ مِئَةَ رَحْمَةٍ، فَاَنْزَلَ رَحْمَةً تَعَاطَفَ بِهَا الْخَلَائِقُ جِنُّهَا وَاِنْسُهَا وَبَهَائِمُهَا، وَعِنْدَهٗ تِسْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ، تَقُوْلُوْنَ اَهُوَ اَضَلُّ اَمْ بَعِيْرُهٗ؟

✧✧ حضرت جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، ایک دیہاتی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا، اپنا اونٹ بٹھایا اور اس کو باندھ دیا پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز ادا کی۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیرا تو اس دیہاتی نے اپنا اونٹ کھولا اور اس پر سوار ہو گیا اور یوں پکارنے لگا: یا اللہ میرے اوپر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر رحمت نازل فرما اور ہمارے حصے کی رحمت میں کسی اور کو شامل نہ کر۔ اس پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے فرمایا: تمہارا کیا خیال ہے؟ یہ ناسمجھ ہے یا اس سے زیادہ اس کا اونٹ ناسمجھ ہے؟ تم نے سنا نہیں یہ کیا کہہ رہا ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: جی ہاں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس نے اللہ تعالیٰ کی وسیع رحمت کو محدود سمجھا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے سو رحمتیں پیدا فرمائی ہیں، ان میں سے صرف ایک رحمت کی وسعت یہ ہے کہ جنات، انسان، جانور اور تمام مخلوقات کو اسی رحمت سے حصہ ملا ہے جس کی بناء پر یہ ایک دوسرے پر مہربانی کرتے ہیں جبکہ اس کی رحمت %99 اللہ تعالیٰ کے پاس موجود ہیں۔ (اب بتاؤ) یہ ناسمجھ ہے یا جانور؟

188۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، وَعَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَفَعَهٗ اَحَدُهُمَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ جِبْرَائِيْلَ كَانَ يَدُسُّ فِيْ فَمِ فِرْعَوْنَ الطِّيْنَ مَخَافَةَ اَنْ يَّقُوْلَ لَا اِلٰهَ

اِلَّا اللّٰهُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حضرت جبرائیل علیہ السلام، فرعون کے منہ میں مٹی ٹھونس دیا کرتے تھے کہ یہ کہیں "لا الٰه الا الله" نہ پڑھ لے۔

189۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا عَبْدَانُ الْاَهْوَازِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، اَخْبَرَنِيْ عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ، وَعَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ ذَكَرَ اَنَّ جِبْرَئِيْلَ جَعَلَ يَدُسُّ فِيْ فَمِ فِرْعَوْنَ الطِّيْنَ خَشْيَةَ اَنْ يَّقُوْلَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَيَرْحَمَهُ اللّٰهُ، اَوْ قَالَ: خَشْيَةَ اَنْ يَّرْحَمَهُ اللّٰهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ اس مذکورہ سند کے ساتھ بھی یہ حدیث منقول ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

190۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاَنْبَاَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَآئِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ فِيْ بَعْضِ صَلَاتِهِ: اللّٰهُمَّ حَاسِبْنِيْ حِسَابًا يَّسِيْرًا فَلَمَّا انْصَرَفَ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا الْحِسَابُ، قَالَ: يُنْظَرُ فِيْ كِتَابِهٖ وَيُتَجَاوَزُ عَنْهُ، اِنَّهُ مَنْ نُوْقِشَ الْحِسَابَ يَوْمَئِذٍ يَّا عَآئِشَةُ هَلَكَ، وَكُلُّ مَا يُصِيْبُ الْمُؤْمِنَ يُلْقِي اللّٰهُ عَنْهُ حَتَّى الشَّوْكَةَ تَشُوْكُهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عَآئِشَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ نُوْقِشَ الْحِسَابَ عُذِّبَ

✧✧ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز میں یہ دعا مانگتے سنا

حدیث 188:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث: 3108 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 3154 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 6215 اخرجه ابوعبدالله النيسابورى فى "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 3303 اخرجه ابوعبدالله النيسابورى فى "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 7637 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 11238

"اَللّٰھُمَّ حَاسِبْنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا" (یااللہ میرا حساب آسانی سے لینا) جب آپ ﷺ نماز سے فارغ ہو گئے تو میں نے پوچھا: آپ حساب میں کس طرح کی آسانی کی دعا مانگ رہے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ کہ صرف نامہ اعمال کو دیکھ کر درگزر کر دیا جائے۔ اے عائشہ! اس دن جس کے حساب کی تحقیقات شروع ہو گئیں وہ مارا جائے گا۔ مومن کو کسی قسم کی کوئی بھی تکلیف پہنچے، اس کا اجر وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پائے گا حتیٰ کہ کسی کے پاؤں میں اگر کانٹا بھی چبھ جائے (اس پر صبر کا اجر بھی بارگاہ الٰہی میں ملے گا)

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے ان لفظوں کے ہمراہ نقل نہیں کیا ہے۔ تاہم دونوں نے ابن ابی ملیکہ کے ذریعے اُمّ المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے": مَنْ نُوقِشَ الْحِسَابَ عُذِّبَ" جس کے حساب کی تفتیش شروع ہو گئی وہ عذاب میں گرفتار ہو گا۔

191- اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ بْنُ حَلِيمٍ الْمَرْوَزِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، حَدَّثَنَا عَبْدَانُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَنْبَاَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ الْغَسَّانِيُّ، عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ حَبِيبٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْكَيِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَهُ وَعَمِلَ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ، وَالْعَاجِزُ مَنْ اَتْبَعَ نَفْسَهُ هَوَاهَا، وَتَمَنّٰى عَلَى اللّٰهِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: عقل مند وہ ہے جو عاجزی اختیار کرے اور اپنی آخرت کیلئے عمل کرے اور محروم ہے وہ شخص، جو نفسانی خواہشات سے باز نہ آئے اور اللہ سے ثواب کی امید رکھے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

192- اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِي بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِي اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، حَدَّثَنِي حُسَيْنُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الْمُؤْمِنُ مُكَفَّرٌ قَدِ اتَّفَقَا عَلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حُمَيْدٍ،

حدیث 191:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2459 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 4260 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 17164 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان 1411ھ/1990ء' رقم الحديث: 7639 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي' دارعمار' بيروت' لبنان/عمان' 1405ھ 1985ء' رقم الحديث: 863 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 7141 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1122 اخرجه ابوعبدالله القضاعي في "مسنده" طبع موسسة الرسالة' بيروت' لبنان 1407ھ/ 1986ء' رقم الحديث: 185 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله' بيروت' لبنان' 1405ھ/1984ء' رقم الحديث: 463 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله' بيروت' لبنان' 1405ھ/1984ء' رقم الحديث: 1485

وَهٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيبٌ صَحِيحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ لِجَهَالَةِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الزُّهْرِيِّ هٰذَا

❖ عامر بن سعد اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مومن سخی ہوتا ہے۔

❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے عبدالرحمن بن حمید کی روایات نقل کی ہیں اور یہ حدیث غریب صحیح ہے۔ شاید شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس روایت کو محمد بن عبدالعزیز الزہری کے حالات معلوم نہ ہونے کی وجہ سے ترک کیا ہے۔

193- اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ الْآدَمِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُو قِلَابَةَ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ، حَدَّثَنَا شَدَّادُ بْنُ سَعِيدٍ، وَاَخْبَرَنِي اَبُو بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، حَدَّثَنَا شَدَّادُ بْنُ سَعِيدٍ اَبُو طَلْحَةَ الرَّاسِبِيُّ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسٰى، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُحْشَرُ هٰذِهِ الْاُمَّةُ عَلٰى ثَلَاثَةِ اَصْنَافٍ: صِنْفٌ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ، وَصِنْفٌ يُحَاسَبُونَ حِسَابًا يَسِيرًا ثُمَّ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ، وَصِنْفٌ يَجِيئُونَ عَلٰى ظُهُورِهِمْ اَمْثَالُ الْجِبَالِ الرَّاسِيَاتِ ذُنُوبًا، فَيَسْاَلُ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَهُوَ اَعْلَمُ بِهِمْ، فَيَقُولُ: مَا هٰؤُلَاءِ؟ فَيَقُولُونَ: هٰؤُلَاءِ عَبِيدٌ مِنْ عِبَادِكَ، فَيَقُولُ: حُطُّوهَا عَنْهُمْ وَاجْعَلُوهَا عَلَى الْيَهُودِ وَالنَّصَارٰى وَاَدْخِلُوهُمْ بِرَحْمَتِي الْجَنَّةَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ مِنْ حَدِيثِ حَرَمِيِّ بْنِ عُمَارَةَ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، فَاَمَّا حَجَّاجُ بْنُ نَصْرٍ فَاِنِّي قَرَنْتُهُ اِلٰى حَرَمِيٍّ لِاَنِّي عَلَوْتُ فِيهِ

❖ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: قیامت کے روز اس امت کے تین گروہ بنائے جائیں گے۔ ان میں سے ایک گروہ تو بے حساب و کتاب جنت میں چلا جائے گا۔ ایک گروہ کا ہلکا پھلکا حساب لیا جائے گا پھر وہ جنت میں چلے جائیں گے اور ایک گروہ اپنی کمر پر بلند و بالا پہاڑوں کے برابر گناہ لاد کر لائے گا۔ اللہ تعالیٰ ان سے پوچھے گا: (حالانکہ اسے پوچھنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے کیونکہ وہ خود ان سے بہتر جانتا ہے) یہ کون ہیں؟ جواب دیا جائے گا: یہ تیرے بندے ہیں، اللہ تعالیٰ فرمائے گا: ان کے گناہوں کو مٹا کر یہود و نصاریٰ کے کھاتے میں ڈال دو اور ان کو میری رحمت سے جنت میں داخل کردو۔

❖ یہ حدیث حرمی بن عمارہ کی سند کے لحاظ سے صحیح ہے، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا ہے۔ میں نے اس حدیث کی سند حجاج بن نصر سے حرمی بن عمارہ کی طرف بیان کی ہے کیونکہ شداد بن سعید کی طرف جو سند ہے وہ ''عالی'' ہے۔

194- حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ بُنْدَارٍ الزَّاهِدُ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى الزَّمِنُ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: كَانَ صَبِيٌّ عَلٰى ظَهْرِ الطَّرِيقِ فَمَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ نَاسٌ فَلَمَّا رَاَتْ اُمُّ الصَّبِيِّ الْقَوْمَ خَشِيَتْ اَنْ يُوطَاَ ابْنُهَا فَسَعَتْ فَحَمَلَتْهُ، فَقَالَتْ: ابْنِي،

ابنی، قَالَ الْقَوْمُ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا کَانَتْ هٰذِهٖ لِیُلْقِیَ ابْنُهَا فِی النَّارِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: وَلَا اللّٰهُ یُلْقِی حَبِیْبَهٗ فِی النَّارِ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک بچہ راستے میں کھیل رہا تھا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کے ہمراہ اس راستہ میں آ رہے تھے کہ اس بچے کی ماں نے اتنے سارے لوگوں کو جب آتے دیکھا تو اس ڈر کے مارے کہ کہیں بچہ لوگوں کے پاؤں میں روندا ہی نہ جائے۔ میرا بیٹا، میرا بیٹا پکارتے ہوئے اس کو اٹھا کر سینے سے لگالیا، اس پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ عورت کسی طور بھی اس بات پر راضی نہیں ہوگی کہ اس کے بچے کو آگ میں ڈال دیا جائے، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (یونہی) اللہ تعالیٰ اپنے کسی دوست کو آگ میں نہیں ڈالے گا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

195۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِیْهُ بِبَغْدَادَ، قَالَ: قُرِءَ عَلٰی مُحَمَّدِ بْنِ الْهَیْثَمِ الْقَاضِیْ وَاَنَا اَسْمَعُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِی اللَّیْثُ، عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ حَبِیْبٍ، عَنْ اَبِی الْخَیْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِیِّ، اَنَّ رَجُلًا اَتٰی رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَحَدُنَا یُذْنِبُ، قَالَ: یُکْتَبُ عَلَیْهِ، قَالَ: ثُمَّ یَسْتَغْفِرُ مِنْهُ وَیَتُوْبُ، قَالَ: یُغْفَرُ لَهٗ وَیُتَابُ عَلَیْهِ وَلَا یَمَلُّ اللّٰهُ حَتّٰی تَمَلُّوْا

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الْبُخَارِیِّ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ.

✧✧ حضرت عقبہ بن عامر الجھنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا اور عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر کوئی گناہ کرلے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ گناہ اس کے نامہ اعمال میں لکھ دیا جاتا ہے، اس نے عرض کی: اگر وہ توبہ کرلے تو؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول کرتا ہے اور گناہ مٹا دیا جاتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم گناہ کرکر کے اکتا سکتے ہو لیکن اللہ تعالیٰ تمہیں معاف کرکر کے نہیں اکتائے گا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

196۔ أَخْبَرَنَا أَبُوْ بَکْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّافِعِیُّ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا أَبُوْ حُذَیْفَةَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ وَحَدَّثَنَا أَبُوْ زَکَرِیَّا یَحْیَی بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِیُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ أَنْبَأَ وَکِیْعٌ عَنْ سُفْیَانَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِی الضُّحٰی عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ الْکَبَائِرُ مِنْ أَوَّلِ سُوْرَةِ النِّسَاءِ إِلٰی أَنْ تَجْتَنِبُوْا کَبَائِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ مِنْ أَوَّلِ السُّوْرَةِ ثَلَاثِیْنَ آیَةً

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ وَجَبَ إِخْرَاجُهٗ عَلٰی مَا شَرَطْتُ فِیْ تَفْسِیْرِ الصَّحَابَةِ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، کبیرہ گناہوں کا ذکر سورۃ النساء میں شروع سے أَنْ تَجْتَنِبُوْا کَبَائِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ تک ۳۰ آیتوں میں ہے۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔تفسیر صحابہ کے متعلق بیان کردہ شرائط کے مطابق یہ حدیث لازمی نقل کرنی چاہئے تھی۔

197ـ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ كَامِلٍ الْقَاضِيْ، اِمْلاءً، حَدَّثَنَا اَبُوْ قِلابَةَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّهُ حَدَّثَهُ وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ: اَلا اِنَّ اَوْلِيَاءَ اللّٰهِ الْمُصَلُّوْنَ مَنْ يُقِيْمُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ الَّتِيْ كُتِبَتْ عَلَيْهِ، وَيَصُوْمُ رَمَضَانَ، وَيَحْتَسِبُ صَوْمَهُ يَرٰى اَنَّهُ عَلَيْهِ حَقٌّ، وَيُعْطِيْ زَكٰوةَ مَالِهِ يَحْتَسِبُهَا، وَيَجْتَنِبُ الْكَبَائِرَ الَّتِيْ نَهَى اللّٰهُ عَنْهَا ثُمَّ اِنَّ رَجُلًا سَاَلَهُ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا الْكَبَائِرُ ؟ فَقَالَ: هُوَ تِسْعٌ: الشِّرْكُ بِاللّٰهِ، وَقَتْلُ نَفْسِ مُؤْمِنٍ بِغَيْرِ حَقٍّ، وَفِرَارٌ يَوْمَ الزَّحْفِ، وَاَكْلُ مَالِ الْيَتِيْمِ، وَاَكْلُ الرِّبَا، وَقَذْفُ الْمُحْصَنَةِ، وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ الْمُسْلِمَيْنِ، وَاسْتِحْلالُ الْبَيْتِ الْحَرَامِ قِبْلَتِكُمْ اَحْيَاءً وَّاَمْوَاتًا، ثُمَّ قَالَ: لا يَمُوْتُ رَجُلٌ لَّمْ يَعْمَلْ هٰؤُلاءِ الْكَبَائِرَ، وَيُقِيْمُ الصَّلٰوةَ، وَيُؤْتِي الزَّكٰوةَ اِلَّا كَانَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ دَارٍ اَبْوَابُهَا مَصَارِيْعُ مِنْ ذَهَبٍ قَدِ احْتَجَّا بِرُوَاةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ غَيْرِ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، فَاَمَّا عُمَيْرُ بْنُ قَتَادَةَ فَاِنَّهُ صَحَابِيٌّ وَّابْنُهُ عُبَيْدٌ مُّتَّفَقٌ عَلٰى اِخْرَاجِهِ وَالاحْتِجَاجِ بِهِ.

✧✧ حضرت عبید بن عمیر رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا: خبردار! اللہ کے دوست وہ ہیں جو نماز پنجگانہ پابندی سے ادا کرتے ہیں۔ ماہ رمضان کے روزے رکھتے ہیں اور انہیں اپنی ذمہ داری سمجھتے ہیں، اپنے مال سے ذمہ داری کے ساتھ زکوۃ ادا کرتے ہیں اور کبیرہ گناہوں سے بچتے ہیں۔ایک شخص نے کھڑے ہوکر عرض کی: یارسول اللہ کبیرہ گناہ کیا ہوتے ہیں؟ فرمایا: ۹ گناہ کبیرہ ہیں۔(۱) شرک (۲) کسی مومن کو ناحق قتل کرنا (۳) میدان جنگ سے بھاگ جانا (۴) یتیم کا مال ہتھیانا (۵) سود خوری (۶) پاکباز پر زناء کی تہمت لگانا (۷) مسلمان ماں باپ کی نافرمانی کرنا (۸،۹) حرم میں شکار کرنا، زندہ یا مردہ۔ جو شخص ان کبیرہ گناہوں سے بچتا رہے اور نماز روزے کی پابندی کرے، کل قیامت کے دن وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایسے محل میں رہے گا جس کے دروازے سونے کے بنے ہوئے ہیں۔

✤✤ عبدالحمید بن سنان کے علاوہ اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کی ہیں (اسی سند میں) عمیر بن قتادہ صحابی ہیں اور ان کے بیٹے عبید کی روایات امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے نقل کی ہیں۔

198ـ حَدَّثَنَاهُ عَلِي بْنُ حَمْشَادَ الْعَدْلُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ حَدَّثَنَا بَشْرُ بْنُ حُجْرٍ الشَّامِي حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِي سَلْمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ الْتَقٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ وَبْنُ عُمَرَ فَقَالَ لَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ اَيُّ اٰيَةٍ فِي كِتَابِ اللّٰهِ أَرْجٰى عِنْدَكَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو يَا عِبَادِيَ الَّذِيْنَ أَسْرَفُوْا عَلٰى أَنْفُسِهِمْ لا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ فَقَالَ لٰكِنَّ قَوْلَ إِبْرَاهِيْمَ رَبِّ أَرِنِي كَيْفَ تُحْيِي الْمَوْتٰى قَالَ أَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِي هٰذَا لِمَا فِي الصُّدُوْرِ وَيُوَسْوِسُ الشَّيْطَانُ فَرَضِيَ اللّٰهُ مِنْ قَوْلِ إِبْرَاهِيْمَ بِقَوْلِهِ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلٰى صَحِيْحٌ عَلٰى

شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت محمد بن المنکدر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی ملاقات ہوئی۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ابن عمرو رضی اللہ عنہ سے کہا: قرآن کی کون سی آیت تمہیں بخشش کی سب سے زیادہ امید دلاتی ہے؟ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے کہا: يَا عِبَادِيَ الَّذِيْنَ أَسْرَفُوْا عَلٰى أَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اپنی جانوں پر ظلم کرنے والو! اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: لیکن حضرت ابراہیم علیہ السلام کا قول رَبِّ أَرِنِيْ كَيْفَ تُحْيِي الْمَوْتٰى قَالَ أَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِي (البقرة ۲۶۰) ان وسوسوں کے متعلق ہے جو شیاطین انسانوں کے دلوں میں ڈالتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ابراہیم علیہ السلام کے جواب "بلٰی" سے راضی ہو گیا۔

✧✧ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

199۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ الدُّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ، عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِيْ عَمْرٍو، عَنِ الْمُطَّلِبِ، عَنْ عَآئِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الرَّجُلَ لَيُدْرِكُ بِحُسْنِ خُلُقِهِ دَرَجَاتِ، قَائِمِ اللَّيْلِ صَائِمِ النَّهَارِ

هٰذَا حَدِيْثٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَشَاهِدُهُ، صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انسان اپنے حسن اخلاق کی بناء پر روزہ دار اور شب زندہ دار شخص کے رتبے پر فائز ہو جاتا ہے۔

✧✧ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور اس کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے مقرر کردہ معیار پر ہے (حدیث درج ذیل ہے)

200۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَحْمَدَ الْبَاجِيُّ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوْقِيُّ، حَدَّثَنَا حَيَّانُ بْنُ هِلَالٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ بُدَيْلٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ

حديث 199:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4798، اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 24400 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 24639 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 25057 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 25578 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 480 اخرجه ابوعبدالله البخاري في "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلاميه بيروت لبنان 1409ھ/1989ء رقم الحديث: 284 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه مدينه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحديث: 835 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه مدينه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحديث: 850 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ھ رقم الحديث: 3970

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ لَيُبَلِّغُ الْعَبْدَ بِحُسْنِ خَلْقِهِ دَرَجَةَ الصَّوْمِ وَالصَّلٰوةِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ بندے کو اس کے اچھے اخلاق کی بناء پر نمازی اور روزہ دار لوگوں کے درجہ میں داخل فرما دیتا ہے۔

201- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ الْبَصْرِيُّ بِمِصْرَ، اَنْبَاَنَا عُمَرُ بْنُ يُوْنُسَ بْنِ الْقَاسِمِ الْيَمَامِيِّ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، اَنَّ عِكْرِمَةَ بْنَ خَالِدِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ الْمَخْزُوْمِيَّ، حَدَّثَهُ اَنَّهُ لَقِيَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، فَقَالَ لَهُ: يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اِنَّا بَنُو الْمُغِيْرَةِ قَوْمٌ فِيْنَا نَخْوَةٌ فَهَلْ سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ ذٰلِكَ شَيْئًا ؟ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: مَا مِنْ رَّجُلٍ يَّتَعَاظَمُ فِيْ نَفْسِهِ وَيَخْتَالُ فِيْ مِشْيَتِهِ اِلَّا لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ بن خالد بن سعید بن العاص المخزومی بیان کرتے ہیں' ان کی ملاقات عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بن الخطاب سے ہوئی تو انہوں نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! ہمارا تعلق بنومغیرہ قبیلے سے ہے، ہمارے لوگوں میں تکبر پایا جاتا ہے آپ نے (تکبر سے متعلق) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی فرمان سنا ہے؟ تو عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص اپنے آپ کو بڑا سمجھتا ہو اور اکڑ کر چلتا ہو، جب وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش ہوگا تو اللہ تعالیٰ اس پر ناراض ہوگا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

202- اَخْبَرَنَا اَبُو الْفَضْلِ الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ يُوْسُفَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنِيْ مُوْسٰى بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا اُنَبِّئُكُمْ بِاَهْلِ الْجَنَّةِ ؟ الْمَغْلُوْبُوْنَ الضُّعَفَاءُ، وَاَهْلُ النَّارِ كُلُّ جَعْظَرِيٍّ جَوَّاظٍ مُسْتَكْبِرٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں جنتیوں (اور دوزخیوں) کی نشاندہی کروں؟ (پھر فرمایا) کمزور اور عاجزی پسند لوگ (جنتی ہیں) اور اکڑ کر، تکبر سے چلنے والے (جہنمی ہیں)

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

203- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَبِيْ عُثْمَانَ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا

حدیث 201:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 5995 اخرجه ابوعبدالله البخاري في "الادب المفرد" طبع دار البشائر الاسلاميه' بيروت' لبنان' 1409ه/ 1989ء' رقم الحديث: 549

سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْمَا يَحْكِيْ عَنْ رَّبِّهِ عَزَّ وَجَلَّ، قَالَ: الْكِبْرِيَاءُ رِدَائِيْ، فَمَنْ نَازَعَنِيْ رِدَائِيْ قَصَمْتُهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ مِّنْ طَرِيْقِ الْاَغَرِّ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ بِغَيْرِ هٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: تکبر اور بڑائی میری چادر ہے، جس نے یہ چادر اتاری میں اسے برباد کردوں گا۔

✿✿ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر صحیح ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے ان لفظوں کے ہمراہ نقل نہیں کیا تاہم امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسے اعز کی ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند کے حوالے سے نقل کیا ہے لیکن اس میں کچھ لفظوں کی تبدیلی ہے۔

204۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ الْفَقِيْهُ بِالرِّيِّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ الْاَزْرَقُ، حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ اَبِی الشَّعْثَاءِ، عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِیْ مُوْسٰى، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْكَبُ الْحِمَارَ، وَيَلْبَسُ الصُّوْفَ، وَيَعْتَقِلُ الشَّاةَ، وَيَاْتِیْ مُرَاعَاةَ الضَّيْفِ

✧✧ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گدھے پر سواری کرلیا کرتے تھے، اونی لباس پہن لیتے تھے، بکریوں کا دودھ (خود اپنے ہاتھ سے) دوھ لیا کرتے تھے اور مہمان کی عزت و توقیر کرتے تھے۔

205۔ حَدَّثَنَا اَبُو الطَّيِّبِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْحِيْرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُعَيْمٍ الْمَدَنِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ الْعَسْكَرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ اَبِی الشَّعْثَاءِ، عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِیْ مُوْسٰى، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْكَبُ الْحِمَارَ، وَيَلْبَسُ الصُّوْفَ، وَيَعْتَقِلُ الشَّاةَ، وَيَاْتِیْ مُرَاعَاةَ الضَّيْفِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَاِنَّمَا ذَكَرْتُهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَوَاضِعِ لِاَنَّ هٰذِهِ الْخِلَالَ مِنَ الْاِيْمَانِ وَلَهُ شَاهِدٌ يَنْفَرِدُ بِهِ زَبَّانُ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گدھے پر سواری کرلیا کرتے تھے، اونی لباس پہن لیتے تھے (خود اپنے ہاتھ سے) بکریوں کا دودھ دوھ لیا کرتے تھے اور مہمان کی عزت کیا کرتے تھے۔

✿✿ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ میں نے اس حدیث کو کتاب الایمان میں اس لئے ذکر کیا ہے کہ یہ عادات ایمان کی علامات میں سے ہیں۔ اس حدیث کی ایک شاہد حدیث ہے جس میں ''زبان بن فائد'' منفرد ہیں لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔

(شاہد حدیث درج ذیل ہے)

206۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ زَبَّانَ بْنِ فَائِدٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ الْجُهَنِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ تَرَكَ اللِّبَاسَ وَهُوَ قَادِرٌ عَلَيْهِ تَوَاضُعًا لِلّٰهِ دَعَاهُ اللّٰهُ عَلٰى رُؤُوسِ الْخَلَائِقِ، حَتّٰى يُخَيَّرَ فِيْ حُلَلِ الْاِيْمَانِ يَلْبَسُ اَيَّهَا يَشَاءُ

✧✧ حضرت سہل بن معاذ بن انس الجہنی رضی اللہ عنہ نے اپنے والد کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے: جس شخص نے اچھا لباس پہننے پر قادر ہونے کے باوجود صرف اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عاجزی کرتے ہوئے خوش لباسی ترک کی، اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس شخص کو تمام مخلوقات کے سامنے (عزت دے گا) اور اسے اس بات کا اختیار دیا جائے گا کہ ایمان کے حلوں میں سے جو چاہے پہن لے۔

207۔ أَخْبَرَنَا أَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغْدَادِيُّ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِسْحَاقَ الْقَاضِيْ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ بْنُ عَائِذٍ الطَّائِيُّ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ خَرَجَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ إِلَى الشَّامِ وَمَعَنَا أَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ فَأَتَوْا عَلٰى مَخَاضَةٍ وَعُمَرُ عَلٰى نَاقَةٍ لَهُ فَنَزَلَ عَنْهَا وَخَلَعَ خُفَّيْهِ فَوَضَعَهُمَا عَلٰى عَاتِقِهِ وَاَخَذَ بِزِمَامِ نَاقَتِهِ فَخَاضَ بِهَا الْمَخَاضَةَ فَقَالَ أَبُوْ عُبَيْدَةَ يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ أَنْتَ تَفْعَلُ هٰذَا تَخْلَعُ خُفَّيْكَ وَتَضَعُهُمَا عَلٰى عَاتِقِكَ وَتَأْخُذُ بِزِمَامِ نَاقَتِكَ وَتَخُوْضُ بِهَا الْمَخَاضَةَ مَا يَسُرُّنِيْ أَنَّ أَهْلَ الْبَلَدِ اسْتَشْرَفُوْكَ فَقَالَ عُمَرُ اَوَّهْ لَمْ يَقُلْ ذَا غَيْرُكَ أَبَا عُبَيْدَةَ جَعَلْتُهُ نَكَالًا لِأُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّا كُنَّا أَذَلَّ قَوْمٍ فَأَعَزَّنَا اللّٰهُ بِالْإِسْلَامِ فَمَهْمَا نَطْلُبُ الْعِزَّ بِغَيْرِ مَا أَعَزَّنَا اللّٰهُ بِهِ أَذَلَّنَا اللّٰهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ لِاحْتِجَاجِهِمَا جَمِيْعاً بِأَيُّوْبَ بْنِ عَائِذٍ الطَّائِيِّ وَسَائِرِ رُوَاتِهِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهُ شَاهِدٌ مِّنْ حَدِيْثِ الْأَعْمَشِ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ.

✧✧ طارق بن شہاب کہتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ شام کی طرف روانہ ہوئے، ان کے ساتھ (میں بھی تھا اور) ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ بھی تھے (چلتے چلتے) ایک جھیل پر پہنچے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنی اونٹنی پر سوار تھے۔ آپ اس سے نیچے اترے، اپنے جوتے اتار کر کندھوں پر رکھ لئے اور اونٹنی کی لگام پکڑ کر (پیدل چلتے ہوئے) جھیل میں داخل ہو گئے۔ اس پر حضرت

حدیث 206:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2481 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 15669 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 1484 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 386 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 387 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه' مدينه منوره 1413ھ/1992ء' رقم الحديث: 567

ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ نے کہا: اے امیر المومنین (آپ نے یہ کیا کیا؟) جوتے اتار کر کندھوں پر رکھ لئے ہیں اور اونٹنی کی لگام پکڑ کر پیدل چل رہے ہیں؟ میرا دل یہ چاہتا ہے کہ شہر کے لوگ آپ کی (آپ کے حسب مرتبہ) عزت کریں۔ آپ نے فرمایا: اے ابوعبیدہ! یہ بات تیرے سوا کسی اور نے نہیں کہی۔ میں امت محمدیہ کے لئے اس کو ایک مثال بنانا چاہتا ہوں۔ ہم ذلیل ورسوا لوگ تھے، اللہ تعالیٰ نے اسلام کی بدولت ہمیں عزت بخشی۔ اب اگر ہم اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے مقام عزت کو چھوڑ کر کسی دوسری جگہ عزت ڈھونڈیں گے تو اللہ ہمیں ذلیل کرے گا۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے کیونکہ دونوں نے ایوب بن عائذ اور اس حدیث کی سند کے باقی تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں۔ لیکن اس کے باوجود انہوں نے یہ مذکورہ حدیث نقل نہیں کی۔ اس کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو اعمش نے قیس بن مسلم کے حوالے سے روایت کی ہے۔ (وہ روایت درج ذیل ہے)

208۔ حَدَّثَنَا عَلِي بْنُ حَمْشَادَ الْعَدْلُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى السَّكَرِيُّ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ عُمَرُ الشَّامَ لَقِيَهُ الْجُنُوْدُ وَعَلَيْهِ إِزَارٌ وَخُفَّانِ وَعِمَامَةٌ وَهُوَ اٰخِذٌ بِرَأْسِ بَعِيْرِهٖ يَخُوْضُ الْمَاءَ فَقَالَ لَهُ يَعْنِيْ قَائِلٌ يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ تَلْقَاكَ الْجُنُوْدُ وَبَطَارِقَةُ الشَّامِ وَأَنْتَ عَلٰى حَالِكَ هٰذَا فَقَالَ عُمَرُ إِنَّا قَوْمٌ اَعَزَّنَا اللّٰهُ بِالْإِسْلَامِ فَلَنْ نَبْتَغِيَ الْعِزَّ بِغَيْرِهٖ.

✧✧ طارق بن شہاب روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ملک شام پہنچے اور وہاں کی افواج کے سربراہوں سے ملاقات کی، اس وقت آپ موزے، عمامہ پہنے ہوئے تھے اور ایک چادر اوڑھی ہوئی تھی۔ اپنی اونٹنی کی مہار پکڑے جھیل سے گزر رہے تھے، کسی نے آپ سے عرض کی: حضور! آپ شام کی افواج کے جرنیلوں سے ملاقات کر رہے ہیں اور اس حالت میں ملاقات کرنا آپ کی عزت وشان کے مطابق نہیں ہے، اس پر حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ہمیں اسلام کی بدولت عزت عطا فرمائی ہے، اس لئے ہم اسے چھوڑ کر کسی دوسرے ذریعہ سے عزت نہیں پا سکتے۔

209۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ نَجِيْحٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، وَيَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيْرَنَا وَيَعْرِفْ حَقَّ كَبِيْرِنَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ فَقَدِ احْتَجَّ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ الْيَحْصِبِيِّ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَشَاهِدُهُ الْحَدِيْثُ الْمَعْرُوْفُ مِنْ حَدِيْثِ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، وَغَيْرِهٖ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهٖ وَفِيْ حَدِيْثِ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَّيَاْمُرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰى عَنِ الْمُنْكَرِ وَاِنَّمَا تَرَكْتُهُ لِاَنَّ رَاوِيَةَ لَيْثِ بْنِ اَبِيْ سُلَيْمٍ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص بچوں پر رحم نہیں کرتا اور بڑوں کا حق نہیں پہچانتا وہ ہمارے طریقہ پر نہیں ہے۔

یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ''عبداللہ بن عامر الیحصبی'' کی روایات نقل کی ہیں۔

اس کی ایک شاہد حدیث معروف ہے جس کی سند محمد بن اسحاق اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم کے ذریعے عمرو بن شعیب پھر ان کے والد سے ہوتی ہوئی ان کے دادا تک پہنچتی ہے اور ایک روایت عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے بھی نقل کی ہے، اس حدیث میں ''یامر بالمعروف وینھی عن المنکر'' کے الفاظ بھی موجود ہیں (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) میں نے اس حدیث کو اس لئے ترک کیا ہے کہ اس میں ''لیث بن ابی سلیم'' موجود ہیں۔

210۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ حَمْزَةُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْعَقَبِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَرِيْمِ بْنُ هُشَيْمٍ، حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَيَّارٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، اَنْبَاَنَا خَالِدُ بْنُ مِهْرَانَ الْحَذَّاءُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْبَرَكَةُ مَعَ اَكَابِرِكُمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

حدیث 209:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4943 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 1920 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 6733 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 6935 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 7073 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 22807 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 458 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 3476 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 4241 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 8154 اخرجه ابوبکر الحمیدی فی "مسنده" طبع دارالکتب العلمیه مکتبه المتنبی بیروت قاهره رقم الحدیث: 586 اخرجه ابوعبدالله البخاری فی "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلامیه بیروت لبنان 1409ھ/1989ء رقم الحدیث: 353 اخرجه ابوعبدالله البخاری فی "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلامیه بیروت لبنان 1409ھ/1989ء رقم الحدیث: 354 اخرجه ابوعبدالله البخاری فی "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلامیه بیروت لبنان 1409ھ/1989ء رقم الحدیث: 356 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 586 اخرجه ابن ابی اسامه فی "مسند الحارث" طبع مرکز خدمة السنة والسیرة النبویه مدینه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحدیث: 798

حدیث 210:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 559 اخرجه ابوعبدالله القضاعی فی "مسنده" طبع موسسة الرسالة بیروت لبنان 1407ھ/1986ء رقم الحدیث: 36

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: برکت تمہارے اکابرین کے ساتھ ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

211۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، وَثنا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، اَنْبَانَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، قَالَا: حَدَّثَنَا يَحْيٰى يَعْنِيَانِ ابْنَ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّيْ اُحَرِّجُ عَلَيْكُمْ حَقَّ الضَّعِيفَيْنِ الْيَتِيمِ وَالْمَرْاَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں دو کمزور صنفوں کی حق تلفی تم پر حرام کرتا ہوں۔(۱) یتیم (۲) عورت۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

212۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَانَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ مَزْيَدٍ الْبَيْرُوْتِيُّ، اَخْبَرَنِيْ اَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ الْاَوْزَاعِيَّ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنِيْ اَبُوْ كَثِيْرٍ الزُّبَيْدِيُّ، عَنْ اَبِيْهِ، وَكَانَ يُجَالِسُ اَبَا ذَرٍّ، قَالَ: فَجَمَعَ حَدِيْثًا فَلَقِيَ اَبَا ذَرٍّ وَّهُوَ عِنْدَ الْجَمْرَةِ الْوُسْطٰى وَحَوْلَهُ النَّاسُ، قَالَ: فَجَلَسْتُ اِلَيْهِ حَتّٰى مَسَّتْ رُكْبَتِيْ رُكْبَتَهُ، فَنَسِيْتُ ذٰلِكَ الْحَدِيْثَ وَتَفَلَّتَ مِنِّيْ كُلُّ شَيْءٍ اَرَدْتُّ اَنْ اَسْاَلَهُ عَنْهُ، فَرَفَعْتُ رَاْسِيْ اِلَى السَّمَآءِ فَجَعَلْتُ اَتَذَكَّرُ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا ذَرٍّ، دُلَّنِيْ عَلٰى عَمَلٍ اِذَا عَمِلَ بِهِ الْعَبْدُ دَخَلَ الْجَنَّةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ مَعَ الْاِيْمَانِ عَمَلًا ؟ قَالَ: يَرْضَخُ مِمَّا رَزَقَهُ اللّٰهُ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَاِنْ كَانَ مُعْدَمًا لَا شَيْءَ لَهُ ؟ قَالَ: يَقُوْلُ مَعْرُوْفًا بِلِسَانِهِ، قُلْتُ: فَاِنْ كَانَ عَيِيًّا لَا يَبْلُغُ عَنْهُ لِسَانُهُ ؟ قَالَ: فَلْيُعِنْ مَغْلُوْبًا، قُلْتُ: فَاِنْ كَانَ ضَعِيفًا لَا قُوَّةَ لَهُ ؟ قَالَ: فَلْيَصْنَعْ لِاَخْرَقَ، قُلْتُ: فَاِنْ كَانَ اَخْرَقَ ؟ فَالْتَفَتَ اِلَيَّ، فَقَالَ: مَا تُرِيْدُ اَنْ تَدَعَ فِيْ صَاحِبِكَ خَيْرًا ؟ قَالَ: يَدَعُ النَّاسَ مِنْ اَذَاهُ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ هٰذَا لَيَسِيْرٌ كُلُّهُ، قَالَ: وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ مَا مِنْهُنَّ خَصْلَةٌ يَعْمَلُ بِهَا عَبْدٌ يَبْتَغِيْ بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ اِلَّا اَخَذَتْ

حدیث 211:

اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3678 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 9664 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 5565 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبری" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 9149

حدیث 212:

اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 1650

بِيَدِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَلَمْ تُفَارِقْهُ حَتّٰى يَدْخُلَ الْجَنَّةَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ فَقَدِ احْتَجَّ فِيْ كِتَابِهِ بِاَبِيْ كَثِيْرٍ الزُّبَيْدِيِّ وَاسْمُهُ يَزِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اُذَيْنَةَ وَهُوَ تَابِعِيٌّ مَّعْرُوْفٌ، يُقَالُ لَهُ: اَبُوْ كَثِيْرٍ الْاَعْمَى، وَهٰذَا الْحَدِيْثُ لَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ ابوکثیر الزبیدی کے والد، حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی مجلس میں بیٹھا کرتے تھے اور احادیث جمع کیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ وہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے ملاقات کے لئے گئے تو وہ ''جمرہ وسطیٰ'' کے پاس تشریف فرما تھے اور ان کے اردگرد بہت سارے لوگ جمع تھے (ابوکثیر الزبیدی کے والد) کہتے ہیں: میں اس مجلس میں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے اتنے قریب جا کر بیٹھا کہ میرے گھٹنے ان کے گھٹنوں سے لگ رہے تھے (ان کے پاس بیٹھتے ہی میں جو کچھ سوچ کر آیا تھا سب کچھ بھول گیا اور) کچھ یاد نہ رہا کہ میں کیا سوال کرنا چاہتا تھا، میں آسمان کی طرف چہرہ کر کے سوچنے لگا (جب مجھے یاد آ گیا) تو میں نے کہا: اے ابوذر! آپ مجھے کوئی عمل ایسا بتا دیں جس پر عمل کر کے میں جنت میں چلا جاؤں، انہوں نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ''اللہ تعالیٰ پر ایمان لاؤ''۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا ایمان کے ساتھ کوئی عمل بھی ضروری ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ تعالیٰ نے دیا ہے، اس میں سے خرچ کرو۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر کوئی شخص اتنا محتاج ہو کہ اس کے پاس کچھ بھی نہ ہو (وہ کیا کرے؟) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ زبان سے اچھی بات کرے، میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر وہ زبان سے کچھ نہ بول سکے (وہ کیا کرے؟) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ کسی مظلوم کی مدد کر دے۔ میں نے عرض کی: اگر وہ خود کمزور و ناتواں ہو، کسی کی مدد نہ کر سکتا ہو (وہ کیا کرے؟) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی کسب سے عاجز آدمی کے لئے کسب کرے، میں نے عرض کی: اگر وہ خود کسب سے عاجز ہو (وہ کیا کرے؟) اس پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میری طرف متوجہ ہو کر فرمانے لگے: تو اپنے ساتھیوں کے لئے کوئی بھلائی نہیں چھوڑنا چاہتا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگ اس عمل کو چھوڑ دیتے ہیں جو ان کو تکلیف دیتا ہے۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے سوالات کا مقصد بھی یہی ہے کہ لوگوں کے لئے آسانی ہو جائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، ان مذکورہ خصلتوں میں سے کسی پر بھی بندہ محض رضائے الٰہی کی خاطر عمل کرے تو قیامت کے دن یہ خصلتیں اس وقت تک اس کا ہاتھ نہیں چھوڑیں گی جب تک وہ جنت میں داخل نہ ہو جائے۔

213۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبِ بْنِ حَارِثٍ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ مَّالِكِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ مُّصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ الْاَعْمَشُ وَلَا اَعْلَمُهُ اِلَّا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَلتُّؤَدَةُ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ خَيْرٌ اِلَّا فِيْ عَمَلِ الْاٰخِرَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت اعمش بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اعمالِ آخرت کے سوا ہر کام میں سوچ بچار کرنا اچھا ہے۔

حدیث: 213

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4810 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 792

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

214۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا بَكَّارُ بْنُ قُتَيْبَةَ الْقَاضِيْ بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيْسَى الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ ذُبَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ اٰدَمَ وَنَفَخَ فِيْهِ الرُّوْحَ عَطَسَ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ بِاِذْنِ اللّٰهِ، فَقَالَ لَهُ رَبُّهُ: رَحِمَكَ اللّٰهُ رَبُّكَ يَا اٰدَمُ، وَقَالَ لَهُ: يَا اٰدَمُ، اذْهَبْ اِلٰى اُولٰئِكَ الْمَلَائِكَةِ اِلٰى مَلَاٍ مِّنْهُمْ جُلُوْسٍ، فَقُلِ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَذَهَبَ، فَقَالُوْا: وَعَلَيْكَ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، ثُمَّ رَجَعَ اِلٰى رَبِّهِ، فَقَالَ: هٰذِهِ تَحِيَّتُكَ وَتَحِيَّةُ بَنِيكَ وَبَنِيهِمْ، فَقَالَ اللّٰهُ لَهُ وَيَدَاهُ مَقْبُوْضَتَانِ: اخْتَرْ اَيَّهُمَا شِئْتَ، فَقَالَ: اخْتَرْتُ يَمِيْنَ رَبِّيْ وَكِلْتَا يَدَيْ رَبِّيْ يَمِيْنٌ مُّبَارَكَةٌ، ثُمَّ بَسَطَهَا، فَاِذَا فِيْهَا اٰدَمُ وَذُرِّيَّتُهُ، فَقَالَ: اَيْ رَبِّ مَا هٰؤُلَاءِ؟ قَالَ: ذُرِّيَّتُكَ، فَاِذَا كُلُّ اِنْسَانٍ مَكْتُوْبٌ عُمْرُهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، وَاِذَا فِيْهِمْ رَجُلٌ اَضْوَؤُهُمْ، اَوْ قَالَ: مِنْ اَضْوَئِهِمْ لَمْ يُكْتَبْ لَهُ اِلَّا اَرْبَعِيْنَ سَنَةً، قَالَ: يَا رَبِّ زِدْ فِيْ عُمْرِهِ، قَالَ: ذَاكَ الَّذِيْ كُتِبَ لَهُ، قَالَ: فَاِنِّيْ قَدْ جَعَلْتُ لَهُ مِنْ عُمْرِيْ سِتِّيْنَ سَنَةً، قَالَ: اَنْتَ وَذَاكَ، قَالَ: ثُمَّ اُسْكِنَ الْجَنَّةَ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ اُهْبِطَ مِنْهَا اٰدَمُ يَعُدُّ لِنَفْسِهِ، فَاَتَاهُ مَلَكُ الْمَوْتِ، فَقَالَ لَهُ اٰدَمُ: قَدْ عَجِلْتَ قَدْ كُتِبَ لِيْ اَلْفُ سَنَةٍ، قَالَ: بَلٰى، وَلٰكِنَّكَ جَعَلْتَ لِابْنِكَ دَاوٗدَ مِنْهَا سِتِّيْنَ سَنَةً، فَجَحَدَ فَجَحَدَتْ ذُرِّيَّتُهُ، وَنَسِيَ فَنَسِيَتْ ذُرِّيَّتُهُ، فَيَوْمَئِذٍ اُمِرْنَا بِالْكِتَابِ وَالشُّهُوْدِ،

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ فَقَدِ احْتَجَّ بِالْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ ذُبَابٍ، وَقَدْ رَوَاهُ عَنْهُ غَيْرُ صَفْوَانَ، وَاِنَّمَا خَرَّجْتُهُ مِنْ حَدِيْثِ صَفْوَانَ لِاَنِّيْ عَلَوْتُ فِيْهِ وَلَهُ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ،

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا اور ان میں روح ڈالی تو ان کو چھینک آئی (چھینک آنے پر) آپ نے کہا: الحمدللہ۔ اللہ کے حکم واذن سے۔ انہوں نے اللہ کی حمد بیان کی۔ اس کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے آدم علیہ السلام! تمہارا رب تم پر رحم کرے۔ پھر آدم علیہ السلام نے فرمایا: فرشتوں کی وہ جماعت جو بیٹھی ہوئی ہے ان کے پاس جاؤ اور کہو: السلام علیکم! آدم علیہ السلام نے ان کے پاس جا کر اسی طرح کہا۔ تو انہوں نے جواباً کہا: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ پھر آدم علیہ السلام لوٹ کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں آ گئے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یہ تمہارا، تمہاری اولادوں اور ان کی اولادوں کا سلام ہے۔ اللہ تعالیٰ نے دونوں ہاتھوں کو سمیٹ کر فرمایا: ان میں سے جو ہاتھ چاہو پسند کرلو۔ آدم علیہ السلام نے عرض کی: میں اپنے رب کا دایاں ہاتھ اختیار کرتا ہوں حالانکہ اللہ تعالیٰ کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں اور دونوں میں برکت ہے پھر اللہ تعالیٰ نے اپنا ہاتھ کھول دیا، اس میں آدم علیہ السلام اور ان کی تمام اولاد موجود تھی۔ یہ دیکھ کر آدم علیہ

حدیث: 214

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث: 3368 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 6164 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 10046

السلام نے دریافت کیا: یااللہ! یہ کون ہیں؟ فرمایا: تیری اولاد ہے۔ان میں سے ہر ایک کے ماتھے پر اس کی عمر لکھی ہوئی تھی۔ان میں ایک شخص انتہائی روشن چہرے والا تھا، اس کی عمر صرف ۶۰ سال لکھی گئی تھی۔آدم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کی: یااللہ! اس کی عمر میں اضافہ فرما دے۔اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اس کی عمر تو وہی ہے جو لکھ دی گئی ہے۔آدم علیہ السلام نے عرض کی: یااللہ میری عمر میں سے ساٹھ سال اس کو دے دے۔اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جیسے آپ کی مرضی (حضور ﷺ نے) فرمایا: پھر وہ جنت میں رہے جتنی دیر اللہ تعالیٰ نے انہیں وہاں رکھا۔پھر آدم علیہ السلام کو جنت سے اتارا گیا اور اپنی عمر گزارنے لگے، پھر ایک مرتبہ ملک الموت ان کے پاس آئے، آدم علیہ السلام نے کہا: آپ جلدی آ گئے ہیں (ابھی تو میری عمر باقی ہے کیونکہ) اللہ تعالیٰ نے میری عمر ہزار سال لکھی ہے۔ملک الموت نے کہا: کیوں نہیں (آپ کی عمر تو ہزار سال ہی لکھی گئی تھی) لیکن آپ نے اپنی عمر سے ۶۰ سال اپنے بیٹے داؤد کو دے دیئے ہیں۔اس پر آدم علیہ السلام نہ مانے، اسی طرح ان کی اولاد بھی نہیں مانتی۔وہ اپنا وعدہ بھول گئے، ان کی اولاد بھی وعدے بھول جاتی ہے۔اس دن سے ہمیں لکھنے اور گواہ قائم کرنے کا حکم دے دیا گیا۔

307- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، وَعَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، قَالَا: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَاَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عُمَرَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُوْشِكُ النَّاسُ اَنْ يَّضْرِبُوْا اَكْبَادَ الْاِبِلِ فَلَا يَجِدُوْنَ عَالِمًا اَعْلَمَ مِنْ عَالِمِ الْمَدِيْنَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ كَانَ ابْنُ عُيَيْنَةَ رُبَّمَا يَجْعَلُهُ رِوَايَةً

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک وقت آئے گا کہ لوگ حصول علم کی خاطر لمبے لمبے سفر کریں گے لیکن مدینہ کے ایک عالم سے بڑا ان کو کہیں کوئی عالم نہیں ملے گا۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور ابن عیینہ سے درج ذیل روایت بھی منقول ہے۔

حدیث: 307

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث: 2680 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 7967 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 3736 اخرجه ابوبكر الحميدى فى "مسنده" طبع دارالكتب العلميه مكتبه المتنبى بيروت قاهره رقم الحديث: 1147 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1991ء رقم الحديث: 4291

308- كَمَا حَدَّثَنَاهُ أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَرَاحِي بِمَرْوَ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى الْحَافِظُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَيْمُوْنٍ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رِوَايَةً قَالَ يُوشِكُ النَّاسُ أَن يَّضْرِبُوْا أَكْبَادَ الْإِبِلِ الْحَدِيثَ وَلَيْسَ هٰذَا مِمَّا يُوْهِنُ الْحَدِيْثُ فَإِنَّ الْحُمَيْدِيَّ هُوَ الْحَكَمُ فِي حَدِيثِهِ لِمَعْرِفَتِهِ بِهِ وَكَثْرَةِ مُلَازَمَتِهِ لَهُ وَقَدْ كَانَ بْنُ عُيَيْنَةَ يَقُوْلُ نَرٰى هٰذَا الْعَالِمَ مَالِكَ بْنَ أَنَسٍ.

❖❖ اور اس طرح کی سند سے حدیث کی صحت پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔ اس لئے کہ ''حمیدی'' علوم حدیث کے متبحر عالم تھے اور زندگی بھر اسی علم سے منسلک رہے اور ابن عیینہ کہا کرتے تھے: ہم وہ عالم حضرت مالک بن انس رضی اللہ عنہ کو سمجھتے ہیں۔

309- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَانَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا اَبُوْ صَخْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ جَآءَ مَسْجِدَنَا هٰذَا يَتَعَلَّمُ خَيْرًا، اَوْ يُعَلِّمُهُ فَهُوَ كَالْمُجَاهِدِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَمَنْ جَآءَ بِغَيْرِ هٰذَا كَانَ كَالرَّجُلِ يَرٰى الشَّيْءَ يُعْجِبُهُ وَلَيْسَ لَهُ وَرُبَّمَا، قَالَ: يَرَى الْمُصَلِّيْنَ وَلَيْسَ مِنْهُمْ، وَيَرَى الذَّاكِرِيْنَ وَلَيْسَ مِنْهُمْ "

❖❖ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص ہماری مسجد میں علم سیکھنے یا سکھانے کے لئے آیا وہ مجاہد فی سبیل اللہ کی طرح ہے اور جو اس کام کے علاوہ کسی دوسری غرض سے مسجد میں آیا وہ ایسے ہی ہے جیسے کوئی شخص کسی چیز کو دیکھے وہ اس کو بہت اچھی لگے لیکن وہ چیز اس کی نہ ہو (بعض مرتبہ روایت کرتے ہوئے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ یوں کہتے تھے) وہ ایسا ہے کہ نمازیوں کو نماز پڑھتے صرف دیکھتا ہے خود نمازی نہیں ہے اور ذکر کرنے والوں کو صرف دیکھتا ہے خود ذاکرین میں شامل نہیں ہے۔

310- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ الْخُزَاعِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ يَحْيٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِيْ مَسَرَّةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ صَخْرٍ، اَنَّ سَعِيْدَ الْمَقْبُرِيَّ، اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: اِنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: مَنْ دَخَلَ مَسْجِدَنَا هٰذَا لِيَتَعَلَّمَ خَيْرًا اَوْ يُعَلِّمَهُ كَانَ كَالْمُجَاهِدِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَمَنْ دَخَلَهُ بِغَيْرِ ذٰلِكَ كَانَ كَالنَّاظِرِ اِلٰى مَا لَيْسَ لَهُ

حدیث 309:

اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 227 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 8587 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 87 اخرجه ابويعلى الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 6472 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 5911 اخرجه ابوبكر الكوفی فی "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحديث: 7517

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، فَقَدِ احْتَجَّا بِجَمِيْعِ رُوَاتِهٖ ثُمَّ لَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَا اَعْلَمُ لَهٗ عِلَّةً بَلْ لَهٗ شَاهِدٌ ثَالِثٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا جَمِيْعًا

✧✧ چند الفاظ کے تغیر کے ساتھ یہ حدیث ابن وہب کے طریق سے بھی مروی ہے۔

✤✤ یہ حدیث شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار پر ہے کیونکہ دونوں نے اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں لیکن اس حدیث کو چھوڑ دیا ہے۔ مجھے اس حدیث میں کوئی علت نہیں مل سکی بلکہ اس کی ایک تیسری شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ دونوں کے معیار پر ہے

(شاہد حدیث درج ذیل ہے)

311۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ تَمِيْمٍ الْقَنْطَرِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قِلَابَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ غَدَا اِلَى الْمَسْجِدِ لَا يُرِيْدُ اِلَّا لِيَتَعَلَّمَ خَيْرًا، اَوْ يَعْلَمَهٗ كَانَ لَهٗ اَجْرُ مُعْتَمِرٍ تَامِّ الْعُمْرَةِ، فَمَنْ رَاحَ اِلَى الْمَسْجِدِ لَا يُرِيْدُ اِلَّا لِيَتَعَلَّمَ خَيْرًا، اَوْ يُعَلِّمَهٗ فَلَهٗ اَجْرُ حَاجٍّ تَامِّ الْحِجَّةِ قَدِ احْتَجَّ الْبُخَارِيُّ بِثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ فِي الْاُصُوْلِ وَخَرَّجَهٗ مُسْلِمٌ فِي الشَّوَاهِدِ، فَاَمَّا ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ الدِّيْلِيُّ فَاِنَّهٗ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

✧✧ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص مسجد میں صبح کے وقت بھلائی سیکھنے یا سکھانے کے لئے آیا اس کے لئے ایک مقبول عمرہ کا ثواب ہے اور جو شخص بھلائی سیکھتے یا سکھاتے مسجد میں شام کر دے اس کے لئے ایک مقبول حج کا ثواب ہے۔

✤✤ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ''اصول'' میں ثور بن یزید کی روایات نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو شواہد میں ذکر کیا ہے اور ''ثور بن یزید الدیلی'' کی روایات امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے نقل کی ہیں۔

312۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، فِيْ مُسْنَدِ اَنَسٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَنْصُوْرٍ الْهَرَوِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ نَصْرٍ الْمُقْرِءُ النَّيْسَابُوْرِيُّ، وَاَخْبَرَنِيْ اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْاِمَامُ، حَدَّثَنِيْ اَحْمَدُ بْنُ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا شُرَيْحُ بْنُ النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْهُوْمَانِ لَا يَشْبَعَانِ: مَنْهُوْمٌ فِيْ عِلْمٍ لَا يَشْبَعُ، وَمَنْهُوْمٌ فِيْ دُنْيَا لَا يَشْبَعُ،

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَمْ اَجِدْ لَهٗ عِلَّةً.

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دو حریص کبھی سیر نہیں ہوتے (۱) علم کا حریص

حدیث 312:

اخرجه ابو محمد الدارمی فی "سننه" طبع دار الكتاب العربی بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 331 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 10388 اخرجه ابوعبدالله القضاعی فی "مسنده" طبع موسسة الرسالة بيروت لبنان 1407ھ/ 1986ء رقم الحديث: 322

(۲) دنیا کا حریص۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور مجھے اس حدیث میں کوئی علت نہیں مل سکی۔

313- حَدَّثَنَا أبُو عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ السِّمَاكِ حَدَّثَنَا أَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أبِي دَاوُدَ الْمُنَادِي حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ قَالَ جَآءَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ إِلٰى كَعْبٍ يَسْأَلُ عَنْهُ وَكَعْبٌ فِي الْقَوْمِ فَقَالَ كَعْبٌ مَا تُرِيْدُ مِنْهُ فَقَالَ أَمَا إِنِّيْ لَا أَعْرِفُ أَحَداً مِّنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكُوْنُ أَحْفَظُ لِحَدِيْثِهِ مِنِّي فَقَالَ كَعْبٌ أَمَا إِنَّكَ لَمْ تَجِدْ أَحَداً يَطْلُبُ شَيْئاً أَلَّا يَشْبَعُ مِنْهُ يَوْماً مِنَ الدَّهْرِ إِلَّا طَالِبُ عِلْمٍ وَطَالِبُ دُنْيَا فَقَالَ أَنْتَ كَعْبٌ فَإِنِّي لِمِثْلِ هٰذا جِئْتُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَقَوْلُ الصَّحَابِي إِنِّي لَحَدِيْثُ رَسُوْلِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحْفَظُ مِنْ غَيْرِيْ يُخَرَّجُ فِي مَسَانِيْدِهٖ

❖❖ حضرت عبداللہ بن شقیق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ حضرت کعب رضی اللہ عنہ کے پاس کچھ پوچھنے کے لئے آئے (اس وقت حضرت کعب رضی اللہ عنہ لوگوں میں بیٹھے ہوئے تھے) حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے کہا: (اے ابوہریرہ) تم کیا پوچھنا چاہ رہے ہو؟ انہوں نے کہا: میری نظر میں ایسا کوئی شخص نہیں ہے جس کو مجھ سے زیادہ حدیثیں یاد ہوں۔ اس پر حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: تم کسی بھی حریص شخص کو دیکھ لو، وہ ایک نہ ایک دن سیر ہو جائے گا، سوائے دنیا اور علم کے طلبگار کے (کہ یہ دونوں کبھی سیر نہیں ہوتے)

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ اور صحابی کا یہ قول "میں رسول پاک کی سب سے زیادہ حدیثوں کا حافظ ہوں) مسانید میں منقول ہے۔

314- حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ الْعَامِرِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ الْقَطَوَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ حَبِيْبٍ الزَّيَّاتُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مُّصْعَبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَضْلُ الْعِلْمِ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ فَضْلِ الْعِبَادَةِ، وَخَيْرُ دِيْنِكُمُ الْوَرَعُ

❖❖ حضرت مصعب بن سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: میرے نزدیک عبادت کی فضیلت سے زیادہ پسندیدہ علم کی فضیلت ہے اور دین کا بہترین عمل "پرہیزگاری" ہے۔

315- وَحَدَّثَنِيْ أَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ إِسْحَاقَ السِّرَاجُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُّصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، فَذَكَرَهُ بِنَحْوِهٖ، وَلَمْ يَذْكُرِ الْحَكَمَ،

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَالْحَكَمُ هٰذَا وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ ثِقَةٌ، وَقَدْ اَقَامَ الْاِسْنَادَ وَقَدْ اَبْهَمَهُ بَكْرُ بْنُ بَكَّارٍ،

✧✧ اس حدیث کی سند میں اعمش کے بعد ''حکم'' کا ذکر نہیں ہے۔

✣•✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اس کی سند میں ''حکم'' اور حسن بن علی بن عفان ثقہ ہیں۔ انہوں نے حکم کا نام ذکر کیا ہے جبکہ بکر بن بکار نے اس کو مبہم رکھا ہے۔

(ان کی ابہام والی سند درج ذیل ہے)

316۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَلِيِّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدَانَ، وَاَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، قَالَا: حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا حَمْزَةُ الزَّيَّاتُ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ رَّجُلٍ، عَنْ مُّصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ نَحْوَهُ، ثُمَّ نَظَرْنَا فَوَجَدْنَا خَالِدَ بْنَ مَخْلَدٍ اَثْبَتَ وَاَحْفَظَ وَاَوْثَقَ مِنْ بَكْرِ بْنِ بَكَّارٍ فَحَكَمْنَا لَهُ بِالزِّيَادَةِ وَقَدْ رَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوْسِ، عَنِ الْاَعْمَشِ بِاِسْنَادٍ اٰخَرَ

✧✧ اس حدیث میں اعمش کے بعد ''رجل'' کے الفاظ ہیں (وہ شخص کون تھا اس کی وضاحت نہیں ہے)

✣•✣ بعد از تحقیق یہ ثابت ہوا کہ خالد بن مخلد، بکر بن بکار سے زیادہ حافظ اور زیادہ ثقہ تھے، اس لئے ہم نے ان کی زیادتی کو قبول کر لیا ہے۔ اسی روایت کو عبداللہ بن عبدالقدوس نے اعمش سے ایک دوسری سند کے ساتھ ذکر کیا ہے

(ان کی روایت درج ذیل ہے)

317۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَلِيِّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ خَلَفٍ الدُّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوْسِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ مُّطَرِّفِ بْنِ الشِّخِّيْرِ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَضْلُ الْعِلْمِ خَيْرٌ مِّنْ فَضْلِ الْعِبَادَةِ، وَخَيْرُ دِيْنِكُمُ الْوَرَعُ "

✧✧ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علم کی فضیلت، عبادت کی فضیلت سے زیادہ اچھی ہے اور دین کا بہترین عمل ''پرہیز گاری'' ہے۔

318۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ، وَاَخْبَرَنِيْ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَدِّيْ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ الدِّيْلِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ النَّاسَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَقَالَ: قَدْ يَئِسَ الشَّيْطَانُ بِاَنْ يُّعْبَدَ بِاَرْضِكُمْ وَلٰكِنَّهُ رَضِيَ اَنْ يُّطَاعَ فِيْمَا سِوٰى ذٰلِكَ مِمَّا تُحَاقِرُوْنَ مِنْ اَعْمَالِكُمْ، فَاحْذَرُوْا يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ قَدْ تَرَكْتُ فِيْكُمْ مَا اِنِ اعْتَصَمْتُمْ بِهٖ فَلَنْ تَضِلُّوْا اَبَدًا كِتَابَ اللّٰهِ وَسُنَّةَ نَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِنَّ كُلَّ مُسْلِمٍ اَخُو الْمُسْلِمِ، الْمُسْلِمُوْنَ اِخْوَةٌ، وَلَا يَحِلُّ لِامْرِءٍ مِّنْ مَّالِ

حِبهٖ اِلَّا مَا اَعْطَاهُ عَنْ طِيبِ نَفْسٍ، وَلَا تَظْلِمُوا، وَلَا تَرْجِعُوا مِنْ بَعْدِي كُفَّارًا يَّضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ
وَقَدِ احْتَجَّ الْبُخَارِيُّ بِاَحَادِيْثِ عِكْرِمَةَ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمٌ بِاَبِي اُوَيْسٍ، وَسَائِرُ رُوَاتِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِمْ، وَهٰذَا الْحَدِيْثُ
لِخُطْبَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَّفَقٌ عَلٰى اِخْرَاجِهٖ فِي الصَّحِيحِ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّي قَدْ تَرَكْتُ فِيكُمْ مَا لَنْ
تَضِلُّوا بَعْدَهُ اِنِ اعْتَصَمْتُمْ بِهٖ كِتَابَ اللّٰهِ، وَاَنْتُمْ مَسْئُولُونَ عَنِّي فَمَا اَنْتُمْ قَائِلُونَ ؟ وَذِكْرُ الاعْتِصَامِ بِالسُّنَّةِ فِي
هٰذِهِ الْخُطْبَةِ غَرِيبٌ وَّيَحْتَاجُ اِلَيْهَا وَقَدْ وَجَدْتُّ لَهٗ شَاهِدًا مِّنْ حَدِيْثِ اَبِي هُرَيْرَةَ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: شیطان اس بات سے مایوس ہو چکا ہے کہ روئے زمین پر کبھی اس کی پوجا کی جائے گی لیکن وہ اس بات سے ابھی بھی پرامید ہے کہ وہ تمہیں ان اعمال میں مبتلا کر دے گا جو تمہاری نظر میں بالکل حقیر ہیں (لیکن حقیقت میں وہ بہت مہلک اعمال ہیں) اس لئے اے لوگو! ہوشیار رہنا، میں تمہارے اندر ایسی چیز چھوڑ کر جا رہا ہوں کہ اگر تم اس پر سختی سے عمل پیرا رہو گے تو کبھی گمراہ نہیں ہو گے۔ (۱) کتاب اللہ (۲) تمہارے نبی کی سنت۔ مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے، تمام مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں، کسی شخص کو یہ جائز نہیں کہ وہ اپنے کسی مسلمان بھائی کا مال کھائے۔ ہاں اگر کوئی اپنی خوشی سے تحفہ دے تو جائز ہے۔ تم ظلم مت کرنا اور میرے بعد کافر مت ہو جانا تا کہ کہیں ایک دوسرے کی گردنیں نہ مارتے پھرو۔

✤✤ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے عکرمہ کی احادیث نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابواویس کی روایات نقل کی ہیں، ان کے علاوہ اس حدیث کی سند کے تمام راوی متفق علیہ ہیں اور یہ درج ذیل حدیث نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خطبہ کے متعلق ہے اس کو دونوں بزرگوں نے اپنی صحیح میں ذکر کیا ہے (حدیث یہ ہے) اے لوگو! میں تمہارے اندر ایسی چیز چھوڑ کر جا رہا ہوں اگر اس کو مضبوطی سے تھام لو گے تو کبھی گمراہ نہیں ہو گے۔ وہ ہے کتاب اللہ۔ اور تم سے میرے بارے میں سوال کیا جائے گا تو تم کیا جواب دو گے۔ اس خطبہ میں "اعتصام بالسنتہ" کا ذکر غریب ہے۔ اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

319۔ اَخْبَرَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى بْنِ السَّكَنِ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مُوسَى الطَّلْحِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي قَدْ تَرَكْتُ فِيكُمْ شَيْئَيْنِ لَنْ تَضِلُّوا بَعْدَهُمَا: كِتَابَ اللّٰهِ وَسُنَّتِي، وَلَنْ يَّتَفَرَّقَا حَتّٰى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہارے درمیان دو چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں (اگر اس پر عمل پیرا رہو گے) تو کبھی گمراہ نہ ہو گے (۱) کتاب اللہ (۲) میری سنت۔ اور یہ دونوں قیامت تک ایک دوسرے

حدیث: 319

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 11578

سے جدا نہیں ہو سکتے۔

320۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْخُرَاسَانِيّ الْعَدْلُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ جَعْفَرِ بْنِ الزِّبْرِقَانِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ اَخَوَانِ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ اَحَدُهُمَا يَاْتِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْاٰخَرُ يَحْتَرِفُ، فَشَكَا الْمُحْتَرِفُ اَخَاهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: لَعَلَّكَ تُرْزَقُ بِهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّرُوَاتُهُ عَنْ اٰخِرِهِمْ اَثْبَاتٌ ثِقَاتٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں دو بھائی ہوا کرتے تھے، ان میں سے ایک بارگاہ رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر رہتا تھا اور دوسرا محنت و مزدوری کیا کرتا تھا۔ ایک مرتبہ محنت مزدوری کرنے والے بھائی نے اپنے دوسرے بھائی کی رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں شکایت کی (کہ وہ کام کاج نہیں کرتا) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہوسکتا ہے کہ تجھے جو رزق مل رہا ہے وہ اسی کی برکت سے مل رہا ہو۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اس کے از اول تا آخر تمام راوی ثبت ہیں، ثقہ ہیں۔

321۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَاتِمٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ بِمَرْوٍ، وَثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسَى الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنِ الْحُسَيْنِ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، اَنَّ مُعَاوِيَةَ، خَرَجَ مِنْ حَمَّامِ حِمْصَ، فَقَالَ لِغُلَامِهِ: ائْتِنِيْ لُبْسَتَيَّ فَلَبِسَهُمَا، ثُمَّ دَخَلَ مَسْجِدَ حِمْصَ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ، فَلَمَّا فَرَغَ اِذَا هُوَ بِنَاسٍ جُلُوْسٌ، فَقَالَ لَهُمْ: مَا يُجْلِسُكُمْ ؟ قَالُوْا: صَلَّيْنَا صَلٰوةَ الْمَكْتُوبَةِ، ثُمَّ قَصَّ الْقَاصُّ، فَلَمَّا فَرَغَ قَعَدْنَا نَتَذَاكَرُ سُنَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ مُعَاوِيَةُ: مَا مِنْ رَّجُلٍ اَدْرَكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقَلَّ حَدِيْثًا عَنْهُ مِنِّيْ، اِنِّيْ سَاُحَدِّثُكُمْ بِخَصْلَتَيْنِ حَفِظْتُهُمَا مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ رَّجُلٍ يَّكُوْنُ عَلَى النَّاسِ فَيَقُوْمُ عَلٰى رَاْسِهِ الرِّجَالُ يُحِبُّ اَنْ تَكْثُرَ الْخُصُومُ عِنْدَهٗ فَيَدْخُلَ الْجَنَّةَ، قَالَ: وَكُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ فَاِذَا هُوَ بِقَوْمٍ فِي الْمَسْجِدِ قُعُوْدٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُقْعِدُكُمْ ؟ قَالُوْا: صَلَّيْنَا الصَّلٰوةَ الْمَكْتُوبَةَ، ثُمَّ قَعَدْنَا نَتَذَاكَرُ كِتَابَ اللّٰهِ وَسُنَّةَ نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ اِذَا ذَكَرَ شَيْئًا تَعَاظَمَ ذِكْرُهٗ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَقَدْ سَمِعَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ الْاَسْلَمِيُّ مِنْ مُعَاوِيَةَ غَيْرَ حَدِيْثٍ.

حدیث **320**:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث:2345

✧✧ ابن بریدہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ ''حمص'' کے ایک حمام سے نکلے اور اپنے غلام سے کہا: کپڑے دو، اس نے کپڑے پیش کئے، آپ کپڑے پہن کر ''حمص'' کی مسجد میں آئے اور دو رکعتیں ادا کیں۔ جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو دیکھا کہ کچھ لوگ وہاں بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ نے پوچھا: تم لوگ کیوں بیٹھے ہوئے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: ہم فرضی نماز پڑھ چکے ہیں۔ پھر ایک شخص نے ایک قصہ سنایا، جب وہ فارغ ہوا تو ہم بیٹھ کر ایک دوسرے کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتیں سنانے لگے۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا: رسول اللہ کی صحبت پانے والوں میں سب سے کم حدیثیں میں نے بیان کی ہیں۔ میں تمہیں دو خصلتوں کے متعلق بتاتا ہوں، یہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یاد کی تھیں۔ (۱) ایسا شخص جنت میں نہیں جاسکتا جس کو لوگوں کا حکمران بنایا جائے اور وہ خصومت و جدال چاہے۔ پھر انہوں نے کہا: (۲) میں ایک مرتبہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ کچھ لوگ مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم لوگ کیوں بیٹھے ہوئے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: ہم نے فرضی نماز پڑھ لی ہے، اب ہم کتاب اللہ اور سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا مذاکرہ کر رہے ہیں، اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی چیز کو یاد کرتا ہے تو لوگوں کے دلوں میں اس کی عظمت بٹھا دیتا ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ اور عبداللہ بن بریدہ اسلمی نے معاویہ سے اس حدیث کے علاوہ بھی کئی احادیث کا سماع کیا ہے۔

322- حَدَّثَنَا الْحَاكِمُ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُ اللّٰهِ الْحَافِظُ إِمْلاءً فِي شَهْرِ رَمَضَانَ سَنَةَ ثَلاثٍ وَسَبْعِينَ وَثَلاثِ مِائَةٍ حَدَّثَنَا أَبُوْ الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ سُلَيْمَانَ الأَصْفَهَانِي حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِى عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَلِي بْنِ الْحَكَمِ عَنْ أَبِى نَضْرَةَ عَنْ أَبِى سَعِيْدٍ قَالَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا جَلَسُوا كَانَ حَدِيْثُهُمْ يَعْنِى الْفِقْهَ إِلَّا أَنْ يَقْرَأَ رَجُلٌ سُوْرَةً أَوْ يَأْمُرُ رَجُلًا بِقِرَاءَةِ سُوْرَةٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهُ شَاهِدٌ مَوْقُوْفٌ عَنْ أَبِى سَعِيْدٍ.

✧✧ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی جب بھی مل کر بیٹھتے تھے تو یا کوئی قرآن کی سورت پڑھ رہا ہوتا تھا یا دوسرے سے پڑھوا کر سن رہا ہوتا تھا۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اس کی ایک موقوف حدیث شاہد موجود ہے جو کہ ابوسعید سے مروی ہے وہ حدیث درج ذیل ہے۔

323- حَدَّثَنَا أَبُوْ الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدُ الْجُبَّارِ حَدَّثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ عَنْ جَعْفَرَبْنِ إِيَاسٍ عَنْ أَبِى نَضْرَةَ عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ قَالَ تَذَاكَرُوْا الْحَدِيْثَ فَإِنَّ مُذَاكَرَةَ الْحَدِيْثِ تَهَيَّجَ الْحَدِيْثَ وَقَدْ رُوِىَ فِي الْحَدِيْثِ عَلٰى مُذَاكَرَةِ الْحَدِيْثِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِىْ طَالِبٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ بِأَحَادِيْثَ صَحِيْحَةٍ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ أَمَّا حَدِيْثُ عَلِيٍّ.

✧✧ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دوسرے کو حدیثیں سنایا کرو، اس لئے کہ مذاکرہ حدیث، تحصیل حدیث

پر برانگیختہ کرتا ہے۔

❖❖ مذاکرہ حدیث کے متعلق حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے بھی ایسی صحیح احادیث مروی ہیں جو شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار پر ہیں۔

ان میں سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث درج ذیل ہے۔

324۔ فَأَخْبَرَنَاهُ أَبُوْ الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِی حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَنْبَأَ كَهْمَسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ تَذَاكَرُوْا الْحَدِيْثَ فَإِنَّكُمْ أَلَّا تَفْعَلُوْا يَنْدَرِسُ وَأَمَّا حَدِيْثُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ.

❖ حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آپس میں حدیث کا مذاکرہ کیا کرو کیونکہ اگر ایسا نہ کرو گے تو احادیث ناپید ہو جائیں گی۔ اور عبداللہ بن مسعود کی حدیث یہ ہے:

325۔ فَحَدَّثَنَاهُ أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ حَدَّثَنَا أَبُوْ يَحْيٰى الْحَمَانِى عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ تَذَاكَرُوْا الْحَدِيْثَ فَإِنَّ ذِكْرَ الْحَدِيْثِ حَيَاتُهُ.

❖ حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: عبداللہ نے فرمایا: حدیثوں کا مذاکرہ کیا کرو اس لئے کہ حدیث کو یاد کرنا اس کی حیات ہے۔

326۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ السَّعْدِيُّ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِى إِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَّاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ مَا كُلُّ الْحَدِيْثِ سَمِعْنَا مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُحَدِّثُنَا أَصْحَابُنَا وَكُنَّا مُشْتَغِلِيْنَ فِى رِعَايَةِ الْإِبِلِ

هٰذَا حَدِيْثٌ لَهُ طُرُقٌ عَنْ أَبِى إِسْحَاقَ السَّبِيْعِيِّ وَهُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَيْسَ لَهُ عِلَّةٌ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ.

❖ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے ہر حدیث رسول پاک کی زبان اطہر سے نہیں سنی بلکہ ہمارے دوسرے ساتھی ہمیں بتایا کرتے تھے کیونکہ ہم لوگ عموماً اونٹوں وغیرہ کی دیکھ بھال میں مصروف رہتے تھے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اس حدیث کے ابواسحاق السبیعی سے متعدد طرق ہیں اس میں کوئی علت بھی نہیں ہے۔

327۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِىْ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِىْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ عِيْسَى الطَّبَّاعُ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَسْمَعُوْنَ وَيُسْمَعُ مِنْكُمْ، وَيُسْمَعُ مِنَ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ مِنْكُمْ بَلَّغَهُ جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، عَنِ الْاَعْمَشِ.

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم (بلاواسطہ) میری باتیں سنتے ہو کچھ لوگ تم سے سنیں گے اور کچھ لوگ ان سے سنیں گے جنہوں نے تم سے سنا ہے۔

✧✧ جریر بن عبدالمجید نے اس کی سند اعمش تک پہنچائی ہے۔ (ان کی سند کے ساتھ مروی حدیث درج ذیل ہے)

328۔ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ الْخُلْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِئٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُعَيْمٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَسْمَعُونَ وَيُسْمَعُ مِنْكُمْ وَيُسْمَعُ مِمَّنْ يَّسْمَعُ مِنْكُمْ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَيْسَ لَهُ عِلَّةٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَفِي الْبَابِ اَيْضًا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، وَثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَفِي حَدِيثِ ثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ ذِكْرُ الطَّبَقَةِ الثَّالِثَةِ اَيْضًا

✧✧ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور اس میں کوئی علت بھی نہیں ہے۔ اس باب میں حضرت عبداللہ بن مسعود اور حضرت ثابت بن قیس بن شماس کے حوالے سے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات منقول ہیں اور ثابت بن قیس کی روایت میں تیسرے طبقے کا بھی ذکر موجود ہے۔

329۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّورِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَمْرٍو السُّلَمِيِّ، عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ، قَالَ: صَلّٰى لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الصُّبْحِ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيْنَا فَوَعَظَنَا مَوْعِظَةً وَّجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوبُ وَذَرَفَتْ مِنْهَا الْعُيُونُ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَاَنَّهَا مَوْعِظَةُ مُوَدِّعٍ فَاَوْصِنَا، قَالَ: اُوصِيكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، وَاِنْ اُمِّرَ عَلَيْكُمْ عَبْدٌ حَبَشِيٌّ، فَاِنَّهُ مَنْ يَّعِشْ مِنْكُمْ فَسَيَرٰى اخْتِلَافًا كَثِيرًا، فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِينَ الْمَهْدِيِّينَ عُضُّوا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ، وَاِيَّاكُمْ وَمُحْدَثَاتِ الْاُمُورِ فَاِنَّ كُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ لَّيْسَ لَهُ عِلَّةٌ، وَقَدِ احْتَجَّ الْبُخَارِيُّ بِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَمْرٍو، وَثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ، وَرُوِيَ هٰذَا الْحَدِيثُ فِي اَوَّلِ كِتَابِ الْاعْتِصَامِ بِالسُّنَّةِ وَالَّذِي عِنْدِي اَنَّهُمَا رَحِمَهُمَا اللّٰهُ تَوَهَّمَا اَنَّهُ لَيْسَ لَهُ رَاوٍ عَنْ

حدیث 327:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3659 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 2947 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 62 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 1321 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه مدينه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحديث: 52

خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ غَيْرِ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ، وَقَدْ رَوَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَارِثِ الْمُخَرَّجُ حَدِيثُهُ فِي الصَّحِيحَيْنِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ

✧✧ حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز فجر پڑھائی، پھر ہماری طرف متوجہ ہوکر ایسا وعظ فرمایا کہ دل دہل گئے اور آنکھوں سے سیل رواں جاری ہو گئے، ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آج کا وعظ تو کسی رخصت ہونے والے کا وعظ لگتا ہے۔ آپ ہمیں کوئی خصوصی وصیت فرمایئے! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں اللہ سے ڈرنے (کی تاکید کرتا ہوں) اور فرمانبرداری کی (تاکید کرتا ہوں) اگرچہ تم پر کوئی حبشی غلام امیر بنا دیا جائے (پھر بھی فرمانبرداری نہ چھوڑنا) تم میں سے جو زندہ رہے گا وہ عنقریب بہت شدید اختلافات دیکھے گا (ایسے حالات میں) تم پر لازم ہے کہ میری سنت اور میرے خلفاء راشدین کی سنت پر عمل کرتے رہنا، ان کو مضبوطی سے تھامے رکھنا اور نئے نئے کاموں کی ایجاد سے بچنا، اس لئے کہ ہر بدعت گمراہی ہے۔

✤✤ یہ حدیث ''صحیح'' ہے، اس میں کوئی علت نہیں ہے اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالرحمٰن بن عمرو اور ثور بن یزید کی روایات نقل کی ہیں اور یہ حدیث ''کتاب الاعتصام بالسنۃ'' کے آغاز میں بیان کی گئی ہے۔ جہاں تک میرا خیال ہے (شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو اس لئے ترک کر دیا ہے کہ انہیں) یہ وہم ہو گیا تھا کہ خالد بن معدان کا ثور بن یزید کے علاوہ کوئی دوسرا راوی نہیں ہے، حالانکہ محمد بن ابراہیم بن الوارث (جن کی روایات صحیحین میں موجود ہیں) نے خالد بن معدان سے روایات لی ہیں۔

330۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَيُّوبَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيسَ الْحَنْظَلِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ التِّنِّيسِيُّ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ، مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ مِّنْ اَهْلِ الصُّفَّةِ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَامَ فَوَعَظَ النَّاسَ وَرَغَّبَهُمْ وَحَذَّرَهُمْ وَقَالَ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَقُوْلَ، ثُمَّ قَالَ: اعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، وَاَطِيعُوْا مَنْ وَلَاهُ اللّٰهُ اَمْرَكُمْ، وَلَا تُنَازِعُوا الْاَمْرَ اَهْلَهُ وَلَوْ كَانَ عَبْدًا اَسْوَدَ، وَعَلَيْكُمْ بِمَا تَعْرِفُونَ مِنْ سُنَّةِ نَبِيِّكُمْ وَالْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِينَ الْمَهْدِيِّينَ، وَعَضُّوا عَلٰى نَوَاجِذِكُمْ بِالْحَقِّ

هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا جَمِيعًا، وَلَا اَعْرِفُ لَهُ عِلَّةً، وَقَدْ تَابَعَ ضَمْرَةُ بْنُ حَبِيبٍ خَالِدَ بْنَ مَعْدَانَ

حدیث 329:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث:2676 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 42 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي' بيروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء' رقم الحديث: 95 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 17182 اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحديث:66 اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 617 اخرجه ابو القاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله' بيروت' لبنان' 1405ھ/1984ء' رقم الحديث:697

عَنِّي رِوَايَةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَمْرٍو السُّلَمِيِّ

✧✧ حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ (جن کا تعلق بنی سلیم سے ہے اور یہ اہل صفہ میں سے ہیں) بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان تشریف لائے اور ایسا وعظ فرمایا، جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو نیک عمل میں رغبت دلائی اور دوزخ کا ڈر سنایا اور مزید بھی وعظ ونصیحت فرمائی، پھر فرمایا: صرف اللہ کی عبادت کرو، اس کے ساتھ کسی کو شریک مت ٹھہراؤ اور جس کو تمہارا امیر بنا دیا جائے اس کی اطاعت کرو اور اپنے امیر سے جھگڑا مت کرو اگر چہ حبشی غلام ہو اور تم پر لازم ہے کہ تم اپنے نبی اور خلفاء راشدین کی جو سنت پہچانتے ہو، اس پر عمل کرو اور حق کو مضبوطی سے تھامے رکھو۔

✤✤ یہ اسناد امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے اور مجھے اس میں کوئی علت بھی نظر نہیں آئی۔ اور یہ حدیث عبدالرحمٰن بن عمرو اسلمی سے روایت کرنے میں ضمرہ بن حبیب نے خالد بن معدان کی متابعت کی ہے (ضمرہ بن حبیب کی روایت درج ذیل ہے)

331- حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ يَعْنِي ابْنَ مَهْدِيٍّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ حَبِيْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَمْرٍو السُّلَمِيِّ، اَنَّهُ سَمِعَ الْعِرْبَاضَ بْنَ سَارِيَةَ، قَالَ: وَعَظَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَوْعِظَةً ذَرَفَتْ مِنْهَا الْعُيُوْنُ، وَوَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوْبُ، فَقُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ هٰذَا لَمَوْعِظَةُ مُوَدِّعٍ فَمَاذَا تَعْهَدُ اِلَيْنَا. قَالَ: قَدْ تَرَكْتُكُمْ عَلَى الْبَيْضَاءِ لَيْلُهَا كَنَهَارِهَا لَا يَزِيْغُ عَنْهَا بَعْدِيْ اِلَّا هَالِكٌ، وَمَنْ يَعِشْ مِنْكُمْ فَسَيَرٰى اخْتِلَافًا كَثِيْرًا فَعَلَيْكُمْ بِمَا عَرَفْتُمْ مِنْ سُنَّتِيْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الْمَهْدِيِّيْنَ الرَّاشِدِيْنَ مِنْ بَعْدِيْ، وَعَلَيْكُمْ بِالطَّاعَةِ وَاِنْ كَانَ عَبْدًا حَبَشِيًّا عَضُّوْا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ فَكَانَ اَسَدُ بْنُ وَدَاعَةَ يَزِيْدُ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ فَاِنَّ الْمُؤْمِنَ كَالْجَمَلِ الْاَنِفِ حَيْثُ مَا قِيْدَ انْقَادَ وَقَدْ تَابَعَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَمْرٍو عَلٰى رِوَايَتِهٖ، عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ ثَلَاثَةٌ مِنَ الثِّقَاتِ الْاَثْبَاتِ مِنْ اَئِمَّةِ اَهْلِ الشَّامِ، مِنْهُمْ حَجَرُ بْنُ حَجَرٍ الْكَلَاعِيُّ.

✧✧ ضمرہ بن حبیب کی سند سے حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ ایسا وعظ فرمایا، جس سے دل دہل گئے اور آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے، ہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کا آج کا وعظ تو کسی بچھڑنے والے کا بیان لگتا ہے، (ایسے موقع پر) آپ ہم سے عہد لے لیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے عہد لیا، فرمایا: میں تمہیں (اسلام کی) روشنی میں چھوڑ کر جا رہا ہوں، اس کی راتیں بھی دنوں کی طرح روشن ہیں، میرے بعد ان سے جو رُوگرداں ہوگا، وہ ہلاک ہو جائے گا اور تم میں سے جو زندہ رہے گا وہ عنقریب بہت شدید اختلافات دیکھے گا (ایسے حالات میں) تم پر لازم ہے کہ میری اور میرے خلفاء راشدین کی جن سنتوں کو تم جانتے ہو، ان پر کاربند رہنا اور اپنے امیر کی اطاعت کرنا اگر چہ وہ کوئی حبشی غلام ہی کیوں نہ

ہواور حق کو مضبوطی سے تھام کر رکھنا۔

✤✤ اسد بن وداعہ کی روایت میں اس مقام پر ان الفاظ کا اضافہ ہے'' کیونکہ مومن اس اونٹ کی طرح ہے جس کی ناک میں نکیل ہوتی ہے، اس کو نکیل سے پکڑ کر جہاں لے جانا چاہو، وہ چلا جاتا ہے'' اس حدیث کو عرباض بن ساریہ سے روایت کرنے میں عبدالرحمن بن عمرو کی تین ثقہ شامی ائمہ حدیث نے متابعت کی ہے۔ ان میں حجر بن حجر الکلاعی کا نام بھی ہے ان کی روایت درج ذیل ہے۔

332۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْعَبْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُوسٰى بْنُ اَيُّوْبَ النَّصِيبِيُّ، وَصَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ الدِّمَشْقِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ، حَدَّثَنِيْ خَالِدُ بْنُ مَعْدَانَ، حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو السُّلَمِيُّ، وَحُجْرُ بْنُ حُجْرٍ الْكَلَاعِيُّ، قَالَا: اَتَيْنَا الْعِرْبَاضَ بْنَ سَارِيَةَ وَهُوَ مِمَّنْ نَزَلَ فِيْهِ: وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَا اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ، قُلْتَ: لَا اَجِدُ مَا اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ تَوَلَّوْا وَاَعْيُنُهُمْ تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُونَ فَسَلَّمْنَا، وَقُلْنَا: اَتَيْنَاكَ زَائِرِيْنَ وَمُقْتَبِسِيْنَ، فَقَالَ الْعِرْبَاضُ: صَلَّى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّبْحَ ذَاتَ يَوْمٍ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيْنَا فَوَعَظَنَا مَوْعِظَةً بَلِيغَةً ذَرَفَتْ مِنْهَا الْعُيُوْنُ، وَوَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوْبُ، فَقَالَ قَائِلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، كَاَنَّهَا مَوْعِظَةُ مُوَدِّعٍ فَمَا تَعْهَدُ اِلَيْنَا؟ فَقَالَ: اُوصِيكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، وَاِنْ كَانَ عَبْدًا حَبَشِيًّا فَاِنَّهُ مَنْ يَعِشْ مِنْكُمْ فَسَيَرٰى اخْتِلَافًا كَثِيْرًا، فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِيْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ، فَتَمَسَّكُوا بِهَا وَعَضُّوا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ، وَاِيَّاكُمْ وَمُحْدَثَاتِ الْاُمُوْرِ فَاِنَّ كُلَّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ وَّكُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ

✧✧ حضرت عبدالرحمٰن بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہ اور حجر بن حجر الکلاعی کہتے ہیں ہم عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ کے پاس گئے (عرباض بن ساریہ وہ شخصیت ہیں جن کے بارے میں یہ آیت وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَا اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ، قُلْتَ: لَا اَجِدُ مَا اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ تَوَلَّوْا وَاَعْيُنُهُمْ تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُونَ نازل ہوئی) ہم نے سلام کیا اور کہا کہ ہم آپ کی خدمت میں آپ کی زیارت کرنے اور آپ سے اکتساب فیض کرنے کیلئے آئے ہیں۔ حضرت عرباض رضی اللہ عنہ نے کہا: ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز فجر پڑھائی پھر ہماری طرف متوجہ ہو کر ایسا فصیح و بلیغ وعظ فرمایا، جس سے دل نرم ہو گئے اور لوگ رونے لگے، ایک شخص نے عرض کی: حضور! آج کا وعظ تو کسی عنقریب بچھڑنے والا کا وعظ لگتا ہے۔ آپ ہمیں کیا وصیت فرماتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں اللہ سے ڈرنے اور فرمانبرداری کی وصیت کرتا ہوں اگرچہ تمہارا امیر کوئی حبشی غلام ہی کیوں نہ ہو، تم میں سے جو شخص زندہ رہے گا وہ عنقریب بہت شدید اختلافات دیکھے گا (ایسے حالات میں) تم میری اور میرے ہدایت یافتہ خلفاء راشدین کی اتباع اپنے اوپر لازم کر لینا اور اسی پر سختی سے کاربند رہنا اور دین میں نئی اختراعات (جس سے دین کو نقصان ہو) سے بچ کر رہنا اس لئے کہ (اس طرح کا) ہر نیا کام بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے۔

ان میں یحییٰ بن ابوالمطاع القرشی کا نام بھی ہے (ان کی روایت درج ذیل ہے)

333۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيْسٰى بْنِ زَيْدٍ التِّنِّيْسِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِيْ سَلَمَةَ التِّنِّيْسِيُّ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي الْمُطَاعِ، قَالَ: سَمِعْتُ الْعِرْبَاضَ بْنَ سَارِيَةَ السُّلَمِيَّ، يَقُوْلُ: قَامَ فِيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ غَدَاةٍ فَوَعَظَنَا مَوْعِظَةً، وَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوْبُ، وَذَرَفَتْ مِنْهَا الْاَعْيُنُ، قَالَ: فَقُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَدْ وَعَظْتَنَا مَوْعِظَةَ مُوَدِّعٍ فَاعْهَدْ اِلَيْنَا، قَالَ: عَلَيْكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ اَظُنُّهُ قَالَ: وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، وَسَتَرَى مِنْ بَعْدِيْ اخْتِلَافًا شَدِيْدًا، اَوْ كَثِيْرًا فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِيْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الْمَهْدِيِّيْنَ، عَضُّوا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ، وَاِيَّاكُمْ وَالْمُحْدَثَاتِ، فَاِنَّ كُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ وَّمِنْهُمْ مَعْبَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هِشَامٍ الْقُرَشِيُّ وَلَيْسَ الطَّرِيْقُ اِلَيْهِ مِنْ شَرْطِ هٰذَا الْكِتَابِ فَتَرَكْتُهُ وَقَدِ اسْتَقْصَيْتُ فِيْ تَصْحِيْحِ هٰذَا الْحَدِيْثِ بَعْضَ الْاِسْتِقْصَاءِ عَلٰى مَا اَدّٰى اِلَيْهِ اجْتِهَادِيْ رَكُتِبَ فِيْهِ، كَمَا قَالَ اِمَامُ اَئِمَّةِ الْحَدِيْثِ شُعْبَةُ فِيْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ لَّمَّا طَلَبَهُ بِالْبَصْرَةِ وَالْكُوفَةِ وَالْمَدِيْنَةِ وَمَكَّةَ، ثُمَّ عَادَ الْحَدِيْثُ اِلٰى شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ فَتَرَكَهُ، ثُمَّ قَالَ شُعْبَةُ: لَاَنْ يَّصِحَّ لِيْ مِثْلُ هٰذَا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ وَالِدِيْ وَوَلَدِيْ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ، وَقَدْ صَحَّ هٰذَا الْحَدِيْثُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ اَجْمَعِيْنَ

✧✧ یحییٰ بن ابوالمطاع کی سند سے بھی یہ حدیث منقول ہے اس میں چند الفاظ کا اختلاف ہے۔

❖ معبد بن عبداللہ بن ہشام القرشی کا بھی ان میں نام ہے لیکن چونکہ ان تک جو طریق ہے وہ اس کتاب کے معیار کے مطابق نہیں ہے اس لئے میں نے ان کی روایات کو ترک کر دیا ہے اور میں انتہائی محنت اور کوشش سے اس حدیث کی تصحیح میں کسی حد تک کامیاب ہوا ہوں اور اس کی تہہ تک پہنچا ہوں اور اس کے متعلق میرے وہی جذبات تھے جو امام الحدیث شعبہ کے تھے (ان کا واقعہ یہ ہے کہ) عبداللہ بن عطاء کی عقبہ بن عامر سے روایت حاصل کرنے کے لئے بصرہ گئے، پھر کوفہ، پھر مدینہ اور پھر مکہ تک گئے جب حدیث ملی تو اس کی سند شھر بن حوشب سے جا ملی تو انہوں نے اس حدیث کو چھوڑ دیا۔ پھر شعبہ نے کہا اس طرح کی حدیث کا رسول اللہ ﷺ کے حوالے سے صحیح ثابت ہو جانا میرے لئے میرے ماں باپ، میری اولاد اور تمام لوگوں سے زیادہ عزیز ہے (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) تو یہ حدیث ''صحیح'' ثابت ہوئی اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ہے اور اللہ تعالیٰ اپنے حبیب اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرمائے۔ آمین۔

334۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، وَحَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ الْفَقِيْهُ، وَاللَّفْظُ لَهٗ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِيْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، اَخْبَرَنِيْ رَبِيْعَةُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ اَبِيْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ يَّزِيْدَ بْنِ عَمِيْرَةَ، اَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ لَّمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ، قَالُوْا: يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَوْصِنَا، قَالَ: اَجْلِسُوْنِيْ، ثُمَّ قَالَ: وَالْاِيْمَانَ مَكَانَهُمَا مَنِ الْتَمَسَهُمَا وَجَدَهُمَا، اِنَّ الْعِلْمَ قَالَ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، وَالْتَمِسُوا

الْعِلْمَ عِنْدَ اَرْبَعَةِ رَهْطٍ: عِنْدَ عُوَيْمِرٍ اَبِي الدَّرْدَاءِ، وَعِنْدَ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ، وَعِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، وَعِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اِنَّهُ عَاشِرُ عَشَرَةٍ فِي الْجَنَّةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَيَزِيْدُ بْنُ عَمِيْرَةَ السَّكْسَكِيُّ صَاحِبُ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَّقَدْ شَهِدَ مَكْحُوْلٌ الدِّمَشْقِيُّ لِيَزِيْدَ بِذٰلِكَ، وَهُوَ مِمَّا يَسْتَشْهِدُ مَكْحُوْلٌ عَنْ يَّزِيْدَ مُتَابَعَةً لِاَبِيْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ.

✧✧ یزید بن عمیرہ کہتے ہیں: جب معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کا آخری وقت قریب آیا تو لوگوں نے ان سے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! ہمیں کوئی وصیت کریں، آپ نے فرمایا: مجھے (اٹھا کر) بٹھاؤ، پھر آپ نے فرمایا: علم اور ایمان اکٹھے رہتے ہیں جوان کو ڈھونڈتا ہے پالیتا ہے۔ آپ نے یہ بات تین مرتبہ دہرائی (پھر آپ نے فرمایا) چار آدمیوں کے پاس علم تلاش کرو (۱) عویمر ابوالدرداء کے پاس (۲) سلمان فارسی کے پاس (۳) عبداللہ بن مسعود کے پاس (۴) اور عبداللہ بن سلام کے پاس۔ اس لئے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ وہ عشرہ مبشرہ میں سے ہیں۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ اور یزید بن عمرو السکسکی معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کے ساتھی ہیں اور مکحول الدمشقی نے یزید کے متعلق اس بات کی شہادت بھی دی ہے اور اس کے ساتھ مکحول نے ابوادریس کی متابعت میں یزید سے استشہاد کیا ہے جبکہ زہری نے ابوادریس کے واسطے سے اس حدیث کا ایک حصہ روایت کیا ہے۔

335۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ اَنْبَاَ الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ مَزِيْدٍ الْبَيْرُوْتِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُوْرَ حَدَّثَنِي النُّعْمَانُ بْنُ الْمُنْذِرِ عَنْ مَكْحُوْلٍ قَالَ وَجِعَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ يَوْماً وَعِنْدَهُ يَزِيْدُ بْنُ عُمَيْرَةَ الزُّبَيْدِيُّ فَبَكٰى عَلَيْهِ يَزِيْدُ فَقَالَ لَهُ مُعَاذُ مَا يُبْكِيْكَ قَالَ يُبْكِيْنِيْ مَا كُنْتُ اَسْاَلُكَ كُلَّ يَوْمٍ يَنْقَطِعُ عَنِّيْ فَقَالَ مُعَاذٌ اِنَّ الْعِلْمَ وَالْاِيْمَانَ بَشَاشَانِ قُمْ فَالْتَمِسْهُمَا قَالَ يَزِيْدُ وَعِنْدَ مَنْ اَلْتَمِسُهُمَا فَقَالَ مُعَاذٌ عِنْدَ اَرْبَعَةِ نَفَرٍ عِنْدَ عُوَيْمِرٍ اَبِي الدَّرْدَاءِ وَعِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَعِنْدَ سَلْمَانَ الْفَارِسِي وَعِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ فَاِنَّهُ كَانَ يُقَالُ اِنَّهُ عَاشِرُ عَشَرَةٍ فِي الْجَنَّةِ قَالَ يَزِيْدُ فَقُلْتُ وَعِنْدَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقَالَ لَا تَسْاَلْهُ عَنْ شَيْءٍ فَاِنَّهُ عَنْكَ مَشْغُوْلٌ وَقَدْ رُوَى الزُّهْرِيُّ عَنْ اَبِي اِدْرِيْسَ طَرَفاً مِّنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ.

✧✧ مکحول کہتے ہیں: ایک دن حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیمار تھے، ان کے پاس یزید بن عمیرہ الزبیدی موجود تھے (ان

حدیث 334:

اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی، فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 3804 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 22157 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحدیث: 7165 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ه/ 1991ء رقم الحدیث: 8253 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ه/1983ء رقم الحدیث: 8614 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "مسند الشامیین" طبع موسسة الرساله بیروت لبنان 1405ه/1984ء رقم الحدیث: 1932

کی تکلیف دیکھ کر یزید رو پڑے، ان سے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ کیوں رو رہے ہیں؟ انہوں نے کہا: مجھے (یہ حسرت) رلا رہی ہے کہ میں روزانہ کتنے ہی مسائل آپ سے دریافت کیا کرتا تھا لیکن اب میں دیکھ رہا ہوں کہ وہ سلسلہ ختم ہونے جا رہا ہے۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے کہا: علم اور ایمان دونوں دوست ہیں، جاؤ ان کو تلاش کرو، یزید نے پوچھا: کس شخص کے پاس جا کر ان کو تلاش کروں؟ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: چار آدمیوں کے پاس (۱) عویمر ابوالدرداء رضی اللہ عنہ (۲) عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ (۳) حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ (۴) اور حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے پاس۔ ان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ عشرہ مبشرہ میں سے ہیں۔ یزید کہتے ہیں: میں نے پوچھا: اور عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس؟ انہوں نے جواب دیا: نہیں۔ ان سے کسی چیز کے بارے میں سوال مت کرنا کیونکہ وہ امور سلطنت میں زیادہ مصروف ہوتے ہیں۔

❖ زہری نے ابوادریس کے حوالے سے اس حدیث کا ایک حصہ روایت کیا ہے جو کہ درج ذیل ہے۔

336۔ حَدَّثَنَاهُ عَلِي بْنُ حَمْشَادَ الْعَدْلُ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيْكٍ حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا بْنُ عَجلانَ حَدَّثَنِى بْنُ شِهَابٍ عَنْ أَبِى إِدْرِيسِ الْخَوْلَانِى عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ الْعِلْمُ وَالإِيْمَانُ مَكَانَهُمَا مَنِ ابْتَغَاهُمَا وَجَدَهُمَا.

❖❖ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: علم اور ایمان اپنے مقام پر ہوتے ہیں، جو ان کو ڈھونڈتا ہے وہ حاصل کر لیتا ہے۔

337۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيكٍ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِى عَبْلَةَ، عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، اَنَّهُ قَالَ: قَالَ عَوْفُ بْنُ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيُّ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَظَرَ اِلَى السَّمَآءِ يَوْمًا، فَقَالَ: هٰذَا اَوَانُ يُرْفَعُ الْعِلْمُ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ يُقَالُ لَهُ ابْنُ لَبِيدٍ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، كَيْفَ يُرْفَعُ الْعِلْمُ وَقَدْ اُثْبِتَ فِي الْكِتَابِ وَوَعَتْهُ الْقُلُوبُ ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ كُنْتُ لَاحْسَبُكَ مِنْ اَفْقَهِ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ثُمَّ ذَكَرَ ضَلَالَةَ الْيَهُودِ وَالنَّصَارٰى عَلٰى مَا فِيْ اَيْدِيهِمْ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ، قَالَ: فَلَقِيتُ شَدَّادَ بْنَ اَوْسٍ فَحَدَّثْتُهُ بِحَدِيْثِ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ، فَقَالَ: صَدَقَ عَوْفٌ اَلا اُخْبِرُكَ بِاَوَّلِ ذٰلِكَ يُرْفَعُ ؟ قُلْتُ: بَلٰى، قَالَ: الْخُشُوعُ حَتّٰى لَا تَرٰى خَاشِعًا هٰذَا صَحِيْحٌ وَّقَدِ احْتَجَّ الشَّيْخَانِ بِجَمِيْعِ رُوَاتِهٖ، وَالشَّاهِدُ لِذٰلِكَ فِيهِ شَدَّادُ بْنُ اَوْسٍ فَقَدْ سَمِعَ جُبَيْرُ بْنُ نُفَيْرٍ الْحَدِيْثَ مِنْهُمَا جَمِيْعًا، وَمِنْ ثَالِثٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ وَهُوَ اَبُو الدَّرْدَاءِ

❖❖ حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن آسمان کی طرف نگاہ اٹھائی اور فرمایا: یہ وہ وقت ہے، جب علم اٹھا لیا جائے گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ابن لبید انصاری رضی اللہ عنہ نے کہا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! علم کیسے اٹھا لیا جائے گا؟ حالانکہ یہ کتاب اللہ میں موجود ہے اور لوگوں کے سینوں میں محفوظ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تو تجھے تمام اہل مدینہ سے زیادہ سمجھدار سمجھتا تھا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہود و نصاریٰ کے گمراہ ہونے کا ذکر کیا، حالانکہ ان کے پاس بھی تو کتاب اللہ موجود تھی

(جبیر ابن نفیر) کہتے ہیں: پھر ایک مرتبہ میری ملاقات شداد بن اوس کے ساتھ ہوئی تو میں نے ان کو عوف بن مالک رضی اللہ عنہ والی حدیث سنائی تو وہ کہنے لگے: عوف نے سچ کہا ہے، کیا میں تجھے وہ چیز نہ بتاؤں جو سب سے پہلے اٹھائی جائے گی؟ (جبیر کہتے ہیں) میں نے کہا: بتایئے! شداد نے کہا: سب سے پہلے خشوع اٹھایا جائے گا حتیٰ کہ کوئی آدمی عاجزی وانکساری کا پیکر نہیں ملے گا۔

✤✤ یہ حدیث ''صحیح'' ہے، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں اور اس حدیث کی شاہد حدیث بھی ہے جو کہ شداد بن اوس سے مروی ہے۔ انہوں نے (حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ) جبیر حضرت بن نفیر رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے حدیث کا سماع کیا ہے۔

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے روز سب سے پہلے تین آدمیوں کا فیصلہ کیا جائے گا (۱) ایسا آدمی جو شہید ہوا ہوگا، اللہ تعالیٰ اس سے اپنی نعمتوں کا اقرار کروائے گا، وہ سب نعمتوں کا اعتراف کرلے گا، پھر اللہ تعالیٰ اس سے پوچھے گا: تو نے ان نعمتوں کے عوض کیا عمل کیا؟ وہ کہے گا: میں تیری راہ میں جہاد کرتا رہاں حتیٰ کہ میں شہید ہوگیا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تو جھوٹ بول رہا ہے، تو اس لئے شہید ہوا ہے کہ تجھے بہادر کہا جائے، سو کہہ لیا گیا۔ پھر ملائکہ کو حکم دیا جائے گا، وہ اسے اوندھے منہ گھسیٹ کر جہنم میں پھینک دیں گے۔ (۲) ایسا شخص جس نے علم حاصل کیا اور قرآن پڑھا ہوگا، اس کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کیا جائے گا، اللہ تعالیٰ اس کو نعمتوں کا اعتراف کروائے گا، وہ سب نعمتوں کا اعتراف کرے گا، اللہ تعالیٰ پوچھے گا: تو نے ان نعمتوں کے شکرانے میں کیا عمل کیا؟ وہ کہے گا: یا اللہ! میں نے علم سیکھا اور قرآن پاک پڑھا، سب تیری رضا کیلئے تھا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تو جھوٹ بول رہا ہے، تیری تو خواہش یہ تھی کہ تجھے عالم کہا جائے تجھے قاری کے القابات سے پکارا جائے، سو تجھے دنیا میں عالم اور قاری کہہ لیا گیا، اس کو بھی منہ کے بل گھسیٹ کر جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔ (۳) ایسا شخص جس کو اللہ تعالیٰ نے دنیا میں مال و دولت دیا، اس کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کو اپنی نعمتیں یاد دلائے گا، وہ سب نعمتوں کا اعتراف کرلے گا، پھر اللہ تعالیٰ پوچھے گا: تو نے ان نعمتوں کے عوض میری رضا کی خاطر کیا عمل کیا؟ وہ کہے گا: یا الٰہی! تو نے مجھے جس چیز کے خرچ کرنے کو کہا، میں نے ہر وہ چیز تیری رضا کی خاطر خرچ کر دی۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تو نے جھوٹ بولا۔ تیری خواہش تو یہ تھی کہ تجھے ''جواد و کریم'' کہا جائے، سو کہہ لیا گیا۔ اس کو بھی منہ کے بل گھسیٹ کر جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے، لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ (اور اس کی سند میں جو) یونس بن یوسف ہیں وہ اس ''عمرو بن حماس'' کے بیٹے ہیں، جن کی روایات مالک بن انس رضی اللہ عنہ نے اپنی موطا میں نقل کی ہیں تو پھر ان لوگوں کے بارے میں کیا خیال ہے جن سے یونس نے روایات نقل کی ہیں اور ان کی روایات امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے بھی نقل کی ہیں۔

365۔ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، مِنْ اَصْلِ كِتَابِهِ، اَنْبَاَنَا عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمِ الْحَافِظُ الْمَعْرُوْفُ بِالْعِجْلِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ زِيَادٍ سَبَلَانُ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ وَهُوَ ابْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ يَهْلِكُوْنَ عِنْدَ الْحِسَابِ: جَوَادٌ، وَشُجَاعٌ، وَعَالِمٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ عَلٰى شَرْطِهِمَا وَهُوَ غَرِيْبٌ شَاذٌّ اِلَّا اَنَّهُ مُخْتَصَرٌ مِّنَ الْحَدِيْثِ الْاَوَّلِ شَاهِدٌ لَّهُ.

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تین لوگ حساب کے وقت ہلاک ہونگے۔

(۱) سخی (۲) بہادر (۳) عالم۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق ''صحیح الاسناد'' ہے اور یہ حدیث ''غریب شاذ'' ہے البتہ یہ گزشتہ حدیث سے ذرا مختصر ہے اور اس کی شاہد ہے۔

366۔ أَخْبَرَنَا أَبُو بَكْرٍ أَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيهُ بِبَغْدَادَ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِسْحَاقَ الْقَاضِي حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَبِي رَافِعٍ قَالَ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ لَوْلَا مَا أَخَذَ اللّٰهُ عَلَى أَهْلِ الْكِتَابِ مَا حَدَّثْتُكُمْ بِشَيْءٍ ثُمَّ تَلَا وَإِذْ أَخَذَ اللّٰهُ مِيثَاقَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ لَتُبَيِّنُنَّهُ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُونَهُ!

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَلَا أَعْلَمُ لَهُ عِلَّةً وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ.

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے: اگر اللہ تعالیٰ نے اہل کتاب سے عہد نہ لیا ہوتا تو میں تمہیں کچھ نہ بتاتا، پھر اس کے بعد حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی وَإِذْ أَخَذَ اللّٰهُ مِيثَاقَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ لَتُبَيِّنُنَّهُ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُونَهُ (آل عمران ۱۸۷)۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور مجھے اس میں کوئی علت نہیں ملی۔

367۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيهُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِي، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَ اَبُو هُرَيْرَةَ يَقُومُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اِلَى جَانِبِ الْمِنْبَرِ فَيَطْرَحُ اَعْقَابَ نَعْلَيْهِ فِي ذِرَاعَيْهِ ثُمَّ يَقْبِضُ عَلَى رُمَّانَةِ الْمِنْبَرِ، يَقُولُ: قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوقُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ يَقُولُ فِي بَعْضِ ذٰلِكَ: وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ، فَاِذَا سَمِعَ حَرَكَةَ بَابِ الْمَقْصُورَةِ بِخُرُوجِ الْاِمَامِ جَلَسَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، هٰكَذَا وَلَيْسَ الْغَرَضُ فِي تَصْحِيحِ حَدِيثِ وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ فَقَدْ اَخْرَجَاهُ، اِنَّمَا الْغَرَضُ فِيهِ اسْتِحْبَابُ رِوَايَةِ الْحَدِيثِ عَلَى الْمِنْبَرِ قَبْلَ خُرُوجِ الْاِمَامِ

❖❖ عاصم بن محمد بن زید اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ جمعہ کے دن اپنی جوتیوں کو بغل میں دبائے ہوئے، منبر کی جانب کھڑے ہو جاتے، پھر وہ سکڑ کر منبر پر بیٹھ جاتے اور کہتے، ابوالقاسم نے فرمایا، محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ صادق و مصدوق نے فرمایا پھر کچھ احادیث سناتے کہ ہلاکت ہے، اہل عرب کے لئے اس فتنہ کی وجہ سے جو عنقریب رونما ہونے والا ہے۔ پھر جب امام کے آنے سے پیدا ہونے والی دروازے کی حرکت سنتے تو پیچھے بیٹھ جاتے (اور امام کے لئے منبر خالی کر دیتے)

❖❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔حدیث کی تصحیح میں مقصود وَيْلٌ لِّلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ کے الفاظ ثابت کرنا نہیں ہے بلکہ اس روایت کو پیش کرنے کا مقصد یہ ثابت کرنا ہے کہ امام کے نکلنے سے پہلے منبر پر بیٹھ کر حدیث شریف سنانا مستحب ہے۔

368۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَنْبَاَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، اَنْبَاَنَا الشَّافِعِيُّ، اَنْبَاَنَا سُفْيَانُ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، وَاللَّفْظُ لَهُ، اَنْبَاَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسٰى، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنِي اَبُو النَّضْرِ سَالِمٌ مَوْلٰى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْمَرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ مُتَّكِئًا عَلٰى اَرِيكَتِهِ يَاْتِيهِ الْاَمْرُ مِنْ اَمْرِي مِمَّا اَمَرْتُ بِهِ اَوْ نَهَيْتُ عَنْهُ، فَيَقُولُ: مَا اَدْرِي، مَا وَجَدْنَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ اتَّبَعْنَاهُ قَدْ اَقَامَ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ هٰذَا الْاِسْنَادَ وَهُوَ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَالَّذِي عِنْدِي اَنَّهُمَا تَرَكَاهُ لِاخْتِلَافِ الْمِصْرِيِّينَ فِي هٰذَا الْاِسْنَادِ

✧✧ عبید اللہ ابن ابی رافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں کسی کو ایسا ہرگز نہ پاؤں کہ تم اپنی چارپائی پر تکیہ لگائے بیٹھے ہو، تمہارے پاس میری طرف سے کوئی حکم یا ممانعت پہنچے، تو آگے سے تم جواب دو کہ نہیں، ہم اس حکم کو نہیں جانتے، ہمیں تو جو کچھ کتاب اللہ میں ملے گا ہم صرف اسی کی اتباع کریں گے۔

❖❖ اس اسناد کو سفیان ابن عیینہ نے ثابت رکھا ہے اور یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔اور جہاں تک میرا خیال ہے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو اس لئے ترک کر دیا ہے کہ اس اسناد میں مصری راویوں کا اختلاف ہے۔

369۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي مَالِكٌ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا اَعْرِفَنَّ الرَّجُلَ مُتَّكِئًا يَاْتِيهِ الْاَمْرُ مِنْ اَمْرِي مِمَّا اَمَرْتُ بِهِ اَوْ نَهَيْتُ عَنْهُ، فَيَقُولُ: مَا نَدْرِي، هٰذَا هُوَ كِتَابُ اللّٰهِ، وَلَيْسَ هٰذَا فِيهِ

✧✧ عبید اللہ بن ابی رافع کے حوالے سے بھی اسی سے ملتا جلتا فرمان منقول ہے۔

370۔ قَالَ: وَأَخْبَرَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ ,عَنْ أَبِي النَّضْرِ ,عَنْ مُوسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ ,عَنْ اَبِي

حدیث 368:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4605 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 2663 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 13 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 934 اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه مكتبه المتنبي بيروت قاهره رقم الحديث: 551 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ھ رقم الحديث: 8671

رَافِعٍ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ وَالنَّاسُ حَوْلَهُ: لَا اَعْرِفَنَّ اَحَدَكُمْ يَاْتِيهِ اَمْرٌ مِّنْ اَمْرِى قَدْ اَمَرْتُ بِهِ، اَوْ نَهَيْتُ عَنْهُ وَهُوَ مُتَّكِءٌ عَلٰى اَرِيكَتِهِ، فَيَقُوْلُ: مَا وَجَدْنَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ عَمِلْنَا بِهِ وَإِلَّا فَلَا، قَالَ الْحَاكِمُ: اَنَا عَلٰى اَصْلِي الَّذِي اَصَّلْتُهُ فِي خِطْبَةِ هٰذَا الْكِتَابِ اَنَّ الزِّيَادَةَ مِنَ الثِّقَةِ مَقْبُولَةٌ، وَسُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ حَافِظٌ ثِقَةٌ ثَبَتٌ، وَقَدْ خَبَّرَ وَحَفِظَ وَاعْتَمَدْنَا عَلٰى حِفْظِهِ بَعْدَ اَنْ وَجَدْنَا لِلْحَدِيْثِ شَاهِدَيْنِ بِاِسْنَادَيْنِ صَحِيْحَيْنِ، اَمَّا اَحَدُهُمَا

✧✧ حضرت عبداللہ بن قیس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی اسی جیسا ایک فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم منقول ہے۔

✣✣ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: میں اپنے اسی قانون پر عمل پیرا ہوں، جو میں نے خطبۃ الکتاب میں ذکر کیا تھا کہ ثقہ کی زیادتی قبول ہے اور سفیان بن عیینہ حافظ ہیں، ثقہ ہیں، قابل اعتماد ہیں اور چونکہ دو صحیح اسنادوں کے ساتھ ہمیں اس حدیث کی دو شاہد حدیثیں مل گئی ہیں، اس لئے ہم نے ان کے حافظہ پر اعتماد کیا ہے۔

ان میں سے ایک حدیث یہ ہے۔

371ـ فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدُوسٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، اَنَّ مُعَاوِيَةَ بْنَ صَالِحٍ اَخْبَرَهُ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَهُوَ ابْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ جَابِرٍ، اَنَّهُ سَمِعَ الْمِقْدَامَ بْنَ مَعْدِي كَرِبَ الْكِنْدِيَّ، صَاحِبَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: حَرَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَشْيَاءَ يَوْمَ خَيْبَرَ مِنْهَا الْحِمَارُ الْاَهْلِيُّ وَغَيْرُهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُوشِكُ اَنْ يَّقْعُدَ الرَّجُلُ مِنْكُمْ عَلٰى اَرِيكَتِهِ يُحَدَّثُ بِحَدِيْثِي، فَيَقُوْلُ: بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ كِتَابُ اللّٰهِ، فَمَا وَجَدْنَا فِيهِ حَلَالًا اسْتَحْلَلْنَاهُ، وَمَا وَجَدْنَا فِيهِ حَرَامًا حَرَّمْنَاهُ، وَاِنَّمَا حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا حَرَّمَ اللّٰهُ

✧✧ حضرت مقدام ابن معدیکرب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے دن کچھ چیزیں حرام قرار دیں، ان میں "حمار اھلی" وغیرہ شامل ہیں۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عنقریب ایک وقت آنے والا ہے کہ تم میں سے کوئی شخص اپنی چارپائی پر بیٹھا ہوگا، اس کو میری کوئی حدیث سنائی جائے گی تو وہ کہے گا: ہمارے پاس کتاب اللہ موجود ہے جو کچھ اس میں حلال قرار دیا گیا ہے، ہم اس کو حلال اور جو کچھ اس میں حرام قرار دیا گیا ہے ہم اس کو حرام سمجھتے ہیں۔ حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حرام کردہ اللہ ہی کے حرام کردہ کی طرح ہے۔

دوسری حدیث یہ ہے:

372ـ فَحَدَّثَنَاهُ اَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَتَّابٍ الْعَبْدِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلِيفَةَ الدَّيْرَعَاقُوْلِيُّ عَنبَرٌ، حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الشَّنِّيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ، قَالَ: بَيْنَمَا عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ يُحَدِّثُ، عَنْ سُنَّةِ نَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ قَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا اَبَا نُجَيْدٍ، حَدَّثَنَا بِالْقُرْاٰنِ، فَقَالَ لَهُ

عِمْرَانُ: اَنْتَ وَاَصْحَابُكَ يَقْرَؤُونَ الْقُرْاٰنَ، اَكُنْتَ مُحَدِّثِي عَنِ الصَّلٰوةِ وَمَا فِيهَا وَحُدُودِهَا ؟ اَكُنْتَ مُحَدِّثِي عَنِ الزَّكٰوةِ فِي الذَّهَبِ وَالْاِبِلِ وَالْبَقَرِ وَاَصْنَافِ الْمَالِ ؟ وَلٰكِنْ قَدْ شَهِدْتُ وَغِبْتَ اَنْتَ، ثُمَّ قَالَ: فَرَضَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الزَّكٰوةِ كَذَا وَكَذَا، وَقَالَ الرَّجُلُ: اَحْيَيْتَنِي اَحْيَاكَ اللّٰهُ، قَالَ الْحَسَنُ: فَمَا مَاتَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ حَتّٰى صَارَ مِنْ فُقَهَاءِ الْمُسْلِمِينَ، عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الشَّنِّيُّ مِنْ ثِقَاتِ الْبَصْرِيِّينَ وَعُبَّادِهِمْ، وَهُوَ عَزِيزُ الْحَدِيثِ، يُجْمَعُ حَدِيثُهُ فَلَا يَبْلُغُ تَمَامَ الْعَشَرَةِ، وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِهِ اَجْمَعِينَ

✧✧ حضرت حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ عمران بن حصین رضی اللہ عنہ ہمارے درمیان احادیث نبویہ سنا رہے تھے کہ درمیان میں سے ایک شخص بولا: اے ابونجید! ہمیں قرآن سناؤ۔ عمران نے اس کو جواب دیا: تم اور تمہارے ساتھی قرآن پڑھتے ہیں، کیا تم مجھے قرآن میں نماز کا طریقہ اور اس کی حدود وغیرہ دکھا سکتے ہو؟ کیا تم مجھے قرآن سے سونے، اونٹ، گائے اور مختلف اموال کی زکوٰۃ کے احکام دکھا سکتے ہو؟ (پھر کہنے لگے) میں دکھا سکتا ہوں، تم نہیں دکھا سکتے۔ پھر اسکے بعد حدیث سے ثابت شدہ زکوٰۃ کے تفصیلی احکام سنانے لگے۔ اس شخص نے کہا: اللہ تعالیٰ تمہیں سلامت رکھے تم نے تو مجھے نئی زندگی دے دی ہے۔ حسن کہتے ہیں: وہ اپنی زندگی میں فقہاء اسلام میں شمار ہونے لگا تھا۔

❖ (اس کی سند میں ایک راوی) عقبہ بن خالد الشنی ثقہ، بصری راویوں میں سے ہیں اور یہ عزیز الحدیث ہیں، ان کی مرویات کو جمع کیا گیا تو دس تک نہیں پہنچ پائیں۔

373۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَنْبَاَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، اَنْبَاَنَا الشَّافِعِيُّ، اَنْبَاَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حُجَيْرٍ، قَالَ: كَانَ طَاوُسٌ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ، فَقَالَ لَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ: اتْرُكْهَا، فَقَالَ: اِنَّمَا نُهِيَ عَنْهُمَا اَنْ تَتَّخِذَ مُسْلِمًا اَنْ يُوصِلَ ذٰلِكَ اِلَى الْغُرُورِ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَاِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ نَهٰى عَنْ صَلٰوةٍ بَعْدَ الْعَصْرِ، وَمَا اَدْرِي اَيُعَذَّبُ عَلَيْهِ اَمْ يُؤْجَرُ لِاَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُولُ: وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَمْرًا اَنْ يَّكُونَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، مُوَافِقٌ لِّمَا قَدَّمْنَا ذِكْرَهُ مِنَ الْحَثِّ عَلٰى اتِّبَاعِ السُّنَّةِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذِهِ السِّيَاقَةِ.

✧✧ حضرت ہشام بن حجیر کہتے ہیں طاؤس عصر کے بعد دو رکعت نوافل ادا کیا کرتے تھے۔ ان سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: اس وقت نوافل مت پڑھا کرو، انہوں نے جواب دیا: اس وقت نوافل سے ممانعت کی وجہ یہ ہے کہ اس کو دیکھنے والا مسلمان بدگمانی کا شکار ہو سکتا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کے بعد نوافل سے منع فرمایا ہے اور مجھے نہیں معلوم کہ (ان دو رکعتوں کی ادائیگی پر) اس کو ثواب ملے گا یا (رسول اللہ کے حکم کی نافرمانی کرنے پر) گناہ ملے گا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جب اللہ اور اس کا رسول کوئی فیصلہ فرما دیں تو پھر لوگوں کو کوئی اختیار نہیں رہتا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور یہ

حدیث اتباع سنت کی ترغیب دلانے کے لئے بہت مفید ہے۔

374۔ حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ وَأَخْبَرَنِي أَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَيُّوْبَ أَنْبَأَ أَبُوْ عَمْرٍو الْحَوْضِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ لِابْنِ مَسْعُوْدٍ وَّلِأَبِي الدَّرْدَاءِ وَلِأَبِي ذَرٍّ مَا هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَحْسِبُهُ حَبَسَهُمْ بِالْمَدِيْنَةِ حَتّٰى أُصِيْبَ.

✧✧ سعید بن ابراہیم اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ، ابوالدرداء رضی اللہ عنہ اور ابوذر رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کے بارے میں پوچھا کرتے تھے؟ (اور فرمایا کرتے تھے کہ) میں ان کو اپنی وفات تک مدینہ میں روکنا چاہتا ہوں۔

375۔ حَدَّثَنَا أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ بَحْرٍ الْبَرِّيِّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرَ الْبَرْمَكِيُّ حَدَّثَنَا مَعْنُ ابْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ إِدْرِيْسَ عَنْ شُعْبَةَ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِإِسْنَادِهٖ نَحْوَهٗ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَإِنْكَارُ عُمَرَ أَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الصَّحَابَةِ كَثْرَةَ الرِّوَايَةِ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ سُنَّةٌ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ.

✧✧ شعبہ رضی اللہ عنہ کی سند کے ہمراہ بھی یہ حدیث مروی ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن انہوں نے اس کو نقل نہیں کیا۔

376۔ حَدَّثَنَا أَبُوْ الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ حَدَّثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ عَنْ أَبِيْ حُصَيْنٍ عَنْ يَحْيٰى بْنِ وَثَّابٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّهٗ حَدَّثَ يَوْمًا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَارْتَعَدَ وَارْتَعَدَتْ ثِيَابُهٗ ثُمَّ قَالَ أَوْ نَحْوَ هٰذَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهٗ شَوَاهِدُ فِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ.

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک دن وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث بیان کر رہے تھے کہ ان کے جسم پر لرزہ طاری ہو گیا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ عبداللہ کی روایت کردہ اس حدیث کی شاہد احادیث بھی موجود ہیں۔

377۔ حَدَّثَنَا أَبُوْ الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ الْعَامِرِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَكِيْمٍ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ وَأَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَلِيْمِيُّ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ الدُّوْرِيُّ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ السَّلُوْلِيُّ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ فَذَكَرَهٗ بِنَحْوِهٖ

هٰذَا حَدِيْثٌ مِنْ أُصُوْلِ التَّوَقِّي عَنْ كَثْرَةِ الرِّوَايَةِ وَالْحَثُّ عَلَى الإِتْقَانِ فِيْهِ وَقَدْ اتَّفَقَا عَلٰى إِسْرَائِيْلَ عَنْ أَبِيْ حُصَيْنٍ وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِشَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَهُوَ أَنْ يَّحْتَجَّ بِهٖ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهٗ شَاهِدٌ اٰخَرُ عَلٰى شَرْطِهِمَا.

✧✧ مذکورہ سند کے ساتھ شریک کے حوالے سے بھی یہ روایت منقول ہے۔

❖❖ یہ حدیث کثرت روایت سے گریز کرنے کی دلیل ہے اور حدیث کے معاملہ میں پختگی حاصل کرنے پر ابھارنے کی دلیل ہے۔امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اسرائیل کی ابوحصین سے روایات نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے شریک بن عبداللہ کی روایات نقل کی ہیں اور ان کی روایات نقل کرنی بھی چاہئیں۔لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا۔اس حدیث کی اور بھی شاہد حدیث موجود ہے جو کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار پر ہے۔

378۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسَى الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، اَخْبَرَنِيْ مُسْلِمُ بْنُ اَبِيْ عِمْرَانَ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، قَالَ: مَا اَخْطَانِيْ، وَقَالَ ابْنُ عَوْنٍ، قَلَّ مَا اَخْطَانِيْ عَشِيَّةَ خَمِيْسٍ اِلَّا اَتَيْتُ فِيْهَا ابْنَ مَسْعُوْدٍ فَمَا سَمِعْتُهُ لِشَيْءٍ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِذَا كَانَ ذَاتَ عَشِيَّةٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَنَظَرْتُ اِلَيْهِ فَاِذَا هُوَ مَحْلُوْلٌ اَزْرَارُ قَمِيْصِهٖ، مُنْتَفِخٌ اَوْدَاجُهٗ، مُغْرَوْرِقَةٌ عَيْنَاهُ، ثُمَّ قَالَ: هٰكَذَا اَوْ فَوْقَ ذَا اَوْ قَرِيْبٌ مِّنْ ذَا، كَمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✧✧ حضرت عمرو بن میمون رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، میں نے جمعرات کی شب، ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہونے میں بہت کم ناغہ کیا ہے (ان کی عادت تھی کہ) صرف شام کے وقت درس دیا کرتے تھے، ایک مرتبہ میں نے درس حدیث کے دوران ان کی طرف دیکھا تو ان کا گریبان کھلا ہوا تھا، رگیں پھول رہی تھیں، آنکھیں سرخ ہو رہی تھیں، پھر انہوں نے گزشتہ حدیث جیسی یا اس سے ملتی جلتی حدیث سنائی۔

379۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الطَّنَافِسِيُّ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، وَحَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، اَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، اَنَّ سَعِيْدَ بْنَ مَنْصُوْرٍ، حَدَّثَهُمْ حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ، وَحَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ السُّوْسِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْحَرَشِيُّ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ، وَحَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْعَوْذِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيْعِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مَّعْبَدِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا قَتَادَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ: اِيَّاكُمْ وَكَثْرَةَ الْحَدِيْثِ عَنِّيْ، فَمَنْ قَالَ عَنِّيْ فَلَا يَقُوْلُ اِلَّا حَقًّا، وَمَنْ قَالَ عَلَيَّ مَا لَمْ اَقُلْ فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهٗ

مِنَ النَّارِ وَفِيْ حَدِيْثِ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ كَعْبٍ وَّغَيْرُهُ، عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ

هٰذَا حَدِيْثٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَفِيْهِ اَلْفَاظٌ صَعْبَةٌ شَدِيْدَةٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهُ شَاهِدٌ بِاِسْنَادٍ اٰخَرَ عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ

✧✧ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر پر یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: میرے متعلق بہت زیادہ حدیثیں بیان کرنے سے گریز کرو، اور جو شخص میرے حوالے سے کچھ بیان کرے، وہ صرف حق ہی بیان کرے اور جس نے میرے حوالے سے ایسی بات بیان کی جو حقیقت میں، میں نے نہیں کی، اس کو چاہئے کہ اپنا ٹھکانہ جہنم بنالے۔

✤✤ اور محمد بن عبید کی روایت میں اس کی سند ابن کعب اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم کے ذریعے ابوقتادہ تک پہنچتی ہے۔ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہے تاہم اس میں الفاظ کافی مشکل ہیں۔ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو نقل نہیں کیا۔ ایک دوسری سند کے ساتھ ابوقتادہ کے حوالے سے بھی اس کی ایک شاہد حدیث موجود ہے۔

380- حَدَّثَنِيْهِ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ هَارُوْنَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى خت، حَدَّثَنَا عَتَّابُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَوْذَبٍ، حَدَّثَنَا كَعْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قُلْتُ لِاَبِيْ قَتَادَةَ حَدِّثْنِيْ بِشَيْءٍ سَمِعْتَهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَخْشٰى اَنْ يَّزِلَّ لِسَانِيْ بِشَيْءٍ لَّمْ يَقُلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اِيَّاكُمْ وَكَثْرَةَ الْحَدِيْثِ عَنِّيْ، مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

✧✧ حضرت کعب بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: (وہ کہتے ہیں) میں نے قتادہ سے کہا: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی ارشاد سنایئے! انہوں نے جواب دیا: مجھے خدشہ ہے کہ کہیں میری زبان خطا کھا جائے اور زبان سے وہ کچھ نکل جائے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں فرمایا (انہوں نے فرمایا) میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: میرے حوالے سے زیادہ حدیثیں بیان کرنے سے گریز کرو کیونکہ جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ باندھا اس کا ٹھکانہ جہنم ہے۔

381- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَدَائِنِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَفٰى بِالْمَرْءِ اِثْمًا اَنْ يُّحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ قَدْ ذَكَرَ مُسْلِمٌ هٰذَا الْحَدِيْثَ فِيْ اَوْسَاطِ الْحِكَايَاتِ الَّتِيْ ذَكَرَهَا فِيْ خِطْبَةِ الْكِتَابِ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ رَافِعٍ وَّلَمْ يُخَرِّجْهُ مُحْتَجًّا

حدیث 380

اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 35 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي، بيروت، لبنان، 1407ھ، 1987ء، رقم الحديث: 237 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 22591 اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد، رياض، سعودي عرب، (طبع اول) 1409ھ، رقم الحديث: 26244

بِهٖ فِيْ مَوْضِعِهٖ مِنَ الْكِتَابِ، وَعَلِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَدَائِنِيُّ ثِقَةٌ وَّقَدْ نَبَّهْنَا فِيْ اَوَّلِ الْكِتَابِ عَلٰى الاحْتِجَاجِ بِزِيَادَاتِ الثِّقَاتِ، وَقَدْ اَرْسَلَهٗ جَمَاعَةٌ مِّنْ اَصْحَابِ شُعْبَةَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: آدمی کے جھوٹا ہونے کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ ہر سنی سنائی بات آگے بیان کر دے۔

❖ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے یہ حدیث خطبہ کتاب میں حکایات کے ضمن میں محمد بن رافع کے حوالے سے بیان کی ہے لیکن کتاب کے جس باب کے تحت اس کو لانا چاہئے تھا وہاں ذکر نہیں کی (اور اس کی سند میں) علی بن جعفر المدائنی ثقہ ہیں اور ہم نے کتاب کے آغاز میں ذکر کر دیا تھا کہ ثقات کی زیادتی مقبول ہوگی۔ شعبہ کے اصحاب میں سے ایک جماعت نے اس میں ارسال کیا ہے۔ (ان تمام کی سند کے ہمراہ حدیث درج ذیل ہے)

382- حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِيْ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، وَاَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَاَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَفٰى بِالْمَرْءِ اِثْمًا اَنْ يُّحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ

✧✧ آدم ابن ابی ایاس، سلمان بن حرب اور حفص بن عمر نے شعبہ کے واسطے سے خبیب بن عبدالرحمٰن کے ذریعے حفص بن عاصم کا بیان نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: آدمی کے جھوٹا ہونے کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ ہر سنی سنائی بات آگے بیان کر دے۔

383- اَخْبَرَنِيْ أَبُو عَمْرٍو إِسْمَاعِيلُ بْنُ نُجَيْدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ يُوسُفَ السَّلَمِي رَحِمَهُ اللّٰهُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَيُّوبَ أَنْبَأَ مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانِ الْعَوَقِيُّ أَنْبَأَ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَرَأَ بْنُ عَبَّاسٍ وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلَّا اللّٰهُ وَالرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ فَقَالَ كُنَّا نَحْفَظُ الْحَدِيثَ وَالْحَدِيثُ يُحْفَظُ عَنْ رَّسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى رَكِبْتُمُ الصَّعْبَ وَالذَّلُولَ هٰذَا إِسْنَادٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَهُ شَاهِدٌ اٰخَرُ مِثْلُهُ.

✧✧ حضرت ابن طاؤس رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ آیت وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيْلَهٗ إِلَّا اللّٰهُ وَالرَّاسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ (آل عمران) پڑھی پھر فرمایا: ہم رسول اللہ ﷺ کی احادیث یاد کیا کرتے تھے اور رسول اللہ ﷺ کی احادیث یاد کی جاتی رہیں گی۔

❖ یہ اسناد شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق "صحیح" ہے، اس کی ایک اور بھی شاہد حدیث موجود ہے (جو کہ درج ذیل ہے)

حدیث 381:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4992 اخرجه ابوعبدالله القضاعی فی "مسنده" طبع موسسة الرسالة بيروت لبنان 1407ھ / 1986ء رقم الحديث: 1416

384- حَدَّثَنَاهُ أَبُو عَلِيٍّ حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ أَنْبَأَ أَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مَعْرُوْفٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حُجَيْرٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنَّا نُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا لَمْ يُكْذَبْ عَلَيْهِ فَلَمَّا رَكِبَ النَّاسُ الصَّعْبَ وَالذَّلُوْلَ تَرَكْنَا الْحَدِيْثَ عَنْهُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَسَلَّمَ.

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جب تک لوگ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے جھوٹ نہیں بولتے تھے تب تک ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث بیان کیا کرتے تھے پھر لوگوں نے سچ اور جھوٹ کو ملانا شروع کر دیا تو ہم نے آپ کی احادیث بیان کرنا بھی چھوڑ دیں۔

385- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ يَحْيَى بْنَ مَيْمُوْنِ الْحَضْرَمِيَّ، اَخْبَرَهُ عَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْغَافِقِيِّ، قَالَ: اٰخِرُ مَا عَهِدَ اِلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِكِتَابِ اللّٰهِ، وَسَتَرْجِعُوْنَ اِلٰى قَوْمٍ يُحِبُّوْنَ الْحَدِيْثَ عَنِّيْ، اَوْ كَلِمَةٌ تُشْبِهُهَا فَمَنْ حَفِظَ شَيْئًا فَلْيُحَدِّثْ بِهٖ، وَمَنْ قَالَ عَلَيَّ مَا لَمْ اَقُلْ فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ رُوَاةُ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ اٰخِرِهِمْ يُحْتَجُّ بِهِمْ، فَاَمَّا اَبُوْ مُوْسٰى مَالِكُ بْنُ عُبَادَةَ الْغَافِقِيُّ فَاِنَّهُ صَحَابِيٌّ سَكَنَ مِصْرَ، وَهٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ جُمْلَةِ مَا خَرَّجْنَاهُ عَنِ الصَّحَابِيِّ اِذَا صَحَّ اِلَيْهِ الطَّرِيْقُ، عَلٰى اَنَّ وَدَاعَةَ الْجُهَنِيَّ، قَدْ رَوٰى اَيْضًا عَنْ مَّالِكِ بْنِ عُبَادَةَ الْغَافِقِيِّ، وَهٰذَا الْحَدِيْثُ قَدْ جَمَعَ لَفْظَتَيْنِ غَرِيْبَتَيْنِ: اِحْدَاهُمَا قَوْلُهُ: سَتَرْجِعُوْنَ اِلٰى قَوْمٍ يُحِبُّوْنَ الْحَدِيْثَ عَنِّيْ وَالْاُخْرٰى: فَمَنْ حَفِظَ شَيْئًا فَلْيُحَدِّثْ بِهٖ وَقَدْ ذَهَبَ جَمَاعَةٌ مِّنْ اَئِمَّةِ الْاِسْلَامِ اِلٰى اَنْ لَيْسَ لِلْمُحَدِّثِ اَنْ يُحَدِّثَ بِمَا لَا يَحْفَظُهُ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوموسیٰ غافقی رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے جو آخری عہد لیا وہ یہ تھا ''تم کتاب اللہ کی پیروی کو اپنے اوپر لازم کر لو اور عنقریب تمہاری ملاقات ایک ایسی قوم سے ہوگی جو میری احادیث سے بہت زیادہ محبت کرتے ہوں گے (یا شاید اسی سے ملتا جلتا کوئی دوسرا جملہ بولا) چنانچہ جس شخص کو میرے حوالے سے جو کچھ معلوم ہو، اس کو چاہئے کہ وہ آگے بیان کر دے اور جس نے میرے حوالے سے ایسی بات بیان کی، جو میں نے نہیں کہی، وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا لے۔

❖ اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات محدثین کرام رحمۃ اللہ علیہم عموماً نقل کرتے ہیں اور اس کی سند میں ابوموسیٰ مالک غافقی، صحابی رسول ہیں، مصر کے باشندے ہیں اور یہ حدیث بھی ہم نے اس لئے نقل کر دی ہے کہ یہ روایت صحابی سے منقول ہے اور ان تک طریق ''صحیح'' ہے، مزید برآں یہ کہ ''وداعہ جہنی'' نے بھی ''مالک بن عبادہ الغافقی'' سے روایت کی ہے، اس حدیث میں دو غیر معروف لفظ بھی ہیں (۱): سَتَرْجِعُوْنَ اِلٰى قَوْمٍ يُحِبُّوْنَ الْحَدِيْثَ عَنِّيْ (2): فَمَنْ حَفِظَ شَيْئًا فَلْيُحَدِّثْ بِهٖ (حالانکہ

حدیث 385

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 18966

بظاہراس بات کی کوئی ضرورت نہ تھی کیونکہ) ائمہ حدیث کی جماعت کا یہ فیصلہ ہے، محدث صرف وہی احادیث بیان کرے، جواس کو یاد ہے۔اوراس حدیث کوامام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اورامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے روایت نہیں کیا۔

386۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَنْبَاَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ مَزْيَدٍ الْبَيْرُوتِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُورَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، وَاللَّفْظُ لَهُ، اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ جَابِرٍ، حَدَّثَنِيْ بُسْرُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنِيْ اَبُوْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيُّ، اَنَّهُ سَمِعَ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ، يَقُوْلُ: كَانَ النَّاسُ يَسْاَلُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَيْرِ، وَكُنْتُ اَسْاَلُهُ عَنِ الشَّرِّ مَخَافَةَ اَنْ يُدْرِكَنِيْ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّا كُنَّا فِيْ جَاهِلِيَّةٍ وَّشَرٍّ، فَجَآءَ اللّٰهُ بِهٰذَا الْخَيْرِ، فَهَلْ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَفِيْهِ دَخَنٌ، قُلْتُ: وَمَا دَخَنُهُ؟ قَالَ: قَوْمٌ يَهْدُوْنَ بِغَيْرِ هَدْيِي يُعْرَفُ مِنْهُمْ وَيُنْكَرُ، قُلْتُ: وَهَلْ بَعْدَ ذٰلِكَ الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ؟ قَالَ: نَعَمْ، دُعَاةٌ عَلٰى اَبْوَابِ جَهَنَّمَ مَنْ اَجَابَهُمْ اِلَيْهِ قَذَفُوْهُ فِيْهَا، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، صِفْهُمْ لَنَا، قَالَ: هُمْ مِنْ جِلْدَتِنَا وَيَتَكَلَّمُوْنَ بِاَلْسِنَتِنَا، قُلْتُ: فَمَا تَاْمُرُنِيْ اِنْ اَدْرَكْتُ ذٰلِكَ؟ قَالَ: تَلْزَمُ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِيْنَ وَاِمَامَهُمْ، قُلْتُ: فَاِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُمْ اِمَامٌ وَّلَا جَمَاعَةٌ؟ قَالَ: فَاعْتَزِلْ تِلْكَ الْفِرَقَ كُلَّهَا، وَلَوْ اَنْ تَعَضَّ بِاَصْلِ شَجَرَةٍ حَتّٰى يُدْرِكَكَ الْمَوْتُ وَاَنْتَ كَذٰلِكَ

هٰذَا حَدِيْثٌ مُخَرَّجٌ فِي الصَّحِيْحَيْنِ هٰكَذَا، وَقَدْ خَرَّجَاهُ اَيْضًا مُخْتَصَرًا مِّنْ حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِيْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ وَاِنَّمَا خَرَّجْتُهُ فِيْ كِتَابِ الْعِلْمِ لِاَنِّيْ لَمْ اَجِدْ لِلشَّيْخَيْنِ حَدِيْثًا يَّدُلُّ عَلٰى اَنَّ الْاِجْمَاعَ حُجَّةٌ غَيْرَ هٰذَا، وَقَدْ خَرَّجْتُ فِيْ هٰذِهِ الْمَوَاضِعِ مِنْ اَحَادِيْثِ هٰذَا الْبَابِ مَا لَمْ يُخَرِّجَاهُ،

الْحَدِيْثُ الْاَوَّلُ مِنْهَا

✧✧ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ''خیر'' کے بارے میں سوالات کیا کرتے تھے اور میں آپ سے ''شر'' کے بارے میں پوچھا کرتا تھا (تا کہ مجھے اس کی پہچان ہو جائے)اور میں اس میں مبتلا ہونے سے بچ جاؤں۔ چنانچہ میں نے ایک دفعہ عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ! ہم نے جاہلیت اور ''شر'' کا زمانہ گزارا ہے،اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے ہمیں دین

حدیث 386:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحیحه" (طبع ثالث) دار ابن کثیر، یمامه، بیروت، لبنان، 1407ھ 1987ء، رقم الحدیث: 3411 اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 1847 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحدیث: 23438 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، 1414ھ/ 1993ء، رقم الحدیث: 117 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه، بیروت، لبنان، 1411ھ/ 1991ء، رقم الحدیث: 8032 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 442

کی ہدایت عطا فرمائی، کیا اس کے بعد کوئی شر بھی آئے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں۔ اور اس شر میں لوگوں کے ایمان کمزور ہو جائیں گے۔ میں نے عرض کی: حضور! لوگوں کے ایمان کون کمزور کرے گا؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: ایسے لوگ ہونگے جو میری تعلیمات سے ہٹ کر لوگوں کی راہنمائی کریں گے۔ ان میں کئی جان پہچان والے ہوں گے اور کئی اجنبی۔ میں نے عرض کی: کیا اس خیر کے بعد بھی کوئی شر ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں کچھ واعظین جہنم کے دروازے پر کھڑے لوگوں کو بلا رہے ہوں گے، جو ان کی دعوت قبول کرلے گا، اس کو جہنم میں ڈلوا دیں گے۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! ان لوگوں کی کچھ علامات بتا دیجئے! آپ ﷺ نے فرمایا: وہ ہمارے ہی طرح کے لوگ ہونگے، ہماری زبان بولیں گے۔ میں نے عرض کی: اگر اس فتنہ کو میں پاؤں تو آپ کا میرے لئے کیا حکم ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مسلمانوں کی جماعت اور ان کے امام کے ساتھ ساتھ رہنا۔ میں نے عرض کی: اگر مسلمانوں کی کوئی بڑی جماعت نہ رہے اور نہ ان کا کوئی امام ہو تو میں کیا کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: پھر ان تمام فرقوں سے الگ رہنا حتیٰ کہ کسی درخت کے تنے سے لگ کر بیٹھے رہنا اور اسی حالت میں تو اپنی زندگی گزار دینا۔

❖❖ یہ حدیث اسی انداز میں صحیحین میں موجود ہے، یونہی امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے یہ حدیث زہری کی سند کے ہمراہ ابوادریس خولانی کے حوالے سے مختصر طور پر نقل کی ہے اور میں نے یہ حدیث کتاب العلم میں اس لئے نقل کی ہے کہ مجھے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی اس کے علاوہ اور کوئی حدیث نہیں ملی جو اجماع کی حجیت پر دلیل کے طور پر پیش کی جا سکے۔ علاوہ ازیں میں نے اس مقام پر کچھ دیگر احادیث بھی نقل کی ہیں جن کو شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے روایت نہیں کیا ہے۔

ان میں سے پہلی حدیث یہ ہے۔

387 — حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْدَانَ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ هِلَالٍ الْبُوزَنْجِرْدِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيْقٍ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْفَقِيْهُ الْبُخَارِيُّ بِنَيْسَابُوْرَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، اَنْبَاَنَا عَبْدَانُ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصُّوفِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عِيْسٰى، اَنْبَاَنَا

حدیث 387:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 9223 اخرجه ابو عيسٰى الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 2165 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 4576 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 9221 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي دارعمار بيروت لبنان/عمان 1405ھ 1985ء رقم الحديث: 245 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبوية مدينه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحديث: 607 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ھ رقم الحديث: 2929 اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه مكتبه المتنبي بيروت قاهره رقم الحديث: 32

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، وَحَدَّثَنِي اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْقَارِءُ، وَاللَّفْظُ لَهُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، اَنْبَاَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُوْقَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: خَطَبَنَا عُمَرُ بِالْجَابِيَةِ، فَقَالَ: اِنِّيْ قُمْتُ فِيْكُمْ كَمَقَامِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْنَا، فَقَالَ: اُوْصِيْكُمْ بِاَصْحَابِيْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ يَفْشُو الْكَذِبُ حَتّٰى يَحْلِفَ الرَّجُلُ وَلَا يُسْتَحْلَفُ، وَيَشْهَدَ وَلَا يُسْتَشْهَدُ، فَمَنْ اَرَادَ مِنْكُمْ بُحْبُوحَةَ الْجَنَّةِ فَلْيَلْزَمِ الْجَمَاعَةَ، فَاِنَّ الشَّيْطَانَ مَعَ الْوَاحِدِ وَهُوَ مِنَ الاثْنَيْنِ اَبْعَدُ، اَلا لَا يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَاَةٍ اِلَّا كَانَ ثَالِثَهُمَا الشَّيْطَانُ قَالَهَا ثَلَاثًا وَعَلَيْكُمْ بِالْجَمَاعَةِ، فَاِنَّ الشَّيْطَانَ مَعَ الْوَاحِدِ وَهُوَ مِنَ الاثْنَيْنِ اَبْعَدُ، اَلا وَمَنْ سَرَّتْهُ حَسَنَتُهُ وَسَاءَتْهُ سَيِّئَتُهُ فَهُوَ مُؤْمِنٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، فَاِنِّيْ لَا اَعْلَمُ خِلَافًا بَيْنَ اَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ فِيْ اِقَامَةِ هٰذَا الاِسْنَادِ عَنْهُ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ .وَلَهُ شَاهِدَانِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوْقَةَ قَدْ يُسْتَشْهَدُ بِمِثْلِهِمَا فِيْ مِثْلِ هٰذِهِ الْمَوَاضِعِ اَمَّا الشَّاهِدُ الْاَوَّلُ.

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے جابیہ کے مقام پر خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: میں آج تمہارے درمیان اس مقام پر کھڑا ہوں، جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو کر خطبہ دیا کرتے تھے (پھر انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد سنایا) میں تمہیں اپنے اصحاب کی اتباع کرنے کی تلقین کرتا ہوں، پھر ان لوگوں کی جوان کے بعد آئیں گے، پھر ان لوگوں کی جوان کے بعد آئیں گے، پھر ان کے بعد جھوٹ عام ہو جائے گا (اور حالت یہ ہو جائے گی کہ) بغیر قسم کا مطالبہ کئے لوگ قسمیں کھائیں گے، بغیر گواہی مانگے، گواہی دیں گے، جو شخص جنت کا طلبگار ہو، اس پر لازم ہے کہ مسلمانوں کی جماعت کے ساتھ ساتھ رہے کیونکہ اکیلے شخص کے ہمراہ شیطان ہوتا ہے جبکہ دو سے وہ دور بھاگتا ہے۔ خبردار! جب کوئی مرد کسی عورت کے ساتھ تنہائی میں ہوتا ہے تو ان کے ساتھ تیسرا شیطان ہوتا ہے۔ یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ دہرائی "تم پر جماعت کے ہمراہ رہنا ضروری ہے" کیونکہ اکیلے شخص کے ساتھ شیطان ہوتا ہے جبکہ زیادہ سے وہ دور بھاگتا ہے اور جس شخص کو نیکی پر خوشی محسوس ہو اور گناہ پر تشویش ہو وہ مومن ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور عبداللہ بن مبارک کے اصحاب میں اس سند کو ان کے ساتھ قائم کرنے میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ اس کی دو شاہد حدیثیں بھی موجود ہیں جو کہ محمد بن سوقہ سے مروی ہیں اور اس طرح کے مقامات پر محمد بن سوقہ کی احادیث سے استشہاد کیا جاتا ہے۔

ان میں سے پہلی شاہد حدیث یہ ہے۔

388۔ فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ اَحْمَدَ اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ الْهَاشِمِيُّ بِالْكُوْفَةِ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَلَوِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الْمُزَنِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوْقَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَطَبَ بِالْجَابِيَةِ، فَقَالَ: قَامَ فِيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَامِي فِيكُمْ، فَقَالَ: اسْتَوْصُوا بِاَصْحَابِي خَيْرًا، فَذَكَرَ الْحَدِيثَ بِنَحْوِهِ وَاَمَّا الشَّاهِدُ الثَّانِي

دوسری شاہد حدیث یہ ہے۔

389۔ فَحَدَّثَنَاهُ اَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ سُلَيْمَانَ الزَّاهِدُ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سِنَانِ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، وَاَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْبَجَلِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُوقَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: خَطَبَنَا عُمَرُ بِالْجَابِيَةِ، فَقَالَ: اِنِّي قُمْتُ فِيكُمْ كَمَقَامِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِينَا، فَذَكَرَ الْحَدِيثَ بِنَحْوِهِ فَاَمَّا الْخِلَافُ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ فَاِنَّهُ مَجْمُوعٌ لِّي فِي جُزْءٍ، وَالَّذِي عِنْدِي اَنَّ الْاِمَامَيْنِ يَرْوِيَانِ هٰذَا الْحَدِيثَ مِنْ ذٰلِكَ الْخِلَافِ بَيْنَ الْاَئِمَّةِ عَلَى عَبْدِ الْمَلِكِ فِيهِ، وَتِلْكَ الْاَسَانِيدُ لَا تُعَلَّلُ بِهٰذِهِ الْاَسَانِيدِ الْخَارِجَةِ مِنْهَا وَقَدْ رَوَيْنَاهُ بِاِسْنَادٍ صَحِيحٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

✤✤ اس حدیث کے حوالے سے ''عبدالملک بن عمیر'' کا جو اختلاف ہے وہ صرف ایک حصے میں ہے اور میرا مؤقف یہ ہے کہ عبدالملک کے اختلاف کے باوجود شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو نقل کیا ہے اور یہ اسانید ان سندوں کی وجہ سے معلل قرار نہیں دی جا سکتیں اور یہ حدیث ہم نے سند ''صحیح'' کے ساتھ سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے ذریعے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی نقل کی ہے۔ (وہ حدیث درج ذیل ہے)

390۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُو بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنِي اَبُو سَعِيدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَحْمَدَ الْمُؤَذِّنُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ هَارُونَ الْقَزَّازُ بِمَكَّةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرِ بْنِ مِسْمَارٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: وَقَفَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ بِالْجَابِيَةِ، فَقَالَ: رَحِمَ اللّٰهُ رَجُلًا سَمِعَ مَقَالَتِي فَوَعَاهَا، اِنِّي رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَفَ فِينَا كَمَقَامِي فِيكُمْ، ثُمَّ قَالَ: احْفَظُونِي فِي اَصْحَابِي، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ ثَلَاثًا ثُمَّ يَكْثُرُ الْهَرْجُ، وَيَظْهَرُ الْكَذِبُ، وَيَشْهَدُ الرَّجُلُ وَلَا يُسْتَشْهَدُ، وَيَحْلِفُ وَلَا يُسْتَحْلَفُ، مَنْ اَحَبَّ مِنْكُمْ بُحْبُوحَةَ الْجَنَّةِ فَعَلَيْهِ بِالْجَمَاعَةِ، فَاِنَّ الشَّيْطَانَ مَعَ الْوَاحِدِ، وَهُوَ مِنَ الِاثْنَيْنِ اَبْعَدُ، اَلَا لَا يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَاَةٍ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ ثَالِثُهُمَا، مَنْ سَرَّتْهُ حَسَنَتُهُ وَسَاءَتْهُ سَيِّئَتُهُ فَهُوَ مُؤْمِنٌ الْحَدِيثُ الثَّانِي فِيمَا احْتَجَّ بِهِ الْعُلَمَاءُ اَنَّ الْاِجْمَاعَ حُجَّةٌ حَدِيثٌ مُخْتَلَفٌ فِيهِ عَنِ الْمُعْتَمِرِ بْنِ سُلَيْمَانَ مِنْ سَبْعَةِ اَوْجُهٍ: فَالْوَجْهُ الْاَوَّلُ مِنْهَا

✤✤ اور دوسری حدیث جس سے علماء اسلام اجماع کی حجیت پر دلیل لاتے ہیں اس کے حوالے سے معتمر بن سلیمان پر سات جہات سے اختلاف ہے۔

پہلا اختلاف:

391۔ مَا حَدَّثَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ تَمِيمٍ الْاَصَمُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

شَاكِرٍ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ الْقَرَنِيُّ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَجْمَعُ اللّٰهُ هٰذِهِ الْاُمَّةَ عَلَى الضَّلَالَةِ اَبَدًا، وَقَالَ: يَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ فَاتَّبِعُوا السَّوَادَ الْاَعْظَمَ، فَاِنَّهُ مَنْ شَذَّ شَذَّ فِي النَّارِ خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ الْقَرَنِيُّ هٰذَا شَيْخٌ قَدِيْمٌ لِّلْبَغْدَادِيِّيْنَ، وَلَوْ حَفِظَ هٰذَا الْحَدِيْثَ لَحَكَمْنَا لَهُ بِالصِّحَّةِ، وَالْخِلَافُ الثَّانِيْ فِيْهِ عَنِ الْمُعْتَمِرِ

✧✧ خالد بن یزید قرنی، معتمر سے وہ اپنے والد سے وہ عبداللہ بن دینار اور وہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس امت کو اللہ تعالیٰ کبھی گمراہی پر جمع نہیں کرے گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مزید فرمایا: اللہ تعالیٰ کی حمایت جماعت کے ساتھ ہے، اس لئے بڑی جماعت کی پیروی کرو کیونکہ جو ان سے الگ رہے گا جہنم میں جائے گا۔

❖ (معتمر سے روایت کرنے والے) خالد بن یزید القرنی اہل بغداد کے پرانے شیخ ہیں، اگر ان کو یہ حدیث یاد ہوتی تو لازماً اس کے صحیح ہونے کا فیصلہ کرتے۔

اس حدیث کے سلسلے میں معتمر پر دوسرا اختلاف:

392۔ مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنِيْ اَبُوْ سُفْيَانَ الْمَدِيْنِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَجْمَعُ اللّٰهُ هٰذِهِ الْاُمَّةَ عَلَى الضَّلَالَةِ اَبَدًا، وَيَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ فَمَنْ شَذَّ شَذَّ فِي النَّارِ وَالْخِلَافُ الثَّالِثُ فِيْهِ عَلَى الْمُعْتَمِرِ

❖ اس حدیث میں معتمر نے اپنے والد کے بجائے ابوسفیان کی سند بیان کی ہے۔

تیسرا اختلاف:

393۔ مَا حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ، حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ الْمَدَنِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَجْمَعُ اللّٰهُ اُمَّتِيْ عَلَى الضَّلَالَةِ اَبَدًا وَالْخِلَافُ الرَّابِعُ عَلَى الْمُعْتَمِرِ فِيْهِ

❖ اس کی سند میں معتمر نے اپنے بعد "سلیمان المدنی" کا نام لیا ہے۔

چوتھا اختلاف:

394۔ مَا اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعُمَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الدِّرْهَمِيُّ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سُفْيَانَ، اَوْ اَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَنْ يَّجْمَعَ اللّٰهُ اُمَّتِيْ عَلٰى ضَلَالَةٍ اَبَدًا، وَيَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ هٰكَذَا

حدیث 391:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2167

وَرَفَعَ يَدَيْهِ، فَإِنَّهُ مَنْ شَذَّ شَذَّ فِي النَّارِ، قَالَ الْإِمَامُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ: لَسْتُ اَعْرِفُ سُفْيَانَ وَاَبَا سُفْيَانَ هٰذَا وَالْخِلَافُ الْخَامِسُ عَلَى الْمُعْتَمِرِ فِيْهِ

❖ اس حدیث میں معتمر کو اپنی سند میں شک ہے کہ انہوں نے سفیان سے روایت کی ہے یا ابوسفیان سے۔امام ابوبکر محمد بن اسحاق کہتے ہیں: میں اس "سفیان" اور "ابوسفیان" کے بارے میں کچھ نہیں جانتا۔

پانچواں اختلاف:

395۔ مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْحُسَيْنِ عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُكْرَمٍ الْبَزَّارُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ، عَنْ سَلْمِ بْنِ اَبِي الذَّيَّالِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَجْمَعُ اللّٰهُ هٰذِهِ الْاُمَّةَ، اَوْ قَالَ اُمَّتِيْ عَلَى الضَّلَالَةِ اَبَدًا، وَاتَّبِعُوا السَّوَادَ الْاَعْظَمَ فَاِنَّهُ مَنْ شَذَّ شَذَّ فِي النَّارِ، قَالَ لَنَا عُمَرُ بْنُ جَعْفَرٍ الْبَصْرِيُّ: هٰكَذَا فِيْ كِتَابِ اَبِي الْحُسَيْنِ، عَنْ سَلْمِ بْنِ اَبِي الذَّيَّالِ، قَالَ الْحَاكِمُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَهٰذَا لَوْ كَانَ مَحْفُوْظًا مِّنَ الرَّاوِيْ لَكَانَ مِنْ شَرْطِ الصَّحِيْحِ، وَالْخِلَافُ السَّادِسُ عَلَى الْمُعْتَمِرِ فِيْهِ

❖ اس کو معتمر نے "مسلم بن ابی الذیال" کے واسطے سے "عبداللہ بن دینار" سے روایت کیا ہے۔

❖ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) ہمیں عمر بن جعفر بصری نے بتایا کہ ابوالحسین کی سلم بن ابی الزیال سے روایت اسی طرح ہے، امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: یہ اگر کسی راوی کے اعتبار سے محفوظ ہے تو یہ "صحیح" کے معیار کی حدیث ہوگی۔

چھٹا اختلاف:

396۔ مَا اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا سَهْلُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عُثْمَانَ الْوَاسِطِيُّ مِنْ كِتَابِهِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيْبِ بْنِ عَرَبِيٍّ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: قَالَ اَبُوْ سُفْيَانَ سُلَيْمَانُ بْنُ سُفْيَانَ الْمَدَنِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا يَجْمَعُ اللّٰهُ اُمَّتِيْ عَلٰى ضَلَالَةٍ اَبَدًا، وَيَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ هٰكَذَا، فَاتَّبِعُوا السَّوَادَ الْاَعْظَمَ، فَاِنَّهُ مَنْ شَذَّ شَذَّ فِي النَّارِ وَالْخِلَافُ السَّابِعُ عَلَى الْمُعْتَمِرِ فِيْهِ

❖ اس روایت میں معتمر نے "ابوسفیان سلیمان بن سفیان المدنی" کا نام لیا ہے۔

ساتواں اختلاف:

397۔ مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مَنْصُوْرٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ يُوْنُسَ [illegible]، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَدَنِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَجْمَعُ اُمَّتِيْ، اَوْ قَالَ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى ضَلَالَةٍ اَبَدًا، وَيَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ، وَقَالَ بِيَدِهِ يَبْسُطُهَا: اِنَّهُ مَنْ شَذَّ شَذَّ فِي النَّارِ،

جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، وَمُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَآءِ وَمَا يَنُوبُهُ مِنَ الدَّوَابِّ وَالسِّبَاعِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كَانَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يَحْمِلِ الْخَبَثَ وَقَدْ صَحَّ وَثَبَتَ بِهٰذِهِ الرِّوَايَةِ صِحَّةُ الْحَدِيْثِ وَظَهَرَ اَنَّ اَبَا اُسَامَةَ سَاقَ الْحَدِيْثَ، عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ كَثِيْرٍ عَنْهُمَا جَمِيْعًا، فَاِنَّ شُعَيْبَ بْنَ اَيُّوْبَ الصَّرِيْفَيْنِيُّ ثِقَةٌ مَّامُوْنٌ، وَكَذٰلِكَ الطَّرِيْقُ اِلَيْهِ، وَقَدْ تَابَعَ الْوَلِيْدَ بْنَ كَثِيْرٍ عَلٰى رِوَايَتِهٖ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ يَسَارٍ الْقُرَشِيُّ

✧✧ یہی روایت ولید بن کثیر نے محمد بن جعفر بن زبیر اور محمد بن عباد بن جعفر دونوں کے حوالے سے عبداللہ بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے۔

❖❖ اس روایت سے حدیث کی صحت ثابت ہوگئی اور یہ بات واضح ہوگئی کہ ابواسامہ نے ولید بن کثیر کے ذریعے دونوں سے روایات نقل کی ہیں، اس سند میں شعیب بن ایوب الصریفینی ثقہ ہیں، مامون ہیں، اوران تک طریق بھی صحیح ہے اور یہ حدیث محمد بن جعفر بن زبیر سے روایت کرنے میں ولید بن کثیر کی محمد بن اسحاق بن یسار القرشی نے متابعت کی ہے۔

(جیسا کہ درج ذیل حدیث سے واضح ہے)

462۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ خَلِّيٍ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيْ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيْهِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسُئِلَ عَنِ الْمَآءِ يَكُوْنُ بِاَرْضِ الْفَلَاةِ وَمَا يَنُوبُهُ مِنَ الدَّوَابِّ وَالسِّبَاعِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كَانَ الْمَاءُ قَدْرَ قُلَّتَيْنِ لَمْ يَحْمِلِ الْخَبَثَ وَهٰكَذَا رَوَاهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، وَزَائِدَةُ بْنُ قُدَامَةَ، وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، وَيَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، وَسَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ اَخُو حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ، وَاَبُوْ مُعَاوِيَةَ، وَعَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَدْ حَدَّثَ بِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَعَبْدُ اللّٰهِ جَمِيْعًا بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْتُهُ

❖❖ اس حدیث کو درج ذیل محدثین کرام رحمۃ اللہ علیہم نے بھی عبداللہ بن عبیداللہ بن عبداللہ اور عبداللہ سے روایت کیا ہے جس سے اس کی صحت مزید پختہ ہو جاتی ہے۔سفیان الثوری، زائدہ بن قدامہ، حماد بن سلمہ، ابراہیم بن سعد، عبداللہ بن المبارک، یزید بن زریع، حماد بن زید کے بھائی سعید بن زید، ابومعاویہ اور عبدہ بن سلیمان رحمہم اللہ تعالیٰ نے بھی اس کو روایت کیا ہے۔

463۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الْفَقِيْهُ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَا: اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، وَهُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ الْمُنْذِرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بُسْتَانًا فِيْهِ مَقَرُ مَاءٍ فِيْهِ جِلْدُ بَعِيْرٍ مَيِّتٍ فَتَوَضَّاَ مِنْهُ، فَقُلْتُ: اَتَتَوَضَّاُ مِنْهُ وَفِيْهِ جِلْدُ بَعِيْرٍ مَيِّتٍ؟ فَحَدَّثَنِيْ عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِذَا بَلَغَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا لَّمْ

يُنَجِّسْهُ شَيْءٌ" هٰكَذَا حَدَّثَنَا عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سُفْيَانَ، وَقَدْ رَوَاهُ عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَغَيْرُهُ مِنَ الْحُفَّاظِ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ اَوْ ثَلاثًا

✧✧ عاصم بن المنذر بن الزبیر کا بیان ہے میں ایک دفعہ عبید اللہ بن عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ہمراہ ایک باغ میں گیا وہاں پانی کھڑا ہوا تھا، جس میں مرے ہوئے جانوروں کی کھالیں پڑی ہوئی تھیں، عبید اللہ نے اس جوہڑ سے وضو کرلیا، میں نے کہا: اس جوہڑ میں مردہ جانوروں کی کھالیں پڑی ہوئی ہیں اور آپ نے یہاں سے وضو کرلیا؟ تو انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سنایا: جب پانی دو یا تین مشکوں تک پہنچ جائے تو کوئی چیز اس کو ناپاک نہیں کر سکتی۔

❖❖ یہ حدیث حسن بن سفیان سے بھی اسی طرح منقول ہے اور عفان بن مسلم اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے حماد بن سلمہ کی روایت والے لفظوں میں حدیث بیان کی ہے اور اس میں (اوثلاثا) کے الفاظ نہیں ہیں۔

464۔ اَخْبَرَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ السِّجْزِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا بَيَانٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، حَدَّثَنِيْ عِيَاضٌ، قَالَ: سَاَلْتُ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، فَقُلْتُ: اَحَدُنَا يُصَلِّيْ فَلَا يَدْرِيْ كَمْ صَلّٰى، قَالَ: فَقَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فَلَمْ يَدْرِ كَمْ صَلّٰى، فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ وَّاِذَا جَاءَ اَحَدَكُمُ الشَّيْطَانُ، فَقَالَ: اِنَّكَ اَحْدَثْتَ فَلْيَقُلْ كَذَبْتَ اِلَّا مَا وَجَدَ رِيحًا بِاَنْفِهِ اَوْ سَمِعَ صَوْتًا بِاُذُنِهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، فَاِنَّ عِيَاضًا هٰذَا هُوَ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ سَرْحٍ، وَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِهٖ وَلَمْ يُخَرِّجَا هٰذَا الْحَدِيْثَ لِخِلَافٍ مِّنْ اَبَانَ بْنِ يَزِيْدَ الْعَطَّارِ فِيْهِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، فَاِنَّهٗ لَمْ يَحْفَظْهُ، فَقَالَ: عَنْ يَحْيٰى، عَنْ هِلَالِ بْنِ عِيَاضٍ اَوْ عِيَاضِ بْنِ هِلَالٍ، وَهٰذَا لَا يُعَلِّلُهُ الْاِجْمَاعُ، يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَلٰى اِقَامَةِ هٰذَا الْاِسْنَادِ عَنْهُ، وَمُتَابَعَةِ حَرْبِ بْنِ شَدَّادٍ فِيْهِ كَذٰلِكَ رَوَاهُ هِشَامُ بْنُ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الدَّسْتُوَائِيُّ، وَعَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، وَمَعْمَرُ بْنُ رَاشِدٍ، وَغَيْرُهُمْ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، اَمَا حَدِيْثُ هِشَامٍ،

✧✧ حضرت عیاض رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے ابوسعید سے ایک مسئلہ پوچھا: اگر کوئی نماز پڑھتے ہوئے یہ بھول جائے کہ کتنی رکعتیں پڑھ چکا ہے (تو وہ کیا کرے؟) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد سنایا: جب کوئی نماز پڑھتے ہوئے بھول جائے کہ کتنی رکعتیں پڑھی ہیں تو آخر میں دو سجدے کرلے اور جب کبھی شیطان یہ وسوسہ ڈالے کہ تمہارا وضو ٹوٹ گیا ہے تو جب تک اس کی بو نہ سونگھ لو یا اس کی آواز نہ سن لو شیطان کو جھٹلاتے رہو (اور یہی سمجھو کہ وضو قائم ہے)

❖❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور اس سند میں موجود "عیاض" عبد اللہ بن سعد بن سرح کے بیٹے ہیں اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس کی روایات نقل کی ہیں اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے یہ حدیث اس لئے ترک کر دی ہے کہ اس میں ابان بن یزید العطار کا یحییٰ بن ابی کثیر سے اختلاف ہے، لگتا ہے کہ ان کو حدیث کی سند صحیح طور پر یاد نہیں کیونکہ انہوں نے سند یوں بیان کی ہے عن یحییٰ عن ہلال بن

عیاض رضی اللہ عنہ او عیاض بن ہلال رضی اللہ عنہ۔ اور اس طرح کا اختلاف حدیث کو معلل نہیں بناتا کیونکہ یحییٰ بن ابوکثیر کی اس حدیث کی تمام اسنادیں اسی سے مروی ہیں۔ یونہی حرب بن شداد کی اس میں متابعت بھی موجود ہے، یونہی ہشام بن ابی عبداللہ الدستوائی، علی بن مبارک، معمر بن راشد اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے یہ حدیث یحییٰ بن ابی کثیر سے روایت کی ہے۔

ہشام کی حدیث درج ذیل ہے۔

465- فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَّحْيٰى، عَنْ عِيَاضٍ، اَنَّهُ سَاَلَ اَبَا سَعِيْدِ الْخُدْرِيَّ فَذَكَرَ بِنَحْوِهٖ، وَاَمَّا حَدِيْثُ عَلِيِّ بْنِ الْمُبَارَكِ

علی بن مبارک کی حدیث درج ذیل ہے۔

466- فَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَمْدُوْنَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ جُنَادَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ عِيَاضٍ، فَذَكَرَ بِنَحْوِهٖ وَاَمَّا حَدِيْثُ مَعْمَرٍ

467- فَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ يَّحْيٰى، عَنْ عِيَاضٍ، فَذَكَرَ بِنَحْوِهٖ، وَقَدِ اتَّفَقَ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ عَلٰى اِخْرَاجِ اَحَادِيْثَ مُتَفَرِّقَةٍ فِي الْمُسْنَدَيْنِ الصَّحِيْحَيْنِ يُسْتَدَلُّ بِهَا عَلٰى اَنَّ اللَّمْسَ مَا دُوْنَ الْجِمَاعِ مِنْهَا، حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ فَالْيَدُ زِنَاهَا اللَّمْسُ، وَحَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ لَعَلَّكَ مَسِسْتَ، وَحَدِيْثُ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ، وَقَدْ بَقِيَ عَلَيْهِمَا اَحَادِيْثُ صَحِيْحَةٌ فِي التَّفْسِيْرِ وَغَيْرِهٖ مِنْهَا

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اپنی مسند میں ایسی متفرق احادیث نقل کی ہیں جو اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ "لمس" سے مراد "جماع" نہیں ہے۔ ان میں سے ایک حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے (جس میں ہے کہ) ہاتھ کا زنا "لمس" ہے اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے جس میں لَعَلَّكَ مَسِسْتَ کے الفاظ ہیں اور تیسری عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی وہ روایت جس میں اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ کے الفاظ ہیں۔ اب کچھ صحیح احادیث تفسیر کے حوالے سے باقی ہیں جن کو یہاں ذکر کرنا فائدہ سے خالی نہیں ہوگا۔ ان میں سے ایک حدیث تو یہ ہے۔

468- مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِئٍ، وَاَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ التَّاجِرُ، قَالَا: حَدَّثَنَا السَّرِيُّ بْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا الْعَقَبِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الزِّنَادِ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا كَانَ يَوْمٌ اَوْ قَلَّ يَوْمٌ اِلَّا وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطُوْفُ عَلَيْنَا جَمِيْعًا

حدیث 468:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 2135 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 9[illegible] اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین قاهره مصر 1415ه رقم الحدیث: 5254 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ه/1983ء رقم الحدیث: 81

فَيُقَبِّلُ وَيَلْمِسُ مَا دُوْنَ الْوِقَاعِ، فَإِذَا جَاءَ إِلَى الَّتِيْ هِيَ يَوْمُهَا ثَبَتَ عِنْدَهَا

❖❖ حضرت ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تقریباً روزانہ ہم سب (ازواج) کے پاس تشریف لاتے اور جماع کے علاوہ صرف بوس وکنارہ وغیرہ کرتے اور جب اس زوجہ کے پاس جاتے جس کی اس دن باری ہوتی تو اس کے ساتھ جماع بھی کرتے۔

469۔ وَمِنْهَا مَا حَدَّثَنَاهُ أَبُوْ بَكْرِ بْنِ إِسْحَاقَ أَنْبَأَ الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيّ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ أَبِيْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ فِي قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ أَوْ لَامَسْتُمُ النِّسَاءَ قَالَ هُوَ مَا دُوْنَ الْجِمَاعِ وَفِيْهِ الْوُضُوْءُ

❖❖ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس آیت أَوْ لَامَسْتُمُ النِّسَاءَ کی تفسیر کرتے ہوئے فرمایا: اس سے مراد جماع کے علاوہ (بوس وکنار وغیرہ) ہے اور اس میں وضو کرنا لازم ہو جاتا ہے۔

اور دوسری حدیث یہ ہے۔

470۔ وَمِنْهَا مَا أَخْبَرَنِيْ إِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا جَدِّيْ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ إِنَّ الْقُبْلَةَ مِنَ اللَّمْسِ فَتَوَضَّئُوا مِنْهَا

❖❖ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بوسہ بھی "لمس" میں شمار ہوتا ہے، اس لئے اس کے بعد وضو کیا کرو۔

471۔ وَمِنْهَا مَا اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسٰى، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَانَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى، وَيَحْيَى بْنُ الْمُغِيْرَةِ، قَالَا: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، اَنَّهُ كَانَ قَاعِدًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَائَهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا تَقُوْلُ فِيْ رَجُلٍ اَصَابَ مِنَ امْرَاَةٍ لَا تَحِلُّ لَهُ فَلَمْ يَدَعْ شَيْئًا ــــــــــــ وُضُوءًا حَسَنًا ثُمَّ قُمْ فَصَلِّ، قَالَ: وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ اللَّيْلِ الْاٰيَةَ، قَالَ: فَقَالَ: هِيَ لِيْ خَاصَّةً اَمْ لِلْمُسْلِمِيْنَ عَامَّةً؟ قَالَ: بَلْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ عَامَّةً هٰذِهِ الْاَحَادِيْثُ وَالَّتِيْ ذَكَرْتُهَا اَنَّ الشَّيْخَيْنِ اتَّفَقَا عَلَيْهَا غَيْرَ اَنَّهَا مُخَرَّجَةٌ فِي الْكِتَابَيْنِ بِالتَّفَارِيْقِ، وَكُلُّهَا صَحِيْحَةٌ دَالَّةٌ عَلٰى: اَنَّ اللَّمْسَ الَّذِيْ يُوْجِبُ الْوُضُوْءَ دُوْنَ الْجِمَاعِ

❖❖ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ وہ ایک دفعہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں موجود تھے کہ ایک شخص آیا اور آکر کہنے لگا: یا رسول اللہ! آپ کا اس شخص کے بارے میں کیا فیصلہ ہے جو ایسی عورت سے جماع کر بیٹھا جو اس کے لئے حلال نہیں تھی۔ اس نے اس عورت کے ساتھ کوئی کسر نہیں چھوڑی (............ اصل کتاب میں یہاں جگہ خالی ہے............) اچھا وضو کرو

حدیث 471:

اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث:278 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دار الباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث:605

پھرنماز پڑھو۔آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ اللَّيْلِ الآيَةَ (ھود ۱۱۶) نازل فرمائی۔ اس نے پوچھا: کیا یہ حکم خاص طور پر میرے لئے ہے یا تمام مسلمانوں کے لئے حکم عام ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ حکم تمام مومنین کے لئے عام ہے۔

❖ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: یہ احادیث اور جو میں نے ان سے پہلے ذکر کی ہیں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے یہ روایات نقل کی ہیں البتہ یہ احادیث دونوں کتابوں میں متفرق طور پر موجود ہیں اور تمام احادیث صحیح ہیں اور اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ وہ لمس جس سے وضوٹوٹتا ہے اس سے مراد جماع نہیں ہے (بلکہ مطلق چھونا مراد ہے)

472۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ عارم، وَحَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ الْحَافِظُ، وَاللَّفْظُ لَهُ، اَنْبَانَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، اَنَّ عُرْوَةَ، كَانَ عِنْدَ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ فَسُئِلَ عَنْ مَسِّ الذَّكَرِ، فَلَمْ يَرَ بِهِ بَاْسًا، فَقَالَ عُرْوَةُ: اِنَّ بُسْرَةَ بِنْتَ صَفْوَانٍ حَدَّثَتْنِيْ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَفْضٰى اَحَدُكُمْ اِلٰى ذَكَرِهٖ فَلَا يُصَلِّ حَتّٰى يَتَوَضَّاَ فَبَعَثَ مَرْوَانُ حَرَسِيًّا اِلٰى بُسْرَةَ فَرَجَعَ الرَّسُوْلُ، فَقَالَ: نَعَمْ، قَالَ هِشَامٌ: قَدْ كَانَ اَبِيْ يَقُوْلُ: اِذَا مَسَّ ذَكَرَهُ اَوْ اُنْثَيَيْهِ اَوْ فَرْجَهُ فَلَا يُصَلِّيْ حَتّٰى يَتَوَضَّاَ هٰكَذَا سَاقَ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَذَكَرَ فِيْهِ سَمَاعَ عُرْوَةَ بْنِ بُسْرَةَ، وَخَلَفُ بْنُ هِشَامٍ ثِقَةٌ، وَهُوَ اَحَدُ اَئِمَّةِ الْقُرَّاءِ، وَمِمَّا يَدُلُّ عَلٰى صِحَّةِ رِوَايَةِ الْجُمْهُوْرِ مِنْ اَصْحَابِ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ بُسْرَةَ ابْنُ اَبِيْ تَمِيْمَةَ السَّخْتِيَانِيُّ، وَقَيْسُ بْنُ سَعْدٍ الْمَكِّيُّ، وَابْنُ جُرَيْجٍ وَّابْنُ عُيَيْنَةَ، وَعَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِيْ حَازِمٍ، وَيَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَمَعْمَرُ بْنُ رَاشِدٍ، وَهِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُوْ عَلْقَمَةَ، وَعَاصِمُ بْنُ هِلَالٍ الْبَارِقِيُّ، وَيَحْيَى بْنُ ثَعْلَبَةَ الْمَازِنِيُّ، وَسَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجُمَحِيُّ، وَعَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الْهُنَائِيُّ، وَاَبَانُ بْنُ يَزِيْدَ الْعَطَّارُ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الطُّفَاوِيُّ، وَعَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ جَعْفَرٍ الْاَنْصَارِيُّ، وَعَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، وَيَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ الْجَزَرِيُّ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الزِّنَادِ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، وَحَارِثَةُ بْنُ هَرِمَةَ الْفُقَيْمِيُّ، وَاَبُوْ مَعْمَرٍ، وَعَبَّادُ بْنُ صُهَيْبٍ، وَغَيْرُهُمْ، وَقَدْ خَالَفَهُمْ فِيْهِ جَمَاعَةٌ فَرَوَوْهُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ مَرْوَانَ، عَنْ بُسْرَةَ مِنْهُمْ سُفْيَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الثَّوْرِيُّ، وَرِوَايَةً عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، وَرِوَايَةً عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، وَمَالِكِ بْنِ اَنَسٍ، وَوَهْبِ بْنِ خَالِدٍ، وَسَلَامِ بْنِ اَبِيْ مُطِيْعٍ، وَعُمَرَ بْنِ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيِّ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِدْرِيْسَ وَعَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ وَّاَبِيْ اُسَامَةَ، وَغَيْرِهِمْ، وَقَدْ ذُكِرَ الْخِلَافُ فِيْهِ عَلٰى هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ بَيْنَ اَصْحَابِهٖ، فَنَظَرْنَا فَاِذَا الْقَوْمُ الَّذِيْنَ اَثْبَتُوْا سَمَاعَ عُرْوَةَ مِنْ بُسْرَةَ اَكْبَرُ، وَبَعْضُهُمْ اَحْفَظُ مِنَ الَّذِيْنَ جَعَلُوْهُ عَنْ مَرْوَانَ اِلَّا اَنَّ جَمَاعَةً مِّنَ الْاَئِمَّةِ الْحُفَّاظِ اَيْضًا ذَكَرُوْا فِيْهِ مَرْوَانَ مِنْهُمْ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ وَّالثَّوْرِيُّ وَنُظَرَاؤُهُمَا فَظَنَّ جَمَاعَةٌ مِّمَّنْ لَمْ يُنْعِمِ النَّظَرَ فِيْ هٰذَا

الاخْتِلافِ اَنَّ الْخَبَرَ وَاهٍ لِطَعْنِ اَئِمَّةِ الْحَدِيْثِ عَلٰی مَرْوَانَ، فَنَظَرْنَا فَوَجَدْنَا جَمَاعَةً مِّنَ الثِّقَاتِ الْحُفَّاظِ رَوَوْا هٰذَا عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ مَّرْوَانَ، عَنْ بُسْرَةَ، ثُمَّ ذَكَرُوْا فِیْ رِوَايَاتِهِمْ اَنَّ عُرْوَةَ، قَالَ: ثُمَّ لَقِيْتُ بَعْدَ ذٰلِكَ بُسْرَةَ، فَحَدَّثَتْنِیْ بِالْحَدِيْثِ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا حَدَّثَنِیْ مَرْوَانُ عَنْهَا، فَدَلَّنَا ذٰلِكَ عَلٰی صِحَّةِ الْحَدِيْثِ وَثُبُوْتِهٖ عَلٰی شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَزَالَ عَنْهُ الْخِلافُ وَالشُّبْهَةُ، وَثَبَتَ سَمَاعُ عُرْوَةَ مِنْ بُسْرَةَ فَمَنْ بَيَّنَ مَا ذَكَرْنَا مِنْ سَمَاعِ عُرْوَةَ مِنْ بُسْرَةَ شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ الدِّمَشْقِیُّ

✧✧ حضرت ہشام بن عروہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عروۃ رضی اللہ عنہ، مروان بن حکم کے پاس موجود تھے ان کی موجودگی میں ''مس ذکر'' سے متعلق مسئلہ پوچھا گیا تو مروان نے کہا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اس پر حضرت عروہ رضی اللہ عنہ نے کہا: مجھے حضرت سبرۃ بنت صفوان رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سنایا ہے: جب تم میں سے کوئی اپنے ذکر کو چھوئے تو وضو کئے بغیر نماز نہ پڑھے۔ مروان نے ایک شاہی فوجی کو تصدیق کے لئے حضرت سبرۃ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجا۔ وہ حضرت سبرۃ رضی اللہ عنہا سے مل کر واپس آئے تو حضرت عروہ رضی اللہ عنہا کی بات کی تصدیق کی۔ ہشام نے کہا: میرے والد کا بھی یہی موقف تھا کہ ذکر، خصیتین یا فرج کو چھوئے، تو وضو کئے بغیر نماز نہ پڑھے۔

✤✤ حماد بن زید نے بھی یہ حدیث اسی طرح بیان کی ہے اور انہوں نے اس میں بسرہ سے عروہ کے سماع کا بھی ذکر کیا ہے اور (اس سند میں موجود) خلف بن ہشام، ثقہ راوی ہیں اور ان کا شمار ائمہ قراء میں ہوتا ہے اور ہشام بن عروہ کے وہ اصحاب جن کی روایت جمہور کی روایت کی صحت پر دلالت کرتی ہیں اور ان کی سند ہشام پھر ان کے والد سے ہو کر سبرہ تک پہنچتی ہے، ان کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں (......اس مقام پر اصل کتاب میں جگہ خالی ہے......)۔ ابن ابی تمیمہ السختیانی، قیس بن سعد المکی، ابن جریج، ابن عیینہ، عبدالعزیز بن ابی حازم، یحییٰ بن سعید، حماد بن سلمہ، معمر بن راشد، ہشام بن حسان، عبداللہ بن محمد ابوعلقمہ، عاصم بن ہلال البارقی، یحییٰ بن ثعلبہ المازنی، سعید بن عبدالرحمٰن الجمحی، علی بن المبارک الھنائی، ابان بن یزید العطار، محمد بن عبدالرحمٰن الطفاوی، عبدالحمید بن جعفر الانصاری (......اس مقام پر اصل کتاب میں جگہ خالی ہے......) عبدالعزیز بن محمد الدراوری، یزید بن سنان الجزری، عبدالرحمٰن بن ابی الزناد، عبدالرحمٰن بن عبدالعزیز، حارثہ بن ہرمہ الفقیمی، ابومعمر، عباد بن صھیب اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم۔ اس سند میں بعض محدثین رحمۃ اللہ علیہم کا اختلاف ہے، ان کے نزدیک اس حدیث کی سند یوں ہے۔ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ مَّرْوَانَ، عَنْ بُسْرَةَ،

اختلاف کرنے والے راویوں کے نام درج ذیل ہیں۔

سفیان بن سعد الثوری، ان کی ایک روایت ہشام بن حسان سے ہے اور ایک روایت حماد بن سلمہ سے۔ اور مالک بن انس رضی اللہ عنہ، وہب بن خالد، سلام ابن ابی مطیع، عمر بن علی المقدمی، عبداللہ بن ادریس، علی بن مسہر، ابواسامہ اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم۔

یہاں تک ہشام بن عروہ کے حوالے سے اس کے شاگردوں میں جو اختلاف تھا اس کا ذکر ہوا ہے، ان دونوں فریقوں کی شخصیات پر غور کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ جنہوں نے سبرہ سے عروہ کا سماع ثابت کیا ہے، وہ زیادہ بزرگ لوگ ہیں اور ان میں سے بعض راوی

زیادہ حافظے کے مالک ہیں بہ نسبت ان راویوں کے جنہوں نے عروہ کی سند مروان سے بیان کی ہے، تاہم مروان سے سند بیان کرنے والوں میں بھی ائمہ حفاظ کے اسماء گرامی موجود ہیں۔ جن میں مالک بن انس رضی اللہ عنہ اور ثوری خاص طور پر قابل ذکر ہیں، ان کے علاوہ بھی ان کے ہم پلہ محدثین رحمۃ اللہ علیہ نے مروان کا نام لیا ہے۔ چنانچہ جن لوگوں کی سند کے اس اختلاف پر گہری نظر نہیں ہے وہ اس کو اس وجہ سے ضعیف سمجھنے لگے کہ اس میں مروان پر ائمہ حدیث کا طعن پایا جاتا ہے۔ لیکن مزید غور وخوض اور تحقیق کرنے سے ہم پر یہ عقدہ کھلا کہ ثقہ حفاظ راویوں کی پوری ایک جماعت ہے، جس نے یہی حدیث ہشام بن عروہ سے پھر ان کے والد (عروہ) سے پھر مروان سے اور پھر بسرہ سے روایت کی ہے۔ اس کے بعد انہوں نے اپنی روایات میں عروہ کا یہ بیان بھی ذکر کیا کہ: میں نے اس کے بعد بسرہ سے ملاقات کی تو انہوں نے مجھے یہ حدیث خود سنا دی جیسا کہ مروان نے بسرہ کے حوالے سے بتائی تھی۔

(امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) اس روایت کے بعد یہ حدیث صحیح قرار پائی ہے اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق ثابت ہوتی ہے اور اس حدیث کی سند میں پایا جانے والا اختلاف اور شکوک وشبہات ختم ہو جاتے ہیں اور عروہ کا بسرہ سے سماع ثابت ہوتا ہے اور جن لوگوں نے عروہ کے بسرہ سے سماع کی تصریح کی ہے ان میں شعیب بن اسحاق الدمشقی ہیں۔ جیسا کہ درج ذیل ہے۔

473۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبُوشَنْجِيُّ،

حدیث **473**:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 181 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 82 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحدیث: 163 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 481 اخرجه ابوعبدالله الاصبحی فی "المؤطا" طبع داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) رقم الحدیث: 89 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی، بیروت، لبنان، 1407ھ، 1987ء، رقم الحدیث: 724 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحدیث: 27335 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحدیث: 1112 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه، بیروت، لبنان، 1411ھ/ 1991ء، رقم الحدیث: 159 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز، مکه مکرمه، سعودی عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحدیث: 610 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الصغیر" طبع المکتب الاسلامی، دارعمار، بیروت، لبنان/عمان، 1405ھ 1985ء، رقم الحدیث: 1113 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحدیث: 485 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 1657 اخرجه ابوبکر الحمیدی فی "مسنده" طبع دارالکتب العلمیه، مکتبه المتنبی، بیروت، قاهره، رقم الحدیث: 352 اخرجه ابن راهویه الحنظلی فی "مسنده" طبع مکتبه الایمان، مدینه منوره، (طبع اول) 1412ھ/1991ء، رقم الحدیث: 1716 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "مسند الشامیین" طبع موسسة الرساله، بیروت، لبنان، 1405ھ/1984ء، رقم الحدیث: 1516 اخرجه ابوبکر الصنعانی فی "مصنفه" طبع المکتب الاسلامی، بیروت لبنان، (طبع ثانی) 1403ھ، رقم الحدیث: 411

حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسٰى، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ مَرْوَانَ، حَدَّثَهُ عَنْ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ، وَكَانَتْ قَدْ صَحِبَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ مَسَّ فَرْجَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ، قَالَ عُرْوَةُ: فَسَأَلْتُ بُسْرَةَ فَصَدَّقَتْهُ بِمَا قَالَ وَمِنْهُمْ رَبِيعَةُ بْنُ عُثْمَانَ التَّيْمِيُّ

✧✧ حضرت ہشام بن عروہ رضی اللہ عنہ اپنے والد عروہ کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ مروان نے یہ حدیث بسرہ بنت صفوان (بسرہ کو رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت حاصل تھی) کے حوالے سے بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنی شرمگاہ کو چھوئے وہ وضو کرے۔ حضرت عروہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے خود حضرت بسرہ رضی اللہ عنہا سے اس حدیث کے حوالے سے پوچھا: تو انہوں نے مروان کی بات کی تصدیق کی۔ ربیعہ بن عثمان نے بھی مروان کے بسرہ سے سماع کی تصریح کی ہے۔ جیسا کہ درج ذیل حدیث سے ثابت ہے۔

474- حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ حَسَّانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَقِيهُ فِي آخَرِينَ، قَالُوا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، حَدَّثَنَا رَبِيعَةُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَسَّ ذَكَرَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ، قَالَ عُرْوَةُ: فَسَأَلْتُ بُسْرَةَ فَصَدَّقَتْهُ، وَمِنْهُمُ الْمُنْذِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحِزَامِيُّ الْمَدِينِيُّ

✧✧ ربیعہ بن عثمان، ہشام بن عروہ کے حوالے سے ان کے والد عروہ کا بیان نقل کرتے ہیں کہ مروان بن حکم نے حضرت بسرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہا کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے: جو شخص اپنے ذکر کو چھوئے وہ وضو کرے۔ عروہ کہتے ہیں: میں نے بسرہ سے (اس حدیث کے متعلق) پوچھا تو انہوں نے تصدیق کی۔ منذر بن عبداللہ الحزامی المدینی نے بھی مروان کے بسرہ سے سماع کی تصریح کی ہے۔ جیسا کہ درج ذیل حدیث سے ثابت ہے۔

475- أَخْبَرَنِي أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ بَطَّةَ الْأَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَصْبَغَ بْنِ الْفَرَجِ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا الْمُنْذِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحِزَامِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ مَرْوَانَ، عَنْ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ مَسَّ ذَكَرَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ فَأَنْكَرَ عُرْوَةُ فَسَأَلَ بُسْرَةَ فَصَدَّقَتْهُ، وَمِنْهُمْ عَنْبَسَةُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْقُرَشِيُّ

✧✧ منذر بن عبداللہ الحزامی ہشام بن عروہ کے حوالے سے ان کے والد عروہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ مروان نے بسرہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے: جو اپنے ذکر کو چھوئے وہ وضو کرے، عروہ کو اس بات کا یقین نہیں آیا اس لئے انہوں نے بذات خود "بسرہ" سے اس کی بابت پوچھا تو انہوں نے تصدیق کر دی۔ عنبسہ بن عبدالواحد القرشی کی روایت میں بھی مروان کے بسرہ سے سماع کی تصریح کی ہے۔ جیسا کہ درج ذیل حدیث کی سند سے ظاہر ہے۔

476- حَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ الْخَوَّاصُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، حَدَّثَنَا عَنْبَسَةُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ

مَرْوَانَ، عَنْ بُسْرَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَسَّ فَرْجَهُ فَلَا يُصَلِّ حَتّٰى يَتَوَضَّأَ، قَالَ: فَاَتَيْتُ بُسْرَةَ فَحَدَّثَتْنِي كَمَا حَدَّثَنِي مَرْوَانُ عَنْهَا، اَنَّهَا قَالَتْ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ ذٰلِكَ وَمِنْهُمْ اَبُو الْاَسْوَدِ حُمَيْدُ بْنُ الْاَسْوَدِ الْبَصْرِيُّ الثِّقَةُ الْمَاْمُوْنُ

✧✧ عبسہ بن عبدالواحد، ہشام کے حوالے سے ان کے والد عروہ کا بیان نقل کرتے ہیں کہ مروان نے بسرہ کے حوالے سے رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان نقل کیا ہے: جو اپنی شرمگاہ کو چھوئے وہ وضو کئے بغیر نماز مت پڑھے۔ عروہ کہتے ہیں: میں بسرہ کے پاس آیا تو انہوں نے بالکل وہی حدیث سنائی جو مروان نے سنائی تھی کہنے لگی: میں نے خود رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے۔

❖ ابوالاسود حمید بن الاسود البصری کی روایت بھی اسی طرح ہے اور یہ راوی ثقہ ہیں، مامون ہیں۔

477۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيُ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ الْمَدِيْنِيِّ، وَذَكَرَ حَدِيْثَ شُعَيْبِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ الَّذِيْ يَذْكُرُ فِيْهِ سَمَاعَ عُرْوَةَ مِنْ بُسْرَةَ، فَقَالَ عَلِيٌّ: هٰذَا مِمَّا يَدُلُّكَ عَلٰى اَنَّ يَحْيَى بْنَ سَعِيْدٍ الْقَطَّانَ قَدْ حَفِظَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ مَرْوَانَ، عَنْ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ، وَقَدْ كَانَتْ صَحِبَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا مَسَّ اَحَدُكُمْ ذَكَرَهُ فَلَا يُصَلِّ حَتّٰى يَتَوَضَّأَ فَاَنْكَرَ ذٰلِكَ عُرْوَةُ فَسَاَلَ بُسْرَةَ فَصَدَّقَتْهُ حَزْمٍ الْاَنْصَارِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الزُّهْرِيُّ، وَاَبُو الزِّنَادِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ ذَكْوَانَ الْقُرَشِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُرْوَةَ، وَاَبُو الْاَسْوَدِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَوْفَلٍ الْقُرَشِيُّ، وَعَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ جَعْفَرٍ الْاَنْصَارِيُّ، وَالْحَسَنُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ يَنَّاقٍ، وَغَيْرُهُمْ مِنَ التَّابِعِيْنَ وَاَتْبَاعِهِمْ، فَاَمَّا بُسْرَةُ بِنْتُ صَفْوَانَ فَاِنَّهَا مِنْ سَيِّدَاتِ قُرَيْشٍ،

✧✧ ابوجعفر محمد بن محمد بن عبداللہ البغدادی اسماعیل بن اسحاق کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے علی بن المدینی سے سنا ہے پھر شعیب بن اسحاق کی ہشام بن عروہ سے روایت کردہ وہ حدیث سنائی جس میں عروہ کے بسرہ سے سماع کی تصریح موجود ہے اس پر علی نے کہا: یہ وہ روایت ہے جو تجھے یہ ثابت کر رہی ہے کہ یحییٰ بن سعید القطان نے ہشام بن عروہ کی وہ روایت یاد کی ہے جو انہوں نے اپنے باپ، انہوں نے مروان سے اور مروان نے بسرہ بنت صفوان سے سنی ہے اور بسرہ کو رسول اللہ ﷺ کی صحبت حاصل ہے۔ آپ فرماتی ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب کوئی اپنے ذکر کو چھوئے تو وضو کئے بغیر نماز مت پڑھے۔ عروہ نے اس بات کا انکار کیا پھر انہوں نے خود بسرہ سے پوچھا تو انہوں نے اس بات کی تصدیق کی (......اس مقام پر اصل کتاب میں جگہ خالی ہے......) حزم الانصاری، محمد بن مسلم الزہری، ابوالزناد، عبداللہ بن ذکوان القرشی، محمد بن عبداللہ بن عروہ، ابوالاسود محمد بن عبدالرحمٰن بن نوفل القرشی، عبدالحمید بن جعفر الانصاری، حسن بن مسلم بن یناق اور دیگر تابعین و تبع تابعین اور بسرہ بنت صفوان سادات قریش سے تعلق رکھنے والی خاتون تھیں۔

478۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ النَّسَائِيُّ،

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ الْمُخَرِّمِيُّ، حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ سَلَمَةَ الْخُزَاعِيُّ، قَالَ: قَالَ لَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ: اَتَدْرُوْنَ مَنْ بُسْرَةُ بِنْتُ صَفْوَانَ ؟ هِيَ جَدَّةُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ اُمُّ اُمِّهِ فَاعْرِفُوهَا،

❖❖ منصور بن سلمہ خزاعی کہتے ہیں: ہمیں مالک بن انس رحمہ اللہ نے کہا: تم جانتے ہو کہ بسرہ بنت صفوان کون تھی؟ یہ عبدالملک بن مروان کی نانی ہیں، اس لئے ان کو پہچانو۔

479- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْمُؤَذِّنُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ النَّسَوِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ: وَبُسْرَةُ بِنْتُ صَفْوَانَ بْنِ نَوْفَلِ بْنِ اَسَدٍ مِّنَ الْمُبَايِعَاتِ، وَوَرَقَةُ بْنُ نَوْفَلٍ عَمُّهَا، وَلَيْسَ لِصَفْوَانَ بْنِ نَوْفَلٍ عَقِبٌ اِلَّا مِنْ قِبَلِ بُسْرَةَ، وَهِيَ زَوْجَةُ مُعَاوِيَةَ بْنِ مُغِيرَةَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ جَمَاعَةٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ وَالتَّابِعِينَ، عَنْ بُسْرَةَ مِنْهُمْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ وَسَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، وَعَمْرَةُ بِنْتُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَنْصَارِيَّةُ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي مُلَيْكَةَ، وَمَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ وَسُلَيْمَانُ بْنُ مُوسٰى، وَقَدْ رَوَيْنَا عَنْ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمْسَةَ اَحَادِيثَ غَيْرِ هٰذَا الْحَدِيثِ، وَقَدْ ثَبَتَ بِمَا ذَكَرْنَاهُ اشْتِهَارُ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ، وَارْتَفَعَ عَنْهَا اسْمُ الْجَهَالَةِ بِهٰذِهِ الرِّوَايَاتِ، وَقَدْ رَوَيْنَا اِيجَابَ الْوُضُوءِ مِنْ مَّسِّ الذَّكَرِ عَنْ جَمَاعَةٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ وَالصَّحَابِيَّاتِ، عَنْ رَّسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُمْ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَاَبُو هُرَيْرَةَ، وَزَيْدُ بْنُ خَالِدٍ الْجُهَنِيُّ، وَسَعْدُ بْنُ اَبِي وَقَّاصٍ، وَجَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَاُمُّ حَبِيبَةَ، وَاُمُّ سَلَمَةَ وَاَرْوٰى حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ اَبِي نُعَيْمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ مَّسَّ فَرْجَهُ فَلْيَتَوَضَّاْ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ، وَشَاهِدُهُ الْحَدِيثُ الْمَشْهُورُ: عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ وَقَدْ صَحَّتِ الرِّوَايَةُ عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّهَا قَالَتْ: اِذَا مَسَّتِ الْمَرْاَةُ فَرْجَهَا تَوَضَّاَتْ "

❖❖ مصعب بن عبداللہ الزبیری کہتے ہیں: حضرت بسرہ بنت صفوان بن نوفل بن اسد بیعت کرنے والی خواتین میں سے ہیں اور ورقہ بن نوفل ان کے چچا ہیں اور صفوان بن نوفل کی ان کے علاوہ اور کوئی اولاد نہیں ہے اور یہ معاویہ بن مغیرہ بن ابی العاص کی زوجہ ہیں۔

❖❖ اس حدیث کو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین کی ایک جماعت نے بسرہ سے روایت کیا ہے ان میں: عبداللہ بن عمر بن خطاب، عبداللہ بن عمرو بن العاص، سعید بن المصیب، عمرو بنت عبدالرحمن الانصاریہ، عبداللہ بن ابی ملیکہ، مروان بن الحکم اور سلیمان بن موسیٰ (رضی اللہ عنہم) کے اسمائے گرامی شامل ہیں۔

(امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) ہم نے بسرہ بنت صفوان کے حوالے سے اس حدیث کے علاوہ ۵ احادیث نبویہ روایت کی ہیں

اس سے روایت حدیث میں بسرہ بنت صفوان کی شہرت ثابت ہوتی ہے اوران پر جہالت کی جو چھاپ لگی ہوئی تھی وہ ختم ہوگئی ہے اور ہم نے ذکر کے چھونے سے وضو لازم ہونے کے متعلق صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور صحابیات کے حوالے سے بھی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات نقل کئے ہیں، ان میں حضرت عبداللہ بن عمر، ابوہریرہ، زید بن خالد الجھنی، سعد بن ابی وقاص، جابر بن عبداللہ، اُمّ حبیبہ، اُمّ سلمہ، اردق (رضی اللہ عنہم) (..........اس مقام پر اصل کتاب میں جگہ خالی ہے..........) اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نافع ابن نعیم نے سعید بن ابی سعید المقبر ی کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی یہ روایت نقل کی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنی شرمگاہ کو چھوئے وہ وضو کرے۔ یہ حدیث صحیح ہے اوراس کی شاہد حدیث یزید بن عبدالملک کی روایت کردہ وہ حدیث مشہور ہے جوانہوں نے سعید بن ابی سعید کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ اور اُمّ المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ بنت الصدیق رضی اللہ عنہا کی یہ روایت ''جب عورت شرمگاہ کو چھوئے تو وضو کرے'' درجہ صحت کو پہنچی ہوئی ہے (یہ روایت درج ذیل ہے)

480- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِئٍ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَرَوِيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو وَحَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ أَنْبَأَ الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ أَنْبَأَ الشَّافِعِيُّ أَنْبَأَ الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِذَا مَسَّتِ الْمَرْأَةُ فَرْجَهَا بِيَدِهَا فَعَلَيْهَا الْوُضُوءُ

✧✧ اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں، جب عورت اپنا ہاتھ اپنی شرمگاہ کو لگائے تو وضو کرے۔

481- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَطَّةَ الْاَصْبَهَانِيُّ مِنْ اَصْلِ كِتَابِهٖ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَكَرِيَّا الْاَصْبَهَانِيُّ، عَنْ مُّحْرِزِ بْنِ سَلَمَةَ الْمَدَنِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَآئِشَةَ، قَالَتْ: اِذَا مَسَّتِ الْمَرْاَةُ فَرْجَهَا تَوَضَّاَتْ

✧✧ اُمّ المومنین حضرت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب عورت اپنی شرمگاہ کو ہاتھ لگائے تو وضو کرے۔

وَهٰذِهٖ مُنَاظَرَةٌ جَرَتْ بَيْنَ اَئِمَّةِ الْحُفَّاظِ فِيْ هٰذَا الْبَابِ

مس ذکر سے وضو ٹوٹنے یا نہ ٹوٹنے کے متعلق ائمہ حفاظ کے درمیان پیش آنے والا مناظرہ

482- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجَرَّاحِ الْعَدْلُ الْحَافِظُ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيٰى الْقَاضِي السَّرَخْسِيُّ، حَدَّثَنَا رَجَاءُ بْنُ مُرَجَّى الْحَافِظُ، قَالَ: اجْتَمَعْنَا فِيْ مَسْجِدِ الْخَيْفِ اَنَا وَاَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَّعَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ وَيَحْيٰى بْنُ مَعِيْنٍ فَتَنَاظَرُوْا فِيْ مَسِّ الذَّكَرِ، فَقَالَ يَحْيٰى بْنُ مَعِيْنٍ: يَتَوَضَّاُ مِنْهُ، وَقَالَ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ بِقَوْلِ الْكُوفِيِّيْنَ وَتَقَلَّدَ قَوْلَهُمْ، وَاحْتَجَّ يَحْيٰى بْنُ مَعِيْنٍ بِحَدِيْثِ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ، وَاحْتَجَّ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ بِحَدِيْثِ قَيْسِ بْنِ طَلْقٍ، عَنْ اَبِيْهِ وَقَالَ لِيَحْيٰى بْنِ مَعِيْنٍ: كَيْفَ تَتَقَلَّدُ اِسْنَادَ بُسْرَةَ وَمَرْوَانُ اِنَّمَا اُرْسِلَ شُرْطِيًّا حَتّٰى رَدَّ جَوَابَهَا اِلَيْهِ، فَقَالَ يَحْيٰى: ثُمَّ لَمْ يُقْنِعْ ذٰلِكَ عُرْوَةَ حَتّٰى اَتٰى بُسْرَةَ فَسَاَلَهَا وَشَافَهَتْهُ بِالْحَدِيْثِ، ثُمَّ قَالَ يَحْيٰى: وَلَقَدْ اَكْثَرَ النَّاسُ فِيْ قَيْسِ بْنِ طَلْقٍ وَّاَنَّهٗ لَا يُحْتَجُّ بِحَدِيْثِهٖ، فَقَالَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ رَضِيَ اللّٰهُ

عَنْهُ: كِلا الْاَمْرَيْنِ عَلٰى مَا قُلْتُمَا، فَقَالَ يَحْيٰى مَالِكٌ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ تَوَضَّأَ مِنْ مَّسِّ الذَّكَرِ، فَقَالَ عَلِيٌّ: كَانَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ: لا يُتَوَضَّأُ مِنْهُ وَاِنَّمَا هُوَ بَضْعَةٌ مِّنْ جَسَدِكَ فَقَالَ يَحْيٰى عَنْ مَّنْ، فَقَالَ: عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِيْ قَيْسٍ، عَنْ هُزَيْلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَاِذَا اجْتَمَعَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ وَّابْنُ عُمَرَ وَاخْتَلَفَا فَابْنُ مَسْعُوْدٍ اَوْلٰى اَنْ يُّتَّبَعَ، فَقَالَ لَهُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ: نَعَمْ، وَلٰكِنْ اَبُوْ قَيْسٍ الْاَوْدِيُّ لا يُحْتَجُّ بِحَدِيْثِهِ، فَقَالَ عَلِيٌّ: حَدَّثَنِيْ اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، قَالَ: مَا اُبَالِيْ مَسِسْتُهُ اَوْ اَنْفِيْ، فَقَالَ اَحْمَدُ: عَمَّارُ وَابْنُ عُمَرَ اسْتَوَيَا فَمَنْ شَاءَ اَخَذَ بِهٰذَا وَمَنْ شَاءَ اَخَذَ بِهٰذَا، فَقَالَ يَحْيٰى: بَيْنَ عُمَيْرِ بْنِ سَعِيْدٍ وَّعَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ مَفَازَةٌ

✧✧ رجاء بن مرجی الحافظ بیان کرتے ہیں: ایک دفعہ مسجد خیف میں امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ میں، علی بن المدینی اور یحییٰ بن معین جمع ہوئے اور ان کے درمیان ''مسِ ذکر'' کے موضوع پر مناظرہ ہوا۔

یحییٰ بن معین کا موقف یہ تھا کہ اس سے وضوٹوٹ جاتا ہے۔

علی بن المدینی نے احناف کا موقف اختیار کیا اور انہی کے قول کی تقلید کی۔

یحییٰ بن معین نے بسرہ بن صفوان کی حدیث سے دلیل دی اور علی بن المدینی نے قیس بن طلق کی ان کے والد سے روایت کردہ حدیث بطور دلیل پیش کی اور یحییٰ بن معین سے کہا: آپ بسرہ کی روایت سے استدلال کیسے کر سکتے ہیں کیونکہ مروان نے ایک فوجی بھیج کر معلوم کیا تھا اور اس نے آ کر بسرہ کا جواب ان کو سنایا تھا؟ یحییٰ نے جواب دیا: تو عروہ نے صرف اسی پر اکتفاء نہیں کیا تھا بلکہ وہ خود بسرہ سے جا کر ملے تھے اور وہ حدیث بالمشافہ خود ان سے حاصل کی تھی۔ پھر یحییٰ نے کہا: اکثر لوگوں کو قیس بن طلق پر اعتراض ہے اور ان کی حدیث کو بطور دلیل پیش نہیں کیا جا سکتا۔ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ بولے: تم دونوں کا موقف درست ہے اور پھر یحییٰ نے مالک کے حوالے سے نافع کا یہ قول نقل کیا کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ''مسِ ذکر'' سے وضو کیا تھا۔ علی نے جواب دیا: عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ (مس ذکر) سے وضو لازم نہیں ہوتا کیونکہ وہ بھی تو تمہارے جسم ہی کا ایک حصہ ہے۔ یحییٰ نے کہا: اس کی سند کیا ہے؟ علی نے جواب دیا: عن سفیان عن ابی قیس عن هزیل عن عبداللہ اور جب کسی مسئلہ میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ اور ابن عمر رضی اللہ عنہما میں اختلاف ہو تو اولیٰ یہ ہے کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول اختیار کیا جائے۔ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے جواب دیا: ہاں (یہ بات تو ٹھیک ہے لیکن) ابوقیس الاودی کی حدیث کو دلیل نہیں بنا سکتے۔ علی نے جواب دیا: مجھے ابونعیم نے مسعر کے حوالے سے عمیر بن سعید کی روایت سنائی کہ عمار بن یاسر کہا کرتے ہیں: میں ذکر کو چھونے سے کوئی حرج محسوس نہیں کرتا ہوں۔ اس پر احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ بولے: عمار اور ابن عمر رضی اللہ عنہما درجہ میں برابر ہیں، جو چاہے عمار کی روایت اختیار کرے اور جو چاہے ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت اختیار کر لے۔ یحییٰ نے جواب دیا: عمیر بن سعید اور عمار بن یاسر کے درمیان بہت فرق ہے۔

483- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، وَحَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ

الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا نُصَلِّیْ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَا نَتَوَضَّأُ مِنْ مَّوْطِءٍ

قَالَ: تَابَعَهُ اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ، عَنِ الْاَعْمَشِ اَمَا حَدِيْثُ اَبِیْ مُعَاوِيَةَ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ نماز پڑھا کرتے تھے تو ہم ذکر کو ہاتھ لگانے کے باعث، وضو نہیں کرتے تھے۔

❖ اعمش سے روایت کرنے میں ابومعاویہ اور عبداللہ بن ادریس نے بھی سفیان کی متابعت کی ہے۔

ابومعاویہ کی روایت درج ذیل ہے۔

484۔ فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، فَذَكَرَهُ بِاِسْنَادِهِ نَحْوَهُ، وَاَمَّا حَدِيْثُ اَبِیْ اِدْرِيْسَ،

ابوادریس کی روایت یہ ہے

485۔ فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، فَذَكَرَهُ نَحْوَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

486۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ، وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ عِصْمَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا السَّرِیُّ بْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، وَاَنْبَاَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُثَنّٰى الْاَنْصَارِیُّ، عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَخْلَعْ نَعْلَيْهِ فِی الصَّلٰوةِ قَطُّ اِلَّا مَرَّةً وَّاحِدَةً خَلَعَ فَخَلَعَ النَّاسُ، فَقَالَ: مَا لَكُمْ، قَالُوْا: خَلَعْتَ فَخَلَعْنَا، فَقَالَ: اِنَّ جِبْرِيْلَ اَخْبَرَنِیْ اَنَّ فِيْهِمَا قَذَرًا، اَوْ اَذًى

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِیِّ، فَقَدِ احْتَجَّ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُثَنّٰى وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَشَاهِدُهُ الْحَدِيْثُ الْمَشْهُوْرُ عَنْ مَّيْمُوْنٍ الْاَعْوَرِ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کے لئے کبھی بھی نعلین مبارک نہیں اتارے۔صرف

حدیث 483:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 37 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 646 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث:10458

حدیث 486:

ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث:3894

ایک مرتبہ اتارے تھے تو لوگوں نے بھی اتار دیئے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم لوگوں نے جوتے کیوں اتارے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے جواب دیا: (یا رسول اللہ ﷺ) آپ نے اپنے نعلین اتارے تو ہم نے بھی اتار دیئے۔ حضور ﷺ نے فرمایا مجھے ۔ ۔ ۔ تو ۔ ۔ ان میں نجا ۔ ۔ گندگی ہے۔

✧✧ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے عبداللہ بن المثنیٰ کی روایات نقل کی ہیں اور اس کی ایک شاہد حدیث مشہور بھی موجود ہے ۔ ۔ ۔ الاعور سے منقول ہے۔ (وہ روایت درج ذیل ہے)

487۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ، وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ عِصْمَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا السَّرِيُّ بْنُ خُزَيْمَةَ، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَمْزَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: خَلَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعْلَهُ، فَقَالَ: اِنَّ جِبْرِيلَ اَخْبَرَنِي

✧✧ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے اپنے نعلین مبارک اتارے (..........اس مقام پر اصل کتاب میں جگہ خالی ہے.....) آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے جبرائیل نے بتایا (..........اس مقام پر اصل کتاب میں جگہ خالی ہے.....)

488۔ حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ اُنَيْفٍ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، وَاَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْدَلَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوبَ، اَنْبَاَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسٰى، قَالَا: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ذَهَبَ الْمَذْهَبَ اَبْعَدَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَشَاهِدُهُ حَدِيثُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ

✧✧ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی اکرم ﷺ جب قضائے حاجت کے لئے نکلتے تو کافی دور تک چلے جاتے۔

✧✧ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور اس حدیث کی شاہد حدیث بھی ہے جو کہ اسماعیل بن عبدالملک نے ابوالزبیر سے روایت کی ہے (وہ حدیث درج ذیل ہے)

حدیث 488:

اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 331 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابورى فى "صحيحه" طبع المكتب الاسلامى بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 50 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 1063

489- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَیْہِ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُثَنّٰی، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ مَعِیْنٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِیْدِ الْحِمَّانِیُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِکِ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ اَنْ یَّقْضِیَ حَاجَتَہٗ اَبْعَدَ حَتّٰی لَا یَرَاہُ اَحَدٌ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ عادت کریمہ تھی کہ جب قضائے حاجت کرنا ہوتی تو اتنا دور نکل جاتے کہ لوگوں کی آنکھوں سے اوجھل ہوجایا کرتے تھے۔

490- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِیُّ، حَدَّثَنَا سُرَیْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَۃَ، عَنْ اَبِی التَّیَّاحِ، عَنْ مُّوْسٰی بْنِ سَلَمَۃَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: سُئِلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ مَّاءِ الْبَحْرِ، فَقَالَ: مَاءُ الْبَحْرِ طَهُوْرٌ

ھٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَشَوَاهِدُہٗ کَثِیْرَۃٌ وَّلَمْ یُخَرِّجَاہُ فَاَوَّلُ شَوَاهِدِہٖ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریا کے پانی کے متعلق پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دریا کا پانی پاک ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اس کی پہلی شاہد حدیث درج ذیل ہے۔

491- مَا حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، وَاَخْبَرَنِیْ اَبُوْ بَکْرِ بْنُ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِیْسٰی، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِیُّ، کُلُّهُمْ، عَنْ مَّالِکٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَیْمٍ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ سَلَمَۃَ مَوْلًی لِاٰلِ الْاَزْرَقِ، اَنَّ الْمُغِیْرَۃَ بْنَ اَبِیْ بُرْدَۃَ، رَجُلٌ مِّنْ بَنِیْ عَبْدِ الدَّارِ، اَخْبَرَہٗ، اَنَّہٗ سَمِعَ اَبَا هُرَیْرَۃَ، یَقُوْلُ: سَاَلَ رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ، اِنَّا

حدیث 491:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 83 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 69 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 332 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 386 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 729 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 9088 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 1243 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 112 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 58 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 18744 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 1759

نَرْكَبُ الْبَحْرَ وَنَحْمِلُ مَعَنَا الْقَلِيْلَ مِنَ الْمَآءِ، فَإِنْ تَوَضَّأْنَا بِهٖ عَطِشْنَا اَفَنَتَوَضَّأُ بِمَآءِ الْبَحْرِ ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُوَ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ الْحِلُّ مَيْتَتُهُ وَقَدْ تَابَعَ مَالِكَ بْنَ اَنَسٍ عَلٰى رِوَايَتِهٖ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْمُزَنِيُّ، اَمَا حَدِيْثُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحَاقَ، فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَيُّوْبَ بْنِ زَاذَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، قَالَ: وَاَنْبَاَنَا اَبُوْ يُوْسُفَ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ اَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ سے کہا: یا رسول اللہ ﷺ ہم سمندر میں سفر کرتے ہیں تو اپنے ساتھ زیادہ پانی نہیں لے جا پاتے (وہ اتنا ہی ہوتا ہے کہ) اگر اس سے وضو کرلیں تو پیاسے رہ جانے کا خوف ہوتا ہے، تو کیا ہمیں سمندر کے پانی سے وضو کرنے کی اجازت ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: سمندر کا پانی پاک ہے اور اس کا شکار حلال ہے۔

❖ یہ حدیث صفوان بن سلیم سے روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن اسحاق اور اسحاق بن ابراہیم المزنی نے مالک بن انس رضی اللہ عنہ کی متابعت کی ہے، ان میں سے عبدالرحمٰن بن اسحاق کی روایت درج ذیل ہے۔

492- الْكِيْلِيْنِيُّ بِالرِّيِّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ كَثِيْرِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ اَبِيْ بُرْدَةَ، وَهُوَ مِنْ بَنِيْ عَبْدِ الدَّارِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَرٌ مِمَّنْ يَّرْكَبُ الْبَحْرَ، فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّا نَرْكَبُ الْبَحْرَ وَنَتَزَوَّدُ شَيْئًا مِّنَ الْمَآءِ، فَاِنْ تَوَضَّأْنَا بِهٖ عَطِشْنَا فَهَلْ يَصْلُحُ لَنَا اَنْ نَتَوَضَّأَ مِنْ مَّآءِ الْبَحْرِ ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُوَ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ الْحِلُّ مَيْتَتُهُ وَقَدْ تَابَعَ الْجُلَاحُ اَبُوْ كَثِيْرٍ صَفْوَانَ بْنَ سُلَيْمٍ عَلٰى رِوَايَةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ سَلَمَةَ

عَنْ أَبِي كُرَيْبٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ الْحُبَابِ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا يَنْظُرُ الرَّجُلُ إِلٰى عَوْرَةِ الرَّجُلِ، وَلَا تَنْظُرُ الْمَرْأَةُ إِلٰى عَوْرَةِ الْمَرْأَةِ الْحَدِيثَ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: دو آدمی اپنی شرمگاہوں کو کھولے پاخانہ کرتے ہوئے گفتگو مت کریں کیونکہ اللہ تعالیٰ کو یہ عمل پسند نہیں ہے۔

یہ حدیث یحیٰی ابن ابی کثیر کی عیاض بن ہلال رضی اللہ عنہ کی سند کے ہمراہ روایت کی بناء پر درجہ صحت پر فائز ہے اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے (اپنی کتاب) ''تاریخ'' میں یہ فیصلہ کیا ہے کہ یہ ہلال بن عیاض رضی اللہ عنہ انصاری ہیں، انہوں نے حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے حدیث کا سماع کیا ہے اور ان سے یحیٰی ابن ابی کثیر نے سماع کیا ہے اور ہشام، معمر، علی بن مبارک اور حرب بن شداد نے اس کو یحیٰی ابن ابی کثیر سے روایت کیا ہے۔

علی بن حمشاد موسیٰ بن ہارون کا یہ قول نقل کرتے ہیں: امام اوزاعی نے اس حدیث کو دو مرتبہ بیان کیا ہے جن میں سے ایک مرتبہ انہوں نے یحیٰی بن ابی کثیر کے بعد ہلال بن عیاض رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ اور ایک مرتبہ انہوں نے اسی حدیث کو محمد بن الصباح پھر ولید پھر اوزاعی اور پھر یحیٰی بن ابی کثیر کے حوالے سے رسول پاک ﷺ سے مرسلاً روایت کیا ہے۔

پہلے تو عبدالرحمٰن بن مہدی اس حدیث کو عیاض بن ہلال کے حوالے سے بیان کیا کرتے تھے۔ پھر ان کو اس بارے میں شک پیدا ہوا تو وہ اس کی سند یوں بیان کیا کرتے تھے۔ أَوْ هِلَالُ بْنُ عِيَاضٍ رَوَاهُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَهْدِيٍّ، وَعَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى۔ (اس مذکورہ سند میں عبدالرحمٰن، عبیداللہ اور محمد) سب کی سند عیاض بن ہلال پر جمع ہو جاتی ہے اور یہی صواب بھی ہے۔

✣✣ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: ہمارے ائمہ میں سے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور موسیٰ بن ہارون جیسے جلیل القدر اماموں نے اس اسناد کے حوالے سے ان لوگوں کی تائید کی ہے اور ان کے موقف کی تائید کی ہے جنہوں نے اس کی سند عیاض بن ہلال سے بیان کی

ہے اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اس سلسلے میں کئی شواہد بھی درج کئے ہیں جن سے اس حدیث کا صحیح ہونا ثابت ہے۔

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی روایت کردہ حدیث جو کہ اس کے ہم معنی ہے۔

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسی حدیث کی ایک ہم معنی حدیث نقل کی ہے جس کی سند ابوکریب، ابوبکر بن ابی شیبہ، زید بن الحباب، ضحاک بن عثمان، زید بن اسلم، عبدالرحمن بن ابوسعید اور پھر ابوسعید سے ہوتی ہوئی رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتی ہے (اس سند کے ہمراہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان منقول ہے) آدمی، دوسرے آدمی کی شرمگاہ کی طرف نہ دیکھے اور نہ ہی عورت، عورت کی شرمگاہ کی طرف دیکھے اس کے بعد مکمل حدیث بیان کی ہے۔

561- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِیُ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِی اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْخَزَّازُ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اسْتَجْمَرَ اَحَدُكُمْ فَلْيُوتِرْ، فَاِنَّ اللّٰهَ وِتْرٌ يُحِبُّ الْوِتْرَ، اَمَا تَرَى السَّمٰوَاتِ سَبْعًا، وَالْاَرَضِينَ سَبْعًا، وَالطَّوَافَ وَذَكَرَ اَشْيَاءَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذِهِ الْاَلْفَاظِ اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى مَنِ اسْتَجْمَرَ فَلْيُوتِرْ فَقَطْ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب استنجاء کے لئے ڈھیلے استعمال کرنے ہوں تو طاق عدد میں کرے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ خود اکیلا ہے اور وہ اکیلے ہی کو پسند کرتا ہے کیا تم اس بات پر غور نہیں کرتے کہ آسمان، زمینیں اور طواف کے چکر (طاق ہیں) اس کے علاوہ بھی آپ نے متعدد طاق چیزوں کا ذکر کیا۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کے صرف "مَنِ اسْتَجْمَرَ فَلْيُوتِر" کے الفاظ نقل کئے ہیں۔

562- اَخْبَرَ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِیُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، اَنْبَانَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ، عَنْ يُوْسُفَ بْنِ اَبِی بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا فَسَمِعْتُهَا، تَقُوْلُ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا خَرَجَ مِنَ الْغَائِطِ، قَالَ: غُفْرَانَكَ

حدیث 562:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 30 اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 300 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 1444 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 90 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرٰی" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 466 اخرجه ابوعبدالله البخاری فی "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلاميه بيروت لبنان 1409ھ/1989ء رقم الحديث: 693

✧✧ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بیت الخلاء سے نکلتے تو کہتے غُفْرَانَکَ۔

563- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اِسْرَائِيلُ، عَنْ يُوْسُفَ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ مِنَ الْغَائِطِ، قَالَ: غُفْرَانَكَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، فَاِنَّ يُوْسُفَ بْنَ اَبِي بُرْدَةَ مِنْ ثِقَاتِ اٰلِ اَبِي مُوْسٰى وَلَمْ نَجِدْ اَحَدًا يَّطْعُنُ فِيْهِ، وَقَدْ ذَكَرَ سَمَاعَ اَبِيْهِ مِنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

✧✧ مذکورہ سند کے ساتھ بھی یہ حدیث اُمّ المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے۔

❖ یہ حدیث صحیح ہے، یوسف بن ابو بردہ، ابوموسیٰ کی اولاد امجاد میں سے ہیں، ثقہ ہیں اور ہماری معلومات کے مطابق کسی محدث کی جانب سے ان پر طعن ثابت نہیں ہے اور ان کے والد کا اُمّ المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے سماع ثابت ہے۔

564- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَرَ، وَعُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ السَّمَّاكِ، حَدَّثَنَا حَنْبَلُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَلِيْمٍ الْمَرْوَزِيُّ، اَنْبَانَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، اَنْبَانَا عَبْدَانُ، اَنْبَانَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَنْبَانَا سُفْيَانُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ امْرَاَةً مِّنْ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْتَسَلَتْ مِنْ جَنَابَةٍ، فَتَوَضَّاَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَوِ اغْتَسَلَ مِنْ فَضْلِهَا تَابَعَهُ شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكٍ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ازواج کے غسل جنابت سے بچے ہوئے پانی کے ساتھ وضو یا غسل کرلیا کرتے تھے۔

یہ حدیث سماک بن حرب سے روایت کرنے میں شعبہ نے سفیان کی متابعت کی ہے (ان کی روایت درج ذیل ہے)

565- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي

حدیث 565:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 68 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 65 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 325 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 370 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 734 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 2101 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 1242 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 91 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 858 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 11715 اخرجه ابوبکر الصنعانی فی "مصنفه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان (طبع ثانی) 1403ھ رقم الحدیث: 396

اَبِىْ، وَثنا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَطِيْعِيُّ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ الْوَلِيْدِ الْبَجَلِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: اَرَادَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّتَوَضَّاَ مِنْ اِنَاءٍ، فَقَالَتِ امْرَاَةٌ مِّنْ نِسَائِهِ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّىْ قَدْ تَوَضَّاْتُ مِنْ هٰذَا، فَتَوَضَّاَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَلْمَاءُ لَا يُنَجِّسُهُ شَيْءٌ وَّقَدِ احْتَجَّ الْبُخَارِيُّ بِاَحَادِيْثِ عِكْرِمَةَ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمٌ بِاَحَادِيْثِ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ،

وَهٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ فِى الطَّهَارَةِ، وَلَمْ يُخْرِجَاهُ، وَلَا يُحْفَظُ لَهُ عِلَّةٌ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے برتن سے (پانی لے کر) وضو کرنے کا ارادہ کیا تو آپ کی زوجہ نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس پانی سے میں نے وضو کیا ہے (لیکن اس کے باوجود) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہتے ہوئے، اس سے وضو کرلیا کہ ''پانی کو کوئی (پاک) چیز نجس نہیں کرسکتی''

✤✤ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے عکرمہ کی احادیث نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے سماک بن حرب کی روایات نقل کی ہیں اور یہ حدیث طہارت سے متعلق صحیح حدیث ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا اور اس حدیث میں کسی قسم کا کوئی ضعف بھی نہیں ہے۔

566- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَحْمَدَ الْجُرْجَانِيُّ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَسْقَلَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، اَنْبَانَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ هِلَالٍ، عَنْ عُتْبَةَ وَهُوَ ابْنُ اَبِىْ حَكِيْمٍ، عَنْ نَّافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّهُ قِيْلَ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، حَدِّثْنَا عَنْ شَاْنِ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ، فَقَالَ عُمَرُ: خَرَجْنَا اِلٰى تَبُوْكَ فِىْ قَيْظٍ شَدِيْدٍ، فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا اَصَابَنَا فِيْهِ عَطَشٌ حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّ رِقَابَنَا سَتَنْقَطِعُ، حَتّٰى اَنَّ الرَّجُلَ لَيَنْحَرُ بَعِيْرَهُ، فَيَعْصِرُ فَرْثَهُ فَيَشْرَبُهُ وَيَجْعَلُ مَا بَقِىَ عَلٰى كَبِدِهِ، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ اللّٰهَ قَدْ عَوَّدَكَ فِى الدُّعَاءِ خَيْرًا فَادْعُ لَهُ، فَقَالَ: اَتُحِبُّ ذٰلِكَ ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَرَفَعَ يَدَيْهِ فَلَمْ يُرْجِعْهُمَا حَتّٰى قَالَتِ السَّمَاءُ، فَاَظَلَّتْ ثُمَّ سَكَبَتْ فَمَلَئُوا مَا مَعَهُمْ، ثُمَّ ذَهَبْنَا نَنْظُرُ فَلَمْ نَجِدْهَا جَازَتِ الْعَسْكَرَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ ضَمَّنَهُ سُنَّةً غَرِيْبَةً، وَهُوَ اَنَّ الْمَاءَ اِذَا خَالَطَهُ فَرْثُ مَا يُؤْكَلُ لَحْمُهُ لَمْ يُنَجِّسْهُ، فَاِنَّهُ لَوْ كَانَ يُنَجِّسُ الْمَاءَ لَمَا اَجَازَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمُسْلِمٍ

حديث 566:

اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 1383 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابورى' فى "صحيحه" طبع المكتب الاسلامى' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 101 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودى عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 19425 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحديث: 3292

نْ يَجْعَلَهُ عَلٰى كَبِدِهٖ حَتّٰى يُنَجِّسَ يَدَيْهِ

✧✧ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے کسی نے کہا: "سَاعَةِ الْعُسْرَةِ" (تنگی کے حالات) کے سلسلے میں کوئی واقعہ ہمیں سنائیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم شدید گرمی کے موسم میں تبوک کی طرف نکلے۔ ہم ایک مقام پر پہنچے تو بہت شدید پیاس لگ رہی تھی۔ پیاس کی شدت اتنی تھی، لگتا تھا کہ اس کی وجہ سے کئی لوگ مرجائیں گے (اس شدت کا مداوا یوں کیا گیا کہ) لوگوں نے اپنے اونٹ ذبح کر کے ان کے معدے سے گوبر نچوڑ کر پانی نکالا اور پی کر پیٹ کی آگ بجھائی اور جو بچا، اس کو اونٹ کے معدے میں محفوظ کر کے رکھ لیا (اس انتہائی ناگفتہ بہ حالت میں) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بولے: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اللہ تعالیٰ نے تو آپ کو دعائے خیر کا عادی بنایا ہے، آپ ان کے لئے دعائے خیر فرمادیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں یہ بات پسند ہے؟ عرض کی: جی ہاں (یارسول اللہ) چنانچہ پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کے لئے ہاتھ اٹھالئے (دعا مانگنا شروع کی) تو بادل گرجے، پھر پورے آسمان پر چھا گئے اور پھر موسلا دھار بارش ہوگئی اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اپنے تمام برتن وغیرہ بھر لئے پھر وہاں سے چل دیئے تو دیکھا کہ بارش صرف اسی مقام پر ہوئی جہاں لشکر موجود تھا، اس مقام سے آگے نکلے تو بارش کا کوئی نام ونشان تک موجود نہ تھا۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور اس حدیث کے ضمن میں ایک سنت غریبہ بھی ثابت ہوتی ہے وہ یہ کہ پانی میں جب مَا يُؤْكَلُ لَحْمُهُ (وہ جانور جن کا گوشت حلال ہے) کی لید گوبر وغیرہ پانی میں شامل ہو تو پانی ناپاک نہیں ہوتا۔ اس لئے کہ اگر ان جانوروں کے گوبر سے پانی ناپاک ہوجاتا ہوتا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کسی مسلمان کو یہ اجازت نہ دیتے کہ وہ پانی جانور کے معدے میں ڈال کر رکھے کیونکہ اس سے تو ہاتھ بھی ناپاک ہوجاتے۔

567۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ، عَنْ حُمَيْدَةَ بِنْتِ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ كَبْشَةَ بِنْتِ كَعْبِ بْنِ

حدیث 567:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 75 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 68 اخرجه ابوعبدالله الاصبحی فی "الموطا" طبع داراحياء التراث العربی (تحقيق فواد عبدالباقی) رقم الحديث: 42 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالكتاب العربی بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 736 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 22689 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 1299 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 102 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 1092 اخرجه ابوبكر الصنعانی فی "مصنفه" طبع المكتب الاسلامی بيروت لبنان (طبع ثانی) 1403ھ رقم الحديث: 353

مَالِكٍ، وَكَانَتْ تَحْتَ ابْنِ اَبِي قَتَادَةَ، اَنَّ اَبَا قَتَادَةَ، دَخَلَ عَلَيْهَا فَسَكَبَتْ لَهُ وَضُوءًا، فَجَائَتْ هِرَّةٌ لِتَشْرَبَ مِنْهُ فَاَصْغَى لَهَا اَبُوْ قَتَادَةَ الْاِنَاءَ حَتّٰى شَرِبَتْهُ، قَالَتْ كَبْشَةُ: فَرَآنِي اَنْظُرُ اِلَيْهِ، فَقَالَ: اَتَعْجَبِينَ يَا بِنْتَ اَخِي ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّهَا لَيْسَتْ بِنَجَسٍ، اِنَّهَا مِنَ الطَّوَّافِينَ عَلَيْكُمْ، وَالطَّوَّافَاتِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ عَلٰى اَنَّهُمَا عَلٰى مَا اَصَّلَاهُ فِيْ تَرْكِهِ، غَيْرَ اَنَّهُمَا قَدْ شَهِدَا جَمِيْعًا لِمَالِكِ بْنِ اَنَسٍ اَنَّهُ الْحَكَمُ فِيْ حَدِيْثِ الْمَدَنِيِّيْنَ، وَهٰذَا الْحَدِيْثُ مِمَّا صَحَّحَهُ مَالِكٌ، وَاحْتَجَّ بِهٖ فِي الْمُوَطَّأِ، وَمَعَ ذٰلِكَ فَاِنَّ لَهُ شَاهِدًا بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ،

✧✧ کبشہ بنت کعب بن مالک، ابن ابی قتادہ کے نکاح میں تھیں۔ آپ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک مرتبہ ابوقتادہ ان کے پاس تشریف لائے، انہوں نے ان کے وضو کے لئے ایک برتن میں پانی بھر کر رکھ دیا، ایک بلی آ کر اس میں سے پینے لگی۔ ابوقتادہ نے بلی کے لئے برتن مزید جھکا دیا تو بلی نے اس میں سے خوب سیر ہو کر پانی پیا۔ کبشہ کہتی ہیں: ابوقتادہ نے مجھے دیکھ لیا کہ میں انہیں دیکھ رہی ہوں، تو آپ مجھے کہنے لگے: اے میری بھتیجی کیا تمہیں (میرے اس عمل پر) تعجب ہو رہا ہے؟ میں نے کہا: جی ہاں۔ آپ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ (بلی) ناپاک نہیں ہے کیونکہ یہ ان جانوروں میں سے ہے جو عموماً گھروں میں آتے جاتے رہتے ہیں۔

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اس کی وجہ یہ ہے کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما حدیث ترک کرنے میں اپنے قانون اور اصول پر عمل پیرا ہیں۔ تاہم ان دونوں نے اس بات کی گواہی دی ہے کہ مدنی راویوں کی روایات میں مالک بن انس رضی اللہ عنہ کی حدیث حرف آخر ہوتی ہے اور اس حدیث کو مالک بن انس رضی اللہ عنہ نے صحیح قرار دیا ہے اور موطا میں اس کو نقل کیا ہے۔

علاوہ ازیں اسنادِ صحیح کے ہمراہ اس مذکورہ حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے (وہ حدیث درج ذیل ہے)

568- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسَى الْقَاضِيْ بِبُخَارٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُسَافِعِ بْنِ شَيْبَةَ الْحَجَبِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مَنْصُوْرَ بْنَ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ اُمِّهٖ صَفِيَّةَ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا ــــــــــــــــ، وَقَدْ صَحَّ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ ضِدُّ هٰذَا، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ اَيْضًا

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے (......اس مقام پر اصل کتاب میں جگہ خالی ہے......) اس حدیث کی سند بھی شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اس کو بھی دونوں نے روایت نہیں کیا ہے۔

569- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ بِبُخَارٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، اِمْلَاءً مِّنْ كِتَابِهٖ سَنَةَ سِتٍّ وَّتِسْعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ بَكَّارُ بْنُ قُتَيْبَةَ قَاضِي الْفُسْطَاطِ، حَدَّثَنَا

اَبُوْ عَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنْ قُرَّةَ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَطُهُوْرُ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ اِذَا وَلَغَ فِيْهِ الْكَلْبُ اَنْ يُغْسَلَ سَبْعَ مَرَّاتٍ، الْاُوْلٰى بِالتُّرَابِ، وَالْهِرَّةُ مِثْلُ ذٰلِكَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، فَاِنَّ اَبَا بَكْرَةَ ثِقَةٌ مَّاْمُوْنٌ، وَمَنْ تَوَهَّمَ اَنَّ اَبَا بَكْرَةَ يَنْفَرِدُ بِهٖ، عَنْ اَبِیْ عَاصِمٍ، وَاِنَّمَا تَفَرَّدَ بِهٖ اَبُوْ عَاصِمٍ وَّهُوَ حُجَّةٌ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب برتن میں کتا منہ ڈال جائے تو اس کو پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اس کو سات مرتبہ دھوئیں ان میں سے پہلی مرتبہ مٹی کے ساتھ صاف کریں اور بلی کے منہ ڈالے کا بھی یہی حکم ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح الاسناد ہے (اس کی سند میں ایک راوی) ابوبکرہ ثقہ اور مامون ہیں اور بعض کو یہ غلط فہمی ہوئی ہے کہ اس کی سند میں ابوعاصم سے صرف ابوبکرہ ہی روایت کرنے والے ہیں، حالانکہ اس حدیث کی روایت میں منفرد ابوعاصم ہیں اور ان کی روایت قابل حجت ہوتی ہے (جبکہ ابوبکرہ کے ساتھ ابوعاصم سے روایت کرنے والے ایک اور صحابی بھی ہیں ان کی حدیث درج ذیل ہے)

570۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِیُّ بْنُ عُمَرَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا بَكَّارُ بْنُ قُتَيْبَةَ، وَحَمَّادُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَنْبَسَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: طُهُوْرُ الْاِنَاءِ اِذَا وَلَغَ فِيْهِ الْكَلْبُ اَنْ يُغْسَلَ سَبْعَ مَرَّاتٍ، الْاُوْلٰى بِالتُّرَابِ، وَالْهِرَّةُ مَرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ قُرَّةُ يَشُكُّ

✧✧ بکار بن قتیبہ اور حماد بن الحسن بن عبسہ نے ابوعاصم کی سند سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: برتن میں جب کتا منہ ڈال جائے تو اس کو پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ برتن کو سات مرتبہ دھویا جائے سب سے پہلے مٹی سے (بعد میں چھ مرتبہ پانی سے) اور بلی کا ایک یا دو مرتبہ دھولیں۔

(قرۃ بن خالد سے بھی مذکورہ مفہوم والی ایک حدیث منقول ہے لیکن ان کے الفاظ میں تردد پایا جاتا ہے ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

571۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْمُزَنِیُّ، حَدَّثَنَا قَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِی الْهِرَّةِ مَرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ يَعْنِیْ غَسْلَ الْاِنَاءِ اِذَا وَلَغَ فِيْهِ الْهِرَّةُ، وَقَدْ شُفِیَ عَلِیُّ بْنُ نَصْرٍ الْجَهْضَمِیُّ، عَنْ

حدیث 570:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 1101

قُرَّةَ فِيْ بَيَانِ هٰذِهِ اللَّفْظَةِ

✧✧ ابوعاصم قرۃ بن خالد کے حوالے سے محمد بن سیرین کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بلی کے متعلق ایک مرتبہ یا (شاید) دومرتبہ دھونے کا کہا ہے یعنی جب کسی برتن میں بلی منہ ڈال جائے تو اس کو ایک یا (شاید) دومرتبہ دھونے کا حکم دیا گیا۔

علی بن نصر الجھضمی نے بھی قرہ سے یہ حدیث روایت کی ہے اور تردد والے الفاظ انہوں نے بھی ذکر کئے ہیں۔(ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

572۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْمُزَنِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْشَرٍ الْحَسَنُ بْنُ سُلَيْمَانَ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: طُهُوْرُ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ اِذَا وَلَغَ فِيْهِ الْكَلْبُ اَنْ يُغْسَلَ سَبْعَ مَرَّاتٍ، اُولَاهُنَّ بِالتُّرَابِ، ثُمَّ ذَكَرَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ الْهِرَّ لَا اَدْرِيْ، قَالَ: مَرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ، قَالَ نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ: وَجَدْتُّهُ فِيْ كِتَابِ اَبِيْ فِيْ مَوْضِعٍ اٰخَرَ، عَنْ قُرَّةَ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ فِي الْكَلْبِ مُسْنَدًا، وَفِي الْهِرَّةِ مَوْقُوْفًا عَنْ تَابَعَهُ فِيْ تَوْقِيْفِ ذِكْرِ الْهِرَّةِ مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ قُرَّةَ

✧✧ نصر بن علی نے اپنے والد کے ذریعے قرہ بن خالد سے محمد بن سیرین کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی یہ روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب برتن میں کتا منہ ڈال جائے تو اس کو پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ برتن کو سات مرتبہ دھوئیں ان میں سے پہلی مرتبہ مٹی کے ساتھ صاف کریں۔ پھر ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ بلی کے متعلق میں کچھ نہیں جانتا۔ آپ نے فرمایا: ایک مرتبہ یا (شاید یہ فرمایا کہ) دومرتبہ۔

نصر بن علی کہتے ہیں: میں نے اپنے والد کی کتاب میں ایک دوسرے مقام پر قرہ، پھر ابن سیرین اور پھر ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے کتے کے بارے میں متصل اور بلی کے بارے میں موقوف حدیث دیکھی ہے۔

بلی کا ذکر موقوفاً کرنے کے سلسلے میں قرہ سے روایت کرنے میں مسلم بن ابراہیم نے علی کی متابعت کی ہے۔

(ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

573۔ أَخْبَرَنَاهُ أَبُوْ بَكْرٍ أَحْمَدُ بْنُ سَهْلٍ الْفَقِيْهُ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَرْقِيُّ وَثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ أَنْبَأَ مُحَمَّدُ بْنُ أَيُّوْبَ وَثَنَا أَبُوْ مُحَمَّدٍ الْمُزَنِي حَدَّثَنَا أَبُوْ خَلِيْفَةَ قَالُوْا حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا قُرَّةُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ فِي الْهِرِّ يَلَغُ فِي الْإِنَاءِ قَالَ يُغْسَلُ مَرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ فَقَدْ ثَبَتَ الرُّجُوْعُ فِيْ حُكْمِ الشَّرِيْعَةِ إِلَى حَدِيْثِ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ فِيْ طَهَارَةِ الْهِرَّةِ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ

✧✧ مسلم بن ابراہیم قرہ کے ذریعے محمد بن سیرین کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: کہ انہوں نے بلی کے برتن میں منہ ڈالنے کے متعلق فرمایا: اس کو ایک مرتبہ یا (شاید فرمایا) دومرتبہ دھولو۔ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) بلی

کی طہارت کے حوالے سے مالک بن انس رضی اللہ عنہ کی حدیث کی طرف حکم شریعت کا رجوع ثابت ہوا (اور نتیجہ یہ نکلا کہ بلی کا جھوٹا ناپاک نہیں ہے)

574۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ، عَنْ اَخِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: اَرَادَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّتَوَضَّاَ مِنْ سِقَاءٍ فَقِيْلَ لَهُ اِنَّهُ مَيْتَةٌ، فَقَالَ: دِبَاغُهُ يَذْهَبُ بِخَبَثِهِ، اَوْ نَجَسِهِ، اَوْ رِجْسِهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّلَا اَعْرِفُ لَهُ عِلَّةً، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں (ایک مرتبہ) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مشکیزے سے وضو کرنے کا ارادہ کیا تو کسی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا: یہ مردار کی کھال سے بنا ہوا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو رنگنے سے اس کی نجاست ختم ہو جاتی ہے (راوی کو شک ہے کہ اس موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خبث کا لفظ بولا، نجس بولا یا رجس بولا تھا)

❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور اس میں کوئی علت بھی نہیں ہے۔

575۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُجْزِءُ مِنَ الْوُضُوءِ الْمُدُّ، وَمِنَ الْجَنَابَةِ الصَّاعُ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: لَا يَكْفِيْنَا ذٰلِكَ يَا جَابِرُ، فَقَالَ: قَدْ كَفٰى مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِّنْكَ وَاَكْثَرُ شَعْرًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وضو کے لئے ایک ''مد'' اور غسل کے لئے ایک ''صاع'' پانی کافی ہے۔ ایک شخص کہنے لگا: اے جابر! ہمارے لئے تو اتنا پانی ناکافی ہے۔ اس پر جابر نے جواباً کہا: اتنا پانی اس ذات کو تو کفایت کر گیا جو تجھ سے بہتر ہے (یعنی جس کو تجھ سے زیادہ طہارت کی فکر ہوتی ہے) اور جس کے بال تجھ سے زیادہ گھنے تھے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں، ان لفظوں کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔

576۔ فَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ الْهِسِنْجَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِىْ زَائِدَةَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِثُلُثَىْ مُدٍّ، فَتَوَضَّاَ فَجَعَلَ يَدْلُكُ ذِرَاعَيْهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، فَقَدِ احْتَجَّ بِحَبِيْبِ بْنِ زَيْدٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن زید انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دو تہائی مد پانی پیش کیا گیا تو آپ نے اپنے بازوؤں کو ملتے ہوئے، اس کے ساتھ وضو کر لیا۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے حبیب بن زید کی روایات نقل کی ہیں۔

577- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ الْعَامِرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، وَحَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ عِيسٰى وَاللَّفْظُ لَهُ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَبَّانِيُّ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كُنَّا نَتَوَضَّأُ رِجَالًا وَنِسَاءً وَّنَغْسِلُ اَيْدِيَنَا فِيْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ عَآئِشَةَ فِيْ هٰذَا الْبَابِ، وَلِهٰذَا الْحَدِيْثِ شَاهِدٌ يَنْفَرِدُ بِهٖ خَارِجَةُ بْنُ مُصْعَبٍ وَّاَنَا اَذْكُرُهٗ مُحْتَسِبًا لِمَا اُشَاهِدُهٗ مِنْ كَثْرَةِ وَسْوَاسِ النَّاسِ فِيْ صَبِّ الْمَاءِ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ہم (گھر کے) مرد اور عورتیں ایک ہی برتن میں وضو کر لیتے تھے اور ہاتھ دھو لیا کرتے تھے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ لیکن انہوں نے ان الفاظ کے ہمراہ اس حدیث کو نقل نہیں کیا۔

اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جس کی سند میں خارجہ بن مصعب منفرد ہیں (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) میں نے اس حدیث کو اس لئے ذکر کیا تاکہ عوام الناس پانی بہانے کے حوالے سے اس وسوسہ سے بچ جائیں جس کا عام طور پر میں نے مشاہدہ کیا ہے۔

578- حَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ عِيسٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ جَمِيْلٍ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ،

حدیث 577:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث:120

حدیث 578:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 57 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 421 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 21276 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 122 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 901 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث:547

وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، وَحَدَّثَنَا خَارِجَةُ بْنُ مُصْعَبٍ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ ضَمْرَةَ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ لِلْوُضُوْءِ شَيْطَانًا يُقَالُ لَهُ الْوَلَهَانُ فَاحْذَرُوْهُ، وَاتَّقُوا وَسْوَاسَ الْمَآءِ وَلَهُ شَاهِدٌ بِاِسْنَادٍ اٰخَرَ اَصَحَّ مِنْ هٰذَا

✧✧ حضرت ابی ابن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: وضو میں وسوسہ ڈالنے والا بھی ایک شیطان ہے اس کو ولہان کہتے ہیں۔ اس سے بچ کر رہو اور پانی کے وسوسوں سے بھی بچو۔

ایک دوسری سند کے ہمراہ اس کی ایک اور شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ اس کی بہ نسبت زیادہ واضح ہے۔

(حدیث درج ذیل ہے)

579- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَاَنَا مُوْسٰى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، اَنْبَاَنَا سَعِيْدٌ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ اَبِىْ نَعَامَةَ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُغَفَّلٍ، سَمِعَ ابْنَهُ، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْاَلُكَ الْقَصْرَ الْاَبْيَضَ عَنْ يَمِيْنِ الْجَنَّةِ، اِذَا دَخَلْتُهَا، فَقَالَ: يَا بُنَيَّ سَلِ اللّٰهَ الْجَنَّةَ وَتَعَوَّذْ بِهٖ مِنَ النَّارِ فَاِنِّىْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اِنَّهٗ سَيَكُوْنُ فِىْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ قَوْمٌ يَعْتَدُوْنَ فِى الطُّهُوْرِ وَالدُّعَاءِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: انہوں نے اپنے بیٹے کو یوں دعا مانگتے سنا: اے اللہ! جب تو مجھے جنت میں داخل کردے گا تو میں جنت کی دائیں جانب ایک سفید محل کا تجھ سے سوال کرتا ہوں، اس پر عبداللہ بن المغفل نے اپنے بیٹے سے کہا: بیٹا! اللہ تعالیٰ سے جنت کی دعا مانگو اور دوزخ سے اس کی پناہ مانگو کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کا یہ ارشاد گرامی سن رکھا ہے " میری امت میں کچھ لوگ ہونگے جو طہارت میں اور دعا میں حد سے تجاوز کریں گے۔

580- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مِلْحَانَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِى اللَّيْثُ، عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ الزُّبَيْدِيِّ، اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: وَيْلٌ لِّلْاَعْقَابِ، وَبُطُوْنِ الْاَقْدَامِ مِنَ النَّارِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَا ذِكْرَ بُطُوْنِ الْاَقْدَامِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن حارث بن الزبیدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: (وضو کے دوران خشک رہ جانے والی) ایڑھیوں اور پاؤں کے تلووں کے لئے جہنم کی ہلاکت ہے۔

❖ یہ حدیث صحیح ہے، لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے پاؤں کے تلووں کا ذکر نہیں کیا ہے۔

حدیث: 579

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 96 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 16847 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 6763 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 900

581ـ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّورِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى اَنْ يَّدْخُلَ الرَّجُلُ الْمَاءَ اِلَّا بِمِئْزَرٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے برہنہ حالت میں پانی میں داخل ہونے سے منع فرمایا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

582ـ اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ اَبِي زَائِدَةَ، وَمُصْعَبُ بْنُ شَيْبَةَ، عَنْ طَلْقِ بْنِ حَبِيْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا حَدَّثَتْهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يُغْتَسَلُ مِنْ اَرْبَعٍ مِّنَ الْجَنَابَةِ، وَيَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَمِنْ غَسْلِ الْمَيِّتِ، وَالْحِجَامَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا چار مواقع پر غسل کرنا چاہیے (۱) جنابت کا غسل (۲) جمعہ کے دن کا غسل (۳) غسل میت کے بعد غسل (۴) پچھنے لگوانے کے بعد غسل۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

583ـ حَدَّثَنَا الْحَاكِمُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَافِظُ، اِمْلَاءً فِي شَهْرِ رَبِيْعٍ الْاَوَّلِ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّتِسْعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَحِيْمٍ الشَّيْبَانِيُّ بِالْكُوْفَةِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَازِمِ بْنِ اَبِي غَرْزَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ الْاَصْبَهَانِيِّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: دَخَلَتْ فَاطِمَةُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ تَبْكِي، فَقَالَ: يَا بُنَيَّةُ، مَا يُبْكِيْكِ ؟ قَالَتْ: يَا اَبَتِ مَا لِيَ لَا اَبْكِي وَهَؤُلَاءِ الْمَلَاُ مِنْ قُرَيْشٍ فِي الْحِجْرِ يَتَعَاقَدُوْنَ بِاللَّاتِ وَالْعُزّٰى وَمَنَاةَ الثَّالِثَةِ الْاُخْرٰى لَوْ قَدْ رَاَوْكَ لَقَامُوْا اِلَيْكَ فَيَقْتُلُوْنَكَ، وَلَيْسَ مِنْهُمْ رَجُلٌ اِلَّا وَقَدْ عَرَفَ نَصِيْبَهُ مِنْ دَمِكَ، فَقَالَ: يَا بُنَيَّةُ، ائْتِنِيْ بِوَضُوْءٍ فَتَوَضَّاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ خَرَجَ اِلَى الْمَسْجِدِ فَلَمَّا

حدیث 581:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابورى فى "صحيحه" طبع المكتب الاسلامى بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 249

حدیث 582:

اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 25231 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابورى فى "صحيحه" طبع المكتب الاسلامى بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 256 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دار الباز مكه مكرمه سعودى عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 1328

رَاوَهُ، قَالُوا: هَاهُوَ ذَا فَطَأطَئُوا رُءُ وسَهُمْ، وَسَقَطَتْ اَذْقَانُهُمْ بَيْنَ يَدَيْهِمْ، فَلَمْ يَرْفَعُوا اَبْصَارَهُمْ فَتَنَاوَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْضَةً مِّنْ تُرَابٍ فَحَصَبَهُمْ بِهَا وَقَالَ: شَاهَتِ الْوُجُوهُ فَمَا اَصَابَ رَجُلاً مِّنْهُمْ حَصَاةٌ مِّنْ حَصَاتِهِ اِلَّا قُتِلَ يَوْمَ بَدْرٍ كَافِرًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، قَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِيَحْيَى بْنِ سُلَيْمٍ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمٌ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَا اَعْرِفُ لَهُ عِلَّةً، وَاَهْلُ السُّنَّةِ مِنْ اَحْوَجِ النَّاسِ لِمُعَارَضَةِ مَا قِيْلَ اَنَّ الْوُضُوءَ لَمْ يَكُنْ قَبْلَ نُزُولِ الْمَائِدَةِ، وَاِنَّمَا نُزُولُ الْمَائِدَةِ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَاتٍ وَّلَهُ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ نَاطِقٌ بِاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَوَضَّأُ، وَيَاْمُرُ بِالْوُضُوءِ قَبْلَ الْهِجْرَةِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا روتی ہوئی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: پیاری بیٹی کیوں رو رہی ہو؟ عرض کرنے لگیں! ابا جان! میں کیوں نہ روؤں؟ جبکہ قریش کے لوگ اپنے معبودان باطلہ کی قسمیں کھا کھا کر ایک دوسرے کے ساتھ وعدے کر رہے ہیں کہ اگر یہ لوگ آپ کو کہیں دیکھ لیں گے تو (معاذ اللہ) آپ کو شہید کر دیں گے اور ہر شخص آپ کو مارنے کے لئے تیار ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیٹی! مجھے وضو کے لئے پانی دیں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم وضو کر کے مسجد کی طرف چل دیئے۔ جب قریش نے آپ کو دیکھا تو کہنے لگے: وہ یہ جا رہے ہیں۔ پھر انہوں نے اپنے سر کو جھکا لیا اور ان کے چہرے ایسے نیچے ہوئے کہ وہ اپنی آنکھوں کو اوپر نہ اٹھا سکے۔ چنانچہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مٹھی مٹی اٹھا کر ان کی طرف پھینکی اور فرمایا: تم بدشکل ہو جاؤ (ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں) اس دن جس جس کو اس مٹی کا ذرہ بھی لگا تھا وہ جنگ بدر میں حالت کفر میں مارا گیا۔

❖ یہ حدیث صحیح ہے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے یحیٰی بن سلیم کی روایات نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبداللہ بن عثمان بن خثیم کی روایات نقل کی ہیں لیکن دونوں نے یہ حدیث نقل نہیں کی اور مجھے اس حدیث میں کوئی علت بھی نہیں ملی اور اس حدیث کی سب سے زیادہ ضرورت اہل سنت کو ہے کیونکہ ان پر یہ اعتراض ہے کہ وضو کا حکم سورۂ مائدہ (میں ہے اس لئے اس) کے نزول سے پہلے وضو کا حکم نہیں تھا اور سورۂ مائدہ کا نزول حجۃ الوداع کے موقع پر ہوا، جس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم عرفات میں تھے۔

اس حدیث کی صحیح شاہد حدیث بھی موجود ہے جس سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہجرت سے پہلے خود بھی وضو کرنا اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بھی وضو کا حکم دینا ثابت ہے، لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے بھی روایت نہیں کیا ہے۔ (وہ حدیث درج ذیل ہے)

584۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ دَرَسْتَوَيْهِ الْفَارِسِيُّ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ سُفْيَانَ الْفَارِسِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ تَوْبَةَ الرَّبِيْعُ بْنُ نَافِعٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُهَاجِرِ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ اَبِي سَلَامٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ، قَالَ: اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اَوَّلِ مَا بُعِثَ وَهُوَ بِمَكَّةَ، وَهُوَ حِيْنَئِذٍ مُسْتَخْفٍ، فَقُلْتُ: مَا اَنْتَ ؟ قَالَ: اَنَا نَبِيٌّ، قُلْتُ: وَمَا نَبِيٌّ ؟ قَالَ: رَسُوْلُ اللّٰهِ، قُلْتُ: آللّٰهُ اَرْسَلَكَ ؟ قَالَ: نَعَمْ،

قُلْتُ: بِمَا اَرْسَلَكَ ؟ قَالَ: اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ، وَتَكْسِرَ الْاَوْثَانَ وَالْاَدْيَانَ، وَتُوصِلَ الْاَرْحَامَ، قُلْتُ: نِعَمَ، مَا اَرْسَلَكَ بِهٖ، قُلْتُ: فَمَنْ يَّتْبَعُكَ عَلٰى هٰذَا ؟ قَالَ: عَبْدٌ وَحُرٌّ يَعْنِيْ اَبَا بَكْرٍ وَّبِلالا، فَكَانَ عَمْرٌو يَقُوْلُ: لَقَدْ رَاَيْتُنِيْ وَاَنَا رُبْعُ، اَوْ رَابِعُ الْاِسْلَامِ، قَالَ: فَاَسْلَمْتُ، قُلْتُ: اَتْبَعُكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: لَا، وَلٰكِنِ الْحَقْ بِقَوْمِكَ، فَاِذَا اُخْبِرْتَ اَنِّيْ قَدْ خَرَجْتُ فَاتْبَعْنِيْ، قَالَ: فَلَحِقْتُ بِقَوْمِيْ، وَجَعَلْتُ اَتَوَقَّعُ خَبَرَهٗ، وَخُرُوْجَهٗ حَتّٰى اَقْبَلَتْ رُفْقَةٌ مِّنْ يَّثْرِبَ فَلَقِيْتُهُمْ، فَسَاَلْتُهُمْ عَنِ الْخَبَرِ، فَقَالُوْا: قَدْ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَّكَّةَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ، فَقُلْتُ: وَقَدْ اَتَاهَا ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: فَارْتَحَلْتُ حَتّٰى اَتَيْتُهٗ، قُلْتُ: اَتَعْرِفُنِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ؟ قَالَ: نَعَمْ، اَنْتَ الرَّجُلُ الَّذِيْ اَتَانِيْ بِمَكَّةَ فَجَعَلْتُ اَتَجَسَّسُ خَلْوَتَهٗ فَلَمَّا خَلا، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، عَلِّمْنِيْ مِمَّا عَلَّمَكَ اللّٰهُ وَاَجْهَلُ، قَالَ: فَسَلْ عَمَّ شِئْتَ، قُلْتُ: اَيُّ اللَّيْلِ اَسْمَعُ ؟ قَالَ: جَوْفُ اللَّيْلِ الْاٰخِرِ فَصَلِّ مَا شِئْتَ، فَاِنَّ الصَّلٰوةَ مَشْهُوْدَةٌ، مَكْتُوْبَةٌ حَتّٰى تُصَلِّيَ الصُّبْحَ، ثُمَّ اَقْصِرْ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَتُرْفَعَ قَدْرَ رُمْحٍ اَوْ رُمْحَيْنِ، فَاِنَّهَا تَطْلُعُ بَيْنَ قَرْنَيْ شَيْطَانٍ، وَتُصَلِّيْ لَهَا الْكُفَّارُ، ثُمَّ صَلِّ مَا شِئْتَ، فَاِنَّ الصَّلٰوةَ مَشْهُوْدَةٌ مَّكْتُوْبَةٌ حَتّٰى يَعْدِلَ الرُّمْحُ ظِلَّهٗ، ثُمَّ اَقْصِرْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ تُسْجَرُ وَتُفْتَحُ اَبْوَابُهَا، فَاِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ فَصَلِّ مَا شِئْتَ، فَاِنَّ الصَّلٰوةَ مَشْهُوْدَةٌ مَّكْتُوْبَةٌ، ثُمَّ صَلِّ حَتّٰى تُصَلِّيَ الْعَصْرَ، ثُمَّ اَقْصِرْ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ، فَاِنَّهَا تَغْرُبُ بَيْنَ قَرْنَيْ شَيْطَانٍ وَّتُصَلِّيْ لَهَا الْكُفَّارُ، وَاِذَا تَوَضَّاْتَ فَاغْسِلْ يَدَيْكَ فَاِنَّكَ اِذَا غَسَلْتَ يَدَيْكَ خَرَجَتْ خَطَايَاكَ مِنْ ذِرَاعَيْكَ، ثُمَّ اِذَا مَسَحْتَ بِرَاْسِكَ خَرَجَتْ خَطَايَاكَ مِنْ اَطْرَافِ شَعْرِكَ، ثُمَّ اِذَا غَسَلْتَ رِجْلَيْكَ خَرَجَتْ خَطَايَاكَ مِنْ رِجْلَيْكَ، فَاِنْ ثَبَتَّ فِيْ مَجْلِسِكَ كَانَ لَكَ حَظًّا مِّنْ وُّضُوْئِكَ، وَاِنْ قُمْتَ فَذَكَرْتَ رَبَّكَ، وَحَمِدْتَّهٗ، وَرَكَعْتَ رَكْعَتَيْنِ مُقْبِلا عَلَيْهِمَا بِقَلْبِكَ كُنْتَ مِنْ خَطَايَاكَ كَيَوْمِ وَلَدَتْكَ اُمُّكَ، قَالَ: قُلْتُ: يَا عَمْرُو، اعْلَمْ مَا تَقُوْلُ، فَاِنَّكَ تَقُوْلُ اَمْرًا عَظِيْمًا، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَقَدْ كَبِرَتْ سِنِّيْ وَدَنَا اَجَلِيْ وَاِنِّيْ لَغَنِيٌّ عَنِ الْكَذِبِ، وَلَوْ لَمْ اَسْمَعْهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا مَرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ مَا حَدَّثْتُهٗ وَلٰكِنْ قَدْ سَمِعْتُهٗ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ هٰكَذَا حَدَّثَنِيْ اَبُوْ سَلامٍ عَنْهُ، عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ اِلَّا اَنْ اُخْطِءَ شَيْئًا، اَوْ اَزِيْدَهٗ فَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ، وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ، قَدْ خَرَّجَ مُسْلِمٌ بَعْضَ هٰذِهِ الْاَلْفَاظِ مِنْ حَدِيْثِ النَّضْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْجُرَشِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ، قَالَ: قَالَ عَمْرُو بْنُ عَبَسَةَ: وَحَدِيْثُ الْعَبَّاسِ بْنِ سَالِمٍ هٰذَا اَشْفٰى، وَاَتَمُّ مِنْ حَدِيْثِ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ

◇◇ حضرت عمر بن عبسہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے اعلان نبوت کے ابتدائی دنوں میں، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں رہتے تھے لیکن ابھی اعلانیہ تبلیغ شروع نہیں کی تھی۔ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: آپ

حدیث 584:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابورى فى "صحيحه" طبع المكتب الاسلامى بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 260 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ھ رقم الحديث: 422 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله بيروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحديث:1410

کون ہیں؟ آپ ﷺ نے جواباً فرمایا: میں نبی ہوں۔ میں نے پوچھا: نبی کون ہوتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کا رسول۔ میں نے پوچھا: کیا اللہ نے آپ کو مبعوث فرمایا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں۔ میں نے پوچھا: آپ کیا پیغام لائے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: (اس بات کا کہ) تم صرف اللہ کی عبادت کرو، بتوں کو اور جھوٹے ادیان کو چھوڑ دو اور صلہ رحمی کرو۔ میں نے عرض کی: کتنا ہی اچھا پیغام ہے جو آپ لے کر آئے ہیں۔ میں نے پوچھا: آپ کے ان احکام پر آپ کی پیروی کون کون کر رہا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ایک غلام اور ایک آزاد آدمی۔ یعنی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ (چنانچہ عمرو کہا کرتے تھے میرا یہ خیال ہے کہ میں چوتھے نمبر پر اسلام لایا تھا) عمرو کہتے ہیں: پھر میں نے اسلام قبول کر لیا اور میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں آپ کے ساتھ رہنا چاہتا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں۔ بلکہ تم اپنی قوم میں جا کر رہو، جب تمہیں میری ہجرت کی اطلاع ملے تو میرے ساتھ آملنا (عمرو کہتے ہیں) میں اپنی قوم میں جا کر رہنے لگا اور آپ ﷺ کی ہجرت کی اطلاع کی آس لگا کر بیٹھ گیا۔ ایک دن یثرب سے ایک قافلہ آیا، میں نے ان سے ملاقات کی اور ان سے یثرب کی کوئی خاص خبر پوچھی۔ انہوں نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ مکہ سے مدینہ کی طرف کوچ کر چکے ہیں۔ میں نے پوچھا: کیا آپ مدینہ پہنچ گئے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: ہاں۔ میں (اسی وقت) وہاں سے نکلا اور مدینہ میں حضور ﷺ کے پاس پہنچ گیا۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! کیا آپ مجھے پہچانتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں۔ تو وہی شخص ہے نا جو مکہ میں میرے پاس آیا تھا، پھر میں آپ ﷺ کی خدمت میں بیٹھ گیا اور اس بات کے تجسس میں رہا کہ کوئی موقع خلوت کا نصیب ہو جائے۔ پھر جب مجھے خلوت کا موقع ملا تو میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے آپ کو جو کچھ سکھایا ہے، آپ مجھے بھی سکھا دیں اور میری تربیت فرما دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جو پوچھنا چاہتے ہو پوچھو: میں نے کہا: رات کا کون سا حصہ قبولیت کا ہوتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: رات کا آخری حصہ۔ اس میں جتنی چاہیں نماز پڑھیں کیونکہ نماز کے بارے میں گواہی لکھی ہوئی ہے (رات کے آخری حصے سے) نماز فجر تک عبادت کا سلسلہ جاری رکھیں پھر سورج کے طلوع ہونے اور ایک دو نیزے کی مقدار میں بلند ہونے تک (نماز سے) رکے رہو کیونکہ سورج شیطان کے دو سینگوں کے درمیان طلوع ہوتا ہے اور (اس وقت) کفار سورج کی پوجا کرتے ہیں (جب سورج بلند ہو جائے) تب جتنے چاہو نوافل ادا کرو کیونکہ نماز اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مشہود و مکتوب ہے (یہ سلسلہ) نیزے کا سایہ اس کے برابر ہونے (یعنی وقت زوال شروع ہونے) تک جاری رکھو (اور جب زوال کا وقت شروع ہو جائے تو) پھر نماز سے رک جاؤ کیونکہ (اس وقت) جہنم کو بھڑکایا جاتا ہے اور اس کے دروازے کھولے جاتے ہیں۔ پھر جب سورج ڈھل جائے تو نماز پڑھ سکتے ہو کیونکہ نماز کے بارے میں گواہی دی گئی ہے اور یہ فرض ہے۔ پھر عصر تک جتنے چاہو، نوافل ادا کرو پھر عصر سے غروب آفتاب تک نوافل مت پڑھو کیونکہ (اس وقت) سورج شیطان کے سینگوں کے درمیان غروب ہوتا ہے اور کفار (اس وقت) اس کی پوجا کرتے ہیں اور جب وضو کرنے لگو تو اپنے ہاتھوں کو دھولو کیونکہ جب تم ہاتھ دھولو گے تو بازو کے تمام گناہ نکل جائیں گے اور جب تم سر کا مسح کرو گے تو بالوں کے کناروں سے تمہارے گناہ خارج ہو جائیں گے اور جب تم اپنے پاؤں دھوؤ گے تو تمہارے گناہ پاؤں سے نکل جائیں گے۔ اگر تم وضو کر کے وہیں بیٹھے رہو گے تو صرف وضو کی وجہ سے ہی بہت زیادہ ثواب پاؤ گے اور اگر وضو کے بعد خشوع وخضوع کے ساتھ دو رکعت (تحیۃ الوضو) پڑھ لو گے تو گناہوں سے ایسے پاک صاف ہو جاؤ

گے گویا کہ تمہاری ماں نے آج تمہیں جنا ہے (ابوامامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں نے کہا: اے عمرو! تمہیں معلوم ہے تم کیا کہہ رہے ہو؟ تم بہت بڑی بات کہہ رہے ہو۔ عمرو بن عبسہ نے جواب دیا: خدا کی قسم! میں بوڑھا ہو چکا ہوں، اب تو میری موت کا وقت قریب ہے اور مجھے جھوٹ بولنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ اگر میں نے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات ایک یا دو مرتبہ سنی ہوتی تو (شاید) آپ کو بیان نہ کرتا بلکہ میں نے یہ بات رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے متعدد بار سنی ہے۔ ابوسلام نے ابوامامہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے مجھے اسی طرح حدیث بیان کی ہے، ہوسکتا ہے کہ بیان کرنے میں مجھ سے کوئی کمی بیشی ہوگئی ہو تو میں اللہ تعالیٰ سے مغفرت چاہتا ہوں اور معافی مانگتا ہوں۔

❖❖ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کے بعض الفاظ نقل کیے ہیں، اس کی سند یوں ہے۔ النَّضْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْجُرَشِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ، قَالَ: قَالَ عَمْرُو بْنُ عَبَسَةَ اور عباس بن سالم کی یہ حدیث عکرمہ بن عمار کی حدیث سے زیادہ جامع اور فائدہ مند ہے۔

585۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِئٍ، حَدَّثَنَا السَّرِيُّ بْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، حَدَّثَنِي اَبِيْ، اَخْبَرَنِي الْوَلِيْدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ، اَنَّ عَطَاءً حَدَّثَهُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَجُلًا اَجْنَبَ فِيْ شِتَاءٍ، فَسَاَلَ وَاُمِرَ بِالْغُسْلِ فَاغْتَسَلَ فَمَاتَ، فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا لَهُمْ قَتَلُوْهُ قَتَلَهُمُ اللّٰهُ ثَلَاثًا، قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ الصَّعِيْدَ، اَوِ التَّيَمُّمَ طَهُوْرًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ فَاِنَّ الْوَلِيْدَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ هٰذَا ابْنُ اَخِيْ عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ، وَهُوَ قَلِيْلُ الْحَدِيْثِ جِدًّا، وَقَدْ رَوَاهُ الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ عَطَاءٍ وَّهُوَ مُخَرَّجٌ بَعْدَ هٰذَا، وَلَهُ شَاهِدٌ اٰخَرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک شخص سخت سردیوں میں جنبی ہوگیا، اس نے مسئلہ پوچھا، جواب دینے والے نے غسل لازم قرار دے دیا۔ اس نے غسل کرلیا (اور سردی کی شدت کی وجہ سے) وہ مرگیا۔ اس بات کا تذکرہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں کیا گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کی مارنے کی کیا مجال تھی، اس کو اللہ نے مارا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ یہی الفاظ دہرائے (جبکہ) اللہ تعالیٰ نے مٹی کو یا (شاید یوں فرمایا) تیمّم کو پاک کرنے والا بنایا ہے۔

حدیث 585:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 337 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 572 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي بيروت لبنان 1407ه 1987ء رقم الحديث: 752 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 3057 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث: 1015 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ه-1984ء رقم الحديث: 2420 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ه/1983ء رقم الحديث: 11472 اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان (طبع ثاني) 1403ه رقم الحديث: 867

✧✧ یہ حدیث صحیح ہے، کیونکہ یہ ولید بن عبیداللہ عطاء بن ابی رباح کے بھتیجے ہیں، ان کی مرویات کی تعداد بہت کم ہے اور اس حدیث کو امام اوزاعی نے بھی عطاء سے روایت کیا ہے۔

اس حدیث کی ایک اور شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے۔ (شاہد حدیث درج ذیل ہے)

586۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَنْبَاَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَفَعَهُ فِيْ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ: وَاِنْ كُنْتُمْ مَرْضٰى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ، قَالَ: اِذَا كَانَ الرَّجُلُ الْجِرَاحَةُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، اَوِ الْقُرُوْحُ اَوِ الْجُدَرِيُّ فَيَجْنُبُ فَيَخَافُ اِنِ اغْتَسَلَ اَنْ يَّمُوْتَ فَلْيَتَيَمَّمْ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے وَاِنْ كُنْتُمْ مَرْضٰى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ (النساء:۴۳) کی تفسیر بیان کرتے ہوئے فرمایا: جب کوئی بندہ اللہ کی راہ میں نکلا ہوا ہو اور اس حالت میں اس کو کوئی زخم، پھوڑا یا پھنسی وغیرہ نکل آئے اور اس کو غسل کی حاجت ہو لیکن غسل کرنے سے موت کا خدشہ ہو تو ایسا شخص (غسل کی بجائے) تیمّم کر سکتا ہے۔

587۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ السَّمَّاكِ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُوْرٍ الْحَارِثِيُّ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيْ حَرْبِ بْنِ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ فِيْ بَوْلِ الرَّضِيْعِ: يُنْضَحُ بَوْلُ الْغُلَامِ، وَيُغْسَلُ بَوْلُ الْجَارِيَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ فَاِنَّ اَبَا الْاَسْوَدِ الدِّيْلِيَّ سَمَاعُهُ مِنْ عَلِيٍّ وَّهُوَ عَلٰى شَرْطِهِمَا صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهُ شَاهِدَانِ صَحِيْحَانِ اَمَّا اَحَدُهُمَا

✧✧ حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے، دودھ پیتے بچے کے متعلق فرمایا: لڑکے کے پیشاب پر چھینٹے مارے جائیں اور لڑکی کا پیشاب دھویا جائے۔

حدیث 587:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء' رقم الحديث: 356

ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/ 1994ء' رقم الحديث: 1644

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَهُوَ غَرِيْبٌ مِّنْ حَدِيْثِ الثَّوْرِيِّ، فَاِنِّيْ سَمِعْتُ اَبَا عَلِيِّ الْحَافِظَ، يَقُوْلُ: تَفَرَّدَ بِهٖ اَبُوْ عَاصِمٍ النَّبِيْلُ عَنِ الثَّوْرِيِّ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں ایک ایسی بات کی رہنمائی نہ کروں جو تمہاری خطاؤں کو مٹادے اور نیکیوں میں اضافہ کرے؟۔ لوگوں نے عرض کیا: جی ہاں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب وضو کرنا مشکل ہو، اس وقت اچھے طریقے سے وضو کرنا اور ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا۔ تم میں سے کوئی شخص گھر سے نکلتا ہے اور امام کے ساتھ نماز ادا کرتا ہے پھر وہ بیٹھ کر دوسری نماز کا انتظار کرتا ہے تو ایسے شخص کے لئے فرشتے دعا مانگتے ہوئے کہتے ہیں: یا اللہ اس کی مغفرت فرما، یا اللہ اس پر رحم فرما۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ یہ حدیث ثوری کی حدیث سے غریب ہے (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) میں نے ابوعلی حافظ کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ یہ حدیث ثوری سے روایت کرنے میں ابوعاصم نبیل منفرد ہیں۔

690- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ الْجَلَابُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ الْجَوْهَرِيُّ حَدَّثَنَا الْمَعْلَى بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيْمِ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِي عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ ذُرَيْحٍ عَنْ زِيَادِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النَّخْعِيِّ قَالَ كُنَّا جُلُوْساً مَعَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي الْمَسْجِدِ الأَعْظَمِ وَالْكُوْفَةُ يَوْمَئِذٍ

حدیث 689:

اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 251 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 51 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء رقم الحدیث: 143 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 427 اخرجه ابوعبدالله الاصبحی فی "الموطا" طبع داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) رقم الحدیث: 384 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی' بیروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء رقم الحدیث: 698 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 7208 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 1038 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث: 5 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 139 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحدیث: 6503 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة' قاهره' مصر' 1408ھ/1988ء' رقم الحدیث: 984 اخرجه ابن ابی اسامه فی "مسند الحارث" طبع مرکز خدمة السنة والسیرة النبویه' مدینه منوره' 1413ھ/1992ء' رقم الحدیث: 153 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب' 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 2098 اخرجه ابوبکر الصنعانی فی "مصنفه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ' رقم الحدیث: 1993

إِخْصَاصٌ فَجَاءَهُ الْمُؤَذِّنُ فَقَالَ اَلصَّلَاةُ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ لِلْعَصْرِ فَقَالَ اِجْلِسْ فَجَلَسَ ثُمَّ عَادَ فَقَالَ ذٰلِكَ فَقَالَ عَلِيٌّ هٰذَا الْكَلْبُ يُعَلِّمُنَا بِالسُّنَّةِ فَقَامَ عَلِيٌّ فَصَلّٰى بِنَا الْعَصْرَ ثُمَّ انْصَرَفْنَا فَرَجَعْنَا إِلَى الْمَكَانِ الَّذِي كُنَّا فِيْهِ جُلُوْسًا فَجَثَوْنَا لِلرُّكَبِ فَتَزَوَّرُ الشَّمْسُ لِلْمَغِيْبِ نَتَرَاءَ اهَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ بَعْدَ احْتِجَاجِهِمَا بِرُوَاتِهِ

❖❖ حضرت زیاد بن ابراہیم نخعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم کوفہ کی جامعہ مسجد میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ان دنوں کوفہ ''دارالخلافہ ہوا کرتا تھا'' موذن آیا اور کہنے لگا: اے امیر المومنین! نماز عصر کا وقت ہو گیا ہے۔آپ نے فرمایا: ''بیٹھ جاؤ'' وہ بیٹھ گیا۔موذن نے پھر یاد دلایا۔آپ نے اس کو پھر بٹھا دیا۔پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''یہ کتا ہمیں سنت سکھا رہا ہے'' پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور ہمیں نماز عصر پڑھائی۔اس کے بعد ہم دوبارہ اسی جگہ آ گئے، جہاں بیٹھے تھے۔ہم انگلیوں کے بل کھڑے ہو کر سورج کی طرف دیکھنے لگے تو غروب ہونے کے مقام کے قریب سورج دکھائی دے رہا تھا۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، حالانکہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں۔

691۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ مَزْيَدٍ الْبَيْرُوتِيُّ، اَخْبَرَنِي اَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ الْاَوْزَاعِيَّ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو النَّجَاشِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي رَافِعُ بْنُ خَدِيْجٍ، قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَصْرَ ثُمَّ نَنْحَرُ الْجَزُوْرَ، فَنَقْسِمُ عَشَرَ قِسَمٍ، ثُمَّ نَطْبُخُ فَنَاْكُلُ لَحْمًا نَضِيْجًا قَبْلَ اَنْ تَغِيْبَ الشَّمْسُ قَدِ اتَّفَقَ الْبُخَارِيُّ، وَمُسْلِمٌ عَلٰى اِخْرَاجِ حَدِيْثِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ اَبِي النَّجَاشِيِّ، عَنْ رَّافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ، قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي الْمَغْرِبَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ نَنْصَرِفُ وَاَحَدُنَا يُبْصِرُ مَوَاقِعَ نَبْلِهِ، وَلَهُ شَاهِدَانِ صَحِيْحَانِ فِي تَعْجِيْلِ الصَّلٰوةِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، فَالشَّاهِدُ الْاَوَّلُ مِنْهُمَا

❖❖ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ نماز عصر ادا کیا کرتے تھے۔اس کے بعد اونٹ ذبح کرتے، اس کے گوشت کو دس حصوں میں تقسیم کرتے، پھر اس کو پکا کر سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے پکا ہوا گوشت کھا کر فارغ ہو جاتے تھے۔

❖❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اوزاعی کی وہ حدیث نقل کی ہے جو انہوں نے ابونجاشی کے واسطے سے رافع بن خدیج سے روایت کی ہے (رافع بن خدیج کہتے ہیں) ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مغرب کی نماز پڑھا کرتے تھے، نماز سے فارغ ہونے کے بعد بھی ہم اپنے قدموں کے نشانات دیکھ سکتے تھے۔

یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

نماز جلدی پڑھنے سے متعلق اس حدیث کی ۲ صحیح حدیثیں شاہد ہیں، جن کو شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے نقل نہیں کیا۔

پہلی شاہد حدیث:

692- اَخْبَرَنَاهُ اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدُوسٍ الْعُبَرِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ بَشِيرَ بْنَ اَبِي مَسْعُودٍ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ كَانَ يُصَلِّي الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ بَيْضَاءُ مُرْتَفِعَةٌ ثُمَّ يَسِيرُ الرَّجُلُ حَتّٰى يَنْصَرِفَ مِنْهَا اِلٰى ذِي الْحُلَيْفَةِ، وَهِيَ سِتَّةُ اَمْيَالٍ قَبْلَ غُرُوبِ الشَّمْسِ

قَدِ اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيثِ بَشِيرِ بْنِ اَبِي مَسْعُودٍ فِي اٰخِرِ حَدِيثِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بِغَيْرِ هٰذَا اللَّفْظِ، وَاَمَّا الشَّاهِدُ الثَّانِي

✧✧ حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نماز، اتنی جلدی پڑھ لیتے تھے کہ سورج ابھی بہت بلند اور روشن ہوتا تھا۔ عصر کی نماز پڑھ کے کوئی شخص ذوالحلیفہ کی طرف جاتا تو وہ مغرب سے پہلے پہنچ جاتا حالانکہ وہاں سے ذوالحلیفہ چھ میل کی مسافت پر ہے۔

✤✤ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے بشیر بن عبدالمسعود پر زہری کی اس حدیث کے آخر میں اتفاق کیا ہے جو انہوں نے عروہ سے روایت کی۔ تاہم الفاظ کچھ مختلف ہیں۔

دوسری شاہد حدیث

693- فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُو عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا اَبُو اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، وَمُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ اَبِي رَبِيعَةَ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: اَمَّ جِبْرَائِيلُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ الْبَيْتِ

حدیث 692:

اخرجه ابوالحسن الدارقطنی فی "سننه" طبع دارالمعرفة 'بیروت' لبنان' 1386ھ / 1966ء 'رقم الحدیث: 9 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ / 1983ء' رقم الحدیث: 716

حدیث 693:

اخرجه ابو داؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 393 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی' فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 149 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 3081 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری' فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ / 1970ء' رقم الحدیث: 325 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ / 1994ء' رقم الحدیث: 1590 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ - 1984ء' رقم الحدیث: 2750 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ / 1983ء' رقم الحدیث: 10752 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة' قاهره' مصر' 1408ھ / 1988ء' رقم الحدیث: 703

مَرَّتَیْنِ فَصَلّٰی بِهِ الظُّهْرَ حِیْنَ زَالَتِ الشَّمْسُ وَکَانَتْ قَدْرَ الشِّرَاكِ، ثُمَّ صَلّٰی بِهِ الْعَصْرَ حِیْنَ کَانَ ظِلُّ کُلِّ شَیْءٍ بِقَدْرِهِ، وَصَلّٰی بِهِ الْمَغْرِبَ حِیْنَ اَفْطَرَ الصَّائِمُ، ثُمَّ صَلّٰی بِهِ الْعِشَاءَ حِیْنَ غَابَ الشَّفَقُ، ثُمَّ صَلّٰی بِهِ الْفَجْرَ حِیْنَ حَرُمَ الطَّعَامُ وَالشَّرَابُ عَلَی الصَّائِمِ، ثُمَّ صَلّٰی بِهِ الظُّهْرَ مِنَ الْغَدِ حِیْنَ کَانَ ظِلُّ کُلِّ شَیْءٍ بِقَدْرِهِ کَوَقْتِ الْعَصْرِ بِالْاَمْسِ، ثُمَّ صَلّٰی بِهِ الْعَصْرَ حِیْنَ کَانَ ظِلُّ کُلِّ شَیْءٍ مِثْلَیْهِ، ثُمَّ صَلّٰی بِهِ الْمَغْرِبَ حِیْنَ اَفْطَرَ الصَّائِمُ، ثُمَّ صَلّٰی بِهِ الْعِشَاءَ لِثُلُثِ اللَّیْلِ الْاَوَّلِ، ثُمَّ صَلّٰی بِهِ الْفَجْرَ حِیْنَ اَسْفَرَ، ثُمَّ قَالَ: یَا مُحَمَّدُ، هٰذَا وَقْتُ الْاَنْبِیَاءِ مِنْ قَبْلِكَ، وَالْوَقْتُ مَا بَیْنَ هٰذَیْنِ الْوَقْتَیْنِ

وَاَمَّا حَدِیْثُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ بْنِ مُحَمَّدٍ،

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہماروایت کرتے ہیں کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بیت اللہ میں دو مرتبہ نمازیں پڑھائیں، ایک مرتبہ ظہر کی نماز اس وقت پڑھائی جب سورج ڈھل گیا اور دھوپ ایک تسمے کے برابر تھی اور عصر کی نماز اس وقت پڑھائی جب ہر چیز کا سایہ اس کے برابر ہو گیا اور مغرب کی نماز اس وقت پڑھائی جب روزہ دار روزہ افطار کرتے ہیں اور عشاء اس وقت پڑھائی جب آسمان سے شفق غائب ہو گئی اور فجر اس وقت پڑھائی جب روزہ دار پر کھانا پینا حرام ہو جاتا ہے۔ پھر اگلے دن ظہر کی نماز اس وقت پڑھائی جب ہر چیز کا سایہ اس کے برابر ہو گیا۔ جس وقت گزشتہ روز عصر کی نماز پڑھی تھی۔ پھر عصر کی نماز اس وقت پڑھائی جب ہر چیز کا سایہ دوگنا ہو گیا، پھر مغرب کی نماز اس وقت پڑھائی جب روزہ دار روزہ افطار کرتے ہیں پھر عشاء کی نماز رات کا ایک تہائی حصہ گزرنے پر پڑھائی، پھر آپ نے فجر کی نماز اس وقت پڑھائی جب دن خوب روشن ہو چکا تھا۔ پھر حضرت جبرائیل علیہ السلام کہنے لگے: اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم یہ وقت آپ سے پہلے انبیاء کا ہے اور ان دونوں وقتوں کے درمیان (جتنا وقت ہے اس میں کسی بھی وقت نماز پڑھ سکتے ہیں)

عبدالعزیز بن محمد کی حدیث:

694- فَاَخْبَرَنَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ الشَّعْرَانِیُّ، حَدَّثَنَا جَدِّیْ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَیْرِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ اَبِیْ رَبِیْعَةَ، عَنْ حَکِیْمِ بْنِ حَکِیْمٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَذَکَرَ نَحْوَهُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایسا ہی فرمان منقول ہے۔

695- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزَّاهِدُ الْاَصْبَهَانِیُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ یَحْیَی الْبِرْنِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ یَعْلٰی مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ التُّوْزِیُّ، حَدَّثَنَا الْوَلِیْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَمِرٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ یَزِیْدَ بْنِ جَارِیَةَ، عَنْ عَمِّهِ مُجَمِّعِ بْنِ جَارِیَةَ، اَنَّ النَّبِیَّ

حدیث 695

اخرجه ابو الحسن الدارقطنی فی "سننه" طبع دار المعرفة بیروت لبنان 1966ء / 1386ھ رقم الحدیث: 16

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ مَّوَاقِيتِ الصَّلٰوةِ فَقَدَّمَ ثُمَّ اٰخَرَ، وَقَالَ: بَيْنَهُمَا وَقْتٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ هٰذَا هُوَ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ اَبِيْ صُعَيْرٍ الْعُذْرِيُّ

✧✧ حضرت مجمع بن جاریہ فرماتے ہیں: نبی اکرم ﷺ سے نمازوں کے اوقات کے متعلق پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے نمازوں کے ابتدائی اور آخری اوقات بیان کرنے کے بعد فرمایا: ان کے درمیان پورا وقت نمازوں کا ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور اس کی سند میں جو عبیداللہ ہے وہ عبداللہ بن ثعلبہ بن ابی صعیر العذری کے بیٹے ہیں۔

696- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اُسَيْدٍ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ الْمُؤَذِّنِ، اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يُخْبِرُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَهُمْ اَنَّ جِبْرَائِيْلَ اَتَاهُ فَصَلّٰى بِهِ الصَّلٰوةَ فِيْ وَقْتَيْنِ اِلَّا الْمَغْرِبَ، قَالَ: فَجَائَنِيْ فَصَلّٰى بِيْ سَاعَةَ غَابَتِ الشَّمْسُ، ثُمَّ جَائَنِيْ مِنَ الْغَدِ فَصَلّٰى بِيْ سَاعَةَ غَابَتِ الشَّمْسُ لَمْ يُغَيِّرْهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ فَاِنَّهُمَا لَمْ يُخَرِّجَا عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ، وَقَدْ قَدَّمْتُ لَهٗ شَاهِدَيْنِ وَوَجَدْتُّ لَهٗ شَاهِدًا اٰخَرَ صَحِيْحًا عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ان کے پاس حضرت جبرائیل علیہ السلام آئے اور مغرب کے علاوہ باقی تمام نمازیں دو وقتوں میں پڑھائیں جبکہ مغرب کی نماز دونوں دن غروب آفتاب کے وقت پڑھائی اس کے وقت میں کوئی تبدیلی نہ تھی۔

❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے محمد بن عباد بن جعفر کی روایات نقل کی ہیں اور ان کی دو شاہد حدیثیں گزر چکی ہیں اور اس کی ایک مزید شاہد حدیث مجھے ملی ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر صحیح ہے۔

697- اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ الْقَاسِمُ بْنُ الْقَاسِمِ السَّيَّارِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا جِبْرَائِيْلُ يُعَلِّمُكُمْ دِيْنَكُمْ فَذَكَرَ مَوَاقِيْتَ الصَّلٰوةِ ثُمَّ ذَكَرَ اَنَّهٗ صَلَّى الْمَغْرِبَ حِيْنَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ، ثُمَّ لَمَّا جَائَهٗ مِنَ الْغَدِ صَلَّى الْمَغْرِبَ حِيْنَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ فِيْ وَقْتٍ وَّاحِدٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ حضرت جبرائیل علیہ السلام ہیں، جو تمہیں دین کی تعلیم دیتے ہیں پھر نمازوں کے اوقات ذکر کئے اور بتایا کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے ایک دن مغرب کی نماز

غروب آفتاب کے بعد پڑھائی اور اگلے دن بھی اسی وقت میں مغرب کی نماز پڑھائی۔

698- اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَدِّيْ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، قَالَ: اِنِّيْ لَاَعْلَمُ النَّاسِ بِوَقْتِ هٰذِهِ الصَّلٰوةِ، صَلٰوةِ الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْهَا لِسُقُوْطِ الْقَمَرِ لِثَالِثَةٍ تَابَعَهُ رَقَبَةُ بْنُ مَصْقَلَةَ، عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ هٰكَذَا اتَّفَقَ رَقَبَةُ وَهُشَيْمٌ عَلٰى رِوَايَةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ وَّهُوَ اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ، وَخَالَفَهُمَا شُعْبَةُ وَاَبُوْ عَوَانَةَ. فَقَالَا عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ بِشْرِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ

✧✧ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اس نماز کا وقت سب سے زیادہ اچھے طریقے سے جانتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عشاء کی نماز تیسری رات کا چاند غروب ہو جانے کے بعد پڑھا کرتے تھے۔

✣ یہ حدیث ابوبشر سے روایت کرنے میں "رقبہ بن مصقلہ" نے "ہشیم" کی متابعت کی ہے اور رقبہ اور ہشیم اس حدیث کو ابوبشر کے واسطے سے حبیب بن سالم سے روایت کرنے میں متفق ہیں اور یہ اسناد صحیح ہے جبکہ شعبہ اور ابوعوانہ نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے ابوبشر کی روایت، بشر بن ثابت کے واسطے حبیب بن سالم سے نقل کی ہے۔

شعبہ کی حدیث:

699- فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ بَشِيْرِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، قَالَ: اِنِّيْ لَاَعْلَمُ النَّاسِ بِوَقْتِ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ، كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْهَا لِسُقُوْطِ الْقَمَرِ لِثَالِثَةٍ، اَوْ رَابِعَةٍ شَكَّ شُعْبَةُ

✧✧ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' عشاء کی نماز کا وقت سب سے بہتر میں جانتا ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

حدیث 698:

اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی' فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 165 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه' حلب' شام ' 1406ھ' 1986ء' رقم الحدیث: 528 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه' حلب' شام ' 1406ھ' 1986ء' رقم الحدیث: 529 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی' بیروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء' رقم الحدیث: 1211 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 18439 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 1526 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 1510 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 1511 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء' رقم الحدیث: 1624 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب' 1414ھ/ 1994ء' رقم الحدیث: 1949 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 797

عشاء کی نماز تیسری یا چوتھی رات کا چاند غروب ہونے کے بعد پڑھا کرتے تھے۔اس میں شعبہ کو شک ہے۔

ابوعوانہ کی حدیث:

700- فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ اَبِیْ بِشْرٍ، عَنْ بَشِيْرِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، قَالَ: اِنِّیْ لَاَعْلَمُ النَّاسِ بِوَقْتِ هٰذِهِ الصَّلٰوةِ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ، كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْهَا لِسُقُوْطِ الْقَمَرِ لِثَالِثَةٍ

✧✧ ابوعوانہ کی سند سے بھی نعمان بن بشیر کا یہ فرمان منقول ہے۔

701- وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْحَارِثِ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنْتُ اُصَلِّي الظُّهْرَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاٰخُذُ قَبْضَةً مِّنَ الْحَصٰى لِيَبْرُدَ فِیْ كَفِّیْ اَضَعُهَا لِجَبْهَتِیْ اَسْجُدُ عَلَيْهَا لِشِدَّةِ الْحَرِّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، میں ظہر کی نماز رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ پڑھا کرتا تھا۔ایک مٹھی کنکریاں اپنے ہاتھ میں لے لیا کرتا تھا تا کہ وہ ٹھنڈی ہو جائے تو ان کو زمین پر رکھ کر ان کے اوپر سجدہ کروں کیونکہ ان دنوں گرمی بہت شدید ہوتی تھی۔

✤ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا:

702- اَنْبَاَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ اَعْيَنَ،

حدیث 701:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 399 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 1081 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 14546 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 14547 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 668 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 1906 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 2490 اخرجه ابویعلٰی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 1916 اخرجه ابویعلٰی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 4196 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 3275

عَنْ اَبِی النَّجَاشِیِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَافِعَ بْنَ خَدِیْجٍ، یَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَلا اُخْبِرُکُمْ بِصَلٰوةِ الْمُنَافِقِ، اَنْ یُؤَخِّرَ الْعَصْرَ حَتّٰی کَانَتِ الشَّمْسُ کَثَرْبِ الْبَقَرَةِ صَلاهَا اَخْرَجَ مُسْلِمٌ حَدِیْثَ الْعَلاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: تِلْكَ صَلٰوةُ الْمُنَافِقِ یَجْلِسُ اَحَدُهُمْ حَتّٰی اِذَا اصْفَرَّتِ الشَّمْسُ الْحَدِیْثَ

✧✧ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں منافقوں کی نماز کے بارے میں بتاؤں؟ وہ عصر کی نماز اتنی لیٹ کرتے کہ سورج گائے کی چربی کی طرح ہو جاتا، تب وہ نماز پڑھتے۔

✣✣ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے العلاء بن عبدالرحمان کی وہ حدیث نقل کی ہے جس میں انہوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے: کہ یہ منافق کی نماز ہے کہ کوئی شخص بیٹھا رہے اور جب سورج زرد پڑ جائے (اس کے بعد پوری حدیث بیان کی)

703- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِیُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: کَانَ اَبْعَدُ رَجُلَیْنِ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دَارًا اَبُوْ لُبَابَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُنْذِرِ وَاَهْلُهُ بِقُبَاءَ، وَاَبُوْ عَبْسِ بْنِ جَبْرٍ وَّمَسْکَنُهُ فِیْ بَنِیْ حَارِثَةَ، فَکَانَا یُصَلِّیَانِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْعَصْرَ، ثُمَّ یَاْتِیَانِ قَوْمَهُمَا وَمَا صَلَّوْا لِتَعْجِیلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِهَا

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے ابولبابہ بن عبدالمنذر اور ابوعبس بن جبر سب سے زیادہ دور کے رہنے والے تھے۔ ابولبابہ کا گھر قباء میں تھا اور ابوعبس کا بنی حارثہ میں۔ یہ دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ عصر کی نماز پڑھا کرتے تھے اور پھر اپنے گھر چلے جاتے تھے (یہ اس لئے ممکن تھا) کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جلدی نماز عصر جلدی پڑھا دیا کرتے تھے۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

704- أَخْبَرَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ الْقَاسِمُ بْنُ الْقَاسِمِ السَّیَّارِی وَأَبُو مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ بْنِ الْحَلِیْمِ الْمَرْزُوْبَانِ بِمَرْوَ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو الْمُوَجِّهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْفَزَارِیِّ أَنْبَاَ عَبْدَانُ بْنُ عُثْمَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ أَنْبَاَ الْحُسَیْنُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ حَدَّثَنِی وَهْبُ بْنُ کَیْسَانَ حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِیُّ قَالَ جَاءَ جِبْرَائِیْلُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حِیْنَ زَالَتِ الشَّمْسُ فَقَالَ قُمْ یَا مُحَمَّدُ فَصَلِّ الظُّهْرَ فَقَامَ فَصَلَّی الظُّهْرَ حِیْنَ

حدیث: 703

اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین قاهره مصر 1415ھ رقم الحدیث: 7946 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 4515

زَالَتِ الشَّمْسُ ثُمَّ مَكَثَ حَتَّى كَانَ فَيْءُ الرَّجُلِ لِلْعَصْرِ مِثْلَهُ فَجَاءَ فَقَالَ قُمْ يَا مُحَمَّدُ فَصَلِّ الْعَصْرَ فَقَامَ فَصَلَّى الْعَصْرَ ثُمَّ مَكَثَ حَتَّى غَابَتِ الشَّمْسُ فَقَالَ قُمْ فَصَلِّ الْمَغْرِبَ فَقَامَ فَصَلَّاهَا حِيْنَ غَابَتِ الشَّمْسُ سَوَاءً ثُمَّ مَكَثَ حَتَّى ذَهَبَ الشَّفَقُ فَجَاءَهُ فَقَالَ قُمْ فَصَلِّ الْعِشَاءَ فَقَامَ فَصَلَّاهَا ثُمَّ جَاءَهُ حِيْنَ صَدَعَ الْفَجْرُ بِالصُّبْحِ فَقَالَ قُمْ يَا مُحَمَّدُ فَصَلِّ فَقَامَ فَصَلَّى الصُّبْحَ ثُمَّ جَاءَهُ مِنَ الْغَدِ حِيْنَ كَانَ فَيْءُ الرَّجُلِ مِثْلَهُ فَقَالَ قُمْ يَا مُحَمَّدُ فَصَلِّ الظُّهْرَ فَقَامَ فَصَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ جَاءَهُ حِيْنَ كَانَ فَيْءُ الرَّجُلِ مِثْلَيْهِ فَقَالَ قُمْ يَا مُحَمَّدُ فَصَلِّ الْعَصْرَ فَقَامَ فَصَلَّى الْعَصْرَ ثُمَّ جَاءَهُ الْمَغْرِبَ حِيْنَ غَابَتِ الشَّمْسُ وَقْتًا وَاحِدًا لَمْ يَزَلْ عَنْهُ فَقَالَ قُمْ فَصَلِّ الْمَغْرِبَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ ثُمَّ جَاءَهُ الْعِشَاءَ حِيْنَ ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ الْأَوَّلِ فَقَالَ قُمْ فَصَلِّ فَصَلَّى الْعِشَاءَ ثُمَّ جَاءَهُ الصُّبْحَ حِيْنَ أَسْفَرَ جِدًّا فَقَالَ قُمْ فَصَلِّ الصُّبْحَ ثُمَّ قَالَ مَا بَيْنَ هٰذَيْنِ كُلُّهُ وَقْتٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ مَشْهُوْرٌ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ وَالشَّيْخَانِ لَمْ يُخَرِّجَاهُ لِعِلَّةِ حَدِيْثِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ الْأَصْغَرِ وَقَدْ رَوَى عَنْهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي الْمَوَالِ وَغَيْرِهٖ وَقَدْ أَخْبَرَنَا أَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ بْنِ أَبِيْ مُحَمَّدٍ بْنِ يَحْيَى الْعُقَيْلِيُّ أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ عَنْ جَدِّيْ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ حَدَّثَنِيْ أَبِيْ وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِّنْ أَهْلِ بَيْتِنَا قَالُوْا كَانَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ بْنِ الْحُسَيْنِ أَشْبَهَ وَلَدِ عَلِيٍّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِهٖ فِي التَّأَلُّهِ وَالتَّعَبُّدِ قَالَ الْحَاكِمُ لِهٰذَا الْحَدِيْثِ شَاهِدَانِ مِثْلُ أَلْفَاظِهٖ عَنْ جَابِرٍ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَمَّا الشَّاهِدُ الْأَوَّلُ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: حضرت جبرائیل علیہ السلام، نبی اکرم ﷺ کے پاس اس وقت تشریف لائے جب سورج ڈھل چکا تھا۔ کہنے لگے: اے محمد! ''اٹھئے اور نماز ظہر ادا کیجئے'' آپ ﷺ اٹھے اور زوال کے بعد نماز ظہر ادا کی۔ پھر آپ ﷺ رکے رہے یہاں تک کہ عصر کے وقت جبکہ آدمی کا سایہ اس کے برابر ہو گیا پھر حضرت جبرائیل علیہ السلام آئے اور کہا: ''اے محمد'' نماز عصر ادا کیجیے۔ آپ ﷺ نے نماز عصر ادا کی۔ پھر غروب آفتاب تک رکے رہے، جب سورج غروب ہو گیا تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا: ''نماز مغرب ادا کیجیے'' تو آپ ﷺ نے غروب آفتاب کے بعد نماز مغرب ادا کی۔ پھر ٹھہرے رہے یہاں تک کہ شفق غائب ہو گئی پھر حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی: ''نماز عشاء ادا کر لیجیے'' آپ ﷺ نے اس وقت عشاء کی نماز ادا کی۔ پھر حضرت جبرائیل علیہ السلام اس وقت آئے جب صبح کی پوہ پھوٹی۔ انہوں نے کہا: ''اے محمد'' اٹھئے اور نماز ادا کیجیے۔ آپ ﷺ نے فجر کی نماز پڑھی۔ پھر اگلے دن حضرت جبرائیل علیہ السلام اس وقت آئے جب آدمی کا سایہ اس کے برابر

حدیث: 704

اخرجه ابوعبدالرحمٰن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث: 526 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 14578 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 1472 اخرجه ابوعبدالرحمٰن النسائی فی "سننه الكبرٰی" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/1991ء' رقم الحديث: 1508 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرٰی" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 1598

ہو گیا۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا: اے محمد! ظہر کی نماز ادا کیجیے۔ آپ ﷺ نے نماز ظہر ادا کی۔ اس کے بعد حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ ﷺ کے پاس اس وقت آئے جب آدمی کا سایہ دگنا ہو گیا اور کہا: اے محمد! اٹھ کر نماز عصر ادا کریں تو آپ ﷺ نے نماز عصر ادا کی، پھر مغرب کے وقت آئے جبکہ سورج غروب ہو چکا تھا۔ جس وقت پچھلے دن آئے تھے، کہنے لگے: مغرب کی نماز پڑھ لیجیے۔ آپ ﷺ نے مغرب کی نماز پڑھی پھر عشاء کے لئے اس وقت آئے جب رات کا ایک تہائی حصہ گزر چکا تھا اور کہا: نماز عشاء ادا کیجیے پھر اگلے دن صبح کے وقت جب آئے تو دن خوب روشن ہو چکا تھا۔ کہنے لگے: نماز فجر ادا کر لیجیے۔ پھر کہنے لگے: ان دونوں وقتوں کے درمیان تمام وقت نماز کا ہے۔

✣✣ یہ حدیث عبداللہ بن مبارک کی سند کے ہمراہ صحیح مشہور ہے، جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسے حسین بن علی اصغر کے ضعف کی وجہ سے نقل نہیں کیا۔ حالانکہ عبدالرحمان بن ابی الموال اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے ان سے روایات نقل کی ہیں۔ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ اپنی سند کے ساتھ موسیٰ بن عبداللہ بن حسن کے حوالے سے ان کے والد اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم کا یہ قول نقل کرتے ہیں کہ حسین بن علی بن حسین، علی بن حسین کی تمام اولاد میں عبادت اور پرہیز گاری میں اپنے والد کے ساتھ سب سے زیادہ مشابہت رکھتے ہیں۔ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: اس حدیث کی دو شاہد حدیثیں بھی موجود ہیں جن کے الفاظ ملتے جلتے ہیں اور جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے مروی ہیں۔

پہلی شاہد حدیث:

فَحَدَّثَنِیْ اَبُوْعَلِیِّ الْحُسَیْنُ بْنُ عَلِیِّ الْحَافِظُ اَنْبَاَ عَبْدَانُ الاهْوَازِی ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ الصَّوَّافُ ثَنَا عَمْرُوْبْنُ بَشْرِ الْحَارِثِی ثَنَا بَرْدُبْنُ سِنَانٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِی رِبَاحٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ جِبْرَئِیْلَ اَتَی النَّبِیَّ ﷺ یُعَلِّمُهُ الصَّلَاةَ فَسَاقَ الْمَتْنَ بِمِثْلِ حَدِیْثِ وَهْبِ بْنِ كِیْسَانَ سَوَاءً وَاَمَّا الشَّاهِدُ الثَّانِیْ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام، نبی اکرم ﷺ کے پاس نماز کی تعلیم دینے کے لئے آئے (اس کے بعد وہب بن کیسان کی حدیث کی طرح روایت نقل کی)

دوسری شاہد حدیث:

706۔ فَاَخْبَرَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدِ الصَّیْرَفِیُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ مُحَمَّدُ بْنُ الْهَیْثَمِ الْقَاضِیْ، حَدَّثَنَا سُرَیْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ الْمَاجِشُوْنِ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِیْمِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَمَّنِیْ جِبْرَائِیْلُ بِمَكَّةَ مَرَّتَیْنِ فَذَكَرَ الْحَدِیْثَ بِنَحْوِهٖ عَبْدُ الْكَرِیْمِ هٰذَا هُوَ ابْنُ اَبِی الْمُخَارِقِ بِلا شَكٍّ، وَاِنَّمَا خَرَّجْتُهُ شَاهِدًا

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: حضرت جبرائیل علیہ السلام نے مجھے مکہ میں دو مرتبہ نمازیں پڑھائیں (پھر اس کے بعد سابقہ حدیث کی طرح پوری حدیث روایت کی)

✣✣ اس حدیث کی سند میں جو عبدالکریم ہیں، یہ بلاشک وشبہ ابوالمخارق کے بیٹے ہیں۔ میں نے ان کی حدیث شاہد کے

طور پر نقل کی ہے۔

707۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلالٍ، حَدَّثَنِي اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلالٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ، وَمُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ جَبْرَائِيْلَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى بِهِ الصَّلَوَاتِ وَقْتَيْنِ، اِلَّا الْمَغْرِبَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَهٗ شَاهِدٌ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَعَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بِطُوْلِهٖ وَاخْتَصَرَ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلالٍ فَائِدَةَ الْحَدِيْثِ بِهٰذَا اللَّفْظِ، فَاَمَّا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَارِثِ فَاِنَّهٗ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَيَّاشِ بْنِ اَبِي رَبِيْعَةَ الْمَخْزُوْمِيُّ مِنْ اَشْرَافِ قُرَيْشٍ وَّالْمَقْبُوْلِيْنَ فِي الرِّوَايَةِ، وَحَكِيْمُ بْنُ حَكِيْمٍ هُوَ ابْنُ عَبَّادِ بْنِ حُنَيْفٍ الْاَنْصَارِيُّ وَكِلاهُمَا مَدَنِيَّانِ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور مغرب کے علاوہ بقیہ تمام نمازیں دو (الگ الگ) وقتوں میں پڑھائیں۔

✤✤ اس حدیث کی اسناد صحیح ہے اور اس کی ایک شاہد حدیث بھی ہے جو کہ سفیان ثوری رضی اللہ عنہ اور عبدالعزیز بن محمد دراوردی نے عبدالرحمان بن حارث سے روایت کی ہے۔ یہ طویل حدیث ہے جبکہ سلیمان بن بلال نے یہ حدیث اختصار کے ساتھ نقل کی ہے، اس کی سند میں عبدالرحمان بن حارث، عیاش بن ابی ربیعہ المخزومی کے بیٹے عبداللہ کے بیٹے ہیں، یہ قریش کے باعزت لوگوں میں شمار ہوتے ہیں اور یہ مقبول فی الروایت ہیں اور حکیم بن حکیم بن عباد بن حنیف کے بیٹے ہیں۔ انصاری ہیں اور یہ دونوں مدنی ہیں۔

ثوری کی حدیث:

708۔ فَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ الْهَيْثَمِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِي اللَّيْثِ، حَدَّثَنَا

حدیث 708:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 494 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 407 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 1431 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 6689 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1002 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 2086 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 6546 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه مدينه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحديث: 106 اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودي عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحديث: 3482

الْاَشْجَعِیُّ، عَنْ سُفْیَانَ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِیْهُ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُثَنّٰی، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ، عَنْ سُفْیَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ زَکَرِیَّا یَحْیَی بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِیُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مِهْرَانَ الدَّقَّاقُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَکْرٍ السَّهْمِیُّ، حَدَّثَنَا سَوَّارُ بْنُ دَاوٗدَ اَبُوْ حَمْزَةَ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ شُعَیْبٍ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ جَدِّهٖ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مُرُوا الصِّبْیَانَ بِالصَّلٰوةِ لِسَبْعِ سِنِیْنَ، وَاضْرِبُوْهُمْ عَلَیْهَا فِیْ عَشْرِ سِنِیْنَ، وَفَرِّقُوا بَیْنَهُمْ فِی الْمَضَاجِعِ سَمِعْتُ اَبَا الْعَبَّاسِ مُحَمَّدَ بْنَ یَعْقُوْبَ، یَقُوْلُ: سَمِعْتُ الْعَبَّاسَ بْنَ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِیَّ، یَقُوْلُ: سَمِعْتُ یَحْیَی بْنَ مَعِیْنٍ، یَقُوْلُ: عَمْرُو بْنُ شُعَیْبٍ ثِقَةٌ، قَالَ الْحَاکِمُ: وَاِنَّمَا قَالُوْا فِیْ هٰذِهٖ لِلْاِرْسَالِ، فَاِنَّهٗ عَمْرُو بْنُ شُعَیْبِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، وَشُعَیْبٌ لَّمْ یَسْمَعْ مِنْ جَدِّهٖ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو سَمِعْتُ الْاُسْتَاذَ اَبَا الْوَلِیْدِ، یَقُوْلُ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ سُفْیَانَ، یَقُوْلُ: سَمِعْتُ اِسْحَاقَ بْنَ اِبْرَاهِیْمَ الْحَنْظَلِیَّ، یَقُوْلُ: اِذَا کَانَ الرَّاوِیْ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ ثِقَةً فَهُوَ کَاَیُّوْبَ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

✧✧ عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اپنے بچوں کو سات سال کی عمر میں نماز کا حکم دینے لگ جاؤ اور دس سال کی عمر میں اس حوالے سے ان پر سختی کرو اور ان کو الگ بستر پر سلاؤ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ اپنی سند کے ساتھ) یحیٰی بن معین کا یہ قول نقل کرتے ہیں کہ امر بن شعیب ثقہ ہیں۔ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: بعض محدثین رحمۃ اللہ علیہم کو اس حدیث پر ارسال کی وجہ سے کلام ہے کیونکہ عمرو، شعیب کے بیٹے ہیں، شعیب محمد کے اور محمد عبداللہ بن عمرو کے بیٹے ہیں اور شعیب نے اپنے دادا عبداللہ بن عمرو سے حدیث کا سماع نہیں کیا اور میں نے اپنے استاد ابوولید سے حسن بن سفیان کے حوالے سے اسحاق بن ابراہیم حنظلی کا یہ فرمان سنا ہے ''جب عمرو بن شعیب سے کوئی ثقہ راوی روایت کرے تو اس سند کا درجہ اس سند جیسا ہو جاتا ہے جو ایوب سے نافع کے واسطے سے ابن عمر رضی اللہ عنہما تک پہنچتی ہے۔

ومن ابواب الاذان والاقامة

اذان واقامت کا بیان

709۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوبِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّرَسُوسِيُّ، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَحَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبِ بْنِ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ خَيْرَانَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ اَبِي نَصْرٍ الدَّارَبَرْدِيِّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، اَنْبَاَنَا عَبْدَانُ، اَخْبَرَنِي اَبِي، عَنْ شُعْبَةَ، وَحَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاَبُو بَكْرِ بْنُ بَالَوَيْهِ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ وَّهُوَ ابْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ الْمَدَائِنِيِّ، عَنْ مُّسْلِمٍ اَبِي الْمُثَنَّى الْقَارِءِ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: كَانَ الْاَذَانُ عَلٰى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ، وَالْاِقَامَةُ مَرَّةً مَّرَّةً، غَيْرَ اَنَّهُ يَقُولُ: قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ مَرَّتَيْنِ، فَاِذَا سَمِعْنَا الْاِقَامَةَ تَوَضَّاْنَا ثُمَّ خَرَجْنَا اِلَى الصَّلٰوةِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْاِسْنَادِ، فَاِنَّ اَبَا جَعْفَرٍ هٰذَا عُمَيْرُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ حَبِيبٍ الْخَطْمِيُّ، وَقَدْ رَوٰى عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، وَعُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، وَقَدْ رَوٰى عَنْهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، وَشُعْبَةُ، وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ وَغَيْرُهُمْ مِنْ اَئِمَّةِ الْمُسْلِمِينَ، وَاَمَّا اَبُو الْمُثَنَّى الْقَارِءُ فَاِنَّهُ مِنْ اُسْتَاذِيِّ نَافِعِ بْنِ اَبِي نُعَيْمٍ وَّاسْمُهُ مُسْلِمُ بْنُ الْمُثَنَّى رَوٰى عَنْهُ اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ وَّسُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ وَغَيْرُهُمَا مِنَ التَّابِعِينَ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں اذان (کے الفاظ) دو دو مرتبہ اور اقامت (کے الفاظ) ایک ایک مرتبہ کہے جاتے تھے، تاہم اقامت میں قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ دو مرتبہ بولا جاتا تھا، ہم جب اقامت سنتے تو وضو کر کے نماز کیلئے نکل پڑتے۔

حدیث 709:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 628 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 1193 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 1677 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 1593 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 1813 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 1923

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے اور اس کے راوی ابوجعفر، یزید بن حبیب الخطمی کے بیٹے عمیر ہیں۔ انہوں نے سعید بن مسیّب اور عمارہ بن خزیمہ بن ثابت سے بھی احادیث نقل کی ہیں اور ان سے روایت لینے والوں میں سفیان ثوری، شعبہ، حماد بن سلمہ اور دیگر آئمہ مسلمین کے نام شامل ہیں اور ابوالمثنیٰ القاری جو ہیں، یہ میرے استاذ نافع بن ابی نعیم ہیں۔ ان کا نام مسلم بن المثنیٰ ہے۔ اسماعیل بن ابوخالد اور سلیمان تیمی اور دیگر تابعین نے ان سے احادیث روایت کی ہیں:

710- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّورِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِلَالًا اَنْ يَّشْفَعَ الْاَذَانَ، وَيُوتِرَ الْاِقَامَةَ

هٰذَا حَدِيثٌ اَسْنَدَهُ اِمَامُ اَهْلِ الْحَدِيثِ وَمُزَكِّي الرُّوَاةِ بِلَا مُدَافَعَةٍ، وَقَدْ اَنَّ تَابَعَهُ عَلَيْهِ الثِّقَةُ الْمَاْمُونُ قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ

❖❖ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ اذان دو دو مرتبہ اور اقامت ایک ایک مرتبہ کہیں۔

❖❖ راویوں پر جرح اور طعن کرنے والوں کے اور محدثین رحمہم اللہ کے امام نے اس حدیث کو مسند قرار دیا ہے اور کسی نے اس کی مخالفت نہیں کی۔

حدیث: 710

اخرجه ابو عبدالله محمد البخارى فى "صحيحه" (طبع ثالث) دارابن كثير' يمامه بيروت' لبنان' 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 580 اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابورى فى "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربى' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 378 اخرجه ابوداؤد السجستانى فى "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 508 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى' فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 193 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث: 627 اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 730 اخرجه ابومحمد الدارمى فى "سننه" طبع دارالكتاب العربى' بيروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء' رقم الحديث: 1194 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 12994 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 1675 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابورى' فى "صحيحه" طبع المكتب الاسلامى' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 366 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 1592 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرىٰ' طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودى عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 1801 اخرجه ابويعلىٰ الموصلى فى "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 2792 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامى' دارعمار' بيروت' لبنان/عمان' 1405ھ 1985ء' رقم الحديث: 1073 اخرجه ابوداؤد الطيالسى فى "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2095

اس حدیث کو عبدالوہاب ثقفی سے روایت کرنے میں قتیبہ بن سعید جیسے ثقہ اور مامون راوی نے یحییٰ بن معین کی متابعت کی ہے۔ (ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے۔)

711۔ كَمَا حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ الْخَضِرِ الشَّافِعِيُّ، وَاَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْهَرَوِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُو عَلِيٍّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْحَافِظُ الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِلَالًا اَنْ يَّشْفَعَ الْاَذَانَ، وَيُوْتِرَ الْاِقَامَةَ وَالشَّيْخَانِ لَمْ يُخَرِّجَا بِهٰذِهِ السِّيَاقَةِ وَهُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا

✧✧ قتیبہ بن سعید نے عبدالوہاب ثقفی، ایوب پھر ابوقلابہ کے حوالے سے حضرت انس رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اذان دو دو مرتبہ اور اقامت ایک ایک بار کہنے کا حکم دیا۔

✥✥ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

712۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَهْدَانَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ يَعْقُوْبَ الزَّمْعِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَازِمٍ، اَنَّ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ اَخْبَرَهٗ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: ثِنْتَانِ لَا تُرَدَّانِ اَوْ قَلَّمَا تُرَدَّانِ: الدُّعَاءُ عِنْدَ النِّدَاءِ، وَعِنْدَ الْبَاْسِ حِيْنَ يُلْحِمُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا

هٰذَا حَدِيْثٌ يَنْفَرِدُ بِهٖ مُوْسٰى بْنُ يَعْقُوْبَ، وَقَدْ يُرْوٰى عَنْ مَّالِكٍ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، وَمُوْسٰى بْنِ يَعْقُوْبَ، مِمَّنْ يُوْجَدُ عَنْهُ التَّفَرُّدُ، وَلَهٗ شُهُوْدٌ مِّنْهَا حَدِيْثُ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَنَسٍ، وَحَدِيْثُ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، وَحَدِيْثُ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ مَرْيَمَ، عَنْ اَنَسٍ

✧✧ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دو دعائیں کبھی رد نہیں ہوتیں یا (شاید یہ فرمایا) بہت کم رد کی جاتی ہیں (۱) اذان کے وقت کی دعا (۲) جنگ کے وقت جب لوگ ایک دوسرے کو قتل کر رہے ہوں (اس وقت کی دعا)

✥✥ اس حدیث کو صرف موسیٰ بن یعقوب نے روایت کیا ہے اور مالک کی ابوحازم اور موسیٰ بن یعقوب کے حوالے سے ایسے روایات ملتی ہیں جن میں ان کی طرف سے تفرد پایا جاتا ہے۔ اس حدیث کے کئی شواہد موجود ہیں جن میں سلیمان تیمی کی انس سے روایت، معاویہ بن قرہ کی حدیث اور یزید بن ابومریم کی انس کے حوالے سے حدیث قابل ذکر ہیں۔

حدیث 712:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث:2540 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالكتاب العربی بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 1200 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث:419 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرٰی" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 6251 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث:5756

713- وَقَدْ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُنْقِذٍ الْخَوْلَانِيُّ بِمِصْرَ، حَدَّثَنِي اِدْرِيسُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْمُخْتَارِ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الدُّعَاءُ مُسْتَجَابٌ مَّا بَيْنَ النِّدَاءِ

❖❖ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اذان کے وقت مانگی ہوئی دعا قبول ہوتی ہے۔

714- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ الْهِلَالِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيْدِ الْعَدَنِيُّ، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مَعْنٍ الْمَسْعُوْدِيُّ، عَنْ اَبِىْ كَثِيرٍ مَوْلٰى اُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: عَلَّمَنِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَقُوْلَ عِنْدَ اَذَانِ الْمَغْرِبِ: اَللّٰهُمَّ هٰذَا اِقْبَالُ لَيْلِكَ، وَاِدْبَارُ نَهَارِكَ، وَاَصْوَاتُ دُعَاتِكَ فَاغْفِرْ لِي

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَالْقَاسِمُ بْنُ مَعْنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، مِنْ اَشْرَافِ الْكُوفِيِّيْنَ وَثِقَاتِهِمْ مِمَّنْ يُجْمَعُ حَدِيْثُهُ، وَلَمْ اَكْتُبْهُ اِلَّا عَنْ شَيْخِنَا اَبِىْ عَبْدِ اللّٰهِ رَحِمَهُ اللّٰهُ

❖❖ حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تعلیم دی ہے کہ اذانِ مغرب کے وقت یوں دعا مانگو" یا اللہ یہ وقت تیری رات کے آنے کا ہے اور دن کے جانے کا اور تیرے منادیوں کی آواز کا ہے، یا اللہ تو میری مغفرت فرما"

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اس کی سند میں قاسم بن معن، عبداللہ بن مسعود کے بیٹے عبدالرحمان کے بیٹے ہیں جو کہ اشرافِ کوفہ میں سے ہیں اور ثقہ لوگوں میں ان کا شمار ہوتا ہے۔ ان کی احادیث کو جمع کیا جاتا ہے، میں نے ان کی احادیث اپنے شیخ ابوعبداللہ کے حوالے سے نقل کی ہے۔

715- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ بِبَغْدَادَ، قِرَائَةً عَلٰى عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مُحَمَّدٍ، وَاَنَا اَسْمَعُ، حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ، وَاَبُوْ رَبِيْعَةَ قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْجُرَيْرِيِّ، وَحَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اِيَاسٍ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ اَبِى الْعَلَاءِ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِى الْعَاصِ، اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ،

حديث 714:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 530 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي' في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 3589 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 1792 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 680 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة' قاهره' مصر' 1408ھ/1988ء' رقم الحديث: 1543 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث:6896

اجْعَلْنِي إِمَامَ قَوْمِي، قَالَ: أَنْتَ إِمَامُهُمْ، وَاقْتَدِ بِأَضْعَفِهِمْ، وَاتَّخِذْ مُؤَذِّنًا لَا يَأْخُذُ عَلَى أَذَانِهِ أَجْرًا عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت ہے کہ انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے میری قوم کا امام بنادیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو اپنی قوم کا امام ہے۔ ان میں سے کمزور لوگوں کا لحاظ کرنا اور اذان کی ذمہ داری کسی ایسے شخص کو دینا جو اذان پر اجرت نہ لے۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

716۔ أَخْبَرَنِي أَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَحِيْمِ الشَّيْبَانِيُّ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَازِمِ بْنِ أَبِي غَرْزَةَ، وَحَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ عِيْسَى الْحِيرِيُّ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ قَطَنٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ سَعِيْدِ بْنِ طَارِقٍ عَنْ كَثِيْرِ بْنِ مُدْرِكٍ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كَانَ قَدْرُ صَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةَ أَقْدَامٍ، وَفِي الشِّتَاءِ خَمْسَةُ أَقْدَامٍ إِلٰى سَبْعَةِ أَقْدَامٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ فَقَدِ احْتَجَّ بِأَبِي مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ فِي الصَّيْفِ، وَكَثِيْرِ بْنِ مُدْرِكٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کی مقدار تین قدموں کے برابر اور سردیوں

حدیث 715:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 531 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 209 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحدیث: 672 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 16314 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 1636 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء' رقم الحدیث: 1865 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء' رقم الحدیث: 8365

حدیث 716:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 400 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحدیث: 503 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 1492 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء' رقم الحدیث: 1588 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء' رقم الحدیث: 10204

میں ۵ سے ۷ قدموں کی مقدار ہوا کرتی تھی۔

✥ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابو مالک اشجعی اور کثیر بن مدرک کی روایات نقل کی ہیں۔

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 777 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 251 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 844 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 1243 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 20258 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 1807 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1578 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 2899 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 6875 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "مسند الشامیین" طبع موسسة الرساله بیروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحدیث: 915

کی حدیث کے متعلق کسی کو یہ غلط فہمی نہ رہے کہ حسن نے سمرہ سے حدیث کا سماع نہیں کیا ہے (کیونکہ حقیقت بات یہ ہے کہ) انہوں نے سمرہ سے حدیث کا سماع کیا ہے۔

یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

سابقہ حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ سند صحیح کے ساتھ مروی ہے۔ جیسا کہ درج ذیل ہے۔

781- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنِ ابْنِ اَبِىْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ سَمْعَانَ، قَالَ: اَتَانَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ فِىْ مَسْجِدِ بَنِىْ زُرَيْقٍ، فَقَالَ: ثَلَاثٌ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُنَّ تَرَكَهُنَّ النَّاسُ، يَرْفَعُ يَدَيْهِ حَتّٰى جَاوَزَتَا اُذُنَيْهِ، وَيَسْكُتُ بَعْدَ الْقِرَائَةِ هُنَيْهَةً، يَسْاَلُ اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهِ

✧✧ سعید بن سمعان بیان کرتے ہیں' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بنی زریق کی مسجد میں ہمارے پاس تشریف لائے اور انہوں نے کہا: تین کام ایسے ہیں جن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا کرتے تھے اور لوگ انہیں چھوڑ چکے ہیں (۱) تکبیر اولی کے وقت کانوں کے برابر ہاتھ اٹھایا کرتے تھے (۲) قرات کے بعد کچھ دیر ٹھہرتے تھے (۳) اللہ سے اس کا فضل مانگا کرتے تھے۔

782- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ الْقَعْقَاعِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَهَضَ فِى الثَّانِيَةِ اسْتَفْتَحَ بِالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَلَمْ يَسْكُتْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ هٰكَذَا

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دوسری رکعت کے لئے کھڑے ہوتے تو سورۃ فاتحہ سے شروع کرتے اور وقفہ نہ کرتے۔

حدیث 781:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابورى فى "صحيحه" طبع المكتب الاسلامى' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 473 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودى عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 2897 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 1777

حدیث 782:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابورى فى "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربى' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 599 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 1936 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابورى فى "صحيحه" طبع المكتب الاسلامى' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1603 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودى عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 2902

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

783۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ يَزِيْدَ، حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ اَبِيْ سُلَيْمَانَ، عَنْ زَيْدِ اَبِيْ عَتَّابٍ، وَسَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا جِئْتُمْ وَنَحْنُ سُجُوْدٌ فَاسْجُدُوْا وَلَا تَعُدُّوْهَا شَيْئًا، وَمَنْ اَدْرَكَ رَكْعَةً فَقَدْ اَدْرَكَ الصَّلٰوةَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَيَحْيَى بْنُ اَبِيْ سُلَيْمَانَ مِنْ ثِقَاتِ الْمِصْرِيِّيْنَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم ہمارے ساتھ سجدہ کی حالت میں ملو تو سجدہ میں شامل ہو جاؤ لیکن اس کو کچھ شمار نہ کرو (یعنی یہ نہ سمجھو کہ تمہیں یہ رکعت مل گئی) اور جس شخص نے (جماعت کے ساتھ) ایک رکعت بھی پالی اس نے (جماعت کے ساتھ) نماز پالی۔

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اور اس ... ابوسلیمان ہیں یہ مصری ہیں اور ثقہ ہیں۔

784۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ فَرُّوْخٍ، اَنْبَاَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

حدیث 783:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 893 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری' فی "صحیحه" طبع ... الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث: 1622 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز ... سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 2407

حدیث 784:

اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی' بیروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء' رقم الحدیث: 1260 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 13438 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ' 1993ء' رقم الحدیث: 1856 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری' فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ ... رقم الحدیث: 1604 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 609 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 2825 اخرجه ابویعلٰی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحدیث: 2852 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحدیث: 1078 ... فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 726 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 1997 اخرجه ابوبکر الشیبانی فی "الاحادوالمثانی" طبع دارالرایة' ریاض' سعودی عرب' 1411ھ/1991ء' رقم الحدیث: 1306 اخرجه ابوبکر الصنعانی فی "مصنفه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ' رقم الحدیث: 3231

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَفَّ النَّاسِ صَلٰوةً فِي تَمَامٍ، قَالَ: وَصَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ سَاعَةَ يُسَلِّمُ يَقُومُ، ثُمَّ صَلَّيْتُ مَعَ اَبِي بَكْرٍ فَكَانَ اِذَا سَلَّمَ وَثَبَ مَكَانَهُ كَاَنَّهُ يَقُومُ عَنْ رَّضْفٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ رُوَاتُهُ غَيْرُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ فَرُّوخٍ فَاِنَّهُمَا لَمْ يُخَرِّجَاهُ لَا لِجَرْحٍ فِيْهِ، وَهٰذِهِ سُنَّةٌ مُّسْتَعْمَلَةٌ لَّا اَحْفَظُ لَهَا غَيْرَ هٰذَا الْاِسْنَادِ، وَحَدِيْثُ هِنْدِ بِنْتِ الْحَارِثِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ: كُنَّ النِّسَاءُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّى الْمَكْتُوبَةَ قُمْنَ، قَدْ اَخْرَجَهُ الْبُخَارِيُّ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے خفیف نماز پڑھاتے تھے۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ نماز پڑھی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سلام پھیرتے ہی اٹھ جاتے، پھر میں نے ابوبکر کے ہمراہ بھی نماز پڑھی۔ آپ جب سلام پھیرتے تو اپنی جگہ سے اتنی جلدی اٹھتے، جیسے کوئی گرم پتھر سے اچھل کر اٹھتا ہے۔

✤✤ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبداللہ بن فروخ کے علاوہ، اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں اور عبداللہ بن فروخ کی روایات ترک کرنے کی وجہ "جرح" نہیں ہے۔ یہ سنت مستعملہ اور اس کی سند اس کے علاوہ کوئی اور سند میری نظر میں نہیں اور ہند بن حارث کی وہ حدیث، جس میں انہوں نے اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں جب فرض نماز کی جماعت ہو جاتی تھی تو عورتیں اٹھ جاتیں تھیں۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو نقل کیا ہے۔

785۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اِسْحَاقُ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرْبِيُّ، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: كُنْتُ اُرَاهُ يُقَدِّمُ فِتْيَانًا مِّنْ فِتْيَانِ قَوْمِهِ فَيُصَلُّوْنَ بِهِ، فَقُلْتُ: اَنْتَ صَاحِبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَكَ مِنَ الْفَضْلِ وَالسَّابِقَةِ تُقَدِّمُ هٰؤُلَاءِ الصِّبْيَانَ، فَيُصَلُّوْنَ بِكَ اَفَلَا تَتَقَدَّمُ وَتُصَلِّيْ لِقَوْمِكَ ؟ فَقَالَ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْاِمَامَ ضَامِنٌ، فَاِنْ اَتَمَّ كَانَ لَهُ وَلَهُمْ، وَاِنْ نَقَصَ كَانَ عَلَيْهِ وَلَا عَلَيْهِمْ، فَلَا اُرِيْدُ اَنْ اَتَحَمَّلَ ذٰلِكَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ حضرت ابوحازم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں سہیل بن سعد کو دیکھا کرتا تھا کہ وہ اپنی قوم کے کسی نوجوان کو آگے کر دیتے ہیں اور اس کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں۔ میں نے کہا: آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھی ہیں۔ اللہ نے آپ کو مرتبہ اور مقام عطا فرمایا ہے، آپ ان بچوں کو آگے کر دیتے ہیں اور لوگ ان کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں، آپ خود اپنی قوم کی امامت کیوں نہیں کرتے؟ انہوں نے جواب دیا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: امام ضامن ہوتا ہے، اگر وہ نماز صحیح پڑھائے تو اس کا ثواب امام کو بھی ہے اور مقتدیوں کو بھی اور اگر کوئی کوتاہی رہ جائے تو اس کا وبال صرف امام پر ہے۔ مقتدی اس سے بری الذمہ ہوتے ہیں، اس لئے میں اتنا بڑا بوجھ نہیں اٹھا سکتا۔

✤✤ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

786- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ النَّخَعِيِّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْسَجَةَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَرَاصُّوا فِي الصَّفِّ لَا يَتَخَلَّلُكُمْ اَوْلَادُ الْحَذَفِ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا اَوْلَادُ الْحَذَفِ؟ قَالَ: ضَأْنٌ جُرْدٌ سُوْدٌ تَكُوْنُ بِاَرْضِ الْيَمَنِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنی صفوں کو جوڑ کر رکھو، اپنے درمیان حذف کی اولاد کے لئے گنجائش مت چھوڑو (براء کہتے ہیں) میں نے پوچھا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! حذف کی اولاد کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بغیر بالوں کا کالے رنگ کا دنبہ جو کہ یمن میں پایا جاتا ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

787- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنْ حُسْنِ الصَّلٰوةِ اِقَامَةُ الصَّفِّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَاِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى غَيْرِ هٰذَا اللَّفْظِ، وَهُوَ اَنَّ تَسْوِيَةَ الصَّفِّ مِنْ تَمَامِ الصَّلٰوةِ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صفوں کو درست رکھنا بھی نماز کا حسن ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے بھی صفیں درست کرنے کے متعلق حدیث نقل کی ہے۔ لیکن ان کے الفاظ ذرا مختلف ہیں۔ ان کے الفاظ یہ ہیں: "اَنَّ تَسْوِيَةَ الصَّفِّ مِنْ تَمَامِ الصَّلٰوةِ"۔

788- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَصْرٍ الْخُلْدِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَسْتَغْفِرُ لِلصَّفِّ الْمُقَدَّمِ ثَلَاثًا وَلِلثَّانِيْ مَرَّةً

حدیث 786:

اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الصغیر" طبع المکتب الاسلامی دارعمار بیروت لبنان/عمان 1405ھ 1985ء رقم الحدیث: 330 ذکرہ ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 4965 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 18641 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 3526

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ عَلَى الْوُجُوهِ كُلِّهَا اِلَّا اَنَّ الشَّيْخَيْنِ لَمْ يُخَرِّجَاهُ لِعِلَّةِ الرِّوَايَةِ، عَنِ الْعِرْبَاضِ، وَهُوَ مِمَّا قَدَّمْتُ فِيْهِ الْقَوْلَ

✧✧ حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پہلی صف والوں کے لئے تین مرتبہ اور دوسری صف والوں کے لئے ایک مرتبہ دعائے مغفرت کیا کرتے تھے۔

✣✣ یہ حدیث ہر اعتبار سے صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے صرف اس وجہ سے نقل نہیں کیا کہ یہ عرباض سے مروی ہے، اس سلسلے میں ہماری گفتگو پہلے ہو چکی ہے۔

789- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي طَالِبٍ، حَدَّثَنَا اَبُو عَلِيٍّ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ الْعَلَاءِ بْنِ جَارِيَةَ الثَّقَفِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنْ حِيْنِ يَخْرُجُ اَحَدُكُمْ مِنْ مَنْزِلِهِ اِلَى مَسْجِدِهِ فَرِجْلٌ تُكْتُبُ حَسَنَةً، وَاُخْرَى تَمْحُو سَيِّئَةً

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ فَقَدِ احْتَجَّ بِحَدِيْثِ الْاَسْوَدِ بْنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ الْبِئْرُ جُبَارٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص گھر سے مسجد کی طرف جاتا ہے تو اس کے ایک قدم پر نیکی لکھی ہے اور دوسرے قدم پر گناہ معاف ہوتا ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسود بن علاء کی وہ حدیث نقل کی ہے، جس میں انہوں نے ابوسلمٰی کے حوالے سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا "اَلْبِئْرُ جُبَارٌ" والا ارشاد نقل کیا ہے۔

790- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي اَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ كَثِيْرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الْقَرَّاظِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا تَوَضَّاَ اَحَدُكُمْ فَاَحْسَنَ وُضُوْئَهُ، ثُمَّ خَرَجَ اِلَى الصَّلٰوةِ لَا يَنْزِعُهُ اِلَى

حدیث 789:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث: 705 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 9572 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 1622 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 784 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة' قاهره' مصر' 1408ھ/1988ء' رقم الحديث: 1459 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 4748

الْمَسْجِدِ اِلَّا الصَّلٰوةُ لَمْ تَزَلْ رِجْلُهُ الْيُسْرٰى اِلَّا تَمْحُو عَنْهُ سَيِّئَةً، وَتَكْتُبُ لَهُ الْيُمْنٰى حَسَنَةً، حَتّٰى يَدْخُلَ الْمَسْجِدَ كَثِيْرُ بْنُ زَيْدٍ، وَاَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَرَّاظُ مَدَنِيَّانِ لَا نَعْرِفُهُمَا اِلَّا بِالصِّدْقِ،

وَهٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی شخص اچھے طریقے سے وضو کر لے پھر وہ مسجد کی طرف چل پڑے اور مسجد میں جانے کی غرض ،صرف ''نماز'' ہو، تو مسجد میں پہنچنے تک ہر دائیں قدم کے عوض نیکی لکھی جاتی ہے اور ہر بائیں قدم کے عوض گناہ مٹایا جاتا ہے۔

❖ کثیر بن زید اور ابوعبداللہ قراظ دونوں مدنی ہیں ۔ہمیں ان کے متعلق صادق ہونے کی ہی معلومات ہیں اور یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

791- حَدَّثَنَا اَبُوْ حَفْصٍ عُمَرُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمُفِيْدُ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ الْقَاضِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا شَدَّادٌ اَبُوْ طَلْحَةَ، قَالَ :سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ قُرَّةَ يُحَدِّثُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ : مِنَ السُّنَّةِ اِذَا دَخَلْتَ الْمَسْجِدَ اَنْ تَبْدَاَ بِرِجْلِكَ الْيُمْنٰى، وَاِذَا خَرَجْتَ اَنْ تَبْدَاَ بِرِجْلِكَ الْيُسْرٰى

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، فَقَدِ احْتَجَّ بِشَدَّادِ بْنِ سَعِيْدٍ اَبِىْ طَلْحَةَ الرَّاسِبِيِّ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے کہ یہ بھی سنت ہے کہ جب تم مسجد میں داخل ہو تو پہلے دایاں پاؤں اندر رکھو اور جب مسجد سے نکلو تو بایاں پاؤں پہلے نکالو۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے شداد بن سعید ابوطلحہ راسبی کی روایات نقل کی ہیں۔

792- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ الاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَضَّهُمْ عَلَى الصَّلَاةِ، وَنَهَاهُمْ اَنْ يَنْصَرِفُوْا قَبْلَ انْصِرَافِهِ مِنَ الصَّلٰوةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کو نماز کی ترغیب دلایا کرتے تھے اور اپنے نماز سے فارغ

حدیث 791:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث:4120

حدیث 792:

اخرجہ ابوداؤد السجستانی فی "سننہ" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 624 اخرجہ ابومحمد الدارمی فی "سننہ" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث:1317 ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث:2878

ہونے سے قبل ان کو فارغ ہونے سے منع کرتے تھے۔

✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

793- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيِّ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُقْرِءُ بِالْكُوفَةِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَرَ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا خَلادُ بْنُ يَحْيٰى، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ نَصْرٍ الْمَرْوَزِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ هَانِءٍ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ مَحْمُوْدٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اُصَلِّىْ، قَالَ: فَاَلْقَوْنَا بَيْنَ السَّوَارِى، قَالَ: فَتَاَخَّرَ اَنَسٌ، فَلَمَّا صَلَّيْنَا، قَالَ: اِنَّا كُنَّا نَتَّقِى هٰذَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ"

✧✧ حضرت عبدالحمید بن محمود کہتے ہیں: میں انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے ہمراہ نماز پڑھا کرتا تھا تو انہوں نے ہمیں ستونوں کے درمیان کھڑا کر دیا (عبدالحمید) کہتے ہیں: انس پیچھے ہٹ گئے، جب ہم نماز سے فارغ ہوئے، تو انہوں نے فرمایا: ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں بھی ایسے ہی پرہیز کیا کرتے تھے۔

794- حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ أَنْبَا عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خَلَفٍ حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكَرَّمٍ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ قُتَيْبَةَ عَنْ هَارُوْنَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ كُنَّا نُنْهٰى عَنِ الصَّلَاةِ بَيْنَ السَّوَارِى وَنَطْرُدُ عَنْهَا طَرْداً كِلَا الْإِسْنَادَيْنِ صَحِيْحَانِ وَلَمْ يُخَرِّجَا فِى هٰذَا الْبَابِ شَيْئاً

✧✧ معاویہ بن قرہ اپنے والد کا بیان نقل کرتے ہیں کہ ہمیں ستونوں کے درمیان نماز پڑھنے سے منع کیا جاتا تھا اور ہم اس سے ہٹ کر کھڑے ہوتے تھے۔

✣ سابقہ دونوں اسنادیں صحیح ہیں، لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس موضوع پر کوئی حدیث نقل نہیں کی۔

795- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ حُمَيْدٍ

حدیث 794:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث:2219 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری' فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث:1567

حدیث 795:

اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 977 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 13086 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 7258 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/1991ء' رقم الحدیث: 8311 اخرجه ابویعلٰی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحدیث: 3816 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث:6882 اخرجه ابوبکر الشیبانی فی "الاحاد والمثانی" طبع دارالرایة' ریاض' سعودی عرب' 1411ھ/1991ء' رقم الحدیث:1804

الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ اَنْ يَّلِيَهُ الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْاَنْصَارُ لِيَاْخُذُوْا عَنْهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهٗ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ فِي الْاَخْذِ عَنْهُ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اس بات کو پسند کرتے تھے کہ اگلی صفوں میں مہاجرین اور انصار کھڑے ہوں تاکہ یہ لوگ آپ ﷺ سے اکتساب فیض کر سکیں۔

✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

حضور ﷺ سے اکتساب فیض کرنے کے متعلق اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ درج ذیل ہے۔

796۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اُسَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسَى الْقَاضِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِيْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِيَلِنِيْ مِنْكُمُ الَّذِيْنَ يَاْخُذُوْنَ عَنِّيْ يَعْنِي الصَّلٰوةَ قَدِ اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ عَلٰى حَدِيْثِ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ لِيَلِنِيْ مِنْكُمْ اُولُو الْاَحْلَامِ وَالنُّهٰى فَقَطْ وَهٰذِهِ الزِّيَادَةُ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ عَلٰى شَرْطِهِمَا

✧✧ حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم میں سے وہ لوگ میرے قریب رہا کریں جو مجھ سے لیتے ہیں۔ یعنی نماز۔

✣ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے ابومسعود رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث ''تم میں سے سمجھدار لوگ میرے قریب رہا کریں''نقل کی ہے اور یہ اضافہ ایسی سند کے ساتھ منقول ہے جو کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

حدیث 796:

اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 597

بابُ التأمين

آمین کہنے کا بیان

797- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُكْرَمٍ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِي بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ دِيزِيلَ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِي اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ سُلَيْمَانَ، اَنَّ اَبَا عُثْمَانَ النَّهْدِيَّ، حَدَّثَهُ عَنْ بِلَالٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَسْبِقْنِي بِآمِيْنَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَاَبُوْ عُثْمَانَ النَّهْدِيُّ مُخَضْرَمٌ، قَدْ اَدْرَكَ الطَّائِفَةَ الْاُوْلٰى مِنَ الصَّحَابَةِ، وَهٰذَا بِخِلَافِ مَذْهَبِ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ فِي التَّامِيْنِ، لِحَدِيْثِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا قَالَ الْاِمَامُ وَلَا الضَّالِّيْنَ فَقُوْلُوْا: آمِيْنَ، وَفُقَهَاءُ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ قَالُوْا بِحَدِيْثِ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ: اِذَا اَمَّنَ الْاِمَامُ فَاَمِّنُوْا

✧✧ حضرت بلال رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ سے پہلے "آمین" مت کہو!

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور ابوعثمان نہدی مخضرم ہیں، انہوں نے پہلے صحابہ کا زمانہ پایا ہے۔ آمین کہنے کے حوالے سے امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا اختلاف ہے، ان کی دلیل ابوصالح کی وہ حدیث ہے جس میں انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان روایت کیا ہے: جب امام "ولاالضالین" کہے تو تم آمین کہو، اور اہل مدینہ کے فقہاء کی دلیل سعید اور ابوسلمٰی کی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ یہ حدیث ہے "جب امام آمین کہے تو تم بھی آمین کہو"۔

798- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيْكٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الْجُمَاهِرِ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ التَّنُوْخِيُّ،

حدیث: 797

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 573 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث:2269

حدیث: 798

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1411 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 556 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث:3596

حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُّصْعَبِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ عَامَ الْفَتْحِ سَجْدَةً، فَسَجَدَ النَّاسُ كُلُّهُمْ مِنْهُمُ الرَّاكِبُ، وَالسَّاجِدُ عَلَى الْاَرْضِ حَتّٰى اِنَّ الرَّاكِبَ لَيَسْجُدُ عَلٰى يَدِهٖ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، فَاِنَّهُمَا لَمْ يُخَرِّجَا مُصْعَبَ بْنَ ثَابِتٍ وَّلَمْ يَذْكُرَاهُ بِجَرْحٍ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے موقع پر آیت سجدہ پڑھی تو تمام لوگوں نے سجدہ کیا۔ ان میں سوار بھی تھے (پیدل لوگوں نے) زمین پر سجدہ کیا اور سواروں نے اپنے ہاتھ پر۔

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو مصعب بن ثابت کی وجہ سے ترک کیا ہے لیکن ان کے متعلق کوئی جرح ذکر نہیں کی۔

799۔ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُكْرَمِ الْبَزَّازُ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاكِرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ خُنَيْسٍ، حَدَّثَنَا حَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ يَزِيْدَ، قَالَ: قَالَ لِيْ ابْنُ جُرَيْجٍ: يَا حَسَنُ، حَدَّثَنِيْ جَدُّكَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ يَزِيْدَ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ: جَآءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّيْ رَاَيْتُ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ فِيْمَا يَرَى النَّائِمُ كَاَنِّيْ اُصَلِّيْ خَلْفَ الشَّجَرَةِ، فَرَاَيْتُ كَاَنِّيْ قَرَاْتُ سَجْدَةً فَسَجَدْتُّ فَرَاَيْتُ الشَّجَرَةَ كَاَنَّهَا تَسْجُدُ بِسُجُوْدِيْ فَسَمِعْتُهَا وَهِيَ سَاجِدَةٌ، وَهِيَ تَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اكْتُبْ لِيْ عِنْدَكَ بِهَا اَجْرًا، وَاجْعَلْهَا لِيْ عِنْدَكَ ذُخْرًا، وَضَعْ عَنِّيْ بِهَا وِزْرًا، وَاقْبَلْهَا مِنِّيْ كَمَا قَبِلْتَ مِنْ عَبْدِكَ دَاوُدَ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَرَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ السَّجْدَةَ، ثُمَّ سَجَدَ فَسَمِعْتُهُ وَهُوَ سَاجِدٌ يَقُوْلُ مِثْلَ مَا قَالَ الرَّجُلُ عَنْ كَلَامِ الشَّجَرَةِ

قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ خُنَيْسٍ كَانَ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ اَبِيْ يَزِيْدَ يُصَلِّيْ بِنَا فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ فَكَانَ يَقْرَاُ السَّجْدَةَ فَيَسْجُدُ وَيُطِيْلُ السُّجُوْدَ فَقِيْلَ لَهٗ فِيْ ذٰلِكَ فَيَقُوْلُ قَالَ لِي ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِيْ جَدُّكَ عُبَيْدُ اللّٰهِ ابْنُ اَبِيْ يَزِيْدَ بِهٰذَا

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم!

حدیث 799:

اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث:1053 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 2768 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 562 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 3569 اخرجه ابویعلٰی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 1069 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث:11262

میں نے اس رات خواب دیکھا ہے کہ میں ایک درخت کے نیچے نماز پڑھ رہا ہوں، میں دیکھتا ہوں کہ میں نے آیت سجدہ پڑھی پھر سجدہ کیا، میں نے دیکھا کہ درخت بھی میرے ساتھ ساتھ سجدہ کر رہا ہے۔ وہ سجدہ کی حالت میں یوں دعا مانگ رہا تھا ''یا اللہ اس سجدہ کے بدلے تو میرے لئے ثواب لکھ دے اور اس کو میرے لئے اپنی بارگاہ میں ذخیرہ کر لے اور اس کے عوض میرے گناہ معاف فرما اور میرا یہ سجدہ قبول فرما، جس طرح تو نے اپنے بندے حضرت داؤد علیہ السلام کا سجدہ قبول کیا'' ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت سجدہ پڑھی پھر سجدہ کیا: پھر میں نے سنا کہ آپ سجدہ کی حالت میں وہی دعا مانگ رہے تھے، جو دعا اس شخص نے درخت کے متعلق بتائی تھی۔ محمد بن یزید بن خنیس کہتے ہیں: حسن بن محمد بن عبید اللہ بن ابو یزید ماہ رمضان میں مسجد حرام میں ہمیں نماز پڑھایا کرتے تھے تو وہ آیت سجدہ پڑھ کر لمبا سجدہ کیا کرتے تھے، اس سلسلے میں ان پر اعتراض کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: مجھے ابن جریج نے بتایا ہے کہ تیرے دادا ''عبید اللہ بن ابی یزید'' نے یہ روایت بیان کی ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اس کے تمام راوی ثقہ ہیں، کسی سے ان پر جرح ثابت نہیں۔

800۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُصْلِحٍ الْفَقِيْهُ بِالرِّيِّ، وَثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ يَزِيْدَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ فِيْ سُجُوْدِ الْقُرْاٰنِ بِاللَّيْلِ: سَجَدَ وَجْهِي لِلَّذِيْ خَلَقَهُ فَشَقَّ سَمْعَهُ، وَبَصَرَهُ، بِحَوْلِهٖ وَقُوَّتِهٖ اَنَّ تَابَعَهُ وُهَيْبٌ، عَنْ خَالِدٍ، وَعَبْدِ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيِّ، عَنْ خَالِدٍ بِزِيَادَةٍ فِيْهِ

❖❖ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت سجدہ تلاوت میں یوں کہا کرتے تھے: میرا چہرہ اس کے لئے سجدہ کر رہا ہے جس نے اسے بنایا پھر اس میں کان اور آنکھیں بنائیں اور ان میں دیکھنے اور سننے کی قوت بھی دی۔

❖❖ اس حدیث کو خالد سے روایت کرنے میں وہیب نے وہب بن خالد کی متابعت کی ہے اور عبدالوہاب ثقفی نے بھی یہ حدیث خالد سے روایت کی ہے، تاہم ان کی روایت میں کچھ الفاظ زائد ہیں۔

وہیب کی حدیث:

حدیث 800:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1414 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي' في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 580 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث: 1129 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 24068 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 714 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/ 1994ء' رقم الحديث: 3594 اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان' مدينه منوره' (طبع اول) 1412ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 1681 اخرجه ابوبكر الكوفي' في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودي عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحديث: 4374

801- فَاَخْبَرَنَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْدَلَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَاَنَا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ فِي سُجُوْدِ الْقُرْاٰنِ: سَجَدَ وَجْهِي لِلَّذِيْ خَلَقَهُ وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ

عبدالوہاب کی حدیث

802- فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ فِيْ سُجُوْدِ الْقُرْاٰنِ بِاللَّيْلِ سَجَدَ وَجْهِي لِلَّذِيْ خَلَقَهُ، وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ بِحَوْلِهٖ وَقُوَّتِهٖ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ عبدالوہاب بن عبدالمجید کی سند کے ہمراہ بھی مذکورہ حدیث منقول ہے تاہم اس میں فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ۔ کے الفاظ زائد ہیں۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

803- اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، اَنْبَاَنَا اِسْرَائِيْلُ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: اَوَّلُ سُوْرَةٍ نَزَلَتْ فِيْهَا السَّجْدَةُ الْحَجُّ قَرَاَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَجَدَ وَسَجَدَ النَّاسُ اِلَّا رَجُلٌ اَخَذَ التُّرَابَ فَسَجَدَ عَلَيْهِ فَرَاَيْتُهُ قُتِلَ كَافِرًا قَالَ: تَابَعَهُ زَكَرِيَّا بْنُ اَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ هٰكَذَا

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ سب سے پہلی سورت جس میں سجدہ ہے وہ ''سورۃ الحج'' ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سورت پڑھی، پھر سجدہ کیا اور تمام لوگوں نے بھی سجدہ کیا، سوائے ایک شخص کے، کہ اس نے (سجدہ نہیں کیا) بلکہ کچھ مٹی اٹھا کر ماتھے سے لگالی (عبداللہ کہتے ہیں) میں نے اس کو بعد میں دیکھا کہ وہ حالت کفر میں مارا گیا۔

یہ حدیث ابواسحاق سے روایت کرنے میں زکریا ابن ابی زائدہ نے اسرائیل کی متابعت کی ہے۔

(۔جیسا کہ درج ذیل ہے۔)

804- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، حَدَّثَنَا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: اَوَّلُ سُوْرَةٍ قَرَاَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى النَّاسِ الْحَجُّ حَتّٰى اِذَا قَرَاَهَا سَجَدَ فَسَجَدَ النَّاسُ اِلَّا رَجُلٌ اَخَذَ التُّرَابَ فَسَجَدَ عَلَيْهِ فَرَاَيْتُهُ قُتِلَ كَافِرًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ بِالْاِسْنَادَيْنِ جَمِيْعًا وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ

شُعْبَةَ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ وَالنَّجْمِ فَذَكَرَهُ بِنَحْوِهِ، وَلَيْسَ يُعَلِّلُ اَحَدُ الْحَدِيْثَيْنِ الْاٰخَرِيْنَ، فَاِنِّيْ لَا اَعْلَمُ اَحَدًا تَابَعَ شُعْبَةَ عَلٰى ذِكْرِهِ النَّجْمَ غَيْرَ قَيْسِ بْنِ الرَّبِيْعِ، وَالَّذِيْ يُؤَدِّيْ اِلَيْهِ الْاِجْتِهَادُ صِحَّةُ الْحَدِيْثَيْنِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ، وَقَدْ رُوِيَ بِاِسْنَادِ رِوَايَةِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ لَهِيْعَةَ اَنَّ فِيْ سُوْرَةِ الْحَجِّ سَجْدَتَيْنِ

۸۰۴۔ زکریا ابن ابی زائدہ کے حوالے سے بھی مذکورہ حدیث منقول ہے۔

❖❖ یہ حدیث دونوں سندوں کے ہمراہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے، لیکن انہوں نے اسے نقل نہیں کیا۔ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے شعبہ کی وہ حدیث نقل کی ہے، جس میں انہوں نے ابواسحاق کے واسطے سے ابوالاسود کا یہ بیان نقل کیا ہے: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ''سورۃ النجم'' پڑھی، پھر اس کے بعد گزشتہ حدیث کی طرح حدیث بیان کی۔ دونوں حدیثوں میں سے کسی ایک کی وجہ سے بھی دوسری کو معلل نہیں کہہ سکتے ہیں۔ کیونکہ مجھے نہیں معلوم کہ سورۃ النجم ذکر کرنے کے حوالے سے قیس بن ربیع کے علاوہ کسی نے شعبہ کی متابعت کی ہو۔ دونوں حدیثوں کا صحیح ہونا ہی اجتہاد کا راستہ کھولتا ہے۔

حضرت عبداللہ بن لھیعہ رضی اللہ عنہ کی سند کے ساتھ یہ روایت منقول ہے کہ سورۃ الحج میں دو سجدے ہیں (ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

805۔ وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَادَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ السَّيْلَحِيْنِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ مِشْرَحِ بْنِ هَاعَانَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فُضِّلَتْ سُوْرَةُ الْحَجِّ بِسَجْدَتَيْنِ، فَمَنْ لَمْ يَسْجُدْهُمَا فَلَا يَقْرَاْهُمَا

❖❖ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سورۃ الحج کو دو سجدوں کی وجہ سے فضیلت حاصل ہے۔ جو شخص یہ دونوں سجدے نہ کرے، وہ ان کی تلاوت نہ کرے۔

806۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيْ مِجْلَزٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ فَظَنَنَّا اَنَّهُ قَرَاَ تَنْزِيْلَ السَّجْدَةَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَهُوَ سُنَّةٌ صَحِيْحَةٌ غَرِيْبَةٌ اَنَّ الْاِمَامَ يَسْجُدُ فِيْمَا يُسِرُّ بِالْقِرَاءَةِ مِثْلُ سُجُوْدِهِ فِيْمَا يُعْلِنُ

❖❖ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز پڑھائی، ہمارا خیال ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں ''تنزیل السجدہ'' سورۃ پڑھی۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور یہ

سنت صحیحہ وغریبہ ہے کہ امام ''سری'' نمازوں میں اسی طرح سجدہ کرے، جس طرح جہری نمازوں میں کرتا ہے۔

807- اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِي، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِي اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنِي اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ خَيْرَانَ، وَعَمْرُو بْنُ مَرْزُوْقٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: بَاتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً عِنْدِي، قَالَتْ: فَفَقَدْتُهُ فَظَنَنْتُهُ اَنَّهُ ذَهَبَ اِلٰى بَعْضِ نِسَائِهِ، قَالَتْ: فَالْتَمَسْتُهُ فَانْتَهَيْتُ اِلَيْهِ وَهُوَ سَاجِدٌ فَوَضَعْتُ يَدِيْ عَلَيْهِ فَسَمِعْتُهُ، يَقُوْلُ: اغْفِرْ لِيْ مَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک رات میرے ساتھ تھے۔ آپ فرماتی ہیں (رات میں میری آنکھ کھلی تو) میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو غیر موجود پایا، میں یہ سمجھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی کسی دوسری زوجہ کے پاس تشریف لے گئے ہیں۔ میں ڈھونڈتے ڈھونڈتے جب ان تک پہنچی تو میں نے دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سجدے میں تھے، میں نے اپنا ہاتھ آپ پر رکھا، میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ دعا مانگتے سنا ''یا اللہ میرے ظاہر و باطن گناہوں کو معاف فرما''

✣✣ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

808- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ الْعَدْلُ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَاسَوَيْهِ الذُّهْلِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كُنَّا نَجْلِسُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَقْرَاُ الْقُرْاٰنَ فَرُبَّمَا مَرَّ بِسَجْدَةٍ فَيَسْجُدُ وَنَسْجُدُ مَعَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَسُجُوْدُ الصَّحَابَةِ لِسُجُوْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَارِجَ الصَّلٰوةِ سُنَّةٌ عَزِيْزَةٌ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم قرآن پاک پڑھ رہے تھے، جب بھی کسی آیت سجدہ پر پہنچتے تو سجدہ کرتے، ہم بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سجدہ کرتے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور نماز سے باہر رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صحابہ کا سجدہ کرنا سنت عزیزہ ہے۔

809- حَدَّثَنَا الْحَاكِمُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَافِظُ، اِمْلَاءً فِيْ ذِي الْقَعْدَةِ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّتِسْعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَزَّازُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَوْهَبٍ، اَخْبَرَنِي اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَوْنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ

حدیث 809:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 10447

اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 530

بْنِ اَبِی رَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ قَاتَلْتُ شَيْئًا مِّنْ قِتَالٍ، ثُمَّ جِئْتُ مُسْرِعًا لاَنْظُرَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا فَعَلَ فَجِئْتُ فَاَجِدُهُ وَهُوَ سَاجِدٌ، يَقُوْلُ: يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ لاَ يَزِيْدُ عَلَيْهَا، فَرَجَعْتُ اِلَى الْقِتَالِ، ثُمَّ جِئْتُ وَهُوَ سَاجِدٌ، يَقُوْلُ ذٰلِكَ، ثُمَّ ذَهَبْتُ اِلَى الْقِتَالِ، ثُمَّ جِئْتُ وَهُوَ سَاجِدٌ يَقُوْلُ ذٰلِكَ، فَلَمْ يَزَلْ يَقُوْلُ ذٰلِكَ حَتّٰى فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَيْسَ فِيْ اِسْنَادِهِ مَذْكُوْرٌ بِجَرْحٍ

✧✧ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جنگ بدر کے دن میں کچھ دیر لڑتا رہا پھر میں جلدی سے پلٹ کر آیا تاکہ دیکھوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا کر رہے ہیں۔ میں آیا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم حالت سجدہ میں "یا حی یا قیوم" پکار رہے تھے، اس کے علاوہ اور کچھ نہیں پڑھ رہے تھے (حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) میں دوبارہ میدان جنگ کی طرف لوٹ گیا (کچھ دیر بعد) پھر آ کر دیکھا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہی ورد کر رہے تھے (حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) میں پھر میدان جنگ کی طرف چلا گیا (تھوڑی دیر بعد) پھر آ کر دیکھا! تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہی پڑھ رہے تھے (حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسلسل یہی پڑھتے رہے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو (جنگ بدر میں) فتح عطا فرمائی۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔ اور اس کی سند میں کوئی مجروح راوی مذکور نہیں۔

810 – حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيكٍ، وَاَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مِلْحَانَ، قَالاَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَ: وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خارج من المسجد فتبعته أمشي وراءه وهو دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ لاَ يَشْعُرُ حَتّٰى دَخَلَ نَخْلاً فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَسَجَدَ فَاَطَالَ السُّجُوْدَ وَاَنَا وَرَائَهُ حَتّٰى ظَنَنْتُ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ تَوَفَّاهُ فَاَقْبَلْتُ اَمْشِي حَتّٰى جِئْتُهُ فَطَاْطَاْتُ رَاْسِي اَنْظُرُ فِيْ وَجْهِهِ فَرَفَعَ رَاْسَهُ، فَقَالَ: مَا لَكَ يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ؟ فَقُلْتُ: لَمَّا اَطَلْتَ السُّجُوْدَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ خَشِيْتُ اَنْ يَكُوْنَ تُوُفِّيَ نَفْسُكَ فَجِئْتُ اَنْظُرُ، فَقَالَ: اِنِّيْ لَمَّا دَخَلْتُ النَّخْلَ لَقِيْتُ جِبْرَائِيْلَ، فَقَالَ: اِنِّيْ اُبَشِّرُكَ اَنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ مَنْ سَلَّمَ عَلَيْكَ سَلَّمْتُ عَلَيْهِ، وَمَنْ صَلّٰى عَلَيْكَ صَلَّيْتُ عَلَيْهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلاَ اَعْلَمُ فِيْ سَجْدَةِ الشُّكْرِ اَصَحَّ مِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ، وَقَدْ خَرَّجْتُ حَدِيْثَ بَكَّارِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ اَبِيْ بَكْرَةَ بَعْدَ هٰذَا

حدیث: 810

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحديث: 1662 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحديث: 3752 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحديث: 869

✧✧ حضرت عبدالرحمان بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں داخل ہوا، تو اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد سے نکل رہے تھے، میں چپکے سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے چل پڑا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم چلتے چلتے ایک باغ میں پہنچے اور قبلہ رو ہو کر سجدے میں گر پڑے اور بہت لمبا سجدہ کیا۔ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے کھڑا تھا (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اتنا لمبا سجدہ کیا) مجھے یہ گمان ہونے لگا کہ شاید آپ صلی اللہ علیہ وسلم فوت ہو گئے۔ اس لئے میں چلتا ہوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب آ گیا اور اپنا سر جھکا کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے کی طرف دیکھنے لگا! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدے سے سر اٹھایا اور فرمایا: اے عبدالرحمان! تجھے کیا پریشانی ہے؟ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے سجدہ اتنا لمبا کیا کہ مجھے تو یہ خدشہ ہو گیا تھا کہ شاید آپ کی روح پرواز کر گئی ہے۔ اس لئے میں آپ کو دیکھنے آیا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب میں اس باغ میں داخل ہوا تھا تو میری ملاقات حضرت جبرائیل علیہ السلام سے ہوئی، اس نے مجھے کہا! اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ کے لئے یہ خوش خبری ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ''جو شخص آپ پر سلام بھیجے گا، میں اس پر سلام بھیجوں گا اور جو آپ پر درود بھیجے گا، میں اس پر رحمتیں بھیجوں گا''

✣✣ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) سجدہ شکر ادا کرنے کے متعلق اس حدیث سے زیادہ صحیح حدیث میری نظر سے نہیں گزری اور اس کے بعد میں نے وقار بن عبدالعزیز بن ابوبکرہ کی حدیث نقل کی ہے۔

811۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَوْهَرِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ يَزِيْدَ، حَدَّثَنِي الْحَارِثُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُنَيْنٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْرَاَهُ خَمْسَ عَشْرَةَ سَجْدَةً فِي الْقُرْاٰنِ: ثَلَاثَةً فِي الْمُفَصَّلِ، وَسُوْرَةِ الْحَجِّ سَجْدَتَيْنِ

هٰذَا حَدِيْثٌ رُوَاتُهُ مِصْرِيُّوْنَ قَدِ احْتَجَّ الشَّيْخَانِ بِاَكْثَرِهِمْ، وَلَيْسَ فِيْ عَدَدِ سُجُوْدِ الْقُرْاٰنِ اَتَمُّ مِنْهُ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن میں پندرہ آیاتِ سجدہ تلاوت کیں (جن میں سے) تین مفصل میں اور سورۃ الحج میں دو سجدے۔

✣✣ اس حدیث کے تمام راوی مصری ہیں، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ان میں سے اکثر کی روایت نقل کی ہیں: اور قرآن پاک کے سجدوں کی تعداد کے بارے میں اس حدیث سے جامع کوئی دوسری حدیث نہیں ہے۔ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو نقل نہیں کیا۔

حدیث: 811

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1401 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1057 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 3525

812- اَخْبَرَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ مُحَمَّدُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْقَاضِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْعَلَاءِ الزُّبَيْدِيُّ، اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَالِمٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، قَالَ: اَخْبَرَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، وَسَعِيْدٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا فَرَغَ مِنْ اُمِّ الْقُرْاٰنِ رَفَعَ صَوْتَهُ، فَقَالَ: آمِيْنَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ وَاتَّفَقَا عَلٰى تَاْمِيْنِ الْاِمَامِ، وَعَلٰى تَاْمِيْنِ الْمَاْمُوْمِ، وَاِنْ اَخْفَاهُ الْاِمَامُ، وَقَدِ اخْتَارَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ فِيْ جَمَاعَةٍ مِّنْ اَهْلِ الْحَدِيْثِ بِاَنَّ تَاْمِيْنَ الْمَاْمُوْمِيْنَ لِقَوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا قَالَ الْاِمَامُ: وَلَا الضَّالِّيْنَ، فَقُوْلُوْا: آمِيْنَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سورۃ فاتحہ پڑھ لیتے تو بلند آواز سے ''آمین'' کہتے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ امام اور مقتدی دونوں کے ''آمین'' کہنے کے قائل ہیں اگرچہ (ان کے نزدیک) امام آمین آہستہ کہے گا اور امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ (جو کہ محدثین رحمۃ اللہ علیہم کی جماعت سے تعلق رکھتے ہیں) نے مقتدیوں کے آمین کہنے کی یہ حدیث دلیل بنائی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب امام ''ولا الضالین'' کہے تو تم ''آمین'' کہو۔

813- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَلِيْمِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: اشْتَكٰى اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَوْ غَابَ فَصَلّٰى لَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيُّ فَجَهَرَ بِالتَّكْبِيْرِ حِيْنَ افْتَتَحَ الصَّلٰوةَ، وَحِيْنَ رَكَعَ، وَحِيْنَ قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، وَحِيْنَ رَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ السُّجُوْدِ، وَحِيْنَ سَجَدَ، وَحِيْنَ رَفَعَ، وَحِيْنَ قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ حَتّٰى قَضٰى صَلَاتَهُ عَلٰى ذٰلِكَ، فَقِيْلَ لَهُ: اِنَّ النَّاسَ قَدِ اخْتَلَفُوْا فِيْ صَلَاتِكَ، فَخَرَجَ فَقَامَ عَلَى الْمِنْبَرِ، وَقَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ، اِنِّيْ وَاللّٰهِ مَا اُبَالِيْ اخْتَلَفَتْ صَلَاتُكُمْ، اَوْ لَمْ تَخْتَلِفْ هٰكَذَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ

حدیث 812:

✧✧ طارق بن عبداللہ المحاربی کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: دوران نماز اپنے آگے اور دائیں طرف تھوک مت پھینکو (ہاں ضرورت ہوتو) اگر بائیں جانب خالی ہوتو اس طرف پھینکو یا پاؤں کے نیچے، پھر آپ ﷺ نے پاؤں کو یوں رگڑا گویا کہ اس کو قدم سے مسل رہے ہیں۔

✤✤ یہ الفاظ ابوالعباس کی حدیث کے ہیں۔ یہ حدیث صحیح ہے اور ہم نے اس کو اس قانون کے مطابق یہاں پر ذکر کیا ہے کہ صحابی سے روایت کرنے والا تابعی منفرد ہو، جبکہ ان تک طریق درست ہو، لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو نقل نہیں کیا ہے۔

942۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ أَنْبَأَ أَبُو الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا الْجُرَيْرِيُّ وَأَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيعِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلَ حَدَّثَنِي أَبِي حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ حَدَّثَنَا الْجُرَيْرِيُّ عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ بْنِ الشِّخِّيرِ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ صَلّٰى مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَنَخَّعَ فَدَلَكَهَا بِنَعْلِهِ الْيُسْرٰى

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْإِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَقَدِ اتَّفَقَا عَلٰى أَبِي الْعَلَاءِ فَإِنَّهُ يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ وَقَدْ أَخْرَجَ مُسْلِمٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ الصَّحَابِيِّ وَالْحَدِيثُ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا

✧✧ ابوالعلاء بن شخیر اپنے والد کا بیان نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے (ایک مرتبہ) رسول اکرم ﷺ کے ہمراہ نماز پڑھی، آپ ﷺ نے کھنکار پھینکا پھر اس کو اپنے الٹے پاؤں کے جوتے کے ساتھ رگڑ دیا۔

✤✤ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسے نقل نہیں کیا ہے جبکہ دونوں نے ابوالعلاء کی روایات نقل کی ہیں۔ یہ ابوالعلاء یزید بن عبداللہ بن شخیر ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبداللہ بن شخیر صحابی کی روایات نقل کی ہیں اور یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

943۔ اَخْبَرَنَا اَبُو النَّضْرِ الْفَقِيهُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

حدیث: 942

اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 554 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحدیث: 16356

حدیث: 943

اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحدیث: 993 اخرجه ابوبکر الحمیدی فی "مسنده" طبع دارالکتب العلمیه' مکتبه المتنبی' بیروت' قاهره' رقم الحدیث: 729 اخرجه ابوبکر الکوفی' فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحدیث: 7449

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ تُعْجِبُهُ الْعَرَاجِينُ اَنْ يُمْسِكَهَا بِيَدِهِ، فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ ذَاتَ يَوْمٍ وَّفِيْ يَدِهِ وَاحِدٌ مِّنْهَا فَرَاٰى نُخَامَاتٍ فِيْ قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ، فَحَتَّهُنَّ حَتّٰى اَنْقَاهُنَّ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ مُغْضَبًا، فَقَالَ: اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّسْتَقْبِلَهُ رَجُلٌ فَيَبْصُقَ فِيْ وَجْهِهِ، اِنَّ اَحَدَكُمْ اِذَا قَامَ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاِنَّمَا يَسْتَقْبِلُ رَبَّهُ، وَالْمَلَكُ عَنْ يَّمِيْنِهِ، فَلَا يَبْصُقْ بَيْنَ يَدَيْهِ، وَلَا عَنْ يَّمِيْنِهِ، وَلْيَبْصُقْ تَحْتَ قَدَمِهِ الْيُسْرٰى، اَوْ عَلٰى يَسَارِهِ، وَاِنْ عَجِلَتْ بِهٖ بَادِرَةٌ فَلْيَتْفُلْ هٰكَذَا فِيْ طَرَفِ ثَوْبِهٖ وَرَدَّ بَعْضَهُ عَلٰى بَعْضٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ مُّفَسَّرٌ فِيْ هٰذَا الْبَابِ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھجور کی ٹہنی بڑے شوق سے ہاتھ میں رکھا کرتے تھے، ایک دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں وہی کھجور کی ٹہنی پکڑی ہوئی تھی (اس دن) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد کی قبلہ رخ کی دیوار پر رینٹھ لگی ہوئی دیکھی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ تمام صاف کر دی اور ناراضگی کے عالم میں لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: کیا تم میں سے کسی کو یہ بات پسند ہے کہ یہ کسی کی طرف متوجہ ہو اور وہ آگے سے اُس کے منہ کے اوپر تھوک مل دے؟ (پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) جب بندہ نماز میں ہوتا ہے تو اس کا رب اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور فرشتہ اس کی دائیں طرف ہوتا ہے، اس لئے اپنے آگے اور دائیں طرف مت تھوکا کرو، اپنی بائیں جانب یا پاؤں کے نیچے تھوک لیا کرو اور اگر بہت جلدی ہو، تو یوں کپڑے کے ایک کنارے میں تھوک کر کپڑے کو مل لیا کرو۔

✤✤ یہ حدیث صحیح ہے اور اس باب میں مفسر حدیث ہے، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق ہے لیکن انہوں نے اس حدیث کو نقل نہیں کیا۔

944۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَرْقَمِ، اَنَّهُ كَانَ يَؤُمُّ قَوْمَهُ فَجَآءَ، وَقَدْ اُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ، فَقَالَ: لِيُصَلِّ اَحَدُكُمْ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اِذَا حَضَرَتِ الصَّلٰوةُ، وَحَضَرَتِ الْغَائِطُ فَابْدَءُوْا بِالْغَائِطِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ مِّنْ جُمْلَةِ مَا قَدَّمْتُ ذِكْرَهُ مِنْ تَفَرُّدِ التَّابِعِيِّ عَنِ الصَّحَابِيِّ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

حدیث 944:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 142 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 616 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 1427 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 932 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 4807 اخرجه ابوبكر الشيباني في "الاحاد والمثاني" طبع دارالراية رياض سعودي عرب 1411ھ/1991ء رقم الحديث: 640

✧✧ حضرت ہشام بن عروہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ عبداللہ بن ارقم ایک قبیلے کی امامت کروایا کرتے تھے (ایک دن) آپ مسجد میں آئے تو اقامت ہو چکی تھی۔ آپ نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص نماز پڑھائے کیونکہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے ''جب نماز کا وقت ہو جائے اور اسی وقت قضائے حاجت کی بھی ضرورت پڑے تو پہلے قضائے حاجت کرو''

✧✧ یہ حدیث صحیح ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا ہے اور یہ بھی اسی طرح کی حدیث ہے کہ صحابی سے روایت کرنے والا تابعی منفرد ہے۔

945۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ التِّنِّيسِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ رُوَيْمٍ، عَنِ ابْنِ الدَّيْلَمِيِّ الَّذِي كَانَ يَسْكُنُ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ اَنَّهُ رَكِبَ فِي طَلَبِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ بِالْمَدِينَةِ فَسَالَ عَنْهُ، فَقَالُوا: قَدْ سَارَ اِلٰى مَكَّةَ، فَاتَّبَعَهُ فَوَجَدَهُ قَدْ سَارَ اِلَى الطَّائِفِ، فَاتَّبَعَهُ فَوَجَدَهُ فِي زَرْعَةِ الَّذِي يُسَمَّى الْوَهْطُ، قَالَ ابْنُ الدَّيْلَمِيِّ: فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ فَوَجَدْتُهُ يَمْشِي مُخَاصِرًا رَجُلًا مِّنْ قُرَيْشٍ وَّالْقُرَشِيُّ يُزَنُّ بِالْخَمْرِ، فَلَقِيتُهُ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيَّ، فَقَالَ: مَا غَدَا بِكَ الْيَوْمَ، وَمِنْ اَيْنَ اَقْبَلْتَ ؟ وَاَخْبَرْتُهُ ثُمَّ سَاَلْتُهُ: هَلْ سَمِعْتَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَشْرَبُ الْخَمْرَ رَجُلٌ مِّنْ اُمَّتِي فَتُقْبَلُ لَهُ صَلٰوةٌ اَرْبَعِينَ صَبَاحًا

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عروہ بن رویم روایت کرتے ہیں کہ ابن دیلمی بیت المقدس میں رہائش پذیر تھے، وہ عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے ملاقات کے لئے مدینہ منورہ کی جانب روانہ ہوئے (جب وہ مدینہ پہنچے تو) لوگوں سے ان کے متعلق دریافت کیا تو لوگوں نے بتایا کہ وہ مکہ کی طرف گئے ہوئے ہیں۔ ابن دیلمی ان کے پیچھے چل دیئے۔ (جب آپ مکہ پہنچے تو پتہ چلا کہ) طائف کی طرف گئے ہوئے ہیں (ابن دیلمی) وہاں سے بھی ان کے پیچھے چل دیئے بالآخر طائف کے ایک باغ میں (جس کو وھط بھی کہتے ہیں) ان سے ملاقات ہوگئی (ابن دیلمی) کہتے ہیں: میں جب ان کے پاس پہنچا، تو وہ ایک قریشی نوجوان کے پاس بیٹھے ہوئے تھے جو کہ شراب خوری کے حوالے سے بدنام تھا، میں نے آپ سے ملاقات کی اور ان کو سلام کیا، انہوں نے بھی مجھے سلام کیا، وہ مجھے کہنے لگے: آج کہاں ہو؟ اور کہاں سے آ رہے ہو؟ مزید حال احوال دریافت کرنے اور ضروری گفتگو کے بعد میں نے ان سے پوچھا: اے عبداللہ بن عمرو! کیا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سن رکھا ہے: میرا جو امتی شراب پیتا ہے، چالیس دن تک اس کی نماز قبول نہیں ہوتی۔

✧✧ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

946۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذٍ الْعَدْلُ ثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيكٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اُمَيَّةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدٍ اَنَّهُ قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

عُمَرَ إِنَّا نَجِدُ صَلَاةَ الْحَضَرِ وَصَلَاةَ الْخَوْفِ فِي الْقُرْآنِ وَلَا نَجِدُ صَلَاةَ السَّفَرِ فِي الْقُرْآنِ فَقَالَ عَبْدُاللّٰهِ يَا ابْنَ أَخِي إِنَّ اللّٰهَ بَعَثَ إِلَيْنَا مُحَمَّدًا ﷺ وَلَا نَعْلَمُ شَيْئًا فَإِنَّمَا نَفْعَلُ كَمَا رَأَيْنَا مُحَمَّدًا يَفْعَلُ

هٰذَا حَدِيثٌ رُوَاتُهُ مَدَنِيُّونَ ثِقَاتٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت امیہ بن عبداللہ بن خالد سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا: ہمیں قرآن میں حضر (حالت اقامت) کی نماز اور خوف کی نماز تو مل گئی ہے لیکن قرآن میں کہیں بھی سفر کی نماز کا ذکر نہیں ملا۔ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اے میرے بھتیجے! اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ کو ہماری طرف مبعوث فرمایا ہے، ہم کچھ نہیں جانتے۔ بس ہم نے رسول اکرم ﷺ کو جو عمل کرتے دیکھا وہی عمل ہم نے اپنا لیا (خواہ قرآن میں اس کا ذکر موجود ہو یا نہ ہو)

❖ اس حدیث کے راوی مدنی ہیں ثقہ ہیں لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسے روایت نہیں کیا۔

947۔ أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِئٍ، حَدَّثَنَا السَّرِيُّ بْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْأَصْبَهَانِيِّ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي مُتَرَبِّعًا

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ام المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو چار زانو بیٹھے نماز پڑھتے دیکھا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

حدیث 946:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 1434 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1066 اخرجه ابوعبدالله الاصبحی فی "الموطا" طبع داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) رقم الحدیث: 1334 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 5333 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 1451 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 946 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 1892 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 5171 اخرجه ابوبکر الصنعانی فی "مصنفه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان (طبع ثانی) 1403ھ رقم الحدیث: 4276

حدیث 947:

اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 978 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 1363 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 3475

948 ۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلِّمُوا الصَّبِيَّ الصَّلٰوةَ ابْنَ سَبْعِ سِنِينَ، وَاضْرِبُوهُ عَلَيْهَا ابْنَ عَشْرٍ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حرملہ بن عبدالعزیز بن ربیع بن سبرہ اپنے چچا عبدالملک بن ربیع سے وہ ان کے والد سے اور وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: سات سال کی عمر سے بچوں کو نماز سکھانا شروع کر دو اور دس سال کی عمر کے بعد ان پر سختی کرو۔

✤ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

949۔ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوسٰى، قَالَا: اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوبَ، اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْمِصْرِيُّ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ اَبِي ظَبْيَانَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: مَرَّ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ بِمَجْنُونَةِ بَنِي فُلَانٍ، وَقَدْ زَنَتْ وَاَمَرَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ بِرَجْمِهَا، فَرَدَّهَا عَلِيٌّ، وَقَالَ لِعُمَرَ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، اَتَرْجُمُ هٰذِهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: اَوَ مَا تَذْكُرُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رُفِعَ الْقَلَمُ عَنْ ثَلَاثٍ، عَنِ الْمَجْنُونِ الْمَغْلُوبِ عَلٰى عَقْلِهِ، وَعَنِ النَّائِمِ حَتّٰى يَسْتَيْقِظَ، وَعَنِ الصَّبِيِّ حَتّٰى يَحْتَلِمَ؟ قَالَ: صَدَقْتَ، فَخَلّٰى عَنْهَا

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ (ایک دفعہ) حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فلاں قبیلے کی ایک مجنونہ عورت کے پاس سے گزرے، وہ زنا کی مرتکب ہوئی تھی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو رجم کرنے کا فیصلہ فرما دیا تھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس حکم پر عملدرآمد روک دیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا: اے امیر المومنین! کیا آپ اس کو رجم کروائیں گے؟ انہوں نے جواب

حدیث 949:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4399 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 1183 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 143 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1003 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 7343 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 8091 اخرجه ابویعلٰی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 587 اخرجه ابوالحسن الجوهری فی "مسنده" طبع موسسه نادر بیروت لبنان 1410ھ/1990ء رقم الحدیث: 741

دیا: ہاں۔ آپ نے فرمایا: کیا آپ کو رسول اللہ ﷺ کا وہ فرمان یاد نہیں ہے کہ تین طرح کے لوگوں سے قلم اٹھالیا گیا ہے۔ (۱) وہ، جس کی عقل پر جنون کا غلبہ ہو (۲) سویا ہوا، جب تک کہ اٹھ نہ جائے (۳) بچہ، جب تک بالغ نہ ہو جائے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ نے سچ فرمایا: پھر انہوں نے فیصلہ واپس لے لیا اور عورت کو بری کر دیا۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

950۔ حَدَّثَنَا مُكْرَمُ بْنُ اَحْمَدَ الْقَاضِي بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ جَعْفَرِ بْنِ الزِّبْرِقَانِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِيْ عَوْنٍ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيْ عَلَى الْحَصِيْرِ وَالْفَرْوَةِ الْمَدْبُوْغَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِذِكْرِ الْفَرْوَةِ، اِنَّمَا خَرَّجَهُ مُسْلِمٌ مِّنْ حَدِيْثِ اَبِيْ سَعِيْدٍ فِي الصَّلٰوةِ عَلَى الْحَصِيْرِ

✧✧ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ چٹائی پر اور رنگی ہوئی کھال پر نماز پڑھ لیا کرتے تھے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے "فروہ" کے ذکر کے ساتھ اس حدیث کو نقل نہیں کیا۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے چٹائی پر نماز پڑھنے کے متعلق ابوسعید کی حدیث نقل کی ہے۔

951۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُوْرٍ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْحَارِثِ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ النَّبِيْلُ، حَدَّثَنَا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّهُ صَلّٰى عَلٰى بِسَاطٍ، ثُمَّ قَالَ: صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى بِسَاطٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّقَدِ احْتَجَّ الْبُخَارِيُّ بِعِكْرِمَةَ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمٌ بِزَمْعَةَ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، ابن عباس رضی اللہ عنہما نے چٹائی پر نماز پڑھی پھر فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے چٹائی پر نماز

حدیث 950:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث:1006 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث:3993 اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 661 اخرجه ابو عيسٰى الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث:332 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1029 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث:1374 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث:11086 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث:1004 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي دارعمار بيروت لبنان/عمان 1405ھ 1985ء رقم الحديث: 714 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث:11129

پڑھی ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے عکرمہ کی اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے زمعہ کی روایات نقل کی ہیں۔

952۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ: مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرِ بْنِ سَابِقٍ الْخَوْلَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ عِيَاضُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقُرَشِيُّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فَلْيَلْبَسْ نَعْلَيْهِ، اَوْ لِيَخْلَعْهُمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ، وَلَا يُؤْذِيْ بِهِمَا غَيْرَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی نماز پڑھے، تو اپنے جوتے پہن کر رکھے یا اپنے دونوں پاؤں کے درمیان اتارے، ان کے ساتھ کسی کو تکلیف مت پہنچائے۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

953۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّائِبِ، قَالَ: حَضَرْتُ

حدیث 951:

اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1030 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 2061 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 2472 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابورى فى "صحيحه" طبع المكتب الاسلامى بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1005 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 11624 اخرجه ابوبكر الكوفى فى "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودى عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحديث: 4043 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودى عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 4084 اخرجه ابومحمد الكسى فى "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحديث: 1326

حدیث 952:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخارى فى "صحيحه" (طبع ثالث) دار ابن كثير يمامه بيروت لبنان 1407ھ1987ء رقم الحديث: 655 اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1432 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2183 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابورى فى "صحيحه" طبع المكتب الاسلامى بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1009 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودى عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 4058 اخرجه ابو القاسم الطبرانى فى "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامى دارعمار بيروت لبنان/عمان 1405ھ 1985ء رقم الحديث: 783 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 1519

مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ فَصَلَّى الصُّبْحَ، فَخَلَعَ نَعْلَيْهِ، فَوَضَعَهُمَا عَنْ يَّسَارِهٖ

هٰذَا حَدِيْثٌ يُعْرَفُ بِمُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ اَخْرَجْتُهٗ شَاهِدًا وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن سائب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں فتح مکہ کے سال حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز پڑھانے لگے، تو اپنے جوتے اتار کر اپنی بائیں جانب رکھ لئے۔

✣✣ یہ حدیث محمد بن عباد بن جعفر کے حوالے سے معروف ہے میں نے اس کو بطور شاہد نقل کیا ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو نقل نہیں کیا۔

954- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْخَزَّازُ، عَنْ يُّوْسُفَ بْنِ مَاهَكَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فَلَا يَضَعْ نَعْلَيْهِ عَنْ يَّمِيْنِهٖ، وَلَا عَنْ يَّسَارِهٖ، اِلَّا اَنْ لَّا يَكُوْنَ عَنْ يَّسَارِهٖ اَحَدٌ، وَلْيَضَعْهُمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی نماز پڑھنے لگے، تو اپنے جوتے، دائیں یا بائیں مت اتارے بلکہ اپنے قدموں کے درمیان رکھے ہاں البتہ اگر اس کی بائیں جانب کوئی نہ ہو تو (اس طرف رکھ سکتا ہے)

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

955- اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ نَعَامَةَ، عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى فَخَلَعَ نَعْلَيْهِ، فَخَلَعَ النَّاسُ نِعَالَهُمْ، فَلَمَّا انْصَرَفَ، قَالَ: لِمَ خَلَعْتُمْ نِعَالَكُمْ؟ قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، رَاَيْنَاكَ خَلَعْتَ فَخَلَعْنَا، قَالَ: اِنَّ جِبْرَائِيْلَ اَتَانِيْ فَاَخْبَرَنِيْ اَنَّ بِهِمَا خَبَثًا، فَاِذَا جَآءَ اَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ

حدیث 955:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 11169 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1017 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 3889 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 12097 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه' مدينه منوره 1413ھ/1992ء' رقم الحديث: 142 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 4048 اخرجه ابوبكر الكوفي' في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودي عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحديث: 7890 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 2185 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2154

فَلْيَقْلِبْ نَعْلَيْهِ فَلْيَنْظُرْ فِيهِمَا خَبَثٌ، فَإِنْ وَجَدَ فِيهِمَا خَبَثًا فَلْيَمْسَحْهُمَا بِالْأَرْضِ، ثُمَّ لِيُصَلِّ فِيهِمَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (ایک مرتبہ) نماز پڑھائی تو اپنے جوتے اتار دیئے، لوگوں نے بھی اپنے اپنے جوتے اتار دیئے، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو پوچھا: تم لوگوں نے جوتے کیوں اتارے؟ لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہم نے آپ کو دیکھا کہ آپ نے جوتے اتارے ہیں تو ہم نے بھی اتار دیئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے حضرت جبرائیل علیہ السلام نے آ کر بتایا تھا کہ میرے جوتوں میں کوئی نجاست لگی ہوئی ہے (میں نے تو اس لئے جوتے اتارے تھے) چنانچہ جب تم مسجد میں آؤ تو اپنے جوتوں کو پلٹ کر دیکھ لیا کرو، اگر اس میں کوئی گندگی لگی ہو تو زمین سے رگڑ کر اس کو صاف کر دیا کرو پھر جوتے پہن کر نماز پڑھ لیا کرو۔

❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہا دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

956- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ هِلَالِ بْنِ مَيْمُوْنٍ الرَّمْلِيِّ، عَنْ يَعْلٰى بْنِ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَالِفُوا الْيَهُوْدَ فَاِنَّهُمْ لَا يُصَلُّوْنَ فِيْ خِفَافِهِمْ، وَلَا نِعَالِهِمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ یعلیٰ بن شداد بن اوس اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہودیوں کی مخالفت کرو کیونکہ وہ موزوں اور جوتوں میں نماز نہیں پڑھتے۔

❖ یہ حدیث ''صحیح الاسناد'' ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسے روایت نہیں کیا۔

957- حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ السُّوْسِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَبَقِيَّةُ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيْدِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فَلْيَخْلَعْ نَعْلَيْهِ بَيْنَ رِجْلَيْهِ، اَوْ لِيُصَلِّ فِيْهِمَا

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی نماز پڑھنا چاہے تو اپنے جوتے، اپنے پاؤں کے درمیان اتارے یا پہنے ہوئے ہی نماز پڑھ لے۔

حدیث 956:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 652 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 2186 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 4056 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 7164

958- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ الْقَاسِمِ السَّيَّارِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِيٍّ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسٰى، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَآئِشَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَحْدَثَ اَحَدُكُمْ وَهُوَ فِي الصَّلٰوةِ فَلْيَضَعْ يَدَهُ عَلٰى اَنْفِهِ ثُمَّ لِيَنْصَرِفْ

تَابَعَهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَحْدَثَ اَحَدُكُمْ وَهُوَ فِي الصَّلٰوةِ فَلْيَقُلْ بِيَدِهِ عَلٰى وَجْهِهِ وَلْيَنْصَرِفْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ لِاَنَّ بَعْضَ اَصْحَابِ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اَوْقَفَهُ عَنْهُ

✧✧ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص نماز کے دوران بے وضو ہو جائے تو وہ اپنی ناک پر ہاتھ رکھ کر پیچھے کی طرف نکل جائے۔

❖ محمد علی مقدمی نے بھی فضل بن موسیٰ کی متابعت میں یہ حدیث ہشام بن عروہ کے واسطے سے ان کے والد سے اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص نماز کے دوران بے وضو ہو جائے تو وہ اپنا ہاتھ چہرے پر رکھ کر پلٹ جائے اور یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہشام بن عروہ کے بعض اصحاب نے ان سے سند کو موقوف کیا ہے۔

959- اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ الْبَزَّارُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيلَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا اَيُّوبُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، حَدَّثَنِي اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فَلَا يَدْرِي كَمْ صَلّٰى ثَلَاثًا، اَوْ اَرْبَعًا، فَلْيَرْكَعْ رَكْعَةً يُحْسِنُ رُكُوعَهَا، وَسُجُودَهَا، وَيَسْجُدُ سَجْدَتَيْنِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذِهِ الزِّيَادَةِ مِنْ ذِكْرِ الرَّكْعَةِ وَلَهُ شَاهِدٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَهُوَ قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِي النُّقْصَانِ فَلْيُصَلِّ حَتّٰى يَبْنِكَ فِي الزِّيَادَةِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص نماز پڑھتے

حديث 959:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ه/1970ء رقم الحديث: 1026
ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث: 3627

حديث 960:

اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحديث: 2674 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ه/1970ء رقم الحديث: 1053 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث: 3730

ہوئے بھول جائے اور اسے کچھ یاد نہ آئے کہ کتنی رکعتیں پڑھی ہیں، تین پڑھی ہیں یا چار؟ تو وہ انتہائی اچھے طریقے سے رکوع وسجود کے ساتھ ایک رکعت (مزید) ادا کرے اور (سہو کے) دوسجدے کر لے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ لیکن انہوں نے رکعت کے ذکر والی زیادتی نقل نہیں کی۔ اور اس کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جس کو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے نقل نہیں کیا اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے: جب کسی کو (نماز میں) کم رکعتوں میں شک واقع ہو تو وہ اپنے شک اور زیادتی کے درمیان نماز پڑھے۔

960- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سِمَاكٍ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ اَيُّوْبَ، يُحَدِّثُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ حُدَيْجٍ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَغْرِبَ فَسَهَا، فَسَلَّمَ فِيْ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ انْصَرَفَ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّكَ سَهَوْتَ فَسَلَّمْتَ فِيْ رَكْعَتَيْنِ، فَاَمَرَ بِلَالًا فَاَقَامَ الصَّلٰوةَ، ثُمَّ اَتَمَّ تِلْكَ الرَّكْعَةَ، فَسَاَلْتُ النَّاسَ عَنِ الرَّجُلِ الَّذِيْ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّكَ سَهَوْتَ، فَقِيْلَ لِيْ: تَعْرِفُهُ، قُلْتُ: لَا، اِلَّا اَنْ اَرَاهُ، فَمَرَّ بِيْ رَجُلٌ، فَقُلْتُ: هُوَ هٰذَا، فَقَالُوْا: هٰذَا طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ اخْتَصَرَهُ اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْ حَبِيْبٍ

✧✧ حضرت معاویہ بن حدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مغرب کی نماز ادا کی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سہو ہوا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعتوں کے بعد سلام پھیر دیا اور نماز ختم کر دی۔ ایک شخص نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ بھول گئے ہیں، آپ نے دو رکعتوں پر سلام پھیر دیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا تو انہوں نے اقامت کہی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تیسری رکعت (پڑھا کر نماز) مکمل کی (معاویہ کہتے ہیں) میں نے لوگوں سے پوچھا کہ وہ شخص کہاں ہے؟ جس نے کہا تھا "یا رسول اللہ! آپ بھول گئے ہیں" مجھے کہا گیا: آپ ان کو پہچانتے ہیں؟ میں نے کہا: نہیں۔ ہاں اگر دیکھ لوں تو پہچان لوں گا۔ اس کے بعد ایک شخص میرے پاس سے گزرا تو میں نے کہا: یہی ہے وہ شخص، تو لوگوں نے بتایا کہ یہ "طلحہ بن عبید اللہ" ہے۔

❖❖ اس حدیث کو لیث بن سعد نے ابن ابی حبیب سے بھی روایت کیا ہے لیکن ان کی حدیث ذرا مختلف ہے۔

961- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيْكٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ، اَنَّ سُوَيْدَ بْنَ قَيْسٍ، اَخْبَرَهُ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ حُدَيْجٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى يَوْمًا فَسَلَّمَ وَانْصَرَفَ، وَقَدْ بَقِيَ مِنَ الصَّلٰوةِ رَكْعَةٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَهُوَ مِنَ النَّوْعِ الَّذِيْ يَطْلُبَانِ لِلصَّحَابِيِّ مُتَابِعًا فِيْ

حدیث 961:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1023 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 764 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ / 1991ء رقم الحدیث: 1628

الرِّوَايَةِ عَلٰى اَنَّهُمَا جَمِيعًا قَدْ خَرَّجَا مِثْلَ هٰذَا

✧✧ حضرت معاویہ بن حدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی اور نماز میں سے ایک رکعت باقی رہ گئی۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔اور یہ حدیث اسی قسم میں شامل ہے کہ صحابی سے روایت کرنے میں شیخین کوئی متابع ڈھونڈتے ہیں۔ جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس جیسی دیگر احادیث نقل کی ہیں۔

962۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ نَصْرٍ الدَّرَابَرْدِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمّٰى سَجْدَتَيِ السَّهْوِ الْمُرْغِمَتَيْنِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ مُحْتَجٌّ بِجَمِيْعِ رُوَاتِهٖ، وَاَبُوْ مُجَاهِدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَيْسَانَ مِنْ ثِقَاتِ الْمَرَاوِزَةِ يُجْمَعُ حَدِيْثُهٗ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سہو کے دوسجدوں کو "مرغمتين" (ناک رگڑوانے والے) کا نام دیا ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔اس کے تمام راویوں کی روایات نقل کی جاتی ہیں اور اس کی سند میں موجود ابومجاہد عبداللہ بن کیسان، مراوزہ کے ثقہ راویوں میں سے ہیں،ان کی روایات کو جمع کیا جاتا ہے۔

963۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، حَدَّثَنِيْ عِمْرَانُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، اَنَّهٗ حَدَّثَهٗ عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّهٗ رَاٰى اَبَا رَافِعٍ مَوْلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِالْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ وَّهُوَ يُصَلِّيْ قَائِمًا وَقَدْ غَرَزَ ضَفِرَهٗ فِيْ قَفَاهُ فَحَلَّهَا اَبُوْ رَافِعٍ فَالْتَفَتَ الْحَسَنُ اِلَيْهِ مُغْضَبًا، فَقَالَ اَبُوْ رَافِعٍ: اَقْبِلْ عَلٰى صَلَاتِكَ وَلَا تَغْضَبْ، فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ذٰلِكَ كِفْلُ الشَّيْطٰنِ يَعْنِيْ مَقْعَدَ الشَّيْطَانِ يَعْنِيْ مَغْرَزَ ضَفِرِهٖ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَقَدِ احْتَجَّا بِجَمِيْعِ رُوَاتِهٖ غَيْرِ عِمْرَانَ، قَالَ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ: عِمْرَانُ بْنُ

حديث 962:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1025 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرسالة بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2655 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث:1063 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث:12050

مُوْسٰى بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ الْقُرَشِيُّ اَخُو اَيُّوْبَ بْنِ مُوْسٰى رَوٰى عَنْهُ ابْنُ جُرَيْجٍ وَّابْنُ عُلَيَّةَ اَيْضًا

✧✧ سعید بن ابوسعید المقبری اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے آزاد کردہ غلام ابورافع کو دیکھا کہ وہ حسن بن علی رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے جبکہ "حسن" کھڑے نماز پڑھ رہے تھے اور انہوں نے اپنے گندھے ہوئے بالوں کی پٹی، سوئی کے ساتھ اپنی گدی پر چپکا رکھی تھی۔ ابورافع نے اس کو کھول دیا، حضرت حسن رضی اللہ عنہ بہت غصے کے ساتھ ان کی طرف دیکھنے لگے۔ ابورافع نے کہا: آپ اپنی نماز کی طرف متوجہ رہیں اور غصہ نہ کریں، کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ "یہ شیطان کی کفل ہے یعنی شیطان کے بیٹھنے کی جگہ ہے یعنی گندھے ہوئے بالوں کی چوٹی۔

✣✣ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں، عمران کے علاوہ علی بن مدینی کہتے ہیں: عمران بن موسیٰ بن عمرو بن سعید بن العاص عمر قرشی، ایوب بن موسیٰ کے بھائی ہیں، ان سے ابن جریج اور ابن عیینہ نے بھی احادیث روایت کی ہیں۔

964- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ دَارِمٍ الْحَافِظُ بِالْكُوفَةِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ غَنَّامٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا كَامِلُ بْنُ الْعَلَاءِ، حَدَّثَنِيْ حَبِيْبُ بْنُ اَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ، وَارْحَمْنِيْ، وَاهْدِنِيْ، وَعَافِنِيْ، وَارْزُقْنِيْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَكَامِلُ بْنُ الْعَلَاءِ التَّمِيْمِيُّ مِمَّنْ يُجْمَعُ حَدِيْثُهُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، نبی اکرم ﷺ دوسجدوں کے درمیان یوں دعا مانگا کرتے تھے "اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ، وَارْحَمْنِيْ، وَاهْدِنِيْ، وَعَافِنِيْ، وَارْزُقْنِيْ" (یااللہ میری مغفرت فرما، میرے اوپر رحم فرما، مجھے ہدایت عطا فرما، مجھے

حدیث 963:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 646 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 384 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1042 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 2279 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 2511 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 993 اخرجه ابوبکر الصنعانی فی "مصنفه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان (طبع ثانی) 1403ھ رقم الحدیث: 2991 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 911

حدیث 964:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 850 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 284 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 897 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 1324

عافیت عطافرما اور مجھے رزق عطافرما)

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا اور کامل بن العلاء تمیمی ان راویوں میں سے ہیں جن کی روایات جمع کی جاتی ہیں۔

965۔اَخْبَرَنِی مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي طَالِبٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ، حَدَّثَنَا يُونُسُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ حَكِيمٍ الضَّبِّيِّ، اَنَّهُ خَافَ مِنْ زِيَادٍ فَاَتَى الْمَدِينَةَ فَلَقِيَ اَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: فَاسْتَنْسَبَنِي، فَانْتَسَبْتُ لَهُ، فَقَالَ: يَا فَتَى، اَلا اُحَدِّثُكَ حَدِيثًا ؟ قَالَ: قُلْتُ: بَلَى رَحِمَكَ اللّٰهُ، قَالَ يُونُسُ اَحْسِبُهُ ذَكَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَوَّلُ مَا يُحَاسَبُ النَّاسُ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ اَعْمَالِهِمُ الصَّلٰوةُ، قَالَ: يَقُولُ رَبُّنَا عَزَّ وَجَلَّ لِلْمَلائِكَةِ وَهُوَ اَعْلَمُ: انْظُرُوا فِي صَلٰوةِ عَبْدِي اَتَمَّهَا اَمْ نَقَصَهَا، فَاِنْ كَانَتْ تَامَّةً كُتِبَتْ لَهُ تَامَّةً، وَاِنْ كَانَ انْتَقَصَ مِنْهَا شَيْئًا، قَالَ: انْظُرُوا هَلْ لِعَبْدِي مِنْ تَطَوُّعٍ، فَاِنْ كَانَ لَهُ تَطَوُّعٌ، قَالَ: اَتِمُّوا لِعَبْدِي فَرِيضَتَهُ مِنْ تَطَوُّعِهِ، ثُمَّ تُؤْخَذُ الْاَعْمَالُ عَلٰى ذٰلِكَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ بِاِسْنَادٍ صَحِيحٍ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ انس بن حکیم الضبی کے بارے میں روایت ہے کہ وہ زیاد سے خوفزدہ ہوکر مدینہ میں آ گئے، یہاں ان کی ملاقات حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہوئی (انس کہتے ہیں) انہوں نے مجھ سے میرا نسب پوچھا تو میں نے ان کو اپنا نسب بتا دیا، انہوں نے فرمایا: اے نوجوان! کیا میں تمہیں ایک حدیث نہ سناؤں؟ (انس کہتے ہیں) میں نے کہا: جی ہاں! ''اللہ آپ پر رحم کرے'' یونس کہتے ہیں: میرا خیال ہے کہ (حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ) نے یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے بیان کی ہے کہ قیامت کے دن لوگوں سے سب سے پہلے نماز کے بارے میں حساب لیا جائے گا۔انہوں نے کہا: اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے فرشتو! میرے بندے کی نماز کو دیکھو مکمل ہے یا کم؟ حالانکہ اللہ تعالیٰ یہ سب کچھ خود بھی جانتا ہے (پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا) اگر اس کی نمازیں مکمل ہیں تو مکمل لکھ دی جائیں اور اگر کم ہیں تو دیکھو کہ میرے بندے کی کوئی نفلی عبادت ہے؟ اگر اس کی کوئی نفلی عبادت ہے تو اس میں سے میرے بندے

حدیث 965:

اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 1425 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 23251 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 325 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 3813 اخرجه ابویعلٰی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحدیث: 3976 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحدیث: 62 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 2468 اخرجه ابن راهویه الحنظلی فی "مسنده" طبع مکتبه الایمان' مدینه منوره' (طبع اول) 1412ھ/1991ء' رقم الحدیث:506 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "مسند الشامیین" طبع موسسة الرساله' بیروت' لبنان' 1405ھ/1984ء' رقم الحدیث:151

کے فرائض کو پورا کردو پھر اس کے بقیہ اعمال کا حساب کرو۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا
اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

966۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّافِعِي، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَرْبِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰى، عَنْ تَمِيْمٍ الدَّارِيِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَوَّلُ مَا يُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الصَّلٰوةُ، فَاِنْ كَانَ اَكْمَلَهَا كُتِبَتْ لَهُ كَامِلَةً، وَاِنْ لَمْ يُكْمِلْهَا، قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى لِمَلَائِكَتِهِ: هَلْ تَجِدُوْنَ لِعَبْدِيْ تَطَوُّعًا تُكْمِلُوْا بِهِ مَا ضَيَّعَ مِنْ فَرِيْضَتِهِ، ثُمَّ الزَّكٰوةُ مِثْلُ ذٰلِكَ، ثُمَّ سَائِرُ الْاَعْمَالِ عَلٰى حَسَبِ ذٰلِكَ قَصَرَ بِهِ بَعْضُ اَصْحَابِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ وَمُوْسٰى بْنِ اِسْمَاعِيْلَ الْحُكْمَ فِيْ حَدِيْثِهِ،

✧✧ حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن بندے سے سب سے پہلے نماز کے متعلق حساب لیا جائے گا۔ اگر اس کی نمازیں مکمل ہوئیں تو اس کا ثواب پورا لکھ دیا جائے گا اور اگر کم ہوئیں تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرمائے گا: کیا میرے بندے کے پاس کوئی نفلی عبادت موجود ہے؟ (اگر ہے تو) اس کے ساتھ اس کے فرائض کی کمی کو پورا کردو پھر اس کے بعد زکوٰۃ کا اور پھر دیگر اعمال کا اسی طرح حساب ہوگا۔

❖❖ حماد بن سلمہ کے بعض راویوں نے اسی پر اکتفا کیا ہے اور موسیٰ بن اسماعیل اس حدیث میں حکم ہیں۔

967۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَاَخْبَرَنِيْ اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ، حَدَّثَنَا حَمْدُوْنُ بْنُ اَحْمَدَ السِّمْسَارُ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَاَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْاَزْرَقِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰى، عَنْ تَمِيْمٍ الدَّارِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَوَّلُ مَا يُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَلَاتُهُ "وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِنَحْوِهِ،

حدیث 967:

اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1426 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث:16995 اخرجه ابومحمد الدارمى فى "سننه" طبع دارالكتاب العربى' بيروت' لبنان' 1407ه' 1987ء رقم الحديث: 1355 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ه/1983ء رقم الحديث:1255 اخرجه ابوبكر الكوفى' فى "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودى عرب' (طبع اول) 1409ه' رقم الحديث: 7771 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودى عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث:3815

✧✧ حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن سب سے پہلے نماز کا حساب لیا جائے گا۔ اس کے بعد گزشتہ حدیث کی طرح حدیث ہے۔

968- حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، اَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ رَّجُلٍ، مِنْ بَنِيْ سَلِيْطٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ، قَدْ ذُكِرَ هٰذَا الْخِلافُ فِيْهِ عَلٰى حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ لِيَعْلَمَ الْمُتَامِّلُ اَنَّ الَّذِىْ صَحَّحَاهُ حَدِيْثُ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ لَّيْسَ فِيْهِ خِلافٌ عَلٰى حَمَّادٍ، وَسَائِرُ الرِّوَايَاتِ فِيْهِ اَسَانِيْدُ لِحَمَّادٍ، عَنْ غَيْرِ دَاوُدَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ اَجْمَعِيْنَ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسی طرح کا فرمان نقل کیا ہے۔

✤✤ مذکورہ حدیث میں حماد بن سلمہ کی سند میں ہم نے اختلاف ذکر کیا ہے تا کہ محققین کو پتہ چل جائے کہ ہم نے جس حدیث کے متعلق صحیح ہونے کا موقف اختیار کیا ہے وہ ''داؤد بن ابی ہند'' کی حدیث ہے، اس میں حماد پر کوئی اختلاف نہیں اور باقی تمام روایات جو حماد کی سند سے مروی ہیں وہ داؤد کے واسطے کے بغیر ہے۔

969- حَدَّثَنِيْ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مِهْرَانَ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ فِيْ سُجُوْدِهٖ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ كُلَّهُ، جُلَّهُ وَدِقَّهُ، اَوَّلَهُ وَاٰخِرَهُ، عَلانِيَتَهُ وَسِرَّهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، اِنَّمَا اَخْرَجَا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ اَقْرَبُ مَا يَكُوْنُ الْعَبْدُ مِنْ رَّبِّهٖ وَهُوَ سَاجِدٌ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سجدے میں یہ دعا مانگا کرتے تھے ''اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ

حدیث 969:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربی' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 483 اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 878 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 1931 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری' فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 672 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 2518

حدیث 970:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 883 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 3506 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 12335

كُلَّهُ، جُلَّهُ وَدِقَّهُ، اَوَّلَهُ وَاٰخِرَهُ، عَلَانِيَتَهُ وَسِرَّهُ "(یااللہ میرے چھوٹے، بڑے، اول، آخر، ظاہر، باطن سب گناہوں کو معاف فرما)

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ تاہم انہوں نے اسی سند کے ساتھ یہ حدیث نقل کی ہے کہ "بندہ سجدے کی حالت میں اپنے رب کے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے"

970۔ اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَحْمَدَ، اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ اِسْرَائِيلَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا قَرَاَ: سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى، قَالَ: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى پڑھتے تو اس کے بعد کہتے: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

971۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيهُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ وَفِيْ صَدْرِهِ اَزِيزٌ كَاَزِيزِ الْمِرْجَلِ مِنَ الْبُكَاءِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ مطرف اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز پڑھتے دیکھا ہے، رونے کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سینے سے ہنڈیا کے ابلنے کی سی آوازیں آیا کرتی تھیں۔

حدیث 971:

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ایک شخص نماز میں الٹے ہاتھ سے ٹیک لگائے بیٹھا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو (اس طرح نماز پڑھنے سے) منع کیا اور فرمایا: یہ یہودیوں کی نماز ہے۔

✤ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1008۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا أَبُو عُتْبَةَ أَحْمَدُ بْنُ الْفَرَجِ، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خُطُوتَانِ

حديث 1006:

اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 536 اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 845 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي' في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 283 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 2855 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 680 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 2565 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 10998 اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت لبنان' (طبع ثاني) 1403ھ' رقم الحديث: 3035

حديث 1007:

ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 2636 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 692

حديث 1008:

ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 3384

اَحَدُهُمَا اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ، وَالاُخْرٰى اَبْغَضُ الْخُطَا اِلَى اللّٰهِ، فَاَمَّا الْخُطْوَةُ الَّتِيْ يُحِبُّهَا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فَرَجُلٌ نَظَرَ اِلٰى خَلَلٍ فِي الصَّفِّ فَسَدَّهُ، وَاَمَّا الَّتِيْ يُبْغِضُ اللّٰهُ، فَاِذَا اَرَادَ الرَّجُلُ اَنْ يَقُوْمَ مَدَّ رِجْلَهُ الْيُمْنٰى، وَوَضَعَ يَدَهُ عَلَيْهَا، وَاَثْبَتَ الْيُسْرٰى، ثُمَّ قَامَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، فَقَدِ احْتَجَّ بِبَقِيَّةَ فِي الشَّوَاهِدِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، فَاَمَّا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ فَاِنَّهُ اِذَا رَوٰى عَنِ الْمَشْهُوْرِيْنَ فَاِنَّهُ مَاْمُوْنٌ مَّقْبُوْلٌ

✧✧ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ۲ قدم ہیں، ان میں سے ایک قدم اللہ تعالیٰ کو پسند ہے اور دوسرا ناپسند۔ جو قدم پسند ہے وہ یہ ہے کہ آدمی صف میں خالی جگہ دیکھے تو اس کو پر کر دے اور جو ناپسند ہے وہ یہ ہے کہ آدمی جب (نماز میں) اٹھنے لگے تو دایاں پاؤں بچھا کر اس پر ہاتھ رکھ لے اور بایاں پاؤں کھڑا کر کے پھر کھڑا ہو۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے بقیہ کی روایات، شواہد میں نقل کی ہیں اور بقیہ بن ولید جب مشہور محدثین رحمۃ اللہ علیہم سے روایت کرتے ہیں تو یہ مقبول ہے، مامون ہے۔

1009۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِيْ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، وَاَبُوْ عُمَرَ وَمُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، وَعَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، وَزُبَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزٰى، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا سَلَّمَ قَالَ: سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ ثَلَاثًا يَّرْفَعُ صَوْتَهُ، عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبْزٰى مِمَّنْ صَحَّ عِنْدَنَا اَنَّهُ اَدْرَكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا اَنَّ اَكْثَرَ رِوَايَتِهِ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَّالصَّحَابَةِ، وَهٰذَا الْاِسْنَادُ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبدالرحمٰن بن ابزیٰ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب سلام پھیرتے تو تین مرتبہ بلند آواز سے "سبحان الملك القدوس" پڑھتے۔

❖ عبدالرحمٰن بن ابزیٰ ان لوگوں میں سے ہیں، ہمارے نزدیک اصح قول کے مطابق جنہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت پائی ہے۔ تاہم ان کی اکثر روایات ابی بن کعب اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے مروی ہیں اور یہ اسناد "صحیح" کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا ہے۔

1010۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَيُّوْبَ الطُّوْسِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ مَسَرَّةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ مُسْلِمٍ التُّجِيْبِيَّ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنِيْ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيُّ، عَنِ الصُّنَابِحِيِّ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، اَنَّهُ قَالَ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَ بِيَدِيْ يَوْمًا ثُمَّ قَالَ: يَا مُعَاذُ، وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاُحِبُّكَ، فَقَالَ مُعَاذٌ: بِاَبِيْ وَاُمِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَاَنَا وَاللّٰهِ اُحِبُّكَ، فَقَالَ: اُوْصِيْكَ يَا مُعَاذُ لَا تَدَعَنَّ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ اَنْ تَقُوْلَ: اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى ذِكْرِكَ، وَشُكْرِكَ،

وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ، قَالَ: وَاَوْصٰى بِذٰلِكَ مُعَاذٌ الصُّنَابِحِيَّ، وَاَوْصَى الصُّنَابِحِيُّ اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيَّ، وَاَوْصٰى اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عُقْبَةَ بْنَ مُسْلِمٍ،

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: اے معاذ! خدا کی قسم میں تجھ سے محبت کرتا ہوں۔ معاذ بولے: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں، خدا کی قسم! میں بھی آپ سے محبت کرتا ہوں۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے معاذ! میں تجھے وصیت کرتا ہوں نماز کے بعد یہ دعا مانگنا ہرگز نہ چھوڑنا "اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى ذِكْرِكَ، وَشُكْرِكَ، وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ (یا اللہ! اپنے ذکر، شکر اور حسن عبادت پر میری مدد فرما) آپ نے معاذ صنابحی کو بھی یہی وصیت فرمائی تھی اور صنابحی نے ابوعبدالرحمٰن کو بھی یہی وصیت کی اور ابوعبدالرحمٰن نے عقبہ بن مسلم کو یہی وصیت کی۔

✧✧ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1011- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَعَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، قَالَا: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلَاتِهٖ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا، وَالْمَمَاتِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

حديث 1010:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1522 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 1303 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 22179 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2020 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 751 اخرجه ابوعبدالله البخاري في "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلاميه بيروت لبنان 1409ھ/1989ء رقم الحديث: 690 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحديث: 120 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله بيروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحديث: 1650 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 110 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 1226

حديث 1011:

اخرجه ابوعبدالله محمد البخاري في "صحيحه" (طبع ثالث) دار ابن كثير يمامه بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 1311

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے بعد یہ دعا مانگا کرتے تھے "اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا، وَالْمَمَاتِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ "(یا اللہ میں عذاب قبر سے عذاب جہنم سے زندگی اور موت کے فتنے سے اور مسیح الدجال کے فتنے سے تیری پناہ مانگتا ہوں)

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1012۔ اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ يَحْيٰى بْنُ اَبِیْ مَيْسَرَّةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ مَرْيَمَ، اَنْبَاَنَا نَافِعُ بْنُ يَزِيْدَ، حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ اَبِیْ سُلَيْمَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِیْ عَتَّابٍ، وَسَعِيْدِ بْنِ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا جِئْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ وَنَحْنُ سُجُوْدٌ فَاسْجُدُوْا، وَلَا تَعُدُّوْهَا شَيْئًا، وَمَنْ اَدْرَكَ الرَّكْعَةَ فَقَدْ اَدْرَكَ الصَّلٰوةَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ قَدِ احْتَجَّ الشَّيْخَانِ بِرُوَاتِهٖ عَنْ اٰخِرِهِمْ غَيْرَ يَحْيٰى بْنِ اَبِیْ سُلَيْمَانَ، وَهُوَ شَيْخٌ مِّنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ سَكَنَ مِصْرَ، وَلَمْ يُذْكَرْ بِجَرْحٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: جب تم نماز کے لئے آؤ اور ہم سجدے کی حالت میں ہوں تو تم بھی سجدے میں شامل ہو جاؤ لیکن اس کو رکعت بھی مت سمجھو اور جس نے (جماعت کے ساتھ) ایک رکعت پالی اس نے (جماعت کے ساتھ) نماز پالی۔

❖ یہ حدیث صحیح ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں۔ سوائے یحیٰی بن ابوسلیمان کے وہ اہل مدینہ کے شیوخ میں سے ہیں، مصر میں رہائش پذیر رہے اور ان پر کوئی جرح ثابت نہیں ہے۔

1013۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مَحْبُوْبٍ التَّاجِرُ، حَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ اَحْمَدُ بْنُ عَتِيْقٍ الْمَرْوَزِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْعَوَقِيُّ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ بَشِيْرِ بْنِ نَهِيْكٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلّٰى رَكْعَةً مِّنَ الصُّبْحِ، ثُمَّ طَلَعَتِ الشَّمْسُ فَلْيُصَلِّ الصُّبْحَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ اِنْ كَانَ مَحْفُوْظًا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، فَاِنَّ اَحْمَدَ بْنَ عَتِيْقٍ الْمَرْوَزِيَّ هٰذَا ثِقَةٌ، اِلَّا اَنَّهٗ حَدَّثَ بِهٖ مَرَّةً اُخْرٰى بِاِسْنَادٍ اٰخَرَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے فجر کی ایک رکعت پڑھی پھر سورج طلوع ہو گیا اس کو چاہئے کہ فجر کی نماز (دوبارہ) پڑھے۔

حدیث 1013:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 8042 اخرجه ابوالحسن الدارقطني في "سننه" طبع دارالمعرفة ' بيروت' لبنان' 1966ء / 1386ھ رقم الحديث: 5

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے، اگر یہ حدیث اس اسناد کے ساتھ محفوظ ہو، اس لئے احمد بن عتیق مروزی ثقہ ہیں تاہم انہوں نے یہ حدیث ایک دوسری سند کے ساتھ بھی روایت کی ہے (جو کہ درج ذیل ہے)

1014- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِيِّ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ اَحْمَدُ بْنُ عَتِيقٍ الْعَتِيقِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانِ الْعَوَقِيُّ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ خِلاسٍ، عَنْ اَبِى رَافِعٍ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلّٰى رَكْعَةً مِّنْ صَلٰوةِ الصُّبْحِ، ثُمَّ طَلَعَتِ الشَّمْسُ فَلْيُتِمَّ صَلاتَهُ كَلا الاِسْنَادَيْنِ صَحِيْحَانِ، فَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِخِلاسِ بْنِ عَمْرٍو شَاهِدًا

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے فجر کی ایک رکعت پڑھی پھر سورج طلوع ہو گیا تو اس کو چاہئے کہ اپنی نماز پوری کرے۔

❖❖ مذکورہ دونوں اسنادیں صحیح ہیں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے خلاس بن عمرو کی روایات بطور شاہد نقل کی ہیں۔

1015- اَخْبَرَنَا اَبُوْ زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِى طَالِبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَدْرٍ عَبَّادُ بْنُ الْوَلِيْدِ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ بَشِيْرِ بْنِ نَهِيكٍ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ لَمْ يُصَلِّ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَلْيُصَلِّهِمَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے فجر کی دو رکعتیں نہیں پڑھیں کہ

حديث 1014:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 516 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 8042 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 1586 اخرجه ابوالحسن الدارقطنی فی "سننه" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان 1966ء / 1386ھ رقم الحديث: 4 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 1650 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 1504

حديث 1015:

ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 423 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2472 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 4332

سورج طلوع ہو گیا اس کو چاہئے کہ وہ دونوں رکعتیں پڑھے۔

✥ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1016- حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ التَّمِيمِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ شَاهِينَ، اَنْبَانَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَسِيرٍ لَّهُ فَنَامُوا عَنْ صَلٰوةِ الْفَجْرِ فَاسْتَيْقَظُوا بِحَرِّ الشَّمْسِ، ارْتَفَعُوْا قَلِيْلًا حَتّٰى اسْتَعْلَتْ، ثُمَّ اَمَرَ الْمُؤَذِّنَ فَاَذَّنَ، ثُمَّ صَلَّى الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ، ثُمَّ اَقَامَ الْمُؤَذِّنُ فَصَلَّى الْفَجْرَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى مَا قَدَّمْنَا ذِكْرَهُ مِنْ صِحَّةِ سَمَاعِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ، وَاِعَادَتِهِ الرَّكْعَتَيْنِ لَمْ يُخَرِّجَا، وَلَهُ شَاهِدٌ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ

✧✧ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک سفر میں تھے (آپ اور قافلہ کے بقیہ تمام لوگ) فجر کے وقت سوتے رہے۔ دھوپ کی تپش سے بیدار ہوئے پھر یہ لوگ تھوڑا سا چلے یہاں تک کہ سورج بلند ہو گیا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے موذن کو حکم دیا تو اس نے اذان دی پھر آپ نے فجر کی دو سنتیں ادا کیں پھر موذن نے اقامت کہی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز ادا کی۔

✥ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری اور امام مسلم نے اس کو نقل نہیں کیا، جیسا کہ ہم نے پہلے بھی ذکر کیا کہ حسن کا عمران سے سماع ثابت ہے اور دونوں رکعتوں کو لوٹانا بھی ثابت ہے۔ سند صحیح کے ساتھ مذکورہ حدیث کی ایک شاہد حدیث موجود ہے جو کہ درج ذیل ہے۔

1017- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهٖ، اَنَّهٗ جَآءَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ صَلٰوةَ الْفَجْرِ فَصَلّٰى مَعَهٗ، فَلَمَّا سَلَّمَ قَامَ فَصَلّٰى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا هَاتَانِ الرَّكْعَتَانِ؟ فَقَالَ: لَمْ اَكُنْ صَلَّيْتُهُمَا قَبْلَ الْفَجْرِ، فَسَكَتَ وَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا قَيْسُ بْنُ فَهْدٍ الْاَنْصَارِيُّ صَحَابِيٌّ،

حدیث 1016:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه' حلب' شام ' 1406ھ' 1986ء' رقم الحدیث: 621 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحدیث: 19978 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 1587

حدیث 1017:

اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 938 اخرجه ابوبکر الحمیدی فی "مسنده" طبع دارالکتب العلمیه' مکتبه المتنبی' بیروت' قاهره' رقم الحدیث: 868 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 4184

وَالطَّرِيقُ اِلَيْهِ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا، وَقَدْ رَوَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيُّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ فَهْدٍ

✧✧ یحییٰ بن سعید اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ وہ (نماز کے لئے) آئے تو نبی اکرم ﷺ فجر کی نماز پڑھا رہے تھے، انہوں نے بھی آپکے ساتھ نماز پڑھی جب آپ ﷺ نے سلام پھیرا تو انہوں نے کھڑے ہو کر فجر کی دو سنتیں پڑھیں حضور ﷺ نے اس سے پوچھا: کہ تم نے یہ کون سی دو رکعتیں پڑھی ہیں؟ انہوں نے کہا: میں نے فجر کی سنتیں نہیں پڑھی تھیں (وہ پڑھی ہیں) تو نبی اکرم ﷺ خاموش ہو گئے اور کچھ نہیں بولے۔

❖❖ قیس بن فہد انصاری صحابی ہیں اور ان تک سند صحیح ہے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کی ہیں، اسی حدیث کو محمد بن ابراہیم تیمی نے قیس بن فہد سے روایت کیا ہے (جیسا کہ درج ذیل ہے)

1018۔ اَخْبَرَنَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْدَلَانِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ قُتَيْبَةَ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيُّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ فَهْدٍ، قَالَ: رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يُصَلِّيْ بَعْدَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ رَكْعَتَيْنِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَصَلٰوةُ الصُّبْحِ مَرَّتَيْنِ؟ فَقَالَ الرَّجُلُ: لَمْ اَكُنْ صَلَّيْتُ الرَّكْعَتَيْنِ اللَّتَيْنِ قَبْلَهَا فَصَلَّيْتُهَا الْآنَ، قَالَ: فَسَكَتَ عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✧✧ قیس بن فہد فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو فجر کی نماز کے بعد دو رکعتیں پڑھتے دیکھا: تو اس سے فرمایا: کیا فجر کی نماز دو مرتبہ پڑھی ہے؟ اس نے جواب دیا: میں نے فجر کی سنتیں نہیں پڑھی تھیں۔ ابھی وہ پڑھی ہیں۔ قیس کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے اس پر خاموشی اختیار فرمائی۔

1019۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُقْبَةَ الشَّيْبَانِيُّ بِالْكُوْفَةِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ اَبِي الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ، عَنْ مَيْمُوْنِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّلٰوةِ فِي السَّفِيْنَةِ، فَقَالَ: كَيْفَ اُصَلِّيْ فِي السَّفِيْنَةِ؟ قَالَ: صَلِّ فِيْهَا قَائِمًا اِلَّا اَنْ تَخَافَ الْغَرَقَ

حدیث 1018:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1267 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1154 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 23811 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 4329 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 937 اخرجه ابوبكر الشيباني في "الاحاد والمثاني" طبع دارالراية رياض سعودي عرب 1411ھ/1991ء رقم الحديث: 2156

حدیث 1019:

ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 5277

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَهُوَ شَاذٌّ بِمُرَّةَ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ سے کشتی میں نماز پڑھنے کے متعلق مسئلہ پوچھا گیا (پوچھنے والے نے) کہا: میں کشتی میں کس طرح نماز پڑھوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر ڈوبنے کا خوف نہ ہوتو کھڑے ہوکر پڑھو۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور یہ حدیث مرہ کی وجہ سے شاذ ہے۔

1020۔ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يُوْنُسَ الْخُزَاعِيُّ بِالْكُوفَةِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ خَلَفٍ، وَسُوَيْدُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ حَنَشٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ جَمَعَ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ مِنْ غَيْرِ عُذْرٍ فَقَدْ اَتٰى بَابًا مِّنْ اَبْوَابِ الْكَبَائِرِ حَنَشُ بْنُ قَيْسٍ الرَّحَبِيُّ يُقَالُ لَهٗ اَبُوْ عَلِيٍّ مِّنْ اَهْلِ الْيَمَنِ سَكَنَ الْكُوفَةَ ثِقَةٌ، وَقَدِ احْتَجَّ الْبُخَارِيُّ بِعِكْرِمَةَ، وَهٰذَا الْحَدِيْثُ قَاعِدَةٌ فِي الزَّجْرِ عَنِ الْجَمْعِ بِلَا عُذْرٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے بلاعذر دو نمازیں جمع کیں وہ کبیرہ گناہ کے دروازے پر پہنچ گیا۔

❖ حنش بن قیس رحبی کو ابوعلی بھی کہتے ہیں: ان کا تعلق یمن سے ہے اور یہ کوفہ میں رہائش پذیر رہے، یہ ثقہ ہیں اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے عکرمہ کی روایات نقل کی ہیں اور یہ حدیث بلاعذر نمازوں کو جمع کرنے کی ترہیب میں اصل ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔

1021۔ حَدَّثَنِي اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ هَارُوْنَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ، حَدَّثَنِي حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ مُتَرَبِّعًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى اِخْرَاجِ حُمَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ لَيْلًا طَوِيْلًا قَائِمًا الْحَدِيْثَ، وَحُمَيْدٌ

حدیث 1020:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 188 اخرجہ ابویعلٰی الموصلی فی "مسندہ" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 2751 اخرجہ ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمہ الکبیر" طبع مکتبہ العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 11540

حدیث 1021:

اخرجہ ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننہ الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 1363 اخرجہ ابوبکر بن خزیمۃ النیسابوری فی "صحیحہ" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 978 ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 3475

هٰذَا هُوَ ابْنُ تِيرَوَيْهِ الطَّوِيلِ بِلَا شَكٍّ فِيهِ

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چار زانوں بیٹھ کر نماز پڑھتے دیکھا۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اُسے نقل نہیں کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے حمید کی وہ حدیث نقل کی ہے جس میں انہوں نے عبداللہ بن شقیق کے حوالے سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ فرمان نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت نماز پڑھتے جس میں طویل قیام کرتے، اس کے بعد مکمل حدیث بیان کی اور یہ حمید بلاشک تیرویہ طویل کے بیٹے ہیں۔

1022- فَقَدْ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوبِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنْ عَآئِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ لَيْلًا طَوِيلًا قَائِمًا، وَلَيْلًا طَوِيلًا قَاعِدًا، فَإِذَا صَلّٰى قَائِمًا رَكَعَ قَائِمًا، وَإِذَا صَلّٰى قَاعِدًا رَكَعَ قَاعِدًا

✧✧ اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت بہت دیر تک کھڑے ہو کر اور بہت دیر تک بیٹھ کر نماز پڑھا کرتے تھے، جب آپ کھڑے ہو کر نماز پڑھتے تو کھڑے ہو کر ہی رکوع کرتے اور جب بیٹھ کر نماز پڑھتے تو رکوع بھی بیٹھ کر کرتے۔

1023- اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُكْرَمٍ، اَخِي الْحَسَنِ بْنِ مُكْرَمٍ الْبَزَّارِ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا

حديث 1022:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربی' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 730 اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 955 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث: 1646 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 24853 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری' فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1246 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 2510 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحديث: 959 اخرجه ابويعلىٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 4728 اخرجه ابوبكر الصنعانی فی "مصنفه" طبع المكتب الاسلامی' بيروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ' رقم الحديث: 4098 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 1355 اخرجه ابوجعفر الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' الطبعة الاولىٰ' 1399ھ' رقم الحديث: 1831 اخرجه ابن راهويه الحنظلی فی "مسنده" طبع مكتبه الايمان' مدينه منوره' (طبع اول) 1412ھ/1991ء' رقم الحديث: 1299 اخرجه ابوالحسن الجوهری فی "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ھ/1990ء' رقم الحديث: 3056

حديث 1023:

ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 5575

الْفَضْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ الصَّيْرَفِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ غَيْلانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ بَزِيعٍ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: كُنَّا نَفْتَحُ عَلَى الْاَئِمَّةِ عَلَى عَهْدِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْيَى بْنُ غَيْلانَ، وَعَبْدُ اللهِ بْنُ بَزِيعٍ التُّسْتَرِيَّانِ ثِقَتَانِ،

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّلَهُ شَوَاهِدُ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں، امام کو لقمہ دے دیا کرتے تھے۔

✣✣ یحیی بن غیلان، عبداللہ بن بزیع دونوں تستری ہیں اور ثقہ ہیں اور یہ حدیث صحیح ہے اس کی شاہد احادیث موجود ہیں لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔

1024۔ أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ أَيُّوبَ حَدَّثَنَا جَارِيَةُ بْنُ هَرَمٍ حَدَّثَنَا حَمِيدُ الطَّوِيْلُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلَقِّنُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا فِي الصَّلَاةِ

❖❖ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ نماز میں ایک دوسرے کو تلقین کیا کرتے تھے۔

1025۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ تَمِيْمٍ الْقَنْطَرِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قِلَابَةَ الرَّقَاشِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا السَّرِيُّ بْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَزَّارُ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا بَكَّارُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ اَبِيْ بَكْرَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَتَاهُ اَمْرٌ يَسُرُّهُ، اَوْ يُسَرُّ بِهِ، خَرَّ سَاجِدًا شُكْرًا لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَاِنْ لَمْ يُخَرِّجَاهُ، فَاِنَّ بَكَّارَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ صَدُوْقٌ عِنْدَ الْاَئِمَّةِ، وَاِنَّمَا لَمْ يُخَرِّجَاهُ لِشَرْطِهِمَا فِي الرِّوَايَةِ كَمَا ذَكَرْنَاهُ فِيْمَا تَقَدَّمَ، وَلَيْسَ لِعَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ اَبِيْ بَكْرَةَ رُوَاةٌ غَيْرُ ابْنِهِ، فَقَالَ: صَالِحُ الْحَدِيْثِ، وَلِهٰذَا الْحَدِيْثِ شَوَاهِدُ يَكْثُرُ ذِكْرُهَا،

وَمِنْهَا اَنَّهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَى الْقِرْدَ فَخَرَّ سَاجِدًا

مِّنْهَا اَنَّهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَى رَجُلًا بِهِ زَمَانَةٌ فَخَرَّ سَاجِدًا،

حديث 1024:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث:5576

حديث 1025:

اخرجہ ابوداؤد السجستانی فی "سننہ" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث:2774 اخرجہ ابو عبداللہ القزوینی فی "سننہ" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث:1394 ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث:3749

وَمِنْهَا اَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَاهُ جَعْفَرُ بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ عِنْدَ فَتْحِ خَيْبَرَ فَخَرَّ سَاجِدًا،
وَمِنْهَا اَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى نُغَاشًا، فَخَرَّ سَاجِدًا

۱۰۲۵۔حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی خوش کن معاملہ پیش آتا تو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سجدہ شکر ادا کرتے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے، اگرچہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا، اس لئے وقار بن عبدالعزیز ائمہ کے نزدیک صدوق ہیں اور شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس کو اس لئے روایت نہیں کیا کہ روایت کے حوالے سے ان کا معیار پورا نہیں تھا جیسا کہ اس سے پہلے بھی ہم ذکر کر چکے اور عبدالعزیز بن ابوبکرہ سے روایت لینے والا اس کے بیٹے کے علاوہ اور کوئی نہیں ہے تو فرمایا: کہ یہ صالح الحدیث ہے اور اس حدیث کے بہت شواہد ہیں۔

(۱) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بندر کو دیکھا تو سجدے میں گر پڑے۔
(۲) آپ نے ایک لونجے شخص کو دیکھا تو سجدہ ریز ہو گئے۔
(۳) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جعفر ابوطالب فتح خیبر کے وقت آئے تو آپ نے سجدہ شکر ادا کیا۔
(۴) آپ نے ایک ٹھگنے شخص کو دیکھا تو سجدہ شکر ادا کیا۔

كِتَابُ الْجُمُعَةِ

جمعہ کا بیان

1026 - حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي ابْنُ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مُوسٰى بْنِ اَبِي عُثْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَيِّدُ الْاَيَّامِ يَوْمُ الْجُمُعَةِ، فِيهِ خُلِقَ اٰدَمُ، وَفِيهِ اُدْخِلَ الْجَنَّةَ، وَفِيهِ اُخْرِجَ مِنْهَا، وَلَا تَقُومُ السَّاعَةُ اِلَّا يَوْمَ الْجُمُعَةِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، فَقَدِ اسْتَشْهَدَ بِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي الزِّنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَا سَيِّدُ الْاَيَّامِ

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جمعہ کا دن، دنوں کا سردار ہے۔ اسی میں آدم علیہ السلام کی تخلیق ہوئی، اسی میں ان کو جنت میں داخل کیا گیا، اسی دن ان کو جنت سے نکالا گیا اور قیامت بھی جمعہ کے دن قائم ہوگی۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم کے معیار کے مطابق صحیح ہے، امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالرحمان بن ابوزناد کی روایات بطور شاہد نقل کی ہیں اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے سید الایام کے الفاظ نقل نہیں کئے۔

1027 - اَخْبَرَنَا اَبُو النَّضْرِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ الْفَقِيهُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو تَوْبَةَ الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ الْحَلَبِيُّ، حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ، حَدَّثَنِي اَبُو مَعْبَدٍ حَفْصُ بْنُ غَيْلَانَ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ اَبِي مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ الْاَيَّامَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى هَيْاَتِهَا، وَيَبْعَثُ الْجُمُعَةَ زَهْرَاءَ مُنِيرَةً، اَهْلُهَا يَحُفُّونَ بِهَا كَالْعَرُوسِ تُهْدٰى اِلٰى كَرِيمِهَا تُضِيءُ لَهُمْ، يَمْشُونَ فِي

حديث 1026:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 15587 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1728 اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودي عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحديث:5508

حديث 1027:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث:1730 اخرجه ابو القاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله بيروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحديث:1557

ضَوْئِهَا، اَلْوَانُهُمْ كَالثَّلْجِ بَيَاضًا، وَرِيحُهُمْ يَسْطَعُ كَالْمِسْكِ، يَخُوضُونَ فِي جِبَالِ الْكَافُورِ، يَنْظُرُ اِلَيْهِمُ الثَّقَلَانِ لَا يُطْرِقُونَ تَعَجُّبًا حَتّٰى يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ، لَا يُخَالِطُهُمْ اَحَدٌ اِلَّا الْمُؤَذِّنُونَ الْمُحْتَسِبُونَ

هٰذَا حَدِيْثٌ شَاذٌّ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، فَاِنَّ اَبَا مُعَيْدٍ مِّنْ ثِقَاتِ الشَّامِيِّيْنَ الَّذِيْنَ يُجْمَعُ حَدِيْثُهُمْ، وَالْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ مِّنْ اَعْيَانِ اَهْلِ الشَّامِ غَيْرَ اَنَّ الشَّيْخَانِ لَمْ يُخَرِّجَاهُ عَنْهُمَا

✧✧ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ قیامت کے دن دنوں کو شکلوں میں اٹھائے گا اور جمعہ کے دن کو ایک چمکدار سیارے کی طرح اٹھائے گا، جس کے سامنے دوسرے ماند پڑ جائیں گے جیسا کہ دلہن اپنے شوہر کی طرف روانہ ہوتی ہے تو ان کے لئے روشنی کی جاتی ہے اور اس کی روشنی میں سب لوگ چلتے ہیں ان کے رنگ برف کی طرح سفید ہوں گے، ان کی خوشبو مشک کی طرح پھیلے گی، کافور کے پہاڑوں میں وہ چلیں گے، تمام جن وانس ان کی طرف دیکھیں گے۔ یہاں تک کہ جنت میں داخل ہو جائیں گے ان کے ساتھ اور کوئی شریک نہیں ہوگا، سوائے ان لوگوں کے جو ثواب کی نیت سے اذانیں دیتے رہے۔

❊❊ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے، اس لئے ابوسعید ثقہ شامی راویوں میں سے ہیں جن کی احادیث کو جمع کیا جاتا ہے اور ہشیم بن حمید اہل شام میں سے ہیں لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ان دنوں کی روایات نقل نہیں کیں۔

1028۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسَى الْقَاضِيْ اِمْلَاءً، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَاَنَا الرَّبِيْعُ الزَّهْرَانِيُّ، وَيَحْيَى بْنُ الْمُغِيْرَةِ، قَالَا: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، عَنْ مَّنْصُوْرٍ، عَنْ اَبِيْ مَعْشَرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ قَرْثَعٍ الضَّبِّيِّ، وَكَانَ قَرْثَعٌ مِّنَ الْقُرَّاءِ الْاَوَّلِيْنَ عَنْ سَلْمَانَ، قَالَ: قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا سَلْمَانُ، مَا يَوْمُ الْجُمُعَةِ؟ قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ، قَالَ: يَا سَلْمَانُ، يَوْمُ الْجُمُعَةِ فِيْهِ جَمَّعَ اَبُوْكَ اَوْ اَبُوْكُمْ، وَاَنَا اُحَدِّثُكَ عَنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ، مَا مِنْ رَّجُلٍ يَّتَطَهَّرُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ كَمَا اُمِرَ، ثُمَّ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ حَتّٰى يَاْتِيَ الْجُمُعَةَ فَيَقْعُدُ وَيُنْصِتُ حَتّٰى يَقْضِيَ صَلَاتَهُ اِلَّا كَانَ كَفَّارَةً لِّمَا قَبْلَهُ مِنَ الْجُمُعَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَاحْتَجَّ الشَّيْخَانِ بِجَمِيْعِ رُوَاتِهِ غَيْرَ قَرْثَعٍ، سَمِعْتُ اَبَا عَلِيِّ الْقَارِءَ، يَقُوْلُ: اَرَدْتُّ اَنْ اَجْمَعَ مَسَانِيْدَ قَرْثَعٍ الضَّبِّيِّ فَاِنَّهُ مِنْ زُهَّادِ التَّابِعِيْنَ، فَلَمْ يُسْنِدْ تَمَامَ الْعَشَرَةِ

✧✧ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے سلمان! جمعہ کا دن کیا ہے؟ میں نے کہا:

حدیث 1028:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1732

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرى" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 1665

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 1403

اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 6089 اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان (طبع ثاني) 1403ھ رقم الحديث: 5561

اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے سلمان! جمعہ کا دن وہ ہے جس میں تیرا باپ یا (شاید یہ کہا) تمہارا باپ پیدا ہوا اور میں تجھے جمعہ کے دن کی فضیلت بتاتا ہوں، جو شخص جمعہ کے دن غسل کرے جس طرح اس کا حکم دیا گیا پھر وہ اپنے گھر سے نکلے یہاں تک جمعہ پڑھنے آئے تو وہ بیٹھا رہے اور خاموش رہے یہاں تک کہ نماز مکمل ہو جائے تو یہ عمل اس کے ان گناہوں کا کفارہ بن جائے گا جو اس نے گزشتہ جمعہ سے اس جمعہ تک کیے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں۔ سوائے قرثع کے۔ میں نے ابوعلی قاری کو یہ کہتے سنا ہے کہ میرا ارادہ ہے کہ قرثع ضبی کی مسانید جمع کروں کیونکہ یہ عبادت گزار تابعین میں سے تھے لیکن ان کی مسندات دس تک بھی پوری نہ ہو سکیں۔

1029۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحَارِثِيُّ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ الثَّقَفِيِّ، قَالَ: قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِنْ اَفْضَلِ اَيَّامِكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فِيْهِ خُلِقَ اٰدَمُ، وَفِيْهِ قُبِضَ، وَفِيْهِ النَّفْخَةُ، وَفِيْهِ الصَّعْقَةُ، فَاَكْثِرُوْا عَلَيَّ مِنَ الصَّلٰوةِ فِيْهِ فَاِنَّ صَلَاتَكُمْ مَعْرُوْضَةٌ عَلَيَّ، قَالُوْا: وَكَيْفَ صَلَاتُنَا تُعْرَضُ عَلَيْكَ وَقَدْ اَرِمْتَ؟ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ حَرَّمَ عَلَى الْاَرْضِ اَنْ تَاْكُلَ اَجْسَادَ الْاَنْبِيَاءِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت اوس بن اوس ثقفی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: فضیلت والے دنوں میں سے جمعہ کا دن بھی ہے کہ اسی میں آدم علیہ السلام کی تخلیق ہوئی، اسی میں آپ کی روح قبض ہوئی، اسی دن قیامت آئے گی، اسی دن اٹھایا جائے

حدیث 1029:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 1047 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه' حلب' شام ' 1406ھ' 1986ء' رقم الحدیث: 1374 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" ' طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 1085 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 16207 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی' بیروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء' رقم الحدیث: 1572 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری' فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث: 1733 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 910 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 589 اخرجه ابوبکر الکوفی' فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحدیث: 8697 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 5789 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 1667 اخرجه ابوبکر الشیبانی فی "الاحادوالمثانی" طبع دارالرایة' ریاض' سعودی عرب' 1411ھ/1991ء' رقم الحدیث: 1577

گا، اس لئے جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود پڑھا کرو، اس لئے کہ تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے، صحابہ نے عرض کی جب آپ وفات پا جائیں گے تو پھر ہمارا درود آپ پر کس طرح پیش کیا جائے گا؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے زمین پر انبیاء کے جسموں کو کھانا حرام کر دیا ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1030۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَنْبَاَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، اَنْبَاَنَا الشَّافِعِيُّ، اَنْبَاَنَا مَالِكٌ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيهُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى الْبِرْتِيُّ، وَاِسْمَاعِيلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ يَوْمٍ طَلَعَتْ فِيهِ الشَّمْسُ يَوْمُ الْجُمُعَةِ فِيهِ خُلِقَ اٰدَمُ، وَفِيهِ اُهْبِطَ، وَفِيهِ تِيبَ عَلَيْهِ، وَفِيهِ مَاتَ، وَفِيهِ تَقُومُ السَّاعَةُ، وَمَا مِنْ دَابَّةٍ اِلَّا وَهِيَ مُصِيخَةٌ يَوْمَ الْجُمُعَةِ مِنْ حِينِ يُصْبِحُ حَتَّى الشَّمْسَ شَفَقًا مِّنَ السَّاعَةِ اِلَّا الْجِنَّ وَالْاِنْسَ، وَفِيهَا سَاعَةٌ لَّا يُصَادِفُهَا عَبْدٌ مُّسْلِمٌ وَّهُوَ يُصَلِّي يَسْاَلُ اللّٰهَ شَيْئًا اِلَّا اَعْطَاهُ اِيَّاهُ، قَالَ كَعْبٌ: ذٰلِكَ فِي كُلِّ سَنَةٍ يَوْمٌ؟ فَقُلْتُ: بَلْ فِي كُلِّ جُمُعَةٍ، قَالَ فَقَرَاَ كَعْبٌ التَّوْرَاةَ، فَقَالَ: صَدَقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ: ثُمَّ لَقِيتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَلَامٍ، فَحَدَّثْتُهُ بِمَجْلِسِي مَعَ كَعْبٍ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ: قَدْ عَلِمْتُ اَيَّةَ سَاعَةٍ هِيَ؟ قَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ: فَقُلْتُ لَهُ

فَاَخْبِرْنِي بِهَا، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ: هِيَ اٰخِرُ سَاعَةٍ فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ، فَقُلْتُ: كَيْفَ هِيَ اٰخِرُ سَاعَةٍ فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ؟ وَقَدْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُصَادِفُهَا عَبْدٌ مُّسْلِمٌ وَّهُوَ يُصَلِّي وَتِلْكَ السَّاعَةُ لَا يُصَلِّي فِيهَا؟ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ: اَلَمْ يَقُلْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ جَلَسَ مَجْلِسًا يَّنْتَظِرُ الصَّلٰوةَ فَهُوَ فِي صَلٰوةٍ حَتّٰى يُصَلِّيَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى اَحْرُفٍ مِّنْ اَوَّلِهِ، فِي حَدِيثِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، خَيْرُ يَوْمٍ طَلَعَتْ فِيهِ الشَّمْسُ يَوْمُ الْجُمُعَةِ، وَقَدْ تَابَعَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ يَزِيدَ بْنَ الْهَادِ عَلٰى رِوَايَتِهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَارِثِ التَّيْمِيِّ بِالزِّيَادَاتِ فِيهِ

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جن دنوں میں سورج طلوع ہوتا ہے ان میں سب سے بہترین دن جمعہ ہے، اسی میں آدم علیہ السلام کو پیدا کیا گیا، اسی دن آپ کو زمین پر اتارا گیا، اسی دن آپ کی توبہ قبول کی گئی، اسی دن آپ کی وفات ہوئی اور اسی میں قیامت ہوگی اور ہر جانور جمعہ کے دن صبح سے لے کر شام تک قیامت سے گھبرا کر چیخیں مارتا ہے، سوائے انسان اور جنات کے اور اس دن ایک ایسی ساعت آتی ہے کہ اگر بندہ نماز کی حالت میں اس کو پا لے تو جو چیز اللہ

سے مانگے گا، اللہ تعالیٰ اس کو عطا فرمائے گا۔ کعب کہتے ہیں: کیا یہ ساعت ہر سال میں ایک مرتبہ آتی ہے میں نے کہا: بلکہ ہر جمعہ میں آتی ہے۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اس پر کعب نے تورات پڑھی اور کہا: اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے سچ فرمایا۔ ابو ہریرہ کہتے ہیں: پھر میری ملاقات عبداللہ بن سلام سے ہوئی تو میں نے ان کو کعب کے ساتھ اپنی مجلس کا ذکر کیا عبداللہ بن سلام نے کہا: میں جانتا ہوں کہ وہ کون سی ساعت ہے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ان سے کہا: کہ وہ ساعت مجھے بھی بتائیے۔ تو عبداللہ بن سلام نے کہا: یہ جمعہ کے دن کی آخری ساعت ہے، میں نے کہا: یہ جمعہ کے دن کی آخری ساعت کیسے ہو سکتی ہے جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: ''جو بندہ حالت نماز اس ساعت کو پائے'' جبکہ اس وقت میں تو نماز پڑھی ہی نہیں جاتی، عبداللہ بن سلام نے کہا: کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں فرمایا؟ کہ جو آدمی نماز کے انتظار میں بیٹھا ہو تو وہ نماز ہی میں ہے یہاں تک کہ وہ نماز پڑھ لے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ اعرج کی ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اس روایت (بہترین دن جس میں سورج طلوع ہوا جمعہ کا دن ہے) کے ابتدائی الفاظ نقل کئے ہیں اور محمد بن ابراہیم بن حارث تیمی سے یہ حدیث روایت کرنے میں محمد بن اسحاق نے یزید بن الہاد کی متابعت کی ہے اور کچھ الفاظ کا اضافہ بھی ہے۔

1031۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الشَّيْبَانِيُّ بِالْكُوفَةِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَازِمٍ الْغِفَارِيُّ، حَدَّثَنَا يَعْلٰى بْنُ عُبَيْدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَارِثِ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: جِئْتُ الطُّوْرَ فَلَقِيتُ هُنَاكَ كَعْبَ الْاَحْبَارِ فَحَدَّثْتُهُ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَدَّثَ عَنِ التَّوْرَاةِ، فَمَا اخْتَلَفَا حَتّٰى مَرَرْتُ بِيَوْمِ الْجُمُعَةِ، قَالَ: قُلْتُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِيْ كُلِّ يَوْمِ جُمُعَةٍ سَاعَةٌ لَّا يُوَافِقُهَا مُؤْمِنٌ وَّهُوَ يُصَلِّيْ يَسْاَلُ اللّٰهَ شَيْئًا اِلَّا اَعْطَاهُ اِيَّاهُ، قَالَ كَعْبٌ: تِلْكَ فِيْ كُلِّ سَنَةٍ؟ فَقُلْتُ: مَا كَذٰلِكَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَجَعَ فَتَلَا ثُمَّ، قَالَ: صَدَقَ رَسُوْلُ

حديث 1030:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1046 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 491 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ه 1986ء رقم الحديث: 1373 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 9196 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ه/1970ء رقم الحديث: 1729 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 2362 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ه رقم الحديث: 4335 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ه-1984ء رقم الحديث: 5925 اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان (طبع ثاني) 1403ه رقم الحديث: 5569 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث: 5799 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ه/ 1991ء رقم الحديث: 1754

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ كُلِّ جُمُعَةٍ، قَالَ: اَبُوْ هُرَيْرَةَ، ثُمَّ لَقِيتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَلامٍ فَحَدَّثْتُهُ بِمَجْلِسِي مَعَ كَعْبٍ، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِنَحْوٍ مِّنْ حَدِيْثِ مَالِكٍ

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں طور پر گیا وہاں پر میری ملاقات کعب الاحبار سے ہوئی۔ میں نے اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث سنائی اور وہ مجھے تورات کی باتیں سناتا رہا اور ہمارے درمیان کسی بات پر اختلاف بھی نہ ہوا یہاں تک کہ جمعہ کا دن آ گیا۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر جمعہ میں ایک ایسی ساعت آتی ہے کہ اگر بندہ مومن اس کو حالت نماز میں گزارے تو وہ اللہ سے جو مانگے گا، اللہ تعالیٰ عطا کرے گا۔ کعب نے کہا: یہ ساعت ہر سال میں ایک مرتبہ آتی ہے، میں نے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح نہیں فرمایا، اس نے دوبارہ تورات کی تلاوت کی پھر کہنے لگا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سچ کہا (واقعی یہ ساعت) ہر جمعہ میں ہوتی ہے۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پھر میں عبداللہ بن سلام سے ملا اور ان کو کعب کے ساتھ اپنی مجلس کے بارے میں بتایا: پھر اس کے آگے مالک کی حدیث کی طرح حدیث ذکر کی۔

1032۔ اَخْبَرَنَا اَبُو النَّضْرِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ الْجُلاحَ بْنَ كَثِيْرٍ، اَخْبَرَهُ اَنَّ اَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَهُ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: يَوْمُ الْجُمُعَةِ اثْنَتَا عَشْرَةَ سَاعَةً، وَلا يُوجَدُ عَبْدٌ مُّسْلِمٌ يَسْاَلُ اللّٰهَ شَيْئًا اِلَّا اٰتَاهُ اللّٰهُ، فَالْتَمِسُوهَا اٰخِرَ السَّاعَةِ بَعْدَ الْعَصْرِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، فَقَدِ احْتَجَّ بِالْجُلاحِ بْنِ كَثِيْرٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جمعہ کے دن بارہ ساعتیں ایسی آتی ہیں جن کو کوئی مسلمان بندہ پالے تو اللہ سے جو مانگے گا، اللہ تعالیٰ عطا کرے گا (ان ساعتوں میں سے) آخری ساعت کو عصر کے بعد تلاش کرو۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے جلاح بن کثیر کی روایات نقل کی ہیں۔

1033۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ دَاوٗدَ الْمُنَادِيْ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُؤَدِّبُ، حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، قَالَ: قُلْتُ وَاللّٰهِ لَوْ جِئْتُ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ فَسَاَلْتُهُ عَنْ هٰذِهِ السَّاعَةِ لَعَلَّهُ اَنْ يَّكُوْنَ عِنْدَهُ مِنْهَا عِلْمٌ، فَاَتَيْتُهُ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا سَعِيْدٍ،

حدیث 1032:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبریٰ" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 5797

حدیث 1033:

اخرجہ ابوعبداللہ الشیبانی فی "مسندہ" طبع موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر رقم الحدیث: 11642 اخرجہ ابوبکر بن خزیمۃ النیسابوری' فی "صحیحہ" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث: 1741

اِنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ حَدَّثَنَا عَنِ السَّاعَةِ الَّتِي فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَهَلْ عِنْدَكَ مِنْهَا عِلْمٌ ؟ فَقَالَ: سَأَلْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهَا، فَقَالَ: اِنِّي كُنْتُ اَعْلَمُهَا، ثُمَّ اُنْسِيتُهَا كَمَا اُنْسِيتُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ، ثُمَّ خَرَجْتُ مِنْ عِنْدِهِ فَدَخَلْتُ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، ثُمَّ ذَكَرَ الْحَدِيْثَ وَهٰذَا شَاهِدٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ لِحَدِيْثِ يَزِيْدَ بْنِ الْهَادِ، وَمُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے کہا: خدا کی قسم! اگر میرا کبھی ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے ملنا ہوا تو میں ان سے اس ساعت کے بارے میں ضرور پوچھوں گا۔ ہوسکتا ہے ان کو اس ساعت کے بارے میں کچھ معلوم ہو۔ (ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) پھر میں ان کے پاس گیا تو ان سے کہا: اے ابوسعید! ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ہمیں اس ساعت کے بارے میں حدیث بیان کی ہے جو جمعہ کے دن کے بارے میں ہے، کیا آپ کے پاس اس سلسلے میں کوئی معلومات ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: ہم نے اس کے متعلق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تھا: تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں جواب دیا۔ میں اس ساعت کو جانتا تھا لیکن پھر مجھے یہ بھلا دی گئی، جس طرح کہ لیلۃ القدر مجھے بھلا دی گئی ہے پھر میں ان کے پاس سے نکلا اور عبداللہ بن سلام کے پاس گیا پھر اس کے بعد پوری حدیث بیان کی۔

✣✣ اور یہ حدیث شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق ہے جو کہ یزید بن ہاد اور محمد بن اسحاق کی حدیث کی شاہد ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔

1034۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ

حدیث 1034:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1052 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 500 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 1369 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1125 اخرجه ابوعبدالله الاصبحی فی "الموطا" طبع داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) رقم الحدیث: 246 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 1571 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 14599 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 2786 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1856 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 1656 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 5366 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 1600 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین قاهره مصر 1415ھ رقم الحدیث: 273 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 422 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفه بیروت لبنان رقم الحدیث: 2435 اخرجه ابن راهویه الحنظلی فی "مسنده" طبع مکتبه الایمان مدینه منوره (طبع اول) 1412ھ/1991ء رقم الحدیث: 464 اخرجه ابوبکر الشیبانی فی "الاحاد والمثانی" طبع دارالرایة ریاض سعودی عرب 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 976 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 5533

سَعِيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبِيدَةُ بْنُ سُفْيَانَ الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ اَبِي الْجَعْدِ الضَّمْرِيِّ، وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ: رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ تَرَكَ ثَلَاثَ جُمَعٍ تَهَاوُنًا بِهَا طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قَلْبِهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوجعد ضمری رضی اللہ عنہ کو رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت حاصل ہے۔ آپ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص تین جمعے سستی کی وجہ سے چھوڑ دیتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کے دل پر مہر لگا دیتا ہے۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1035۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَانَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ قُدَامَةَ بْنِ وَبَرَةَ الْجُعْفِيِّ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ تَرَكَ الْجُمُعَةَ مِنْ غَيْرِ عُذْرٍ فَلْيَتَصَدَّقْ بِدِيْنَارٍ، فَاِنْ لَمْ يَجِدْ فَبِنِصْفِ دِيْنَارٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجْ لِخِلَافٍ فِيْهِ لِسَعِيْدِ بْنِ بَشِيْرٍ وَّاَيُّوْبَ بْنِ الْعَلَاءِ فَاِنَّهُمَا قَالَا: عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ قُدَامَةَ بْنِ وَبَرَةَ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلًا

✧✧ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے بلا عذر جمعہ چھوڑا، وہ ایک دینار صدقہ کرے اگر اتنا نہ ہو تو آدھا دینار۔

❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن اس کو نقل نہیں کیا گیا اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کی سند میں سعید بن بشیر اور ایوب بن العلاء کا اختلاف ہے انہوں نے اس کی سند قتادہ کے بعد صرف قدامہ بن وبرہ کے واسطے سے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچا کر اس کو مرسلاً روایت کیا ہے (جیسا کہ درج ذیل ہے)

1036۔ حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ أَنْبَأَ عُبَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ حَدَّثَنَا أَبُو الْجَمَاهِرِ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ بَشِيْرٍ عَنْ قَتَادَةَ وَأَخْبَرَنَا أَبُو زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ أَبِي طَالِبٍ حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ أَيُّوْبَ بْنِ الْعَلَاءِ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ قُدَامَةَ بْنِ وَبَرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

حديث 1035:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1053 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام ' 1406ھ 1986ء' رقم الحديث: 1372 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 2789 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1861 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 1662 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 5783 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 901

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ فَاتَتْهُ الْجُمُعَةُ مِنْ غَيْرِ عُذْرٍ فَلْيَتَصَدَّقْ بِدِرْهَمٍ اَوْ نِصْفِ دِرْهَمٍ اَوْ صَاعِ حِنْطَةٍ اَوْ نِصْفِ صَاعٍ هٰذَا لَفْظُ حَدِيْثِ الْعَنْبَرِيِّ وَلَمْ يَزِدْنَا الشَّيْخُ اَبُوْ بَكْرٍ فِيْهِ عَلَى الْإِرْسَالِ

✧✧ سعید بن بشیر اور ایوب بن العلاء کی مرسل سند کے ساتھ قدامہ بن وبرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص بلا عذر ایک جمعہ چھوڑ دے وہ ایک یا آدھا درہم صدقہ کرے یا ایک یا آدھا صاع گندم صدقہ کرے۔

❖ یہ عنبری کی حدیث کے الفاظ ہیں اور شیخ ابوبکر نے اس میں ارسال پر کوئی اضافہ نہیں کیا۔

1037 - اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِيْ وَسُئِلَ عَنْ حَدِيْثِ هَمَّامٍ، عَنْ قَتَادَةَ، وَخَلَادِ بْنِ الْعَلَاءِ، اِيَّاهُ فِيْهِ، فَقَالَ: هَمَّامٌ عِنْدَنَا اَحْفَظُ مِنْ اَيُّوْبَ بْنِ الْعَلَاءِ

✧✧ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) ابوبکر محمد بن احمد بن بالویہ کہتے ہیں: کہ ہمیں عبداللہ بن احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے بتایا کہ میں نے یہ بات اپنے والد سے سنی ہے، جب ان سے ہمام کی قتادہ سے اور خلاد بن العلاء کی، ان سے روایت کے سلسلے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا: ہمارے نزدیک ایوب بن العلاء کی بہ نسبت ہمام زیادہ حافظ ہیں۔

1038 - اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِيْ عَمْرٍو مَوْلَى الْمُطَّلِبِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَجُلَيْنِ مِنْ اَهْلِ الْعِرَاقِ اَتَيَاهُ فَسَاَلَا عَنِ الْغُسْلِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اَوَاجِبٌ هُوَ؟ فَقَالَ لَهُمَا ابْنُ عَبَّاسٍ: مَنِ اغْتَسَلَ فَهُوَ اَحْسَنُ وَاَطْهَرُ، وَسَاُخْبِرُكُمَا لَمَّا بَدَا الْغُسْلُ سكَانَ النَّاسُ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُحْتَاجِيْنَ يَلْبَسُوْنَ الصُّوْفَ، يَسْقُوْنَ النَّخْلَ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ، وَكَانَ الْمَسْجِدُ ضَيِّقًا مُقَارِبَ السَّقْفِ، فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فِيْ يَوْمٍ صَائِفٍ شَدِيْدِ الْحَرِّ، وَمِنْبَرُهُ قَصِيْرٌ، اِنَّمَا هُوَ ثَلَاثُ دَرَجَاتٍ فَخَطَبَ النَّاسَ فَعَرِقَ النَّاسُ فِي الصُّوْفِ، فَثَارَتْ اَبْدَانُهُمْ رِيحَ الْعَرَقِ وَالصُّوْفِ حَتّٰى كَادَ يُؤْذِيْ بَعْضُهُمْ بَعْضًا حَتّٰى بَلَغَتْ اَرْوَاحُهُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ اِذَا كَانَ هٰذَا الْيَوْمُ

حدیث 1036:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1054 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث:5785

حدیث 1038:

اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 2419 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1755 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 5455 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث:11548 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث:590

فَاغْتَسِلُوْا، وَلْيَمَسَّنَّ اَحَدُكُمْ اَطْيَبَ مَا يَجِدُ مِنْ طِيبِهٖ اَوْ دُهْنِهٖ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ عراق سے دو آدمی ان کے پاس آئے اور جمعہ کے دن غسل کے متعلق پوچھا: کہ یہ غسل واجب ہے؟ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ان کو کہا: جس نے غسل کیا، اس نے بہت اچھا کام کیا اور اچھی طہارت حاصل کی (مزید) ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں تمہیں بتاتا ہوں کہ یہ غسل کیسے شروع ہوا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں لوگ غریب ہوا کرتے تھے۔ وہ اون کا لباس پہنتے تھے اور اپنی کمر پر لاد لاد کر باغات کو پانی لگاتے تھے اور مسجد تنگ تھی چھت بھی بہت نیچی تھی ایک مرتبہ جمعہ کے دن شدید گرمیوں میں آپ مسجد میں تشریف لائے، آپ کا منبر چھوٹا سا تھا جس کے صرف تین زینے تھے، آپ نے لوگوں کو خطبہ دیا لوگوں کا پسینہ صفوں پر گر رہا تھا تو ان کے جسم سے پسینے اور اون کی بدبو آنے لگی، یہاں تک کہ ان کو ایک دوسرے سے الجھن ہونے لگی، ان کی بو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منبر تک پہنچ گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! جب یہ دن آئے تو اچھے طریقے سے غسل کیا کرو اور اچھا تیل یا خوشبو جو میسر ہو وہ لگا کر آیا کرو۔

❖ یہ حدیث امام بخاری کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

1039- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ السَّمَّاكُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: كُنْتُ قَائِدَ اَبِيْ حِيْنَ ذَهَبَ بَصَرُهٗ، اِذْ خَرَجْتُ بِهٖ اِلَى الْجُمُعَةِ فَسَمِعَ الْاَذَانَ صَلّٰى عَلٰى اَبِيْ اُمَامَةَ اَسْعَدَ بْنِ زُرَارَةَ وَاسْتَغْفَرَ لَهٗ، فَمَكَثْتُ كَثِيْرًا لَا يَسْمَعُ اَذَانَ الْجُمُعَةِ اِلَّا فَعَلَ ذٰلِكَ، فَقُلْتُ: يَا اَبِيْ اَرَاَيْتَ اسْتِغْفَارَكَ لِاَبِيْ اُمَامَةَ كُلَّمَا سَمِعْتَ الْاَذَانَ لِلْجُمُعَةِ مَا هُوَ؟ قَالَ: اَيْ بُنَيَّ، كَانَ اَوَّلَ مَنْ جَمَّعَ بِنَا بِالْمَدِيْنَةِ فِيْ هَزْمِ النَّبْتِ مِنْ حَرَّةِ بَنِيْ بَيَاضَةَ يُقَالُ لَهَا نَقِيْعُ الْخَضَمَاتِ، قَالَ: قُلْتُ: كَمْ كُنْتُمْ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: اَرْبَعِيْنَ رَجُلًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَهُوَ شَاهِدُ الْحَدِيْثِ الَّذِيْ تَفَرَّدَ بِاِخْرَاجِهِ الْبُخَارِيُّ مِنْ حَدِيْثِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ طَهْمَانَ، عَنْ اَبِيْ جَمْرَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: اَوَّلُ جُمُعَةٍ فِي الْاِسْلَامِ بَعْدَ جُمُعَةٍ بِالْمَدِيْنَةِ جُمُعَةٌ بِجُوَاثَا عَبْدِ الْقَيْسِ

حدیث 1039:

اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث:1082 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 7013 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث:5395 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 900 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث:1724

✧✧ حضرت عبدالرحمٰن بن کعب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب میرے والد صاحب کی بینائی ختم ہوگئی تو میں ان کو ساتھ لے جایا کرتا تھا ایک دفعہ جب میں ان کو جمعہ کے لئے لے کر نکلا، جمعہ کی اذان کے بعد ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے اسعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ پڑھی اور ان کے لئے دعائے مغفرت کی۔ اس کے بعد ایک عرصہ تک (ان کی عادت رہی) جب کبھی وہ جمعہ کی اذان سنتے تو ابوامامہ رضی اللہ عنہ کے لئے دعا مانگتے (ایک مرتبہ) میں نے پوچھا: اباجی آپ جب بھی اذان جمعہ سنتے ہیں تو ابوامامہ رضی اللہ عنہ کے لئے دعا کرتے ہیں اس کی کیا وجہ ہے؟ انہوں نے جواب دیا ابوامامہ رضی اللہ عنہ وہ پہلے شخص تھے جنہوں نے بنی بیاضہ کے نشیبی علاقے میں ہمیں نماز جمعہ پڑھائی۔ عبدالرحمان کہتے ہیں: میں نے پوچھا: اس دن آپ لوگ کتنے تھے؟ انہوں نے جواب دیا۔ چالیس۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور یہ اس حدیث کی شاہد ہے جس کو روایت کرنے میں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ متفرد ہیں (وہ حدیث یہ ہے) مدینہ میں جمعہ کے بعد اسلام کا سب سے پہلا جمعہ۔

1040۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اَبُو جَعْفَرٍ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحَارِثِيُّ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ: مَنْ غَسَلَ وَاغْتَسَلَ، وَغَدَا وَابْتَكَرَ، وَدَنَا، وَاَنْصَتَ وَاسْتَمَعَ غُفِرَ لَهُ مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجُمُعَةِ، وَزِيَادَةُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ، وَمَنْ مَسَّ الْحَصٰى فَقَدْ لَغَا رَوَاهُ وَحَسَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ يَحْيَى بْنُ الْحَارِثِ الذِّمَارِيُّ، عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ

أما حديث يحيى بن الحارث

✧✧ حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اور جمعہ کے دن کا ذکر کیا جو شخص غسل کرے اور اچھی صبح کرے اور مسجد کے قریب رہے خاموش رہے اور توجہ سے سنتا رہے اس کے اس اور گزشتہ جمعہ کے درمیان والے تمام گناہوں کو بخش دیا جاتا ہے اور تین دن مزید بھی اور جو کنکریوں کو ہاتھ لگائے اس نے فضول کام کیا۔

❖❖ اس حدیث کو یحییٰ بن حارث ذماری اور حصان بن عطیہ نے اور عشعث سے روایت کیا ہے۔

یحییٰ بن حارث کی حدیث:

1041۔ فَحَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذٍ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْقَطِيعِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي اللَّيْثِ، حَدَّثَنَا الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسٰى، عَنْ يَحْيٰى، عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ الثَّقَفِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ غَسَلَ وَاغْتَسَلَ، ثُمَّ غَدَا وَابْتَكَرَ، فَجَلَسَ مِنَ الْاِمَامِ قَرِيبًا فَاسْتَمَعَ وَاَنْصَتَ، كَانَ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ اَجْرُ سَنَةٍ صِيَامُهَا وَقِيَامُهَا

وأما حديث حسان بن عطية

حدیث 1040:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبریٰ" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 5657

❖❖ حضرت یحییٰ بن حارث رضی اللہ عنہ کی سند سے اوس بن اوس ثقفی کا یہ فرمان منقول ہے: کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص صبح سویرے غسل کر کے (مسجد میں آنے میں) پہلے کرے اور امام کے قریب ہو کر بیٹھے اور (خطبہ کو) توجہ سے سنیں اور خاموش رہے اس کو ہر قدم کے بدلے ایک سال کے روزوں اور شب بیداریوں کا ثواب ملے گا۔

حسان بن عطیہ کی حدیث:

1042۔ اَخْبَرَنَاهُ الْحَسَنُ بْنُ حَلِيمٍ الْمَرْوَزِيُّ، اَنْبَانَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، حَدَّثَنَا عَبْدَانُ، اَنْبَانَا عَبْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ، حَدَّثَنِي اَبُو الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيُّ، حَدَّثَنِي اَوْسُ بْنُ اَوْسٍ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ غَسَّلَ وَاغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، ثُمَّ بَكَّرَ وَابْتَكَرَ، فَدَنَا وَاسْتَمَعَ وَلَمْ يَلْغُ كَانَ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ يَخْطُوهَا عَمَلُ سَنَةٍ اَجْرُ قِيَامِهَا وَصِيَامِهَا قَدْ صَحَّ هٰذَا الْحَدِيثُ بِهٰذِهِ الْاَسَانِيدِ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَاَظُنُّهُ لِحَدِيثٍ وَّاهٍ لَا يُعَلَّلُ مِثْلُ هٰذِهِ الْاَسَانِيدِ بِمِثْلِهِ وَهُوَ حَدِيثُ:

❖❖ حسان بن عطیہ کی سند کے ہمراہ بھی مذکورہ حدیث جیسی حدیث منقول ہے۔

✤ یہ حدیث مذکورہ سندوں کے ہمراہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔

حدیث 1041:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 345 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 1381 اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1087 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالكتاب العربی بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 1547 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 6954 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2781 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1758 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبریٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 1685 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبریٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 5658 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 581 اخرجه ابوداؤد الطيالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 1114 اخرجه ابوبكر الشيبانی فی "الاحاد والمثانی" طبع دارالراية رياض سعودی عرب 1411ھ/1991ء رقم الحديث: 1573 اخرجه ابن ابی اسامه فی "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه مدينه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحديث: 201 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله بيروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحديث: 340 اخرجه ابوبكر الكوفی فی "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحديث: 4990

1043- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ كَامِلٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْوَلِيْدِ الْفَحَّامُ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ عُثْمَانَ الشَّيْبَانِيِّ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ الثَّقَفِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ غَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَاغْتَسَلَ وَدَنَا مِنَ الْاِمَامِ وَاقْتَرَبَ، وَاسْتَمَعَ وَاَنْصَتَ كَانَ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ يَّخْطُوْهَا اَجْرُ صِيَامِ سَنَةٍ وَّقِيَامِهَا هٰذَا لَا يُعَلِّلُ الْاَحَادِيْثَ الثَّابِتَةَ الصَّحِيْحَةَ مِنْ اَوْجُهٍ: اَوَّلُهَا: اَنَّ حَسَّانَ بْنَ عَطِيَّةَ قَدْ ذَكَرَ سَمَاعَ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ مِّنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَثَانِيْهَا: اَنَّ ثَوْرَ بْنَ يَزِيْدَ دُوْنَ اُولٰئِكَ فِي الْاِحْتِجَاجِ بِهٖ، وَثَالِثُهَا: اَنَّ عُثْمَانَ الشَّيْبَانِيَّ مَجْهُوْلٌ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص جمعہ کے دن غسل کرے اور امام کے قریب ہو کر بیٹھے اور توجہ سے سنے اور خاموش ہو کر بیٹھا رہے، اس کو ہر قدم کے عوض جو اس نے مسجد کی طرف اٹھایا ایک سال کے روزوں اور شب بیداریوں کا ثواب ملے گا۔

❖ اس کی وجہ سے صحیح ثابت احادیث کو معلل نہیں کہہ سکتے، اس کی متعدد وجوہات ہیں (۱) حسان بن عطیہ نے اوس بن اوس کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سماع کا ذکر کیا ہے (۲) ثور بن یزید دوسروں کی بہ نسبت کم درجے کے راوی ہیں۔ (۳) عثمان شعبانی مجہول راوی ہیں۔

1044- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذٍ، حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ هَارُوْنَ، وَصَالِحُ بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّازِيُّ، والحسين بن محمد بن زياد، قَالُوْا: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مُسْلِمٍ الْعِجْلِيُّ، حَدَّثَنَا اَبَانُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ قَتَادَةَ، قَالَ: دَخَلَ عَلَيَّ اَبِيْ وَاَنَا اَغْتَسِلُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَقَالَ: غُسْلٌ مِّنْ جَنَابَةٍ اَوْ لِلْجُمُعَةِ؟ قَالَ: قُلْتُ: مِنْ جَنَابَةٍ، قَالَ: اَعِدْ غُسْلًا اٰخَرَ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنِ اغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ كَانَ فِيْ طَهَارَةٍ اِلَى الْجُمُعَةِ الْاُخْرٰى

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَهَارُوْنُ بْنُ مُسْلِمٍ الْعِجْلِيُّ شَيْخٌ قَدِيْمٌ لِّلْبَصْرِيِّيْنَ، يُقَالُ لَهُ: الْحِنَّائِيُّ، ثِقَةٌ، قَدْ رَوٰى عَنْهُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَّعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيْرِيُّ

✧✧ حضرت عبداللہ بن ابی قتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: (ایک مرتبہ) میں جمعہ کے دن غسل کر رہا تھا کہ میرے والد صاحب تشریف لے آئے، انہوں نے مجھ سے پوچھا: (تم نے) یہ غسل جنابت کیا ہے یا جمعہ کا؟ (عبداللہ) کہتے ہیں: میں نے جواب دیا: جنابت کا۔ انہوں نے فرمایا: ایک مرتبہ پھر غسل کرو کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے جو شخص جمعہ کے لئے غسل

حدیث 1044:

اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 1222 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1760 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 1323 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحديث: 8180

کرے وہ اگلے جمعہ تک طہارت میں شمار کیا جائے گا۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور ہارون بن مسلم عجلی بصریوں کے پرانے استاد ہیں۔ ان کو حنائی کہتے ہیں: یہ ثقہ ہیں ان سے احمد بن حنبل اور عبداللہ بن عمر القواریری نے بھی حدیث روایت کی ہے۔

1045۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ غَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَاسْتَاكَ، وَلَبِسَ اَحْسَنَ ثِيَابِهِ، وَتَطَيَّبَ بِطِيبٍ اِنْ وَجَدَهُ، ثُمَّ جَآءَ وَلَمْ يَتَخَطَّ النَّاسَ فَصَلّٰى مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يُصَلِّيَ، فَاِذَا خَرَجَ الْاِمَامُ سَكَتَ فَذٰلِكَ كَفَّارَةٌ اِلَى الْجُمُعَةِ الْاُخْرٰى

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَقَدْ رَوَاهُ اَيْضًا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، مِثْلُ رِوَايَةِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، وَقَيَّدَهُ بِاَبِيْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ مَقْرُوْنًا بِاَبِيْ سَلَمَةَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور ابوسعید فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص جمعہ کے دن غسل کرے، اچھے کپڑے پہنے اور اگر میسر ہو تو خوشبو لگائے پھر مسجد میں آئے اور لوگوں کی گردنیں نہ پھلانگے پھر اللہ کی توفیق سے نماز پڑھے پھر جب امام منبر پر بیٹھ جائے تو وہ خاموش ہو جائے تو اس کا یہ عمل اگلے جمعہ تک کے گناہوں کے لئے کفارہ ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور اس حدیث کو اسماعیل بن علیہ نے بھی حماد بن سلمہ کی روایت کی طرح محمد بن اسحاق سے روایت کیا ہے اور اس میں ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ ابوامامہ بن سہل کا ذکر ہے۔

1046۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَا: سَمِعْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنِ اغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَاسْتَنَّ وَمَسَّ مِنْ طِيبٍ، اِنْ كَانَ عِنْدَهُ وَلَبِسَ اَحْسَنَ ثِيَابِهِ، ثُمَّ جَآءَ اِلَى الْمَسْجِدِ، وَلَمْ يَتَخَطَّ رِقَابَ النَّاسِ، ثُمَّ رَكَعَ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَّرْكَعَ، ثُمَّ اَنْصَتَ اِذَا خَرَجَ اِمَامُهُ حَتّٰى يُصَلِّيَ كَانَتْ لَهُ كَفَّارَةً لِّمَا بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْجُمُعَةِ الَّتِيْ كَانَتْ قَبْلَهَا، يَقُوْلُ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: وَثَلَاثَةُ اَيَّامٍ زِيَادَةٌ، اِنَّ اللّٰهَ قَدْ جَعَلَ الْحَسَنَةَ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا، اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ مِنَ

حدیث 1046:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1762

ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 5751

الثِّقَاتِ الَّذِیْ اَجْمَعَا عَلٰی اِخْرَاجِهٖ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور ابوسعید رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جو شخص جمعہ کے دن غسل کرے اور اگر میسر ہو تو خوشبو لگائے اور اچھے کپڑے پہنے پھر مسجد کی طرف آئے اور لوگوں کی گردنوں کو نہ پھلانگے پھر اللہ کی دی ہوئی توفیق کے مطابق نماز پڑھے پھر امام سے نکلنے سے لے کر امام کے نماز پڑھانے تک خاموش رہے (تو اس کا یہ عمل) اس جمعہ اور اس سے پچھلے جمعہ کے درمیان ہونے والے تمام گناہوں کا کفارہ ہے، ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں اور تین دن زیادہ ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہر نیکی کا ثواب دس گنا کیا ہے اور اسماعیل بن علیہ ثقہ راوی ہیں اور شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے ان کی روایات نقل کی ہیں۔

1047۔ حَدَّثَنَا الْحَاكِمُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَافِظُ، اِمْلاءً فِيْ شَهْرِ رَبِيْعِ الْاَوَّلِ سَنَةَ خَمْسٍ وَّتِسْعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى بْنِ الطَّبَّاعِ، حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ سَلامٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ الْغَازِ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا خَرَجَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَقَعَدَ عَلَى الْمِنْبَرِ اَذَّنَ بِلالٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، فَاِنَّ هِشَامَ بْنَ الْغَازِ مِمَّنْ يُجْمَعُ حَدِيْثُهُ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب جمعہ کے دن آ کر منبر پر بیٹھ جاتے تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ اذان دیتے۔

❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا کیونکہ ہشام بن غاز وہ راوی ہیں جن کی احادیث جمع کی جاتی ہیں۔

1048۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْفَضْلِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْمُزَكِّيْ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: اسْتَوَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَقَالَ لِلنَّاسِ: اجْلِسُوا، فَسَمِعَهُ ابْنُ مَسْعُوْدٍ وَّهُوَ عَلٰى بَابِ الْمَسْجِدِ فَجَلَسَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَعَالَ يَا ابْنَ مَسْعُوْدٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

حدیث 1047:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبریٰ" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 4537

حدیث 1048:

اخرجہ ابوداؤد السجستانی فی "سننہ" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 1091 اخرجہ ابوبکر بن خزیمۃ النیسابوری' فی "صحیحہ" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث: 1780 ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبریٰ" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 5539 اخرجہ ابن ابی اسامہ فی "مسند الحارث" طبع مرکز خدمۃ السنۃ والسیرۃ النبویۃ' مدینہ منورہ 1413ھ/1992ء' رقم الحدیث: 1015

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن منبر پر بیٹھے اور لوگوں سے فرمایا: بیٹھ جاؤ! ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے جب یہ بات سنی تو وہ مسجد کے دروازے میں تھے وہ وہیں بیٹھ گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے کہا: اے ابن مسعود رضی اللہ عنہ تم آگے آجاؤ۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1049- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ صَاحِبُ الزِّيَادِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ ابْنُ عَمِّ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ، قَالَ لِمُؤَذِّنِهٖ فِيْ يَوْمٍ مَطِيْرٍ: اِذَا قُلْتَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ فَلَا تَقُلْ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ، قُلْ: صَلُّوْا فِيْ بُيُوْتِكُمْ، فَكَاَنَّ النَّاسَ اسْتَنْكَرُوْا ذٰلِكَ، فَقَالَ: قَدْ فَعَلَ ذَا مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِّنِّيْ: اِنَّ الْجُمُعَةَ عَزْمَةٌ، وَاِنِّيْ كَرِهْتُ اَنْ اُخْرِجَكُمْ فَتَمْشُوْنَ فِي الطِّيْنِ وَالْمَاءِ

✧✧ محمد بن سیرین کے چچازاد بھائی یحییٰ بن محمد بن یحییٰ کہتے ہیں: ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اپنے موذن کو بارش والے دن کہا: جب "اشهدان محمد رسول الله" پڑھ لو تو اس کے بعد "حيي الاعلى الصلوة" مت کہو بلکہ کہو "صلو في بيوتكم" (اپنے گھروں میں نماز پڑھ لو) لوگوں نے یہ بات ناپسند کی تو آپ نے فرمایا: یہ عمل اس نے کیا ہے جو مجھ سے افضل ہے، بے شک جمعہ واجب ہے اللہ کا حق ہے۔ مجھے یہ بات ناپسند ہے کہ تمہیں گھروں سے نکالوں اور تم کیچڑ میں چلتے ہوئے آؤ۔

1050- اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ مَعْنٍ، عَنِ ابْنَةِ حَارِثَةَ بْنِ النُّعْمَانِ، قَالَتْ: مَا حَفِظْتُ ق اِلَّا مِنْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ بِهَا فِيْ كُلِّ يَوْمِ جُمُعَةٍ، قَالَتْ: وَكَانَتْ تَنُّوْرُنَا وَتَنُّوْرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاحِدًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَابْنَةُ حَارِثَةَ بْنِ النُّعْمَانِ قَدْ سَمَّاهَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ يَسَارٍ فِيْ رِوَايَةٍ

حديث: 1049

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاري في "صحيحه" (طبع ثالث) دار ابن كثير' يمامه' بيروت' لبنان' 1407ه/1987ء' رقم الحديث: 859 اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 699 اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1066 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 938 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ه/1970ء' رقم الحديث: 1865 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ه/1994ء' رقم الحديث: 5435

✧✧ حارثہ بن نعمان کی بیٹی کہتی ہیں: میں نے سورۃ ق رسول اللہ ﷺ سے سن سن کر یاد کی ہے۔ آپ ہر جمعہ کے دن سورۃ پڑھتے تھے۔ ہمارا اور آپ کا ایک ہی تنور تھا۔

1051- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ الْمُغِيْرَةِ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اُمِّ هِشَامٍ بِنْتِ حَارِثَةَ بْنِ النُّعْمَانِ، قَالَتْ: قَرَاْتُ ق وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ مِنْ فِىْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَاُهَا فِىْ كُلِّ يَوْمِ جُمُعَةٍ اِذَا خَطَبَ النَّاسَ يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ هُوَ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَسْعَدَ بْنِ زُرَارَةَ

✧✧ حارصہ بن نعمان کی بیٹی اُمّ ہشام کہتی ہیں: میں نے سورۃ ق والقرآن المجید رسول اللہ ﷺ کے منہ سے سن کر یاد کی ہے۔ آپ ﷺ جمعہ کے خطبہ میں یہ سورۃ پڑھا کرتے تھے۔

✣ یحییٰ بن عبداللہ عبدالرحمان بن اسعد بن زرارہ کے بیٹے ہیں۔

1052- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، حَدَّثَنَا اَبِىْ، وَشُعَيْبٌ، قَالَا: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ اَبِىْ هِلَالٍ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ، اَنَّهُ قَالَ: خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَرَاَ ص، فَلَمَّا مَرَّ بِالسَّجْدَةِ نَزَلَ فَسَجَدَ وَسَجَدْنَا، وَقَرَاَهَا مَرَّةً اُخْرٰى، فَلَمَّا مَرَّ بِالسَّجْدَةِ تَبَشَّرْنَا بِالسُّجُوْدِ، فَلَمَّا رَآنَا قَالَ: اِنَّمَا هِىَ تَوْبَةُ نَبِيٍّ، وَلٰكِنِّىْ اَرَاكُمْ قَدِ اسْتَعْدَدْتُّمْ لِلسُّجُوْدِ فَنَزَلَ فَسَجَدَ وَسَجَدْنَا

وَهٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، فَاَمَّا السُّجُوْدُ فِىْ ص فَقَدْ اَخْرَجَهُ الْبُخَارِىُّ،

حدیث 1050:

اخرجه ابوالحسین مسلم النيسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 873 اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1100 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 1411 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 27669 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النيسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1786 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 1720 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 1169 اخرجه ابویعلٰی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 7149 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 345 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بیروت لبنان رقم الحدیث: 1644

حدیث 1052:

اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 1466 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النيسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1455

وَاِنَّمَا الْغَرَضُ فِيْ اِخْرَاجِهٖ هٰكَذَا فِيْ كِتَابِ الْجُمُعَةِ اَنَّ الاِمَامَ اِذَا قَرَاَ السَّجْدَةَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ عَلَى الْمِنبَرِ فَمِنَ السُّنَّةِ اَنْ يَّنزِلَ فَيَسْجُدَ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیا تو خطبہ میں سورۃ (ص) پڑھی۔ جب آیت سجدہ پر پہنچے تو آپ نے منبر سے نیچے اتر کر سجدہ کیا، ہم نے بھی آپ کے ہمراہ سجدہ کیا، آپ نے یہ سورۃ دوبارہ پڑھی پھر جب آیت سجدہ پر پہنچے تو سجدہ پر خوش ہوئے، جب آپ نے ہمیں دیکھا تو فرمایا: یہ نبی کی توبہ ہے لیکن میں تمہیں دیکھتا ہوں کہ تم سجدے کے لئے تیار ہو۔ پھر آپ اترے اور سجدہ کیا اور ہم نے بھی سجدہ کیا۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور سورۃ ص میں سجدہ کے حوالے سے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے حدیث نقل کی اور اس حدیث کو کتاب الجمعہ میں نقل کرنے کی غرض یہ تھی کہ امام اگر جمعہ کے دن منبر پر آیت سجدہ پڑھے تو سنت یہ ہے کہ وہ منبر سے اتر کر سجدہ کرے۔

1053۔ حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْعَقَبِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى بْنِ حِبَّانَ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ اَبِيْ اِسْحَاقَ، وَاَخْبَرَنِيْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ نَصْرٍ الْمَرْوَزِيُّ، وَاللَّفْظُ لَهٗ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ اَبِيْ اِسْحَاقَ السَّبِيْعِيُّ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شِبْلٍ، عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا دَنَوْتُ مِنْ مَّدِيْنَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَخْتُ رَاحِلَتِيْ، وَحَلَلْتُ عَيْبَتِيْ، فَلَبِسْتُ حُلَّتِيْ، فَدَخَلْتُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَسَلَّمَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَمَانِي النَّاسُ بِالْحَدَقِ، فَقُلْتُ لِجَلِيْسِيْ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ، هَلْ ذَكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَمْرِيْ شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ، ذَكَرَكَ بِاَحْسَنِ الذِّكْرِ قَالَ: اِنَّهٗ سَيَدْخُلُ عَلَيْكُمْ مِنْ هٰذَا الْبَابِ، اَوْ مِنْ هٰذَا الْفَجِّ مِنْ خَيْرِ ذِيْ يُمْنٍ، وَاِنَّ عَلٰى وَجْهِهٖ مَسْحَةُ مَلَكٍ فَحَمِدْتُّ اللّٰهَ عَلٰى مَا اَبْلَانِيْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَهُوَ اَصْلٌ فِيْ كَلَامِ الاِمَامِ فِي الْخُطْبَةِ فِيْمَا يَبْدُوْ لَهٗ فِي الْوَقْتِ

حدیث 1053:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحديث:19203 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحديث: 7199 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي، بيروت، لبنان، 1390ھ/1970ء، رقم الحديث: 1798 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرٰي" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان، 1411ھ/ 1991ء، رقم الحديث: 8304 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰي" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحديث:5634 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه، مدينه منوره 1413ھ/1992ء، رقم الحديث: 1030 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحديث: 2483 اخرجه ابوبكر الكوفي، في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد، رياض، سعودي عرب، (طبع اول) 1409ھ، رقم الحديث: 32341

✧✧ حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے شہر کے قریب ہوا تو اپنے اونٹ کو بٹھایا، کپڑوں کا صندوق کھولا (اس میں سے جبہ نکال کر) پہنا پھر آپ کے پاس حاضر ہوا، اس وقت آپ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے۔ تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام پڑا۔ اس پر لوگوں نے مجھے غور سے دیکھنا شروع کر دیا، میں نے اپنے ساتھی سے پوچھا: اے عبداللہ! کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے متعلق بھی کچھ ارشاد فرمایا: اس نے کہا: ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تیرا بڑے اچھے لفظوں میں ذکر کیا اور فرمایا: ابھی ابھی اس دروازے سے یا (شاید یہ فرمایا) اس درے سے ایسا شخص داخل ہونے والا ہے جو تمام اہل یمن میں سے بہتر ہے اور بے شک اس کے چہرے پر فرشتے کی چمک ہے تو میں نے اس آزمائش پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔

❁❁ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ اور یہ حدیث دلیل ہے کہ امام خطبہ کے دوران اس معاملے میں گفتگو کر سکتا ہے جو اسی وقت کے لئے ظاہر ہوا۔

1054۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ سَرْحٍ، اَنَّ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، دَخَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَمَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ يَخْطُبُ، فَقَامَ يُصَلِّيْ فَجَآءَ الْاَحْرَاسُ لِيُجْلِسُوْهُ فَاَبٰى حَتّٰى صَلّٰى، فَلَمَّا انْصَرَفَ مَرْوَانُ اَتَيْنَاهُ، فَقُلْنَا لَهٗ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ اِنْ كَادُوْا لَيَفْعَلُوْنَ بِكَ، قَالَ: مَا كُنْتُ اَتْرُكُهَا بَعْدَ شَيْءٍ رَاَيْتُهٗ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ ذَكَرَ رَجُلًا جَآءَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، ثُمَّ جَآءَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ الْاُخْرٰى وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ اَنْ يَّتَصَدَّقُوْا فَاَلْقَى الرَّجُلُ اَحَدَ ثَوْبَيْهِ فَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ زَجَرَهٗ وَقَالَ: خُذْ ثَوْبَكَ، ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هٰذَا دَخَلَ فِيْ هَيْئَةٍ بَذَّةٍ فَاَمَرْتُ النَّاسَ اَنْ يَّتَصَدَّقُوْا، فَاَلْقٰى هٰذَا اَحَدُ ثَوْبَيْهِ، ثُمَّ اَمَرَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَهُوَ شَاهِدٌ لِّلْحَدِيْثِ الَّذِيْ قَبْلَهٗ، وَلَهٗ شَاهِدٌ اٰخَرُ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جمعہ کے دن آپ (جمعہ پڑھنے کے لئے مسجد میں) داخل ہوئے تو اس وقت مروان بن حکم خطبہ دے رہا تھا آپ نماز پڑھنے کے لئے کھڑے ہوئے تو محافظوں نے آکر ان کو بٹھانا چاہا لیکن ابوسعید نہ مانے،

حدیث 1054:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 511 اخرجه ابومحمد الدارمى فى "سننه" طبع دارالكتاب العربى' بيروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء رقم الحديث: 1552 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابورى فى "صحيحه" طبع المكتب الاسلامى' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1799 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودى عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 5484 اخرجه ابوبكر الحميدى فى "مسنده" طبع دارالكتب العلميه' مكتبه المتنبى' بيروت' قاهره' رقم الحديث: 741

اور نماز پڑھ لی، جب مروان نماز سے فارغ ہوا تو ہم اس کے پاس آئے اور اسے کہا: اللہ تجھ پر رحم کرے اگر وہ لوگ تیرے ساتھ بداخلاقی کرتے، اس نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے جو چیز دیکھی ہے اس کو ترک نہیں کیا۔ پھر اس نے ایک شخص کا ذکر کیا کہ وہ جمعہ کے دن اس وقت مسجد میں آیا جب رسول اللہ ﷺ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے۔ پھر اگلے جمعہ کو بھی وہ خطبہ کے دوران آیا۔ رسول اللہ ﷺ نے صحابہ سے کہا: کہ اس کے ساتھ تعاون کرو۔ تو ایک آدمی نے اس کا ایک کپڑا اٹھالیا۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے نماز پڑھائی پھر اس کو ڈانٹا اور فرمایا: لے لو اپنا کپڑا حضور ﷺ نے فرمایا: یہ شخص تاجرانہ انداز میں آیا تھا تو میں نے لوگوں کو کہا تھا اس سے تعاون کیا کرو تو اس شخص نے اس کا کپڑا اٹھا دیا پھر رسول اللہ ﷺ نے اس کو دو رکعتیں پڑھنے کا حکم دیا۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم کے معیار کے مطابق صحیح ہے اور یہ گزشتہ حدیث کی شاہد ہے اور اس کا ایک دوسرا شاہد بھی ہے جو امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہے۔

1055۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخُزَاعِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ زَكَرِيَّا الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ اَبِىْ رِفَاعَةَ الْعَدَوِيِّ، قَالَ: انْتَهَيْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَخْطُبُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، رَجُلٌ غَرِيبٌ جَآءَ يَسْاَلُ عَنْ دِيْنِهِ لَا يَدْرِى مَا دِيْنُهُ؟ فَاَقْبَلَ اِلَيَّ وَتَرَكَ خُطْبَتَهُ، فَاُتِيَ بِكُرْسِيٍّ خَلَتْ قَوَائِمُهُ حَدِيْدٍ، فَجَعَلَ يُعَلِّمُنِيْ مِمَّا عَلَّمَهُ اللّٰهُ، ثُمَّ اَتٰى خُطْبَتَهُ، وَاَتَمَّ اٰخِرَهَا

❖❖ حضرت ابورفاعہ العدوی کہتے ہیں: میں نبی اکرم ﷺ کے پاس پہنچا تو آپ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ایک مسافر اپنے دین کے متعلق کچھ پوچھنے آیا ہے جس کو اس سے قبل دین کے بارے میں معلومات نہیں ہیں۔ تو رسول اللہ ﷺ خطبہ چھوڑ کر میری طرف متوجہ ہو گئے۔ آپ نے ایک خالی کرسی منگوائی جس کے پائے لوہے کے تھے پھر آپ مجھے وہ کچھ سکھانے لگے جو اللہ نے آپ کو سکھایا ہے (جب مجھے مسائل بتا کر فارغ ہوئے) تو خطبہ کی طرف آئے اور خطبہ پورا کیا۔

1056۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْعَبْدِيُّ،

حدیث 1055:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابورى فى "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث: 876 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 5377 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 20772 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابورى فى "صحيحه" طبع المكتب الاسلامى بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1800 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه الكبرى" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 9826 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودى عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 5608 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 1284 اخرجه ابوبكر الشيبانى فى "الاحاد والمثانى" طبع دارالراية رياض سعودى عرب 1411ھ/1991ء رقم الحديث: 1217 اخرجه ابوعبدالله البخارى فى "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلاميه بيروت لبنان 1409ھ/1989ء رقم الحديث: 1164

حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ كَعْبٍ الْحَلَبِيُّ، حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: لَمَّا اسْتَوَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ قَالَ: اجْلِسُوا فَسَمِعَ ابْنُ مَسْعُودٍ فَجَلَسَ عَلَى بَابِ الْمَسْجِدِ، فَرَآهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: تَعَالَ يَا عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عطاء بن جابر فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ منبر پر بیٹھے تو فرمایا: بیٹھ جاؤ! ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے یہ حکم سنا تو مسجد کے دروازے میں ہی بیٹھ گئے نبی اکرم ﷺ نے انہیں دیکھا: تو فرمایا: اے ابن مسعود! (آگے) آجاؤ۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1057 - حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ اللَّهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَعْدٍ الدَّشْتَكِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ السُّوَائِيِّ، قَالَ: مَنْ حَدَّثَكَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَخْطُبُ جَالِسًا عَلَى الْمِنْبَرِ فَكَذِّبْهُ، فَأَنَا شَهِدْتُهُ كَانَ يَخْطُبُ قَائِمًا، ثُمَّ يَجْلِسُ، ثُمَّ يَقُومُ فَيَخْطُبُ خُطْبَةً أُخْرَى، قَالَ: قُلْتُ: كَيْفَ كَانَتْ خُطْبَتُهُ؟ قَالَ: كَلَامٌ يَعِظُ بِهِ النَّاسَ، وَيَقْرَأُ آيَاتٍ مِنْ كِتَابِ اللَّهِ ثُمَّ يَنْزِلُ، وَكَانَتْ قَصْدًا يَعْنِي خُطْبَتَهُ وَكَانَتْ صَلَاتُهُ قَصْدًا بِنَحْوِ الشَّمْسِ وَضُحَاهَا، وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ، إِلَّا صَلَاةَ الْغَدَاةِ، وَصَلَاةَ الظُّهْرِ كَانَ يُؤَذِّنُ بِلَالٌ حَيْثُ تَدْحَضُ الشَّمْسُ، فَإِنْ جَاءَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقَامَ وَإِلَّا سَكَتَ حَتَّى يَخْرُجَ، وَالْعَصْرَ نَحْوًا مِمَّا تُصَلُّونَ، وَالْمَغْرِبَ نَحْوًا مِمَّا تُصَلُّونَ، وَالْعِشَاءَ الْآخِرَةَ يُؤَخِّرُهَا عَنْ صَلَاتِكُمْ قَلِيلًا

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذِهِ السِّيَاقَةِ إِنَّمَا خَرَّجَ لَفْظَتَيْنِ مُخْتَصَرَتَيْنِ مِنْ حَدِيثِ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ سِمَاكٍ: كَانَ يَخْطُبُ خُطْبَتَيْنِ بَيْنَهُمَا جَلْسَةٌ، وَكَانَتْ صَلَاتُهُ قَصْدًا

✧✧ حضرت جابر بن سمرہ سوائی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جو شخص تجھے یہ بتائے کہ رسول اللہ ﷺ منبر پر بیٹھ کر خطبہ دیتے تھے وہ جھوٹا ہے کیونکہ میں نے آپکو دیکھا ہے کہ آپ کھڑے ہو کر خطبہ دیتے تھے پھر بیٹھ جاتے تھے پھر کھڑے ہو کر دوسرا خطبہ دیتے تھے جابر کہتے ہیں: میں نے پوچھا کہ آپ کا خطبہ کیسا ہوتا تھا۔ انہوں نے فرمایا: آپ کا کلام لوگوں کے لئے وعظ ونصیحت پر مشتمل ہوتا اور آپ کتاب اللہ میں سے کچھ آیات پڑھتے پھر آپ (منبر سے) نیچے اتر آتے اور آپ کا خطبہ اور آپ کی نماز مختصر ہوا کرتی تھی جتنی کہ سورۃ والشمس وضحاھا اور والسماء والطارق سوائے فجر اور ظہر کی نماز کے جب سورج ڈھلتا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ اذان دیتے اگر رسول اللہ ﷺ تشریف لے آتے تو وہ اقامت کہتے ورنہ آپ کے آنے تک خاموش رہتے اور عصر کی نماز اسی طرح پڑھتے جس

حديث 1057:

اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دار المعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 772 اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبة العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 2051

طرح تم پڑھتے ہو اور مغرب کی نماز بھی تمہاری طرح پڑھتے جب کہ عشاء کی نماز تمہاری نماز سے ذرا تاخیر سے پڑھتے۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا اس سند کے ہمراہ نقل نہیں کیا گیا، امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابوالاحوص کی سماک سے روایت کردہ حدیث میں دو مختصر لفظ ذکر کئے ہیں (وہ یہ ہیں) آپ صلی اللہ علیہ وسلم دو خطبے دیا کرتے تھے اور دونوں کے درمیان تھوڑی دیر بیٹھتے تھے اور آپ کی نماز مختصر ہوتی تھی۔

1058- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ، حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ، وَوَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ الْحَافِظُ، قَالَا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، اَخْبَرَنِي اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيرٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ يَقُولُ: اَنْذَرْتُكُمُ النَّارَ؟ اَنْذَرْتُكُمُ النَّارَ؟ حَتّٰى لَوْ اَنَّ رَجُلًا كَانَ بِالسُّوقِ لَسَمِعَهُ مِنْ مَقَامِي هٰذَا حَتّٰى وَقَعَتْ خَمِيصَةٌ كَانَتْ عَلٰى عَاتِقِهِ عِنْدَ رِجْلَيْهِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت نعمان بن بشیر فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دیتے ہوئے فرماتے تھے میں تمہیں آگ سے ڈراتا ہوں میں تمہیں آگ سے ڈراتا ہوں یہاں تک کہ اگر کوئی شخص بازار میں ہوتو یہاں سے میری وہ بات سن لے یہاں تک کہ آپ کی چادر آپ کے کندھوں سے قدموں میں آگرتی۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1059- وَاَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوبِيُّ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، وَاَخْبَرَنَا الْقَاسِمُ بْنُ الْقَاسِمِ السَّيَّارِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هِلَالٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ فَاَقْبَلَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ عَلَيْهِمَا قَمِيصَانِ اَحْمَرَانِ يَعْثُرَانِ وَيَقُومَانِ، فَنَزَلَ فَاَخَذَهُمَا فَوَضَعَهُمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ثُمَّ قَالَ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اِنَّمَا اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ رَاَيْتُ وَلَدَيَّ هٰذَيْنِ، فَلَمْ اَصْبِرْ حَتّٰى نَزَلْتُ فَاَخَذْتُهُمَا، ثُمَّ اَخَذَ فِي خُطْبَتِهِ هٰذَا، حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَهُوَ اَصْلٌ فِي قَطْعِ الْخُطْبَةِ، وَالنُّزُولِ مِنَ الْمِنْبَرِ عِنْدَ الْحَاجَةِ

حدیث 1058:

اخرجه ابو محمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی' بیروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء' رقم الحدیث:2812 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحدیث:18422 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث:644 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث:5546 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة' بیروت' لبنان' رقم الحدیث:792

✧✧ حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دے رہے تھے (دوران خطبہ) حسن اور حسین سرخ قمیض پہنے گرتے پڑتے آپ کے پاس آئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے (منبر سے) نیچے اتر کران کو اٹھا کر اپنے سامنے بٹھالیا۔ پھر فرمایا: اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا: تمہارا مال اور تمہاری اولاد آزمائش ہے، میں اپنے ان بچوں کو دیکھ کر رہ نہیں سکا۔ اس لئے اتر کران کو پکڑ لیا ہے پھر اسکے بعد آپ نے دوبارہ خطبہ شروع کر دیا۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ یہ حدیث اس بات کی دلیل ہے کہ بوقت ضرورت خطبہ روک کر منبر سے نیچے اتر سکتے ہیں۔

1060۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ الزَّاهِدُ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، حَدَّثَنَا شَرِيْكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ نَمِرٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ فَجَلَسْتُ قَرِيْبًا مِّنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَقَرَاَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُوْرَةَ بَرَائَةَ، فَقُلْتُ لِاُبَيٍّ مَتٰى نَزَلَتْ هٰذِهِ السُّوْرَةُ ؟ اَلْحَدِيْثَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عطاء بن یسار رضی اللہ عنہ ابوذر سے روایت کرتے ہیں: (ابوذر کہتے ہیں) میں مسجد میں داخل ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دے رہے تھے میں ابی بن کعب کے قریب بیٹھ گیا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ برات پڑھی۔ میں نے ''ابی'' سے کہا: یہ سورت کب نازل ہوئی؟ (اس کے بعد پوری حدیث ہے)

حدیث 1059:

❖❖ حضرت ابووہب محمد بن مزاحم فرماتے ہیں: میں نے عبداللہ بن مبارک سے اس نماز کے متعلق پوچھا: جس میں تسبیحات پڑھی جاتی ہیں تو انہوں نے فرمایا: تکبیر پڑھو، پھر ثناء پڑھو، پھر پندرہ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَر پڑھو، پھر تعوذ پڑھو، پھر تسمیہ، پھر سورۃ فاتحہ اور کوئی دوسری سورۃ، پھر دس مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَر پڑھو، پھر رکوع کرو، پھر دس مرتبہ یہی تسبیح پڑھو، پھر سر اٹھاؤ اور دس مرتبہ یہی تسبیح پڑھو، پھر سجدہ کرو اور دس مرتبہ یہی تسبیح پڑھو، پھر سجدہ سے سر اٹھا کر دس بار یہی تسبیح کرو، پھر دوسرا سجدہ کرو اور دس بار یہی تسبیح پڑھو، پھر سر اٹھاؤ اور دس بار یہی تسبیح پڑھو، چار رکعتیں اسی طرح ادا کرو، اس طرح ہر رکعت میں ۷۵ اور پوری نماز میں ۳۰۰ تسبیحات ہیں، اگر یہی نماز رات میں پڑھیں تو میں اس بات کو زیادہ پسند کرتا ہوں کہ دو رکعتوں کے بعد سلام پھیرا جائے اور اگر دن میں پڑھیں تو جس کا دل چاہے (دو رکعتوں کے بعد) سلام پھیر لے اور جو چاہے نہ پھیرے۔

❖❖ اس حدیث کو ابن مبارک سے روایت کرنے والے تمام راوی ثقہ ہیں، قابل اعتماد ہیں اور عبداللہ بن مبارک پر یہ تہمت نہیں لگائی جاسکتی کہ وہ اس چیز کی تعلیم دیتے رہے جس کی سند ان کے اپنے نزدیک صحیح نہیں ہے۔

1198 ..... حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ هَارُوْنَ الْعُوْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ سَمِيْنَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا رِشْدِيْنُ بْنُ كُرَيْبٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الرَّكْعَتَانِ قَبْلَ صَلٰوةِ الْفَجْرِ اِدْبَارَ النُّجُوْمِ، وَالرَّكْعَتَانِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ اِدْبَارَ السُّحُوْرِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ مِّنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَوْسِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَلَيْسَ مِنْ شَرْطِ هٰذَا الْكِتَابِ

❖❖ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نماز فجر سے پہلے دو رکعتیں پڑھنا 'اِدْبَارَ النُّجُوْمِ' (پرعمل کرنا) ہے اور مغرب کے بعد دو رکعتیں پڑھنا "اِدْبَارَ السُّحُوْرِ" (پرعمل کرنا) ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ حماد بن سلمہ نے علی بن زید پھر اوس بن خالد کے واسطے سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے لیکن یہ حدیث اس کتاب کے معیار کی نہیں ہے۔

1199 ..... اَخْبَرَنِيْ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَمَةَ الْعَنَزِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، وَاَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْدَلَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا فَائِدٌ اَبُو الْوَرْقَاءِ الْعَطَّارُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَعَدَ فَقَالَ: مَنْ كَانَتْ لَهُ حَاجَةٌ اِلَى اللّٰهِ، اَوْ اِلٰى اَحَدٍ مِّنْ بَنِيْ اٰدَمَ فَلْيَتَوَضَّاْ وَلْيُحْسِنْ وُضُوْئَهُ، ثُمَّ لِيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يُثْنِيْ عَلَى اللّٰهِ، وَيُصَلِّيْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلْيَقُلْ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، اَسْاَلُكَ عَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ، وَالْعِصْمَةَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ، وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ

فَائِدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَبُو الْوَرْقَاءِ كُوْفِيٌّ عِدَادُهُ فِي التَّابِعِيْنَ، وَقَدْ رَاَيْتُ جَمَاعَةً مِّنْ اَعْقَابِهِ، وَهُوَ مُسْتَقِيْمُ الْحَدِيْثِ اِلَّا اَنَّ الشَّيْخَيْنِ لَمْ يُخَرِّجَا عَنْهُ، وَاِنَّمَا جَعَلْتُ حَدِيْثَهُ هٰذَا شَاهِدًا لِمَا تَقَدَّمَ

❖❖ حضرت عبداللہ بن ابی اوفی فرماتے ہیں: ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور بیٹھ گئے پھر فرمایا: جس شخص کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ یا کسی انسان کے ساتھ کوئی حاجت ہو تو وہ اچھی طرح وضو کر کے دو رکعتیں ادا کرے پھر اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کرے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے اور یوں دعا مانگے "لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، اَسْاَلُكَ عَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ، وَالْعِصْمَةَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ، وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ" (اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ وہ حلیم اور کریم ہے، پاک ہے، وہ اللہ عرش عظیم کا مالک ہے، تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں

جو سارے جہان کا پالنے والا ہے، میں تجھ سے تیری مغفرت مانگتا ہوں اور ہر گناہ سے حفاظت مانگتا ہوں اور ہر برائی سے سلامتی مانگتا ہوں۔

❖ فائد بن عبدالرحمان ابوالورقاء کوفی ہیں۔ ان کا شمار تابعین میں ہوتا ہے اور میں نے (محدثین رحمۃ اللہ علیہم کی) ایک جماعت کو ان کے پیچھے دیکھا ہے (یعنی ان سے روایت کرتے ہیں) لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے ان کی روایات نقل نہیں کیں اور میں نے اس حدیث کو گزشتہ حدیث کے شاہد کے طور بنایا ہے۔

1200۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ الْهِسِنْجَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ حُيَيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ فِي الْجَنَّةِ غُرَفًا يُرٰى ظَاهِرُهَا مِنْ بَاطِنِهَا، وَبَاطِنُهَا مِنْ ظَاهِرِهَا، قَالَ اَبُوْ مَالِكٍ الْاَشْعَرِيُّ: لِمَنْ هِيَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ؟ قَالَ: لِمَنْ اَطَابَ الْكَلَامَ، وَاَطْعَمَ الطَّعَامَ، وَبَاتَ قَائِمًا وَالنَّاسُ نِيَامٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

◇◇ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں ایک محل ہے (جو اتنا نفیس ہے کہ) اس کے اندر سے باہر اور باہر سے اندر دیکھا جا سکتا ہے۔ حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ نے پوچھا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ محل کس کے لئے ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس شخص کے لئے جو اچھی گفتگو کرے، اور کھانا کھلائے اور رات عبادت میں گزارے جس وقت لوگ سو رہے ہوتے ہیں۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1201۔ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَزِيْدَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً مِّنْ رَّمَضَانَ فِيْ حُجْرَةٍ مِّنْ جَرِيْدِ النَّخْلِ، قَالَ: فَقَامَ فَكَبَّرَ، فَقَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ ذُو الْجَبَرُوْتِ وَالْمَلَكُوْتِ، وَذُو الْكِبْرِيَاءِ وَالْعَظَمَةِ، ثُمَّ افْتَتَحَ الْبَقَرَةَ فَقَرَاَ، فَقُلْتُ: يَبْلُغُ رَاْسَ الْمِائَةِ، ثُمَّ قُلْتُ: يَبْلُغُ رَاْسَ الْمِائَتَيْنِ، قَالَ: ثُمَّ افْتَتَحَ اٰلَ عِمْرَانَ فَقَرَاَهَا، ثُمَّ افْتَتَحَ النِّسَاءَ فَقَرَاَهَا لَا يَمُرُّ بِاٰيَةِ التَّخْوِيْفِ اِلَّا وَقَفَ فَتَعَوَّذَ، ثُمَّ رَكَعَ مِثْلَ مَا قَامَ، يَقُوْلُ: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ يُرَدِّدُهُنَّ، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ، فَقَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِثْلَ مَا رَكَعَ، ثُمَّ سَجَدَ مِثْلَ مَا قَامَ، يَقُوْلُ: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى، وَيَقُوْلُ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ: رَبِّ اغْفِرْ لِيْ فَمَا صَلّٰى اِلَّا اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ مِّنْ صَلٰوةِ الْعَتَمَةِ مِنْ

حدیث 1200:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه؛ قاهره؛ مصر رقم الحديث:6615

اَوَّلِ اللَّيْلِ اِلٰی اٰخِرِهٖ، حَتّٰی جَآءَ بِلَالٌ فَآذَنَهٗ بِصَلٰوةِ الْغَدَاةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ رمضان المبارک کی رات میں کھجوروں کی ٹہنیوں سے (بنے ہوئے ایک) حجرے میں نماز پڑھی (حذیفہ) فرماتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہوکر تکبیر کہی: پھر کہا: "اَللّٰهُ اَكْبَرُ ذُو الْجَبَرُوْتِ وَالْمَلَكُوْتِ، وَذُو الْكِبْرِيَاءِ وَالْعَظَمَة" پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ بقرہ شروع کی، میں نے سوچا (کہ شاید) آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک سو آیتیں پڑھیں گے (لیکن آپ اس سے بھی زیادہ تلاوت کرتے رہے) میں نے سوچا (کہ شاید) دوسو آیتیں پڑھیں گے (لیکن آپ اس سے بھی آگے پڑھتے رہے یہاں تک کہ) حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ آل عمران شروع کی یہ بھی پوری پڑھ لی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ النساء شروع کی یہ بھی پوری پڑھ لی (آپ تلاوت کے دوران) کسی ایسی آیت کو پڑھتے جس میں عذاب وغیرہ کا ذکر ہوتا تو وہاں تلاوت موقوف کرکے اللہ کی پناہ مانگتے۔ پھر اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اتنی دیر رکوع کیا، جتنی دیر قیام کیا تھا، اس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم بار بار سبحان ربی العظیم پڑھتے رہے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ، اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْد پڑھا (اور اتنی دیر کھڑے رہے) جتنی دیر رکوع کیا تھا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اتنی ہی دیر سجدہ کیا جتنی دیر کھڑے رہے اور سجدہ میں سبحان ربی الاعلیٰ پڑھتے رہے اور دوسجدوں کے درمیان آپ کہتے "رب اغفرلی" (یا اللہ مجھے بخش دے) حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے (یہ نماز اتنی لمبی پڑھی کہ) رات کے شروع سے آخر تک عشاء کی یہی چار رکعتیں پوری کیں تھیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ آپ علیہ السلام کو نماز فجر کے لئے بلانے آ گئے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

كِتَابُ السَّهْو

سجدہ سہو کا بیان

1202 - حَدَّثَنَا الْحَاكِمُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَافِظُ، اِمْلاءً فِي رَجَبٍ سَنَةَ خَمْسٍ وَّتِسْعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ، اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَتَكِيُّ، حَدَّثَنَا وَاَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ الْجُرْجَانِيُّ، وإِسْمَاعِيْلُ بْنُ قُتَيْبَةَ السُّلَمِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهٖ فَلْيُلْقِ الشَّكَّ، وَلْيَبْنِ عَلَى الْيَقِيْنِ، فَاِنِ اسْتَيْقَنَ التَّمَامَ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، فَاِنْ كَانَتْ صَلَاتُهٗ تَامَّةً كَانَتِ الرَّكْعَةُ نَافِلَةً وَّالسَّجْدَتَانِ، وَاِنْ كَانَتْ نَاقِصَةً كَانَتِ الرَّكْعَةُ تَمَامًا لِصَلَاتِهٖ، وَالسَّجْدَتَانِ يُرْغِمَانِ اَنْفَ الشَّيْطَانِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذِهِ السِّيَاقَةِ

◇◇ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تمہیں نماز میں شک پڑے تو وہ شک کو پھینک دے اور یقین پر اعتماد کرے، اگر نماز کے پورا ہونے کا یقین ہو تو دو سجدے کر لے (یعنی ایک رکعت پڑھ لینے کے بعد) کیونکہ اگر (حقیقت میں) اس کی نماز پوری ہو چکی تھی تو یہ رکعت اور دو سجدے اس کے نفل ہو جائیں گے اور اگر ناقص تھی تو اس رکعت

حدیث 1202:

اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 571 اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1024 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث: 1238 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1210 اخرجه ابوعبدالله الاصبحي في "الموطا" طبع داراحياء التراث العربي (تحقيق فواد عبدالباقي)' رقم الحديث: 214 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي' بيروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء' رقم الحديث: 1495 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 11707 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 2664 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1023

سے اس کی نماز پوری ہو جائے گی اور دو سجدے (یعنی سجدہ سہو) شیطان کی ناک خاک آلود کریں گے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے نقل نہیں کیا

1203۔ اَخْبَرَنَا مُكْرَمُ بْنُ اَحْمَدَ الْقَاضِيْ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيلَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ بِلَالِ بْنِ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنِيْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فَلَا يَدْرِيْ كَمْ صَلّٰى ثَلَاثًا اَمْ اَرْبَعًا، فَلْيَرْكَعْ رَكْعَةً يُحْسِنُ سُجُوْدَهَا وَرُكُوْعَهَا، ثُمَّ يَسْجُدُ سَجْدَتَيْنِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص نماز پڑھتے ہوئے یہ بھول جائے کہ اس نے تین رکعتیں پڑھی ہیں یا چار، تو اس کو چاہئے کہ ایک رکعت (مزید) پڑھ لے، اس کے رکوع اور سجود اچھے طریقے سے ادا کرے پھر دو سجدے کر لے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1204۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِئٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ مُهَاجِرٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُحَيْنَةَ، اَنَّهُ قَالَ: صَلّٰى لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً مِّنَ الصَّلَوَاتِ، فَقَامَ مِنَ اثْنَتَيْنِ فَسُبِّحَ بِهٖ فَمَضٰى حَتّٰى فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهٖ، وَلَمْ يَبْقَ اِلَّا السَّلَامُ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ قَبْلَ اَنْ يُسَلِّمَ

هٰذَا حَدِيْثٌ مُّفَسَّرٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عینیہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھائی تو دوسری رکعت کے بعد (بیٹھنے کے بجائے) کھڑے ہو گئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو لقمہ بھی دیا گیا لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بدستور نماز جاری رکھی اور نماز مکمل کرنے کے بعد سلام پھیرنے سے پہلے دو سجدے کئے۔

❖❖ یہ حدیث مفسر ہے اور یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1205۔ اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عِصْمَةَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، اَنْبَاَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ، اَنَّهُ نَهَضَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ فَسَبَّحُوْا بِهٖ فَاسْتَتَمَّ، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ حِيْنَ انْصَرَفَ، وَقَالَ: اَكُنْتُمْ تَرَوْنِيْ كُنْتُ اَجْلِسُ اِنَّمَا

صَنَعْتُ كَمَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت قیس بن ابی حازم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ دو رکعتوں کے بعد کھڑے ہو گئے لوگوں نے سبحان اللہ کہا (یعنی لقمہ دیا) لیکن انہوں نے نماز پوری کی، پھر آخر میں سہو کے دو سجدے کئے اور فرمایا: کیا تم لوگ مجھے بٹھانا چاہتے تھے؟ میں نے اسی طرح کیا جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کرتے دیکھا ہے۔

✧✧ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1206- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الدَّقَّاقُ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ اَيُّوْبَ، يُحَدِّثُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ حُدَيْجٍ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَغْرِبَ فَسَهَا فَسَلَّمَ فِيْ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّكَ سَهَوْتَ فَسَلَّمْتَ فِيْ رَكْعَتَيْنِ، فَاَمَرَ بِلَالًا فَاَقَامَ الصَّلٰوةَ، ثُمَّ اَتَمَّ تِلْكَ الرَّكْعَةَ فَسَاَلْتُ النَّاسَ عَنِ الرَّجُلِ الَّذِيْ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّكَ سَهَوْتَ فَقِيْلَ لِيْ: اَتَعْرِفُهُ؟ قُلْتُ: لَا، اِلَّا اَنْ اَرَاهُ، فَمَرَّ بِيْ رَجُلٌ، فَقُلْتُ: هُوَ هٰذَا، قَالُوْا: هٰذَا طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت معاویہ بن خدیج رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مغرب کی نماز پڑھی تو (بتقاضائے بشریت) آپ کو سہو ہوا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعتیں پڑھ کر سلام پھیر دیا اور نماز ختم کر دی، ایک شخص نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا: یا رسول اللہ! آپ کو سہو ہوا ہے، آپ نے دو رکعتوں پر ہی سلام پھیر دیا ہے، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ وہ نماز کی اقامت کہیں، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تیسری رکعت بھی پڑھائی (معاویہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں نے لوگوں سے پوچھا: کہ اس شخص کا نام کیا ہے؟ جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہا تھا کہ "آپ کو سہو ہوا ہے"۔ لوگوں نے مجھ سے پوچھا: کیا آپ ان کو پہچانتے ہیں؟ میں نے کہا: نہیں، لیکن اگر اس کو دیکھ لوں (تو پہچان لوں گا) پھر میرے قریب سے ایک شخص گزرا تو میں نے کہا: یہی ہے وہ شخص۔ لوگوں نے بتایا کہ یہ "طلحہ بن عبید اللہ" ہے۔

✧✧ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا

1207- اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي الْوَزِيْرِ التَّاجِرُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْحَنْظَلِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا اَشْعَثُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْحُمْرَانِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي الْمُهَلَّبِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَشَهَّدَ فِيْ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ، ثُمَّ سَلَّمَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِيْ

قِلابَةَ، وَلَيْسَ فِيهِ ذِكْرُ التَّشَهُّدِ لِسَجْدَتَي السَّهْوِ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ سہو کے بعد تشہد پڑھتے پھر سلام پھیرتے۔

یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے خالد الحذاء کی ابوقلابہ سے روایت نقل کی ہے لیکن اس میں سجدہ سہو کے لئے تشہد کا ذکر نہیں کیا۔

1208 - اَخْبَرَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ بْنُ اَبِي الْحَسَنِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا اَشْعَثُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِي قِلابَةَ، عَنْ اَبِي الْمُهَلَّبِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى بِهِمْ فَسَهَا فِي صَلَاتِهِ، فَسَجَدَ سَجْدَتَي السَّهْوِ بَعْدَ السَّلَامِ وَالْكَلَامِ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو نماز پڑھائی اور نماز میں آپ کو سہو ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (نماز سے فارغ ہوکر) سلام اور گفتگو کے بعد سہو کے دو سجدے کئے۔

1209 - اَخْبَرَنِي اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَاتِمٍ الْعَدْلُ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْفَزَارِيُّ، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَيْسَانَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمّٰى سَجْدَتَيِ السَّهْوِ الْمُرْغِمَتَيْنِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَاَبُوْ مُجَاهِدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَيْسَانَ ثِقَةٌ، مِمَّنْ يُجْمَعُ حَدِيْثُهُ فِي الْمَرَاوِزَةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سہو کے دوسجدوں کو "المرغمتین" (خاک آلود کرنے والے) کہا کرتے تھے۔

یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اور ابومجاہد عبداللہ بن کیسان ثقہ ہیں، ان کی احادیث مراوزہ میں جمع کی جاتی ہیں۔

1210 - حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، وَاَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ بَيَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، اَنْبَاَنَا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ، اَنْبَاَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيْرٍ، حَدَّثَنِي عِيَاضٌ، قَالَ: سَاَلْتُ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، فَقُلْتُ: اَحَدُنَا يُصَلِّي فَلَمْ يَدْرِ كَمْ صَلّٰى، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فَلَمْ يَدْرِ كَمْ صَلّٰى فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ، وَاِذَا جَاءَ اَحَدَكُمُ الشَّيْطَانُ، فَقَالَ: اِنَّكَ قَدْ اَحْدَثْتَ فَلْيَقُلْ كَذَبْتَ اِلَّا مَا

حدیث 1209:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1025 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1063 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرسالة بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2655

وَجَدَ رِيحًا بِأَنْفِهِ، أَوْ سَمِعَ صَوْتًا بِأُذُنِهِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عیاض رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے پوچھا: (کہ اگر) کوئی نماز پڑھتے ہوئے بھول جائے اور اس کو یہ سمجھ نہ آئے کہ کتنی رکعتیں پڑھی ہیں؟ (تو وہ کیا کرے؟) ابوسعید نے جواب دیا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی شخص نماز پڑھتے ہوئے بھول جائے اور اس کو پتہ نہ چلے کہ کتنی رکعتیں پڑھی ہیں؟ تو وہ دو سجدے کرے (یعنی آخر میں سجدہ سہو کرے) اور جب کسی کے پاس شیطان آئے (اور وسوسہ دلاتے ہوئے) کہے کہ تو بے وضو ہو چکا ہے تو تم اس کو جھٹلا دو، سوائے اس کے کہ اپنے ناک سے بو سونگھ لو یا اپنے کانوں سے آواز سن لو۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1211 - حَدَّثَنَا أَبُو عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، أَنْبَأَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ الرَّاسِبِيُّ، حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ مَطَرٍ الرَّهَاوِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ كُرَيْبٍ، مَوْلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَهَا فِي صَلَاتِهِ فِي ثَلَاثٍ وَّأَرْبَعٍ فَلْيُتِمَّ، فَإِنَّ الزِّيَادَةَ خَيْرٌ مِّنَ النُّقْصَانِ

هٰذَا حَدِيثٌ مُّفَسَّرٌ صَحِيحُ الْإِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبدالرحمان بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کو نماز میں سہو ہو کہ تین رکعتیں ہیں یا چار؟ اس کو چاہئے کہ نماز پوری کرے کیونکہ زیادتی نقصان سے بہتر ہے۔

✤✤ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور یہ حدیث مفسر ہے۔

1212 - أَخْبَرَنِي أَبُو الْحَسَنِ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنَزِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ الْعَنْسِيُّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا سَهْوَ فِي وَثْبَةِ الصَّلٰوةِ إِلَّا قِيَامٌ عَنْ جُلُوسٍ، وَجُلُوسٌ عَنْ قِيَامٍ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْإِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز میں جلد بازی کی وجہ سے (سجدہ) سہو لازم نہیں ہے۔ البتہ بیٹھنے کی بجائے کھڑا ہونے اور کھڑا ہونے کی بجائے بیٹھنے میں (سجدہ سہو لازم ہے)۔

✤✤ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

1213 - حَدَّثَنَا أَبُو زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، وَأَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمُزَكِّي، قَالَا: حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْعَبْدِيُّ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: جَلَسْتُ إِلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَهُوَ

خَلِيفَةٌ، فَقَالَ: يَا ابْنَ عَبَّاسٍ، مَا سَمِعْتَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ مِنْ اَحَدٍ مِّنْ اَصْحَابِهِ مَا يَذْكُرُ مَا اَمَرَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَهَا الْمَرْءُ فِي صَلَاتِهِ ؟ قُلْتُ: لَا، اَوَ مَا سَمِعْتَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؟ قَالَ: لَا، فَدَخَلَ عَلَيْنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ، فَقَالَ: فِيمَا اَنْتُمَا، فَقَالَ عُمَرُ: سَاَلْتُهُ هَلْ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ مِنْ اَحَدٍ مِّنْ اَصْحَابِهِ يَذْكُرُ مَا اَمَرَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَهَا الْمَرْءُ فِي صَلَاتِهِ، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: عِنْدِي عِلْمٌ مِّنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ عُمَرُ: هَلُمَّ فَاَنْتَ الْعَدْلُ الرِّضَا، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِي الاثْنَتَيْنِ فَلْيَجْعَلْهُمَا وَاحِدَةً، وَاِذَا شَكَّ فِي الاثْنَتَيْنِ وَالثَّلَاثِ فَلْيَجْعَلْهُمَا اثْنَتَيْنِ، وَاِذَا شَكَّ فِي الثَّلَاثِ وَالْاَرْبَعِ فَلْيَجْعَلْهُمَا ثَلَاثًا، ثُمَّ يُتِمُّ مَا بَقِيَ مِنْ صَلَاتِهِ حَتّٰى يَكُوْنَ الْوَهْمُ فِي الزِّيَادَةِ، ثُمَّ يَسْجُدُ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ قَبْلَ اَنْ يُسَلِّمَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، شَاهِدٌ لِّحَدِيْثِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ الَّذِي اَمْلَيْتُ قَبْلَ هٰذَيْنِ الْحَدِيْثَيْنِ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں، میں ان کے پاس بیٹھا ہوا تھا تو آپ نے فرمایا: اے ابن عباس رضی اللہ عنہما! اگر آدمی کو نماز میں سہو ہو جائے تو اس کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے یا آپ کے کسی صحابی کی زبان سے سنا ہے۔ میں نے عرض کیا: نہیں (اور میں نے پوچھا) اے امیر المومنین! کیا آپ نے بھی نہیں سنا؟ انہوں نے جواب دیا۔ نہیں سنا (ابن عباس رضی اللہ عنہما) کہتے ہیں: (اسی دوران) عبدالرحمان بن عوف رضی اللہ عنہ ہمارے پاس آ گئے اور کہنے لگے: کیا بات ہو رہی ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں نے ان سے یہ پوچھا ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی صحابی سے نماز میں سہو ہونے کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی فرمان سن رکھا ہے؟ تو عبدالرحمان رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: اس سلسلے میں میرے پاس کچھ معلومات ہیں۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ تشریف لائیے کیونکہ آپ عادل اور پسندیدہ آدمی ہیں۔ تو عبدالرحمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے "جب کسی کو دو رکعتوں میں شک پڑے تو وہ ان کو ایک قرار دے اور جب دو اور تین میں شک پڑے تو ان کو دو قرار دے اور جب تین اور چار میں شک واقع ہو تو ان کو تین سمجھے اور باقی نماز پوری کرے غرض یہ ہے کہ شک والی رکعت کو اضافہ میں لے جائے اور پھر (نماز کے آخر میں) سلام سے پہلے دو سجدے ادا کرے"۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے، اور یہ حدیث عبدالرحمان بن ثابت بن شعبان کی اس حدیث کی شاہد ہے جو میں نے ان دو حدیثوں سے پہلے لکھی ہے۔

1214- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُنْقِذٍ الْخَوْلَانِيُّ، حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ شِمَاسَةَ الْمَهْرِيَّ يَقُوْلُ: صَلّٰى بِنَا عُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ الْجُهَنِيُّ فَقَامَ وَعَلَيْهِ جُلُوْسٌ، فَقَالَ النَّاسُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ، فَلَمْ يَجْلِسْ وَمَضٰى

عَلٰی قِيَامِهِ، فَلَمَّا كَانَ فِيْ اٰخِرِ صَلَاتِهِ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ، فَلَمَّا سَلَّمَ، قَالَ: اِنِّيْ سَمِعْتُكُمْ اٰنِفًا، تَقُوْلُوْنَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ لِكَيْمَا اَجْلِسَ لٰكِنَّ السُّنَّةَ الَّذِيْ صَنَعْتُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبدالرحمان بن شماسہ مہری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت عقبہ بن عامر جہنی نے نماز پڑھائی تو وہ کھڑے ہو گئے اور باقی لوگ بیٹھے رہے، لوگوں نے ''سبحان اللہ، سبحان اللہ'' کہہ کر لقمے دیئے لیکن وہ نہ بیٹھے اور بدستور کھڑے رہے اور جب نماز مکمل کر لی تو آخری قعدے میں دو سجدے کئے پھر جب سلام پھیرا تو فرمایا: میں نے ابھی تمہیں سنا ہے کہ تم لوگ مجھے بٹھانے کے لئے سبحان اللہ کہہ رہے تھے لیکن سنت وہی ہے جو میں نے کیا۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

کِتَابُ الْاِسْتِسْقَاءِ

بارش طلب کرنے کی نماز کا بیان

1215۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُقْبَةَ الشَّيْبَانِيُّ بِالْكُوفَةِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ الزُّهْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي سَلَمَةَ الْعُمَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْنِ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ لِي مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ شِهَابٍ الزُّهْرِيُّ، اَخْبَرَنِي اَبُو سَلَمَةَ، اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: خَرَجَ نَبِيٌّ مِّنَ الْاَنْبِيَاءِ يَسْتَسْقِي، فَاِذَا هُوَ بِنَمْلَةٍ رَافِعَةٍ بَعْضَ قَوَائِمِهَا اِلَى السَّمَآءِ، فَقَالَ: ارْجِعُوا فَقَدِ اسْتُجِيبَ لَكُمْ مِنْ اَجْلِ شَانِ النَّمْلَةِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک نبی علیہ السلام بارش کی طلب میں گھر سے نکلے تو انہوں نے ایک چیونٹی کو دیکھا جو اپنے پاؤں آسمان کی طرف اٹھائے ہوئے تھی (گویا وہ بھی بارش مانگ رہی تھی) اللہ تعالیٰ نے ان سے فرمایا: لوٹ جاؤ کیونکہ اس چیونٹی کی وجہ سے تمہاری دعا قبول کر لی گئی ہے۔

❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا

1216۔ حَدَّثَنَا اَبُو جَعْفَرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْمَنْصُورِ، فِي دَارِ اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ الْمَنْصُورِ، اِمْلَاءً، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ بْنِ عِيسٰى بْنِ الطَّبَّاعِ، حَدَّثَنِي عَمِّي اِسْحَاقُ بْنُ عِيسٰى، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: اسْتَسْقٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَحَوَّلَ رِدَائَهُ لِيَتَحَوَّلَ الْقَحْطُ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز استسقاء ادا کی اور اپنی چادر کو پلٹایا تاکہ قحط پلٹ جائے۔

❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

1217۔ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَلِيٍّ السَّدُوسِيُّ، حَدَّثَنِي سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيٰى، قَالَ: اَرْسَلَنِي مَرْوَانُ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ اَسْاَلُهُ عَنْ سُنَّةِ الْاِسْتِسْقَاءِ، فَقَالَ: سُنَّةُ الْاِسْتِسْقَاءِ سُنَّةُ الصَّلٰوةِ فِي الْعِيدَيْنِ، اِلَّا اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلّٰى

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَلَبَ رِدَائَهُ فَجَعَلَ يَمِيْنَهُ عَلٰى يَسَارِهِ، وَيَسَارَهُ عَلٰى يَمِيْنِهِ، فَصَلَّى الرَّكْعَتَيْنِ يُكَبِّرُ فِي الْاُوْلٰى سَبْعَ تَكْبِيْرَاتٍ، وَقَرَاَ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى، وَقَرَاَ فِي الثَّانِيَةِ هَلْ اَتَاكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ، وَكَبَّرَ فِيْهَا خَمْسَ تَكْبِيْرَاتٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت طلحہ بن یحییٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے مروان نے ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس بھیجا کہ میں ان سے نماز استسقاء کا طریقہ پوچھوں تو آپ نے فرمایا: نماز استسقاء کا طریقہ وہی ہے جو عیدین کی نمازوں کا ہے تاہم (اتنا فرق ہے کہ نماز استسقاء میں) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی چادر کو پلٹ کر دائیں جانب کو بائیں طرف اور بائیں جانب کو دائیں طرف کر دیا۔ پھر دو رکعتیں پڑھیں، پہلی میں سات تکبیریں کہیں اور "سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى" پڑھی اور دوسری رکعت میں "هَلْ اَتَاكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ" پڑھی اور اس میں پانچ تکبیریں کہیں۔

✤✤ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

1218۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحِ السَّهْمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ رَبِيْعَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِيْ يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِيْهِ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ الْوَلِيْدَ اَرْسَلَهُ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: يَا ابْنَ اَخِيْ كَيْفَ صَنَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْاِسْتِسْقَاءِ يَوْمَ اسْتَسْقٰى بِالنَّاسِ، فَقَالَ: خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَخَشِّعًا، مُتَذَلِّلًا، مُتَبَذِّلًا، فَصَنَعَ فِيْهِ كَمَا يَصْنَعُ فِي الْفِطْرِ وَالْاَضْحٰى

هٰذَا حَدِيْثٌ رُوَاتُهُ مِصْرِيُّوْنَ وَمَدَنِيُّوْنَ، وَلَا اَعْلَمُ اَحَدًا مِّنْهُمْ مَنْسُوْبًا اِلٰى نَوْعٍ مِّنَ الْجَرْحِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ رَوَاهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ اِسْحَاقَ

✧✧ اسحاق بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ولید نے ان کو ابن عباس رضی اللہ عنہما کی طرف بھیجا اور کہا: اے میرے بھتیجے! جس دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو نماز استسقاء پڑھائی تو کس طریقے سے پڑھائی تھی؟ انہوں نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انتہائی عاجزی اور انکساری کے ساتھ پرانے کپڑے پہن کر تشریف لائے اور جس طرح عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کی نماز پڑھائی جاتی ہے اسی طرح پڑھائی۔

✤✤ اس حدیث کے راوی مصری اور مدنی ہیں اور مجھے نہیں معلوم کہ ان میں سے کسی کو کسی قسم کی جرح کی طرف منسوب کیا گیا ہو لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو نقل نہیں کیا اور اس حدیث کو سفیان ثوری رضی اللہ عنہ نے ہشام بن اسحاق سے روایت کیا ہے۔

حدیث 1218:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 2423 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 6180 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1419

(ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

1219 - وَاَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الصَّفَّارُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كِنَانَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: اَرْسَلَنِيْ اَمِيْرٌ مِّنَ الْاُمَرَاءِ اِلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ اَسْاَلُهُ عَنِ الصَّلٰوةِ فِي الْاسْتِسْقَاءِ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: مَا مَنَعَهُ اَنْ يَّسْاَلَنِيْ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَوَاضِعًا، مُتَبَذِّلًا، مُتَخَشِّعًا، مُتَضَرِّعًا، مُتَرَسِّلًا، فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ كَمَا يُصَلِّيْ فِي الْعِيْدِ، وَلَمْ يَخْطُبْ خُطْبَتَكُمْ

✧✧ حضرت ہشام بن اسحاق بن عبداللہ بن کنانہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ مجھے ایک امیر نے ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس نماز استسقاء کا طریقہ پوچھنے کے لئے بھیجا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: انہوں نے خود مجھ سے کیوں نہیں پوچھ لیا؟ (پھر انہوں نے فرمایا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پرانے کپڑے پہن کر عاجزی انکساری کرتے ہوئے، گڑگڑاتے ہوئے تشریف لائے اور عید کی نماز کی طرح دو رکعتیں پڑھائیں لیکن خطبہ نہیں دیا۔

1220 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِيْ شَيْءٍ مِّنْ دُعَائِهِ اِلَّا فِي الْاسْتِسْقَاءِ، وَقَالَ شُعْبَةُ: فَقُلْتُ لِثَابِتٍ: اَاَنْتَ سَمِعْتَهُ مِنْ اَنَسٍ؟ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، قُلْتُ: اَاَنْتَ سَمِعْتَ مِنْ اَنَسٍ؟ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَقَدْ خَرَّجَهُ مُسْلِمٌ، مِنْ حَدِيْثِ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ بُكَيْرٍ، عَنْ شُعْبَةَ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم استسقاء کے علاوہ کسی دعا میں ہاتھ بلند نہیں کیا کرتے تھے۔ شعبہ کہتے ہیں: میں نے ثابت سے پوچھا: کیا تم نے یہ بات انس رضی اللہ عنہ سے سنی ہے؟ انہوں نے کہا: سبحان اللہ! میں نے کہا: کیا تو نے یہ حدیث انس رضی اللہ عنہ سے سنی ہے؟ انہوں نے کہا: سبحان اللہ۔

حدیث 1220:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحيحه" (طبع ثالث) دار ابن كثير، يمامه، بيروت، لبنان، 1407ھ 1987ء، رقم الحديث: 984 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 1748 اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 880 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 14038 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی، بيروت، لبنان، 1390ھ/1970ء، رقم الحديث: 1411 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان، 1411ھ/ 1991ء، رقم الحديث: 1436 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحديث: 6238 اخرجه ابويعلىٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحديث: 2966

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

جبکہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے یہ حدیث یحییٰ بن ابی بکیر کے واسطے سے شعبہ سے روایت کی ہے۔

1221- اَخْبَرَنِیْ اِسْمَاعِیلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ مُحَمَّدٍ الشَّعْرَانِیُّ، حَدَّثَنَا جَدِّیْ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ بْنُ حَمْزَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِیزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِیَّةَ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِیمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَیْدٍ، قَالَ: اسْتَسْقٰی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، وَعَلَیْهِ خَمِیصَةٌ سَوْدَاءُ، فَاَرَادَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ یَّاْخُذَ بِاَسْفَلِهَا فَیَجْعَلَهٗ اَعْلَاهَا، فَلَمَّا ثَقُلَتْ عَلَیْهِ قَلَبَهَا عَلٰی عَاتِقِهٖ قَدِ اتَّفَقَا عَلٰی اِخْرَاجِ حَدِیثِ عَبَّادِ بْنِ تَمِیمٍ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، وَهُوَ صَحِیحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ

❖❖ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز استقاء پڑھائی، اس وقت آپ پر کالی چادر تھی، آپ نے ارادہ کیا کہ اس کی نچلی جانب سے پکڑ کر اوپر کر لیں۔ لیکن جب آپ کو یہ بھاری لگی تو آپ نے اس کو اپنے کندھے پر پلٹ دیا۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔ جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے عباد بن تمیم کی حدیث نقل کی ہے۔

1222- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ عَفَّانَ الْعَامِرِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَیْدٍ، حَدَّثَنَا مِسْعَرُ بْنُ کِدَامٍ، عَنْ یَزِیدَ الْفَقِیرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: اَتَتِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَوَاکِی فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَیْثًا مُغِیثًا، مَرِیئًا مَرِیعًا، عَاجِلًا غَیْرَ اٰجِلٍ، نَافِعًا غَیْرَ ضَارٍّ، فَاَطْبَقَتْ عَلَیْهِمُ السَّمَاءُ

هٰذَا حَدِیثٌ صَحِیحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کچھ لوگ روتے ہوئے آئے، (اور قحط کی شکایت کرنے لگے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں دعا مانگی "اے اللہ! ہمیں رچتی جچتی فائدہ مند، فوری بارش عطا فرما (یہ دعا مانگتے ہی) ان پر بارش برسنے لگ گئی"

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

حدیث 1222:

اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1416 اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1169 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 6230 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 10673 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 1125

1223- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيكٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِيْ هِلَالٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُمَيْرٍ، مَوْلٰى اٰبِي اللَّحْمِ، اَنَّهُ رَاٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ اَحْجَارِ الزَّيْتِ يَسْتَسْقِي مُقْنِعًا بِكَفَّيْهِ يَدْعُو هٰكَذَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَعُمَيْرٌ مَوْلٰى اٰبِي اللَّحْمِ لَهُ صُحْبَةٌ وَبِصِحَّةِ ذٰلِكَ

✧✧ آبی اللحم کے غلام عمیر کہتے ہیں: کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو پتھریلے میدان میں اس طرح دونوں ہاتھوں کو بلند کر کے بارش کی دعا مانگتے دیکھا۔

✣✣ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور ابواللحم کے غلام عمیر صحابی رسول ہیں اور انکے صحابی رسول ہونے پر درج ذیل حدیث دلیل ہے۔

1224- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدَ، عَنْ عُمَيْرٍ، مَوْلٰى اٰبِي اللَّحْمِ، قَالَ: شَهِدْتُّ خَيْبَرَ مَعَ سَادَتِيْ، فَكَلَّمُوا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيَّ وَاَخْبَرُوْهُ اَنِّيْ مَمْلُوْكٌ فَاَمَرَ لِيْ فَقُلِّدْتُّ السَّيْفَ، فَاِذَا اَنَا اَجُرُّهُ فَاَمَرَ لِيْ بِشَيْءٍ مِّنْ خُرْثِيِّ الْمَتَاعِ، وَعَرَضْتُ عَلَيْهِ رُقْيَةً كُنْتُ اَرْقِي بِهَا الْمَجَانِيْنَ فَاَمَرَنِيْ بِطَرْحِ بَعْضِهَا، وَحَبْسِ بَعْضِهَا

✧✧ آبی اللحم کے غلام عمیر بیان کرتے ہیں: میں اپنے آقا کے ہمراہ غزوہ خیبر میں شریک ہوا۔ کچھ لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کو میرے متعلق بتایا کہ میں غلام ہوں۔ آپ ﷺ کے حکم پر مجھے تلوار پہنا دی گئی، میں اس کو اٹھالیا، پھر آپ نے مجھے گھریلو سامان کی چند چیزیں عطا فرمائیں۔ میں نے آپ کو وہ تعویزات پیش کیے جو میں مجنون لوگوں کو دیا کرتا تھا۔ تو حضور ﷺ نے ان میں سے کچھ پھینک دیے اور کچھ اپنے پاس رکھنے کا حکم دیا۔

1225- حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ سَعِيْدٍ الْاَيْلِيُّ، حَدَّثَنِيْ خَالِدُ بْنُ نِزَارٍ، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مَبْرُوْرٍ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَآئِشَةَ، قَالَتْ: شَكَا النَّاسُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُحُوْطَ الْمَطَرِ، فَاَمَرَ بِمِنْبَرٍ فَوُضِعَ لَهُ فِي الْمُصَلّٰى، وَوَعَدَ النَّاسَ يَوْمًا يَّخْرُجُوْنَ فِيْهِ، قَالَتْ عَآئِشَةُ، فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ بَدَا حَاجِبُ الشَّمْسِ، فَقَعَدَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَكَبَّرَ وَحَمِدَ اللّٰهَ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّكُمْ شَكَوْتُمْ جَدْبَ دِيَارِكُمْ، وَاسْتِئْخَارَ الْمَطَرِ عَنْ اَوَانِ زَمَانِهِ، وَقَدْ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَدْعُوْهُ، وَوَعَدَكُمْ اَنْ يَّسْتَجِيْبَ لَكُمْ، ثُمَّ قَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ، اللّٰهُمَّ اَنْتَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْغَنِيُّ وَنَحْنُ الْفُقَرَاءُ، اَنْزِلْ عَلَيْنَا الْغَيْثَ، وَاجْعَلْ مَا اَنْزَلْتَ لَنَا قُوَّةً وَّبَلَاغًا اِلٰى حِيْنٍ، ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ فَلَمْ يَزَلْ فِي الرَّفْعِ حَتّٰى بَدَا بَيَاضُ اِبْطَيْهِ، ثُمَّ حَوَّلَ اِلَى النَّاسِ ظَهْرَهُ، وَقَلَبَ اَوْ حَوَّلَ رِدَائَهُ وَهُوَ رَافِعٌ يَدَيْهِ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، وَنَزَلَ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ، فَاَنْشَاَ اللّٰهُ سَحَابًا فَرَعَدَتْ وَبَرَقَتْ، ثُمَّ اَمْطَرَتْ بِاِذْنِ اللّٰهِ، فَلَمْ يَاْتِ مَسْجِدَهُ حَتّٰى

سَالَتِ السُّيُولُ، فَلَمَّا رَاٰى سُرْعَتَهُمْ اِلَى الْكِنِّ ضَحِكَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ، فَقَالَ: اَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، وَاَنِّي عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُولُهُ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں بارشیں بند ہونے کی شکایتیں کیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر بچھانے کا حکم دیا، عیدگاہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے منبر بچھایا گیا اور لوگوں کو ایک دن مقرر کر دیا۔ جس دن سب لوگ جمع ہوں گے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب دھوپ خوب چمک پڑی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور منبر صلی اللہ علیہ وسلم پر بیٹھ گئے پھر تکبیر کہی، اور اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی۔ پھر فرمایا: تم نے اپنے علاقے کی خشک سالی اور وقت پر بارشیں نہ ہونے کی شکایت کی ہے، حالانکہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں حکم دیا کہ تم اس سے دعا مانگو اور تم سے وعدہ کیا ہے کہ وہ تمہاری دعا کو قبول کرے۔ پھر آپ نے پڑھا ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يُرِيدُ، اَللّٰهُمَّ اَنْتَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْغَنِيُّ وَنَحْنُ الْفُقَرَاءُ، اَنْزِلْ عَلَيْنَا الْغَيْثَ، وَاجْعَلْ مَا اَنْزَلْتَ لَنَا قُوَّةً وَّبَلَاغًا اِلٰى حِينٍ''

''تمام تعریفیں اس اللہ کیلئے ہیں جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے، وہ رحیم ہے، قیامت کے دن کا مالک ہے، اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ وہی کرتا ہے جو چاہتا ہے، اے اللہ! تو ہی ہے، تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، تو بے نیاز ہے، ہم محتاج ہیں۔ ہم پر بارش نازل فرما اور جو نازل کرے، اس کو ہمارے لئے قوت بنا اور ایک وقت تک کفایت کا ذریعہ بنا) پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ بلند کیے، اتنے بلند کیئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بغلوں کی سفیدی نظر آنے لگی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کی طرف اپنی پیٹھ کر لی۔ اور اپنی چادر کے دونوں کنارے تبدیل کیئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہاتھ بلند کیے ہوئے تھے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور منبر صلی اللہ علیہ وسلم سے نیچے اترے پھر دو رکعتیں ادا کیں۔ اللہ تعالیٰ نے بادل بھیجے (اور دیکھتے ہی دیکھتے) اللہ کے حکم سے گرج اور چمک کے ہمراہ بارش برسنے لگ گئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ابھی مسجد میں ہی تھے کہ ندی نالے بہنے شروع ہو گئے پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو اپنے گھروں کی طرف بھاگتے دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دانت مبارک ظاہر ہو گئے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے اور میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1226- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحُصَيْنِ الْقَاضِي بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِي اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ السِّمْطِ، اَنَّهُ قَالَ لِكَعْبِ بْنِ مُرَّةَ اَوْ مُرَّةَ بْنِ كَعْبٍ: حَدِّثْنَا حَدِيثًا سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا عَلٰى مُضَرَ فَاَتَيْتُهُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَعْطَاكَ وَاسْتَجَابَ لَكَ، وَاِنَّ قَوْمَكَ قَدْ هَلَكُوا، فَادْعُ اللّٰهَ لَهُمْ، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُغِيثًا مَرِيئًا سَرِيعًا غَدَقًا عَاجِلًا، غَيْرَ رَائِثٍ، نَافِعًا غَيْرَ

ضَارٍّ، فَمَا کَانَتْ اِلَّا جُمُعَةٌ اَوْ نَحْوَهَا حَتّٰی سُقُوا

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ اِسْنَادُهُ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ، بَهْزُ بْنُ اَسَدٍ الْعَمِّیُّ الثِّقَةُ الثَّبْتُ، قَدْ رَوَاهُ، عَنْ شُعْبَةَ بِاِسْنَادِهٖ، عَنْ مُرَّةَ بْنِ کَعْبٍ، وَلَمْ یَشُکَّ فِیْهِ مَرَّةً ابْنُ کَعْبٍ الْبَهْزِیُّ صَحَابِیٌّ مَّشْهُوْرٌ

✧✧ شرحبیل بن سمط کے بارے میں مروی ہے کہ انہوں نے کعب بن مرہ یا (شاید یہ کہا) مرہ بن کعب سے کہا کہ ہمیں کوئی ایسی حدیث سنایئے جس کو آپ نے خود رسول اللہ ﷺ سے سنا ہو، انہوں نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو قبیلہ مضر کے لئے بدعا کرتے سنا، تو میں آپ ﷺ کے پاس آیا: اور عرض کی: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے آپ کو (ایک خاص عزت اور مرتبہ) عطا فرمایا ہے اور آپ مستجاب الدعوات ہیں اور آپکی قوم ہلاک ہورہی ہے، آپ ان کے لئے دعا کریں۔ رسول اللہ ﷺ نے یوں دعا مانگی'': اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَیْثًا مُغِیْثًا مَرِیْئًا سَرِیْعًا غَدَقًا عَاجِلًا، غَیْرَ رَائِثٍ، نَافِعًا غَیْرَ ضَارٍّ ''۔

'' آپ کی اس دعا کے بعد ایک جمعہ یا اس کے قریب کچھ دن گزرے تھے کہ بارش ہوگئی۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک صحیح الاسناد ہے۔ بھز بن اسد عمیؒ ثقہ ہیں، قابل اعتماد ہیں۔ انہوں نے یہ حدیث اپنی سند کے ہمراہ شعبہ کے ذریعے مرہ بن کعب سے روایت کی ہے۔ اور اس میں شک والے الفاظ نہیں ہیں۔ حضرت مرہ بن کعب رضی اللہ عنہ بھی مشہور صحابی ہیں۔

1227۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِیٍّ الْحُسَیْنُ بْنُ الْحَافِظِ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَیْمَانَ، حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَدِیْنِیُّ، حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ اَسَدٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ، عَنْ شُرَحْبِیْلَ بْنِ السِّمْطِ، عَنْ مُرَّةَ بْنِ کَعْبٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دَعَا فِی الْاِسْتِسْقَاءِ فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَیْثًا مُغِیْثًا، مَرِیْئًا سَرِیْعًا، غَدَقًا طَبَقًا، عَاجِلًا غَیْرَ رَائِثٍ، نَافِعًا غَیْرَ ضَارٍّ، فَمَا کَانَتْ اِلَّا جُمُعَةٌ اَوْ نَحْوُهَا حَتّٰی سُقُوا

✧✧ حضرت ابوعیاش الزرقی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ عسفان میں تھے اور مشرکوں کے سپہ سالار خالد بن ولید تھے، ہم نے نماز ظہر ادا کی، مشرکوں نے پروگرام بنایا کہ ہمارے پاس بہت اچھا موقع ہے کہ مسلمان نماز میں (جنگ کی طرف) متوجہ نہیں ہوتے، اگر ہم ان پر اس وقت حملہ کریں جب یہ نماز کی حالت میں ہوتے ہیں (تو ہمیں کامیابی مل سکتی ہے) تو ظہر اور عصر کے درمیان "نمازِ قصر" کی آیت نازل ہوگئی، جب نماز عصر کا وقت ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبلہ رو ہو کر کھڑے ہوئے اور مشرکین آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے تھے۔ چنانچہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے ایک صف حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے بنائی اور اس صف کے پیچھے ایک اور صف بنالی، پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع کیا تو دونوں صفوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ رکوع کیا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا تو جو صف آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے تھی انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سجدہ کیا اور ان سے پیچھے والی صف والے صحابہ رضی اللہ عنہم ان کی حفاظت کی غرض سے کھڑے رہے پھر جب اگلی صف والوں نے دو سجدہ کر لئے اور کھڑے ہو گئے تو پچھلی صف والوں نے سجدے کر لئے پھر اگلی صف والے پیچھے کھسک گئے اور پچھلی صف میں جا کر کھڑے ہو گئے (اور پیچھے والے آگے ہو گئے) پھر دونوں صفوں والوں نے رکوع کیا اور اگلی صف والوں نے سجدہ کیا جبکہ پیچھے والے ان کی حفاظت کی غرض سے کھڑے رہے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھ گئے اور اگلی صف والے بھی بیٹھ گئے اور پیچھے والوں نے سجدہ کر لیا۔ پھر یہ سب لوگ بیٹھ گئے اور پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سب کا سلام پھیرا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نماز "عسفان" میں پڑھی اور بنی سلیم کے دن پڑھی۔

✧✧ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1253- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَنَسٍ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ، اَنَّهُ سَمِعَ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، يُحَدِّثُ عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ، اَنَّهُ سَاَلَ اَبَا هُرَيْرَةَ، هَلْ صَلَّيْتَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الْخَوْفِ؟ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: نَعَمْ، قَالَ مَرْوَانُ: مَتٰى؟ فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: عَامَ غَزْوَةِ نَجْدٍ، قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الصَّلٰوةِ

صَلٰوةِ الْعَصْرِ فَقَامَتْ مَعَهُ طَائِفَةٌ وَّطَائِفَةٌ اُخْرٰى مُقَابِلَ الْعَدُوِّ، وَظُهُوْرُهُمْ اِلَى الْقِبْلَةِ، فَكَبَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَبَّرُوْا جَمِيْعًا الَّذِيْنَ مَعَهُ وَالَّذِيْنَ مُقَابِلَ الْعَدُوِّ، ثُمَّ رَكَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَةً وَّاحِدَةً، وَرَكَعَتِ الطَّائِفَةُ الَّتِيْ خَلْفَهُ، ثُمَّ سَجَدَ فَسَجَدَتِ الطَّائِفَةُ الَّتِيْ تَلِيْهِ وَالْاٰخَرُوْنَ قِيَامٌ مُّقَابِلَ الْعَدُوِّ، ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَامَتِ الطَّائِفَةُ الَّتِيْ مَعَهُ، وَذَهَبُوْا اِلَى الْعَدُوِّ فَقَابَلُوْهُمْ وَاَقْبَلَتِ الطَّائِفَةُ الَّتِيْ مُقَابِلَ الْعَدُوِّ فَرَكَعُوْا وَسَجَدُوْا، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ كَمَا هُوَ، ثُمَّ قَامُوْا فَرَكَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَةً اُخْرٰى وَرَكَعُوْا مَعَهُ وَسَجَدُوْا مَعَهُ، ثُمَّ اَقْبَلَتِ الطَّائِفَةُ الَّتِيْ كَانَتْ مُقَابِلَ الْعَدُوِّ فَرَكَعُوْا وَسَجَدُوْا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدٌ وَّمَنْ مَّعَهُ، ثُمَّ كَانَ السَّلَامُ، فَسَلَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَلَّمُوْا جَمِيْعًا، فَكَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَانِ، وَلِكُلِّ رَجُلٍ مِّنَ الطَّائِفَتَيْنِ رَكْعَةٌ رَكْعَةٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ مروان بن حکم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آپ نے (کبھی) رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ "صلوٰۃ الخوف" پڑھی ہے؟ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں۔ مروان نے پوچھا: کب؟ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: غزوۂ نجد کے سال رسول اکرم ﷺ نماز عصر کے لئے کھڑے ہوئے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت آپ کے ہمراہ کھڑی ہوگئی اور دوسری جماعت دشمنوں کے مقابلے میں کھڑی رہی، ان کی پشت قبلہ کی طرف تھی، رسول اللہ ﷺ نے تکبیر کہی تو جتنے لوگ آپ کے ہمراہ جماعت میں شریک تھے ان سب نے تکبیر کہی اور جو دشمن کے مقابلے میں کھڑے ہوئے تھے، انہوں نے بھی تکبیر کہی۔ پھر حضور اکرم ﷺ نے ایک رکوع کیا تو آپ کے ہمراہ جو جماعت تھی، انہوں نے بھی رکوع کیا، جبکہ دوسری جماعت دشمن کے مقابلے میں کھڑی رہی پھر رسول اکرم ﷺ کھڑے ہوگئے اور آپ کے ہمراہ جو جماعت تھی وہ اٹھے اور جا کر دشمن کے مقابلے میں کھڑے ہوگئے اور یہ جماعت جو کہ دشمن کے مقابلے میں تھی آئی، انہوں نے آکر خود ہی رکوع بھی کیا اور سجدہ بھی کیا اور اس دوران نبی اکرم ﷺ بدستور کھڑے رہے۔ پھر یہ لوگ (دو سجدے کرنے کے بعد) کھڑے ہوگئے پھر رسول اللہ ﷺ نے دوسری رکعت کا رکوع کیا تو ان لوگوں نے بھی آپ کے ہمراہ رکوع کیا، آپ نے سجدہ کیا تو انہوں نے بھی آپ کے ہمراہ سجدہ کیا۔ پھر وہ جماعت بھی آگئی جو دشمن کے مقابلے میں کھڑی تھی انہوں نے آکر خود ہی رکوع اور سجدہ کیا اور اس دوران رسول اکرم ﷺ اور ان کے ساتھ نماز پڑھنے والی پہلی جماعت کے لوگ بیٹھے رہے، اس کے بعد سلام کا موقع تھا، تو رسول اکرم ﷺ نے سلام پھیرا اور آپ کے ہمراہ تمام لوگوں نے سلام پھیرا، اس طرح رسول اللہ ﷺ کی دو رکعتیں اور دونوں جماعتوں کی ایک ایک ہوئی۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

کتاب الجنائز

نماز جنازہ کا بیان

1254 - حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، حَدَّثَنَا اَبِیْ، وَشُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ، قَالَا: اَنْبَاَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ هِنْدِ بِنْتِ الْحَارِثِ، عَنْ اُمِّ الْفَضْلِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهِمْ وَعَبَّاسٌ عَمُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْتَكِي، فَتَمَنَّى عَبَّاسٌ الْمَوْتَ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَمِّ، لَا تَتَمَنَّ الْمَوْتَ، فَاِنَّكَ اِنْ كُنْتَ مُحْسِنًا، فَاِنْ تُؤَخَّرْ تَزْدَدْ اِحْسَانًا اِلٰى اِحْسَانِكَ خَيْرٌ لَّكَ، وَاِنْ كُنْتَ مُسِيئًا فَاِنْ تُؤَخَّرْ فَتُسْتَعْتَبْ مِنْ اِسَائَتِكَ خَيْرٌ لَّكَ، فَلَا تَتَمَنَّ الْمَوْتَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ قَيْسٍ، عَنْ خَبَّابٍ، لَوْلَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا اَنْ نَتَمَنَّى الْمَوْتَ لَتَمَنَّيْتُهُ

❖❖ حضرت اُمّ فضل رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ہاں تشریف لائے تو آپ کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ بہت شدید بیمار تھے، حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے موت کی تمنا کی۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: اے چچا! موت کی تمنا مت کرو، کیونکہ اگر تم نیک ہو تو موت جتنی دیر سے آئے گی، آپ کی نیکیوں پر نیکیاں بڑھتی جائیں گی اور یہ آپ کے لئے بہت بہتر ہے۔ اور اگر تم گنہگار ہو تو موت جتنی دیر سے آئے گی، تمہیں گناہوں کی معافی مانگنے کا اتنا ہی زیادہ موقع مل جائے گا، اس لئے موت کی تمنا مت کرو۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا، جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے قیس کے حوالے سے خباب کا یہ بیان نقل کیا ہے "اگر رسول صلی اللہ علیہ وسلم

حدیث 1254:

اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحديث: 7076 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه، مدينه منوره 1413ھ/1992ء، رقم الحديث: 1082 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 26916 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحديث: 44

نے موت کی تمنا کرنے سے منع نہ کیا ہوتا تو میں موت کی تمنا کرتا''۔

1255- اَخْبَرَنَا مُكْرَمُ بْنُ اَحْمَدَ الْقَاضِي، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ بِلَالِ بْنِ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنِي اَبُوْ بَكْرٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، قَالَ زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ، قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلا اُنَبِّئُكُمْ بِخِيَارِكُمْ مِنْ شِرَارِكُمْ ؟ قَالُوْا: بَلٰى، قَالَ: خِيَارُكُمْ اَطْوَلُكُمْ اَعْمَارًا، وَاَحْسَنُكُمْ عَمَلا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں خبر دوں کہ تم میں سب سے بہترین شخص کون ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: جی ہاں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جس کی عمر لمبی ہو اور اس کے اعمال اچھے ہوں۔

یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ مذکورہ حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ (شاہد حدیث درج ذیل ہے)

1256- حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكَاتِبُ، اَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، وَيُوْنُسَ، وَثَابِتٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ، اَنَّ رَجُلا قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ: اَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ ؟ قَالَ: مَنْ طَالَ عُمُرُهُ وَحَسُنَ عَمَلُهُ، قَالَ: فَاَيُّ النَّاسِ شَرٌّ ؟ قَالَ: مَنْ طَالَ عُمُرُهُ وَسَاءَ عَمَلُهُ

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے پوچھا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں میں سے سب سے بہتر کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس کی عمر طویل ہو اور عمل نیک ہوں''۔ اس نے پوچھا: سب سے برا شخص کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی عمر لمبی ہو اور اعمال برے ہوں۔

1257- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا

حدیث 1255:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 6319

حدیث 1257:

اخرجہ ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعہ" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 2142 اخرجہ ابوعبداللہ الشیبانی فی "مسندہ" طبع موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر رقم الحدیث: 13432 اخرجہ ابوحاتم البستی فی "صحیحہ" طبع موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 341 اخرجہ ابویعلیٰ الموصلی فی "مسندہ" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 3821 اخرجہ ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمہ الاوسط" طبع دارالحرمین قاہرہ مصر 1415ھ رقم الحدیث: 1941 اخرجہ ابوعبداللہ القضاعی فی "مسندہ" طبع موسسۃ الرسالۃ بیروت لبنان 1407ھ/ 1986ء رقم الحدیث: 1390

مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَوَّارٍ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، جَمِيعًا، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ خَيْرًا اسْتَعْمَلَهُ، قَالَ: فَقِيلَ: كَيْفَ يَسْتَعْمِلُهُ؟ قَالَ: يُوَفِّقُهُ لِعَمَلٍ صَالِحٍ قَبْلَ الْمَوْتِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ بِاِسْنَادٍ صَحِيحٍ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اس سے عمل کرواتا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا: اللہ تعالیٰ اس سے کیسے عمل کرواتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس بندے کو موت سے پہلے نیک عمل کی توفیق عطا فرمادیتا ہے۔

✥ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اسناد صحیح کے ہمراہ گزشتہ حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے۔ (جو کہ درج ذیل ہے)

1258- اَخْبَرَنَاهُ الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوبَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي طَالِبٍ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَمِقِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا عَسَلَهُ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا عَسَلَهُ؟ قَالَ: يُوَفِّقُ لَهُ عَمَلًا صَالِحًا بَيْنَ يَدَيْ اَجَلِهِ حَتّٰى يَرْضٰى عَنْهُ جِيرَانُهُ، اَوْ قَالَ: مَنْ حَوْلَهُ

✧✧ حضرت عمر بن حمق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ اپنے کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو اس کو شہد کھلاتا ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: کیسے شہد کھلاتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی موت سے پہلے اس کو نیک عمل کی توفیق دیتا ہے حتیٰ کہ اس کے پڑوسی اس سے خوش ہوجاتے ہیں۔ یا (شاید فرمایا) اس کے اردگرد والے لوگ خوش ہوجاتے ہیں۔

1259- اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزَّاهِدُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا مُحَاضِرُ

حديث 1258:

اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 342 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحديث: 3298 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله' بيروت' لبنان' 1405ھ/1984ء' رقم الحديث: 183 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة' قاهره' مصر' 1408ھ/1988ء' رقم الحديث: 489

حديث 1259:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2878 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 14583 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 7319 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 1901 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة' قاهره' مصر' 1408ھ/1988ء' رقم الحديث: 1013

بْنُ الْمُوَرِّعِ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، وَاَخْبَرَنِيْ عَلِيُّ بْنُ عِيْسَى الْحِيْرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْحَرَشِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، اَنْبَاَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: يُبْعَثُ كُلُّ عَبْدٍ عَلٰى مَا مَاتَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجْهُ الْبُخَارِيُّ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہر بندے کو اسی حالت پر اٹھایا جائے گا جس حالت پر وہ مرے گا۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے، لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اسے نقل نہیں کیا۔

1260۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْخُرَاسَانِيُّ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، اَنْبَاَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّهُ لَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ دَعَا بِثِيَابٍ جُدُدٍ فَلَبِسَهَا، ثُمَّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنَّ الْمَيِّتَ يُبْعَثُ فِيْ ثِيَابِهِ الَّتِيْ يَمُوْتُ فِيْهَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: جب حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت قریب آیا تو انہوں نے نئے کپڑے منگوا کر پہنے، پھر فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ میت کو انہی کپڑوں میں اٹھایا جائے گا جن میں وہ مرے گا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1260أ۔ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَنَا اَبُوْ هَانِءٍ الْخَوْلَانِيُّ، وَعَمْرُو بْنُ مَالِكٍ الْجَنْبِيُّ، سَمِعَ فَضَالَةَ بْنَ عُبَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ مَّاتَ عَلٰى مَرْتَبَةٍ مِّنْ هٰذِهِ الْمَرَاتِبِ بُعِثَ عَلَيْهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى شَرْطِهِمَا

✧✧ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص ان مراتب میں سے کسی مرتبے پر مرے گا، قیامت کے دن اسی پر اٹھایا جائے گا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

حدیث 1260:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 3114 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 7316 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 6395 اخرجه ابـ[illegible] الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب [illegible] بيروت لبنان' (طبع ثاني) 1403ھ' رقم الحديث: 6203

1261- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّكْسَكِيِّ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَ مَرَّةٍ وَّلَا مَرَّتَيْنِ يَقُولُ: اِذَا كَانَ الْعَبْدُ يَعْمَلُ عَمَلا صَالِحًا فَشَغَلَهُ عَنْ ذٰلِكَ مَرَضٌ، اَوْ سَفَرٌ، كُتِبَ لَهُ كَصَالِحِ مَا كَانَ يَعْمَلُ، وَهُوَ صَحِيحٌ مُّقِيمٌ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک دومرتبہ نہیں (بلکہ کئی مرتبہ) فرماتے سنا ہے کہ بندہ نیک عمل کرتا ہو پھر وہ بیماری یا سفر کی وجہ سے وہ عمل نہ کر پائے تو اس کے نامہ اعمال میں بدستور وہ ثواب لکھا جاتا رہے گا جو وہ حالت صحت واقامت میں کیا کرتا تھا۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

1262- اَخْبَرَنَا اَبُو عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ السَّمَّاكِ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُلاعِبِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءِ بْنِ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اُبَيٍّ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ، فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ عَرَفَ فِيهِ الْمَوْتَ، قَالَ: قَدْ كُنْتُ اَنْهَاكَ عَنْ حُبِّ الْيَهُودِ، فَقَالَ: قَدْ اَبْغَضَهُمْ سَعْدُ بْنُ زُرَارَةَ فَمَهْ، فَلَمَّا مَاتَ اَتَاهُ ابْنُهُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اُبَيٍّ قَدْ مَاتَ فَاَعْطِنِي قَمِيصَكَ اُكَفِّنْهُ فِيهِ، فَنَزَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَمِيصَهُ، فَاَعْطَاهُ اِيَّاهُ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عبداللہ ابن ابی کی مرض الموت میں عیادت کرنے تشریف لے گئے، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس پہنچے تو اس میں موت کے آثار پہچان لئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تجھے یہودیوں کی محبت سے منع کیا کرتا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (مزید) فرمایا: ان میں سے بدترین دشمن ''سعد بن زرارہ'' ہے، اس کو چھوڑ دے، جب

حدیث 1261:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3091 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 19694 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 6339

حدیث 1262:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3094 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 390

وہ مرگیا تو اس کا بیٹا نبی اکرم ﷺ کے پاس آ کر کہنے لگا: یا رسول اللہ ﷺ عبداللہ ابن ابی مرگیا ہے، آپ مجھے اپنی قمیص عطا فرمائیں تا کہ میں اس میں اس کو کفن دوں، نبی اکرم ﷺ نے اپنی قمیض اتار کر اس کو دے دی۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1263 - حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُنِيْ لَيْسَ بِرَاكِبِ بَغْلٍ، وَلَا بِرْذَوْنٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

◇◇ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ میری عیادت کے لئے نہ تو خچر پر سوار ہو کر تشریف لاتے اور نہ گھوڑے پر۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1264 - حَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ قَطَنٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ رَّجُلٍ يَّعُوْدُ مَرِيْضًا مُمْسِيًا اِلَّا خَرَجَ مَعَهُ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ يَّسْتَغْفِرُوْنَ لَهُ حَتّٰى يُصْبِحَ، وَكَانَ لَهُ خَرِيْفٌ فِي الْجَنَّةِ، وَمَنْ اَتَاهُ مُصْبِحًا خَرَجَ مَعَهُ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ يَّسْتَغْفِرُوْنَ لَهُ حَتّٰى يُمْسِيَ، وَكَانَ لَهُ خَرِيْفٌ فِي الْجَنَّةِ

هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ لِاَنَّ جَمَاعَةً مِّنَ الرُّوَاةِ اَوْقَفُوْهُ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، وَمَنْصُوْرِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ حَدِيْثِ شُعْبَةَ عَنْهُمَا، وَاَنَا عَلٰى

حدیث 1263:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحيحه" (طبع ثالث) دار ابن كثير، يمامه، بيروت، لبنان، 1407ھ 1987ء، رقم الحديث: 5340 اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 3096 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 3851 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 15053 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان، 1411ھ/ 1991ء، رقم الحديث: 7501 اخرجه ابويعلىٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحديث: 2140

حدیث 1264:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 3098 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 969 اخرجه ابو عبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 975

اَصْلِي فِي الْحُكْمِ لِرَاوِي الزِّيَادَةِ

✧✧ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص شام کے وقت کسی مریض کی عیادت کے لئے جاتا ہے، اس کے ساتھ ستر ہزار فرشتے دعائے مغفرت کرتے ہوئے نکلتے ہیں اور صبح تک دعا کرتے رہتے ہیں اور اس شخص کے لئے جنت میں ایک باغ ہے اور جو شخص صبح کے وقت کسی مریض کی عیادت کرنے نکلے اس کے ساتھ ستر ہزار فرشتے نکلتے ہیں جو کہ شام تک اس کے لئے مغفرت کی دعا کرتے رہتے ہیں اور اس کے لئے جنت میں ایک باغ ہے۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین نے اسے نقل نہیں کیا کیونکہ راویوں کی ایک جماعت ہے جنہوں نے اس حدیث کو حکم بن عتیبہ اور منصور بن المعتمر سے ابن ابی لیلی کے واسطے سے حضرت علی رضی اللہ عنہ تک موقوف رکھا ہے۔ جس کو شعبہ نے روایت کیا ہے اور میں راوی کی زیادتی کے سلسلے میں اپنی اصل پر قائم ہوں۔

1265 - اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: عَادَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ وَجَعٍ كَانَ بِعَيْنَيَّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهٗ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ مِّنْ حَدِيْثِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

✧✧ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میری آنکھوں میں درد تھا جس کی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری عیادت کیلئے تشریف لائے۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی درج ذیل حدیث، مذکورہ حدیث کی شاہد ہے۔

1266 - حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ كَثِيْرٍ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُصَفّٰى، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ حَفْصٍ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: عَادَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ مِنْ رَمَدٍ كَانَ بِهٖ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زید بن ارقم کی آشوبِ چشم کی وجہ سے عیادت کی۔

1267 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ الْفَضْلِ الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا الْجُعَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدٍ، اَنَّ اَبَاهَا، قَالَ: اشْتَكَيْتُ بِمَكَّةَ فَجَائَنِيْ

حدیث 1265:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3102 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 6380 اخرجه ابن ابی اسامه فی "مسند الحارث" طبع مرکز خدمة السنة والسیرة النبویه مدینه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحدیث: 247

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُنِیْ، وَوَضَعَ يَدَهٗ عَلٰى جَبْهَتِیْ، ثُمَّ مَسَحَ صَدْرِیْ وَبَطْنِیْ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اشْفِ سَعْدًا، وَاَتْمِمْ لَهٗ هِجْرَتَهٗ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

❖❖ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بنت سعد اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتی ہیں کہ میں مکہ میں بیمار پڑ گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری عیادت کیلئے تشریف لائے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ میری پیشانی پہ رکھا، پھر میرے سینے اور پیٹ کو ملا پھر یوں دعا مانگی "یا اللہ سعد کو شفاء دے اور اسکی ہجرت کو پورا کر دے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔

1268- اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَاتِمٍ الْعَدْلُ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسَى الْقَاضِیْ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِیْ اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ اَبُوْ خَالِدٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ عَادَ مَرِيْضًا لَّمْ يَحْضُرْ اَجَلُهٗ، فَقَالَ عِنْدَهٗ سَبْعَ مَرَّاتٍ: اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ اِلَّا عَافَاهُ اللّٰهُ مِنْ ذٰلِكَ الْمَرَضِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِیِّ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

حدیث 1267:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3104 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 2355 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 7504 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 6381

حدیث 1268:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3106 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث: 2083 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 2137 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 10883 اخرجه ابويعلىٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 2483 اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامی دارعمار بيروت لبنان/عمان 1405ھ 1985ء رقم الحديث: 35 اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 12272 اخرجه ابومحمد الكسی فی "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحديث: 718 اخرجه ابوبكر الكوفی فی "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحديث: 23572

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی کی عیادت کو جائے اور اس کے پاس سات مرتبہ یہ دعا مانگے": اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ " (میں عرش عظیم کے مالک اللہ عظیم سے سوال کرتا ہوں کہ وہ تجھے شفاء عطا فرمائے) اگر اس کو موت نہ آئی ہوئی ہو، اللہ اس مرض سے اس کو شفاء دے دے گا۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1269- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهٖ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ عَادَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ فَقَعَدَ عِنْدَ رَاْسِهٖ، ثُمَّ قَالَ سَبْعَ مَرَّاتٍ: اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ عُوْفِيَ اِنْ لَّمْ يَكُنْ اَجَلُهٗ حَضَرَ

هٰذَا حَدِيْثٌ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِّنْ رِوَايَةِ الْمِصْرِيِّيْنَ، عَنِ الْمَدَنِيِّيْنَ، عَنِ الْكُوْفِيِّيْنَ لَمْ نَكْتُبْهُ عَالِيًا اِلَّا عَنْهُ، وَقَدْ خَالَفَ الْحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ الثِّقَاتِ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو

ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی مسلمان بھائی کی عیادت کو جائے اور اسکے سر کے پاس بیٹھ کر سات مرتبہ یہ دعا مانگے "اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ" (میں عرش عظیم کے مالک اللہ عظیم سے سوال کرتا ہوں کہ وہ تجھے شفاء عطا فرمائے) اسے شفا دے دی جائے گی بشرطیکہ اس کی موت کا وقت نہ آ گیا ہو۔

یہ حدیث شاہد ہے، صحیح ہے اور مصریوں کی مدنیوں سے روایت کے معاملے میں غریب ہے۔ ہم سند عالی انہی کے حوالے سے لکھتے ہیں۔ یہ حدیث منہال بن عمرو سے روایت کرنے میں حجاج بن ارطاۃ نے ثقہ راویوں کی مخالفت کی ہے (جیسا کہ درجہ ذیل حدیث میں ہے)

1270- اَخْبَرَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُّسْلِمٍ عَادَ اَخَاهُ فَدَخَلَ عَلَيْهِ، وَلَمْ يَحْضُرْ اَجَلُهٗ، فَقَالَ: اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَ فُلَانًا مِّنْ مَّرَضِهٖ سَبْعَ مَرَّاتٍ اِلَّا شَفَاهُ اللّٰهُ مِنْهُ هٰذَا مِمَّا لَا يُعَدُّ خِلَافًا فَاِنَّ الْحَجَّاجَ بْنَ اَرْطَاةَ دُوْنَ عَبْدِ رَبِّهٖ بْنِ سَعِيْدٍ وَّاَبِيْ خَالِدٍ الدَّالَانِيِّ فِي الْحِفْظِ وَالْاِتْقَانِ، فَاِنْ ثَبَتَ حَدِيْثُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ مِنْ هٰذِهِ الرِّوَايَةِ، فَاِنَّهٗ شَاهِدٌ لِّسَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ

✧✧ حجاج بن ارطاۃ نے منہال بن عمرو کے بعد عبداللہ بن الحارث کے واسطے سے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی یہ روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنے کسی مسلمان بھائی کی عیادت کو جائے اور سر کے پاس بیٹھ کر سات مرتبہ یہ دعا مانگے: اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَ فُلَانًا مِّنْ مَّرَضِهٖ" میں عرش عظیم کے مالک اللہ عظیم سے سوال کرتا ہوں کہ وہ تجھے شفاء عطا فرمائے۔ اگر اس کی موت کا وقت نہ آ گیا ہو تو اسے شفا دے دی جائے گی۔

❖❖ اس طرح کے اختلاف کو اختلاف شمار نہیں کیا جاسکتا، کیونکہ حجاج بن ارطاۃ، عبدربہ بن سعید اور ابوخالد دالانی سے حفظ اور اتقان میں کم درجہ رکھتے ہیں۔ اور ان روایات میں سے اگر عبداللہ بن حارث کی روایت ثابت ہو تو یہ سعید بن جبیر کی حدیث کی شاہد قرار دی جاسکتی ہے۔

1271۔ اَخْبَرَنِی اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَرِیءُ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِیُّ، فِیْمَا قُرِءَ عَلٰی مَالِكٍ، عَنْ یَزِیْدَ بْنِ خُصَیْفَةَ، وَحَدَّثَنَا اَبُو الْفَضْلِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ الْمُزَكِّی، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ خُصَیْفَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ السُّلَمِیِّ، اَنَّ نَافِعَ بْنَ جُبَیْرٍ، اَخْبَرَهٗ اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ اَبِی الْعَاصِ قَدِمَ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدْ اَخَذَهٗ وَجَعٌ قَدْ كَادَ یُبْطِلُهٗ، فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَزَعَمَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: ضَعْ یَمِیْنَكَ عَلٰی مَكَانِكَ الَّذِیْ تَشْتَكِی، وَامْسَحْ بِهٖ سَبْعَ مَرَّاتٍ، وَقُلْ: اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ فِیْ كُلِّ مَسْحَةٍ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ اِنَّمَا اَخْرَجَهٗ مُسْلِمٌ، مِنْ حَدِیْثِ الْجُرَیْرِیِّ، عَنْ یَزِیْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّیْرِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی الْعَاصِ بِغَیْرِ هٰذَا اللَّفْظِ

❖❖ حضرت نافع بن جبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو اس قدر شدید درد میں مبتلا تھے قریب تھا کہ اس کی وجہ سے ان کی موت واقع ہو جاتی، انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بات کا تذکرہ کیا تو ان کا گمان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنا ہاتھ درد کی جگہ پر رکھ کر سات مرتبہ ملو اور ہر دفعہ ملتے ہوئے پڑھو "اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ" میں اللہ کی عزت اور قدرت کی پناہ مانگتا ہوں اس چیز کے شر سے جو میں پاتا ہوں۔

یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا، امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس سلسلہ میں جریری کی وہ حدیث نقل کی ہے جس کی سند یزید بن عبداللہ بن شخیر کے واسطے عثمان بن ابی العاص تک پہنچی ہے تاہم اس کے الفاظ کچھ مختلف ہیں۔

1272۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِیْهُ، اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ مِلْحَانَ، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ بُكَیْرٍ، حَدَّثَنِی اللَّیْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زِیَادَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْاَنْصَارِیِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِیِّ، عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَیْدٍ،

حدیث 1271:

اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 2202 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحدیث: 17937 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحدیث: 2964 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبری" طبع دارالکتب العلمیه، بیروت، لبنان، 1411ھ/1991ء، رقم الحدیث: 10839 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحدیث: 8342

اَنَّ رَجُلَيْنِ اَقْبَلا يَلْتَمِسَانِ الشِّفَاءَ مِنَ الْبَوْلِ، فَانْطَلَقَ بِهِمَا اِلٰى اَبِى الدَّرْدَاءِ فَذَكَرَا وَجَعَ اُنْثَيَيْهِمَا لَهُ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنِ اشْتَكٰى مِنْكُمْ شَيْئًا، اَوِ اشْتَكَاهُ اَخٌ لَّهُ فَلْيَقُلْ: رَبَّنَا اللّٰهُ الَّذِىْ فِى السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ اَمْرُكَ فِى السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِى السَّمَآءِ، فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِى الْاَرْضِ، وَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَخَطَايَانَا، اِنَّكَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ، فَاَنْزِلْ رَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ، وَشِفَاءً مِّنْ شِفَائِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجَعِ فَيَبْرَاُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى قَدِ احْتَجَّ الشَّيْخَانِ بِجَمِيْعِ رُوَاةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ غَيْرِ زِيَادَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ، وَهُوَ شَيْخٌ مِّنْ اَهْلِ مِصْرَ قَلِيْلُ الْحَدِيْثِ

✧✧ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ان کی ایسے دو آدمیوں سے ملاقات ہوئی جو پیشاب سے شفاء ڈھونڈ رہے تھے۔(یعنی ان کو پیشاب کا کوئی عارضہ لاحق تھا) فضالہ فرماتے ہیں: میں ان کو حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کے پاس لے گیا، انہوں نے حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کو اپنی تکلیف کے بارے میں بتایا، تو حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ بولے: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ تم میں سے کسی شخص کو تکلیف ہو یا تمہارے کسی بھائی کو تکلیف ہو تو اس کو چاہیے کہ یوں دعا مانگے: "رَبَّنَا اللّٰهُ الَّذِىْ فِى السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ اَمْرُكَ فِى السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِى السَّمَآءِ، فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِى الْاَرْضِ، وَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَخَطَايَانَا، اِنَّكَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ، فَاَنْزِلْ رَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ، وَشِفَاءً مِّنْ شِفَائِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجَعِ فَيَبْرَاُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى"

("اے وہ اللہ! جس کی حکومت آسمانوں میں بھی ہے، تیرا نام مقدس ہے، تیری حکومت آسمانوں اور زمینوں میں ہے جس طرح تیری رحمت آسمانوں میں ہے، اسی طرح اپنی رحمت زمین پر بھی عطا فرما اور ہمارے گناہوں اور خطاؤں کو معاف فرما، بے شک تو طیبین کا رب ہے، ہم پر تو اپنی رحمت اور شفاء نازل فرما"۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی تکلیف جاتی رہے گی)۔

✧✧ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے زیاد بن محمد کے علاوہ اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں اور "زیاد" اہل مصر کے شیوخ میں سے ہیں، ان کی روایت کردہ احادیث کی تعداد بہت کم ہے۔

1273- اَخْبَرَنِىْ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مِهْرَانَ، حَدَّثَنِىْ اَبِىْ، حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِىِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا عَادَ اَحَدُكُمْ مَرِيْضًا فَلْيَقُلِ: اللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ يَنْكَاُ لَكَ عَدُوًّا اَوْ يَمْشِىْ لَكَ اِلٰى صَلٰوةٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

حدیث 1272:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3892 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 10876 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین قاهره مصر 1415ھ رقم الحدیث: 8636

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی شخص کسی مریض کی عیادت کو جائے تو یوں دعا مانگے "اَللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ وَيَنْكَأُ لَكَ عَدُوًّا اَوْيَمْشِي لَكَ اِلَى الصَّلوٰةِ" ۔"اے اللہ: اپنے بندے کو شفا عطاء فرما تاکہ یہ تیرے دشمنوں سے لڑ سکے یا نماز کے لئے چل کر جا سکے"۔

✤ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1274۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْبَجَلِيُّ، اَنْبَانَا اَبُوْ زُرْعَةَ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الرَّجُلَ تَكُوْنُ لَهُ الْمَنْزِلَةُ عِنْدَ اللّٰهِ فَمَا يَبْلُغُهَا بِعَمَلٍ فَلَا يَزَالُ يَبْتَلِيهِ بِمَا يَكْرَهُ حَتّٰى يُبْلِغَهُ ذٰلِكَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی شخص کے لئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ایک مقام لکھا ہوا ہوتا ہے لیکن وہ اپنے عمل کے سبب اس مقام تک نہیں پہنچتا تو اس کو مسلسل آزمائشوں میں مبتلا کیا جاتا ہے حتیٰ کہ وہ ان کے سبب اس مقام کو پالیتا ہے۔

✤ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

1275۔ اَخْبَرَنِي اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي نَصْرٍ الدَّارَبَرْدِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، اَنْبَانَا يُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُتَيٍّ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَمَّا حُضِرَ اٰدَمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ لِبَنِيْهِ: انْطَلِقُوا فَاجْنُوْا لِي ثِمَارَ الْجَنَّةِ، قَالَ: فَخَرَجَ بَنُوْهُ فَاسْتَقْبَلَتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ، فَقَالُوْا: اَيْنَ تُرِيْدُوْنَ يَا بَنِيْ اٰدَمَ؟ قَالُوْا: بَعَثَنَا اَبُوْنَا لِنَجْنِيَ لَهُ مِنْ ثِمَارِ الْجَنَّةِ، قَالَ: ارْجِعُوْا فَقَدْ كُفِيْتُمْ، قَالَ: فَرَجَعُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى دَخَلُوْا عَلٰى اٰدَمَ، فَلَمَّا رَاٰتْهُمْ حَوَّاءُ ذُعِرَتْ مِنْهُمْ وَجَعَلَتْ

حدیث 1273:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3107 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 6600 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2974 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحديث: 344

حدیث 1274:

اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 6095 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2908

تَـدْنُو اِلٰی اٰدَمَ وَتَلْتَصِقُ بِهٖ، فَقَالَ لَهَا اٰدَمُ: اِلَيْكِ عَنِّیْ اِلَيْكِ عَنِّیْ، فَمِنْ قِبَلِكِ اُتِيتُ خَلِّ بَيْنِیْ وَبَيْنَ مَلَائِكَةِ رَبِّیْ، قَـالَ: فَقَبَضُوا رُوْحَهٗ، ثُمَّ غَسَّلُوْهُ وَحَنَّطُوْهُ وَكَفَّنُوْهُ، ثُمَّ صَلَّوْا عَلَيْهِ، ثُمَّ حَفَرُوْا لَهٗ ثُمَّ دَفَنُوْهُ، ثُمَّ قَالُوْا: يَا بَنِیْ اٰدَمَ هٰذِهٖ سُنَّتُكُمْ فِیْ مَوْتَاكُمْ، فَكَذَاكُمْ فَافْعَلُوا

هٰـذَا حَـدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَهُوَ مِنَ النَّوْعِ الَّذِیْ لَا يُوْجَدُ لِلتَّابِعِیِّ اِلَّا الرَّاوِیْ الْوَاحِدُ، فَاِنَّ عُتَیَّ بْنَ ضَمْرَةَ السَّعْدِیَّ لَيْسَ لَهٗ رَاوٍ غَيْرُ الْحَسَنِ، وَعِنْدِیْ اَنَّ الشَّيْخَيْنِ عَلَّلَاهُ بِعِلَّةٍ اُخْرٰی، وَهُوَ اَنَّهٗ رُوِیَ عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اُبَیٍّ دُوْنَ ذِكْرِ عُتَیٍّ

✧✧ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب آدم علیہ السلام کا آخری وقت آیا تو آپ علیہ السلام نے اپنے بیٹوں سے کہا: جاؤ میرے لئے جنت کے کچھ پھل لے کر آؤ۔ آپ علیہ السلام کے بیٹے (پھل لینے) چل دیئے۔ آگے سے فرشتوں سے ملاقات ہوگئی، فرشتوں نے پوچھا: اے آدم علیہ السلام کے بیٹو! تم کہاں جا رہے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: ہمارے والد نے ہمیں جنت کے پھل لینے کے لئے بھیجا ہے، فرشتوں نے کہا: تم لوٹ جاؤ، کیونکہ جتنے پھل تم نے کھانے تھے، کھا لئے ہیں (حضور علیہ السلام) فرماتے ہیں: یہ لوگ فرشتوں کے ہمراہ واپس لوٹ آئے اور آدم علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوگئے، جب حضرت حواء رضی اللہ عنہا نے ان کو دیکھا تو ان سے خوفزدہ ہو کر آدم علیہ السلام کے قریب آگئیں اور ان کے ساتھ چپکنے لگیں، آدم علیہ السلام نے ان سے فرمایا: میرے اور میرے رب کے فرشتوں کے درمیان راستہ چھوڑ دو، آپ فرماتے ہیں: پھر فرشتوں نے آپ علیہ السلام کی روح کو قبض کیا پھر ان کو غسل دیا، ان کو خوشبو لگائی اور ان کو کفن پہنایا پھر ان کی نماز جنازہ پڑھی پھر ان کے لئے قبر کھود کر آپ علیہ السلام کو اس میں دفن کر دیا۔ پھر فرمایا: اے بنی آدم! مردوں کے متعلق تمہارا یہ طریقہ ہے لہٰذا اسی طریقے پر تم عمل کرتے رہنا۔

✣ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور اس حدیث کا تعلق اس نوع کے ساتھ ہے کہ جب تابعی سے روایت کرنے والا صرف ایک شخص ہو، کیونکہ اس کی سند میں عتی بن ضمرہ السعدی کا ''حسن'' کے علاوہ اور کوئی راوی نہیں ہے جبکہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو ایک دوسری وجہ سے معلل قرار دیا ہے اور وہ وجہ یہ ہے کہ یہ حدیث حسن کے واسطے سے ان کے والد سے روایت کی گئی ہے۔ اس میں ''عتی'' کا ذکر نہیں ہے۔

1276۔ اَخْبَـرَنَـاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ سَعِيْدٍ الْاَيْلِیُّ، حَدَّثَنَا ابْـنُ وَهْـبٍ، اَخْبَرَنِیْ عُمَرُ بْنُ مَالِكٍ الْمَعَافِرِیُّ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اُبَیِّ بْنِ كَعْبٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كَانَ اٰدَمُ رَجُلًا طُوَالًا فَذَكَرَ حَدِيْثًا طَوِيْلًا وَفِیْ اٰخِرِهٖ، اَنَّهٗ قَـالَ: خَـلُّـوْا بَيْنِـیْ وَبَيْـنَ رُسُـلِ رَبِّیْ، فَاِنَّكِ اَدْخَلْتِ عَلَیَّ هٰذَا، فَقَبَضُوا نَفْسَهٗ وَغَسَّلُوْهُ بِالْمَاءِ وَالسِّدْرِ ثَلَاثًا، وَكَـفَّـنُـوْهُ وَصَلَّوْا عَلَيْهِ وَدَفَنُوْهُ، ثُمَّ قَالُوْا: هٰذِهٖ سُنَّةُ بَنِيكَ مِنْ بَعْدِكَ هٰذَا لَا يُعَلِّلُ حَدِيْثَ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، فَاِنَّهٗ اَعْرَفُ بِحَدِيْثِ الْحَسَنِ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمِصْرَ، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

✧✧ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدم علیہ السلام بہت لمبے قد والے تھے پھراس کے بعد آپ نے طویل حدیث ذکر فرمائی اوراس کے آخر میں فرمایا: میرے اور میرے رب کے فرشتوں کے بیچ میں سے ہٹ جاؤ کیونکہ تو نے اس کو میرے اوپر داخل کر دیا ہے۔ پھرانہوں نے آپ کی روح کو قبض کیا، آپ کو پانی اور بیری کے پتوں کے ساتھ تین مرتبہ غسل دیا، آپ کو کفن پہنایا، نماز جنازہ پڑھی اور دفنا دیا۔ پھر بولے! تمہارے بعد یہ تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے۔ (اسی پر عمل کرتے رہنا)

✧✧ یہ حدیث یونس بن عبید کی حدیث کو معلل نہیں کرتی کیونکہ اہل مدینہ اوراہل مصر میں سے حسن کی احادیث کے سب سے زیادہ واقف یہی تھے۔ (واللہ علم)

1277- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَانَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ الْعَامِرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ الْاَشْعَرِيِّ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: عَادَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرِيضًا مِّنْ وَعَكٍ كَانَ بِهٖ، وَمَعَهٗ اَبُوْ هُرَيْرَةَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَبْشِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ: هِيَ نَارِيْ اُسَلِّطُهَا عَلٰى عَبْدِي الْمُؤْمِنِ فِي الدُّنْيَا لِتَكُوْنَ حَظَّهٗ مِنَ النَّارِ فِي الْاٰخِرَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مریض کی عیادت فرمائی۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بھی آپ کے ہمراہ تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خوش ہو جاؤ، کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: یہ میری آگ ہے، اس کو میں اپنے کسی بندے پر دنیا میں اس لئے مسلط کرتا ہوں تا کہ وہ آخرت میں آگ سے بچ جائے۔

✧✧ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اورامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

1278- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، وَعَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، قَالَا: اَنْبَانَا هِشَامُ بْنُ عَلِيٍّ السِّيْرَافِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ، اَنْ يَّحْيَى بْنَ اَبِيْ كَثِيْرٍ، حَدَّثَهٗ اَنَّ اَبَا قِلَابَةَ، حَدَّثَهٗ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شَيْبَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: طَرَقَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَعٌ، فَجَعَلَ يَتَقَلَّبُ عَلٰى فِرَاشِهٖ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، لَوْ صَنَعَ هٰذَا بَعْضُنَا لَخَشِيَ اَنْ تَجِدَ عَلَيْهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْمُؤْمِنَ لَيُشَدَّدُ عَلَيْهِ، وَلَيْسَ مِنْ مُؤْمِنٍ يُصِيْبُهٗ نَكْبَةٌ، اَوْ وَجَعٌ اِلَّا حَطَّ اللّٰهُ عَنْهُ خَطِيْئَةً وَّرَفَعَ لَهٗ دَرَجَةً

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ ام المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو شدید درد اٹھا جس کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بستر پر لوٹ پوٹ ہو رہے تھے، میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسی تکلیف اگر ہم میں سے کسی کو ہوتی تو آپ اس کو بھی اسی حال

پر پاتے۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک مومن پر سختی آتی ہے اور کسی بھی مومن کو کوئی درد یا تکلیف پہنچے تو اللہ تعالیٰ اس کے بدلے میں اس کے گناہ معاف فرماتا ہے اور اس کے درجات بلند فرماتا ہے

❖❖ یہ حدیث امام بخاری اور امام مسلم کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1279۔ اَخْبَرَنِیْ اِسْمَاعِیْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَقِیْهُ بِالرِّیِّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ الرَّازِیُّ، حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ کَثِیْرِ بْنِ عُفَیْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ یَحْیَی بْنُ اَیُّوْبَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ یَزِیْدَ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: عَادَ امْرَاَةً مِّنَ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ لَهَا: اَهِیَ اُمُّ مِلْدَمٍ ؟ قَالَتْ: نَعَمْ فَلَعَنَهَا اللّٰهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبِّیْهَا، فَاِنَّهَا تَغْسِلُ ذُنُوْبَ الْعَبْدِ کَمَا یُذْهِبُ الْکِیْرُ خَبَثَ الْحَدِیْدِ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ، بِغَیْرِ هٰذَا اللَّفْظِ مِنْ حَدِیْثِ حَجَّاجِ بْنِ اَبِیْ عُثْمَانَ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ

1375- أَخْبَرَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ حَمْزَةُ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ الْحَارِثِ الْعَقَبِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ دَاوُدَ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. لِكُلِّ إِنْسَانٍ ثَلَاثَةُ أَخِلَاءَ: إِمَّا خَلِيْلٌ فَيَقُوْلُ مَا أَنْفَقْتَ فَلَكَ، وَمَا أَمْسَكْتَ فَلَيْسَ لَكَ وَذٰلِكَ مَالُهُ، وَإِمَّا خَلِيْلٌ، فَيَقُوْلُ: أَنَا مَعَكَ، فَإِذَا أَتَيْتَ بَابَ الْمَلِكِ تَرَكْتُكَ وَرَجَعْتُ فَذَاكَ أَهْلُهُ وَحَشَمُهُ، وَإِمَّا خَلِيْلٌ، فَيَقُوْلُ: أَنَا مَعَكَ حَيْثُ دَخَلْتَ، وَحَيْثُ خَرَجْتَ فَذَاكَ عَمَلُهُ، فَيَقُوْلُ: إِنْ كُنْتَ لَأَهْوَنَ الثَّلَاثَةِ عَلَيَّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ هٰكَذَا بِتَمَامِهِ لِانْحِرَافِهِمَا عَنْ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ وَلَيْسَ بِالْمَجْرُوْحِ الَّذِيْ يُتْرَكُ حَدِيْثُهُ، وَقَدِ اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا مَاتَ الْمَيِّتُ تَبِعَهُ ثَلَاثَةٌ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر انسان کے تین دوست ہوتے ہیں۔ ایک دوست ہوتا ہے جو کہتا ہے: جو تو نے خرچ کیا وہ تیرا ہے اور جو تو نے روک رکھا ہے وہ تیرا نہیں ہے یہ اس کا مال ہے اور ایک دوست وہ ہوتا ہے جو کہتا ہے: میں تیرے ساتھ ہوں لیکن جب تو ملک کے دروازے پر پہنچے گا (یعنی قبر میں جائے گا) تو میں لوٹ آؤں گا۔ یہ اس کے اہل وعیال اور دوست احباب ہیں۔ ایک دوست وہ ہوتا ہے جو کہتا ہے: تو جہاں بھی رہے، میں تیرے ساتھ ہوں، یہ اس کا عمل ہے تو آدمی اس سے کہے گا: تو میرے لئے بہت آسان تھا۔

✣✣ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے یہ پوری حدیث نقل نہیں کی۔ کیونکہ یہ دونوں عمران قطان سے انحراف کرتے ہیں۔ حالانکہ یہ ایسے مجروح نہیں ہیں کہ ان کی احادیث کو چھوڑا جائے۔ جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے سفیان بن عیینہ کی وہ حدیث نقل کی ہے جس میں انہوں نے عبداللہ بن ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم کے واسطے سے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی یہ روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب آدمی مرجاتا ہے تو تین چیزیں اس کے پیچھے رہ جاتی ہیں۔

1376- أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ جَعْفَرٍ أَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ الْحَافِظُ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا أَبُوْ سَلَمَةَ التَّبُوْذَكِيُّ مُوْسٰى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ

بَشِيْرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَثَلُ الرَّجُلِ وَمَثَلُ الْمَوْتِ كَمَثَلِ رَجُلٍ لَّهُ ثَلَاثَةُ خِلَانٍ، فَقَالَ اَحَدُهُمْ: هٰذَا مَالِيْ فَخُذْ مِنْهُ مَا شِئْتَ، وَقَالَ الْاٰخَرُ: اَنَا مَعَكَ حَيَاتَكَ فَإِذَا مِتَّ تَرَكْتُكَ، وَقَالَ الْاٰخَرُ: اَنَا مَعَكَ اَدْخُلُ وَاَخْرُجُ مَعَكَ اِنْ مِتَّ، وَاِنْ حَيِيتَ، فَاَمَّا الَّذِيْ قَالَ خُذْ مِنْهُ مَا شِئْتَ وَدَعْ مَا شِئْتَ فَإِنَّهُ مَالُهُ، وَاَمَّا الْاٰخَرُ عَشِيْرَتُهُ، وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَهُوَ عَمَلُهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آدمی اور موت کی مثال ایسے ہے جیسے کسی شخص کے تین دوست ہوں، ان میں سے ایک کہے: یہ میرا مال ہے، اس میں سے تو جتنا چاہے لے لے، دوسرا کہے: میں ساری زندگی تیرے ساتھ رہوں گا لیکن جب تو مر جائے تو میں تجھے چھوڑ دوں گا اور تیسرا کہے: تو چاہے زندہ رہے یا مر جائے، میں ہر مقام پر ہمیشہ تیرے ساتھ رہوں گا۔ تو ان میں سے جس نے یہ کہا کہ اس میں سے جو چاہے لے لے اور جو چاہے چھوڑ دے یہ اس کا مال ہے اور دوسرا اس کا خاندان ہے اور تیسرا اس کا عمل۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1377- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ خَالِدِ بْنِ سَارَةَ الْمَخْزُوْمِيُّ، اَخْبَرَنِيْ اَبِيْ وَكَانَ صَدِيْقًا لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ، اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جَعْفَرٍ، قَالَ: لَمَّا نُعِيَ جَعْفَرٌ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اصْنَعُوْا لِآلِ جَعْفَرٍ طَعَامًا فَقَدْ اَتَاهُمْ اَمْرٌ يَشْغَلُهُمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَجَعْفَرُ بْنُ خَالِدِ بْنِ سَارَةَ مِنْ اَكَابِرِ مَشَايِخِ قُرَيْشٍ، وَهُوَ كَمَا قَالَ شُعْبَةُ: اُكْتُبُوْا عَنِ الْاَشْرَافِ فَإِنَّهُمْ لَا يَكْذِبُوْنَ، وَقَدْ رُوِيَ غَيْرُ هٰذَا الْحَدِيْثِ مُفَسَّرًا

✧✧ حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کی شہادت کی اطلاع آئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جعفر کے بچوں کے لئے کھانا پکاؤ کیونکہ ان کو ایک ایسا معاملہ پیش آ گیا ہے جس نے ان کو مصروف کر رکھا ہے۔

حدیث 1377:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3132 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث: 998 اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1610 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 1751 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث: 6889 اخرجه ابويعلىٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ه-1984ء رقم الحديث: 6801 اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ه/1983ء رقم الحديث: 1472 اخرجه ابوبكر الحميدی فی "مسنده" طبع دارالكتب العلميه مكتبه المتنبی بيروت قاهره رقم الحديث: 537

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور جعفر بن خالد بن سارہ قریش کے اکابر مشائخ میں سے ہیں۔ اور ان کے متعلق شعبہ کا قول ہے: ان اشراف سے حدیث لکھ لیا کرو کیونکہ یہ جھوٹ نہیں بولتے۔ اس کے علاوہ ایک اور تفصیلی حدیث بھی موجود ہے (جو کہ درج ذیل ہے۔)

1378۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ تَمِيمٍ الْحَنْظَلِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّقَاشِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، اَخْبَرَنِيْ جَعْفَرُ بْنُ خَالِدِ بْنِ سَارَةَ، وَقَدْ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْهُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جَعْفَرٍ، قَالَ: لَوْ رَاَيْتَنِيْ وَقُثَمَ وَعُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ الْعَبَّاسِ نلعب إذ مر رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى دَابَّةٍ فَقَالَ: احْمِلُوْا هٰذَا اِلَيَّ فَجَعَلَنِيْ اَمَامَهُ، ثُمَّ قَالَ لِقُثَمَ: احْمِلُوْا هٰذَا اِلَيَّ فَجَعَلَهُ وَرَائَهُ مَا اسْتَحْيَا مِنْ عَمِّهِ الْعَبَّاسِ اَنْ حَمَلَ قُثَمَ، وَتَرَكَ عُبَيْدَ اللّٰهِ، ثُمَّ مَسَحَ بِرَاسِيْ ثَلَاثًا، فَلَمَّا مَسَحَ قَالَ: اَللّٰهُمَّ اخْلُفْ جَعْفَرًا فِيْ وَلَدِهٖ، قُلْتُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ: مَا فَعَلَ قُثَمُ؟ قَالَ: اسْتُشْهِدَ، قُلْتُ لِعَبْدِ اللّٰهِ: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ كَانَ اَعْلَمَ حبره، قَالَ: اَجَلْ

❖❖ حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں، قثم اور عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کھیل رہے تھے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سواری پر سوار ہمارے پاس سے گذرے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو مجھے پکڑا دو، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنے آگے بٹھا لیا پھر "قثم" کے متعلق کہا: اس کو بھی مجھے پکڑاؤ، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اپنے پیچھے بٹھا لیا، آپ کو اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی طرف سے اس بات میں کوئی خدشہ نہیں تھا کہ "قثم" کو سوار کر لیا ہے اور عبیداللہ کو چھوڑ دیا ہے۔ پھر آپ نے میرے سر پر تین مرتبہ ہاتھ پھیرا اور ہر مرتبہ ہاتھ پھیرتے ہوئے، آپ نے یہ دعا دی۔ "یا اللہ! جعفر کی اولاد میں اس کا نائب پیدا فرما"۔ (جریج کہتے ہیں) میں نے عبداللہ بن جعفر سے پوچھا! "قثم" کا کیا ہوا؟ انہوں نے جواب دیا: شہید ہو گئے۔ میں نے عبداللہ سے کہا: اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتا ہے۔ انہوں نے کہا: جی ہاں!

1379۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ، اَنَّ رَوْحَ بْنَ عُبَادَةَ، حَدَّثَهُمْ اَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ جَعْفَرُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ، قَالَ: مَسَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ عَلٰى رَاسِيْ قَالَ: اَظُنُّهُ قَالَ ثَلَاثًا فَلَمَّا مَسَحَ، قَالَ: اَللّٰهُمَّ اخْلُفْ جَعْفَرًا فِيْ وَلَدِهٖ قَدْ اَتٰى جَعْفَرُ بْنُ خَالِدٍ بِشَيْئَيْنِ عَزِيْزَيْنِ: اَحَدُهُمَا مَسْحُ رَاسِ الْيَتِيْمِ، وَالْاٰخَرُ تَفَقُّدُ اَهْلِ الْمُصِيْبَةِ بِمَا يَتَقَوَّتُوْنَ لَيْلَتَهُمْ، وَفَّقَنَا اللّٰهُ لِاسْتِعْمَالِهٖ عَنْهُ

❖❖ حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے سر پر اپنا ہاتھ پھیرا خالد کہتے ہیں: میرا خیال ہے کہ عبداللہ نے کہا تھا: تین مرتبہ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا) جب آپ نے ہاتھ پھیرا تو یہ دعا مانگی "اے اللہ!

حدیث 1381:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 20803 اخرجه ابوبكر الشيباني في "الاحاد والمثاني" طبع دار الراية رياض سعودي عرب 1411ھ/1991ء رقم الحديث: 1651

جعفر کی اولاد میں اس کا نائب پیدا فرما''۔ جعفر بن خالد کو دو پیاری چیزیں عطا ہوئیں۔(۱) یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرنا۔(۲) مصیبت کے عالم میں وہ چیز بھی میسر نہ آنا جس کو کھا کر وہ اپنی رات گزار سکے اللہ تعالیٰ ہمیں ان کے نقشِ قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

1380 ...۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ سَهْلٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ النَّحْوِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قِلَابَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ شَيْبَانَ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ سُمَيْرٍ، حَدَّثَنِيْ بَشِيْرُ بْنُ نَهِيكٍ، حَدَّثَنِيْ بَشِيْرٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ اسْمُهُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ زَحْمُ بْنُ مَعْبَدٍ، وَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اسْمُكَ ؟ قَالَ: زَحْمُ بْنُ مَعْبَدٍ، فَقَالَ: اَنْتَ بَشِيْرٌ فَكَانَ اسْمَهُ، قَالَ: بَيْنَا اَنَا اُمَاشِي رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا ابْنَ الْخَصَاصِيَةِ مَا تَنْقِمُ عَلَى اللّٰهِ اَصْبَحْتَ تُمَاشِي رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: مَا اَنْقِمُ عَلَى اللّٰهِ شَيْئًا كُلُّ خَيْرٍ فَعَلَ نَبِيُّ اللّٰهِ، فَاَتٰى عَلٰى قُبُوْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ، فَقَالَ: لَقَدْ سَبَقَ هٰؤُلَاءِ بِخَيْرٍ كَثِيْرٍ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ اَتٰى عَلٰى قُبُوْرِ الْمُسْلِمِيْنَ، فَقَالَ: لَقَدْ اَدْرَكَ هٰؤُلَاءِ خَيْرًا كَثِيْرًا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَبَيْنَمَا هُوَ يَمْشِي اِذْ حَانَتْ مِنْهُ نَظْرَةٌ، فَاِذَا هُوَ بِرَجُلٍ يَّمْشِي بَيْنَ الْقُبُوْرِ عَلَيْهِ نَعْلَانِ، فَقَالَ: يَا صَاحِبَ السِّبْتِيَّتَيْنِ وَيْحَكَ اَلْقِ سِبْتِيَّتَيْكَ فَنَظَرَ، فَلَمَّا عَرَفَ الرَّجُلُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلَعَ نَعْلَيْهِ فَرَمٰى بِهِمَا

✧✧ حضرت بشیر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: ان کا جاہلیت میں نام زحم بن معبد تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے کہا: تمہارا نام کیا ہے؟ انہوں نے کہا: زحم بن معبد۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو بشیر ہے۔ تو اس کے بعد انکا یہی نام ہو گیا۔ بشیر کہتے ہیں: میں ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ چل رہا تھا آپ علیہ السلام نے فرمایا: اے خصاصیہ کے بیٹے ! تم اللہ تعالیٰ کی کس چیز کا انکار کرتے ہو اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ چل رہے ہو میں نے کہا: میں اللہ تعالیٰ کی کسی چیز کا انکار نہیں کرتا ہوں ہر بھلائی اللہ کے رسول مجھے عطا فرمادی ہے۔ پھر آپ مشرکوں کی قبروں کے پاس آئے اور فرمایا: ان لوگوں نے بہت ساری بھلائیاں ضائع کر دیں آپ نے تین مرتبہ یہی کہا: پھر آپ مسلمانوں کی قبروں کے پاس آئے اور فرمایا: ان لوگوں نے بہت ساری بھلائیاں پالی ہیں یہ بات تین مرتبہ کہی پھر آپ چل رہے تھے کہ اچانک ایک شخص نظر آیا جو قبرستان میں جوتے پہن کر چل رہا تھا۔ آپ نے فرمایا: اے جوتیوں والے! تیرے لئے ہلاکت ہو، اپنی جوتیاں اتار دے، اس شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا، جب اس نے پہچان لیا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں تو اس نے جوتیاں اتار کر پھینک دیں۔

1381۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، اَنْبَاَنَا وَكِيْعٌ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ شَيْبَانَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سُمَيْرٍ، عَنْ بَشِيْرِ بْنِ نَهِيكٍ، عَنْ بَشِيْرٍ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى رَجُلًا يَمْشِي فِيْ نَعْلَيْنِ بَيْنَ الْقُبُوْرِ فَقَالَ: يَا صَاحِبَ السِّبْتِيَّتَيْنِ اَلْقِهِمَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، فِي النَّوْعِ الَّذِيْ لَا يَشْتَهِرُ الصَّحَابِيُّ اِلَّا بِتَابِعِيَّيْنِ

✧✧ حضرت بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو جوتے پہنے قبرستان میں چلتے دیکھا تو فرمایا:

اے جوتیاں پہننے والے ان کو اتار دے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین رحمہما اللہ نے اس کو روایت نہیں کیا، اس کا تعلق حدیث کی اس قسم کے ساتھ ہے جس میں صحابی کی شہرت دو تابعین کے ذریعے ہوتی ہے۔

1382۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، اَنْبَاَنَا نَافِعُ بْنُ يَزِيْدَ، اَخْبَرَنِيْ رَبِيْعَةُ بْنُ سَيْفٍ، حَدَّثَنِيْ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: قَبَرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا، فَلَمَّا رَجَعْنَا وَحَاذَيْنَا بَابَهُ اِذْ هُوَ بِامْرَاَةٍ لَا نَظُنُّهُ عَرَفَهَا، فَقَالَ: يَا فَاطِمَةُ مِنْ اَيْنَ جِئْتِ؟ قَالَتْ: جِئْتُ مِنْ اٰلِ الْمَيِّتِ رَحِمْتُ اِلَيْهِمْ مَيِّتَهُمْ وَعَزَّيْتُهُمْ، قَالَ: فَلَعَلَّكِ بَلَغْتَ مَعَهُمُ الْكُدٰى؟ قَالَتْ: مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ اَبْلَغَ مَعَهُمُ الْكُدٰى، وَقَدْ سَمِعْتُكَ تَذْكُرُ فِيْهِ مَا تَذْكُرُ، قَالَ: لَوْ بَلَغْتِ مَعَهُمُ الْكُدٰى مَا رَاَيْتِ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَرٰى جَدُّ اَبِيْكِ، وَالْكُدٰى: الْمَقَابِرُ، رَوَاهُ حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ سَيْفٍ

❖❖ حضرت عبداللہ بن عمرو العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ ایک شخص کی تدفین کی، جب ہم وہاں سے واپس لوٹے اور ان کے دروازے پر پہنچے تو آپ ﷺ نے ایک خاتون کو دیکھا، ہم یہ سمجھ رہے تھے کہ آپ ﷺ اس عورت کو نہیں پہچانتے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے فاطمہ! تو کہاں سے آرہی ہے؟ اس نے جواب دیا: میں میت کے گھر والوں کے پاس سے آئی ہوں۔ میت کے لئے دعائے مغفرت کرنے اور تعزیت کرنے گئی تھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: شاید کہ تو ان کے ساتھ قبرستان گئی تھی۔ اس نے کہا: میں اللہ کی پناہ مانگتی ہوں کہ ان کے ساتھ قبرستان جاؤں۔ کیونکہ میں نے اس کے متعلق آپ کے ارشادات سن رکھے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تو ان کے ساتھ قبرستان جاتی تو اس وقت تک جنت نہ دیکھ سکتی جب تک کہ تیرے باپ کا دادا نہ دیکھ لیتا۔

❖❖ مذکورہ حدیث میں ایک لفظ ''الکدیٰ'' استعمال ہوا ہے، اس کا معنی ''قبرستان'' ہے۔ اسی حدیث کو حیوۃ بن شریح حضرمی نے ربیعہ بن سیف سے نقل کیا ہے۔ (جو کہ درج ذیل ہے)۔

1383۔ حَدَّثَنَاهُ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْدَانَ الصَّيْرَفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ الْفَضْلِ الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا حَيْوَةُ، اَخْبَرَنِيْ رَبِيْعَةُ بْنُ سَيْفٍ الْمَعَافِرِيُّ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْصَرَ امْرَاَةً مُنْصَرِفَةً مِنْ جَنَازَةٍ فَسَاَلَهَا: مِنْ اَيْنَ جِئْتِ؟ فَقَالَتْ: مِنْ تَعْزِيَةِ اَهْلِ هٰذَا الْمَيِّتِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاللّٰهِ لَوْ بَلَغْتِ مَعَهُمُ الْكُدٰى مَا رَاَيْتِ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَرَاهَا جَدُّ اَبِيْكِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک عورت کو جنازہ سے واپس آتے دیکھا۔

تو اس سے پوچھا: تو کہاں سے آ رہی ہے؟ اس نے جواب دیا: اس میت کے گھر والوں سے تعزیت کر کے۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تو ان کے ساتھ قبرستان چلی جاتی تو اس وقت تک جنت نہ دیکھ سکتی جب تک کہ تیرے باپ کا دادا نہ دیکھ لیتا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1384- اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ كَامِلِ بْنِ خَلَفٍ الْقَاضِیْ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِیْسَى الْقَاضِیْ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِیْدِ، وَمُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ، قَالَا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَالَوَیْهِ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى الْعَنْبَرِیُّ، حَدَّثَنَا یَحْیَى بْنُ مَعِیْنٍ، حَدَّثَنَا یَحْیَى بْنُ سَعِیْدٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ زَائِرَاتِ الْقُبُوْرِ، وَالْمُتَّخِذِیْنَ عَلَیْهَا الْمَسَاجِدَ وَالسُّرُجَ، قَالَ الْحَاكِمُ: اَبُوْ صَالِحٍ هٰذَا لَیْسَ بِالسَّمَّانِ الْمُحْتَجِّ بِهٖ، اِنَّمَا هُوَ بَاذَانُ، وَلَمْ یَحْتَجَّ بِهِ الشَّیْخَانِ لٰكِنَّهٗ حَدِیْثٌ مُّتَدَاوَلٌ فِیْمَا بَیْنَ الْاَئِمَّةِ، وَوَجَدْتُّ لَهٗ مُتَابِعًا مِّنْ حَدِیْثِ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ فِیْ مَتْنِ الْحَدِیْثِ فَخَرَّجْتُهٗ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبروں پر جانیوالی عورتوں پر اور ان کی طرف سجدہ کرنے والوں پر اور ان پر چراغ رکھنے والوں پر لعنت فرمائی ہے۔

❖ امام حاکم فرماتے ہیں یہ ''ابوصالح'' وہ ''سمان'' نہیں ہیں جس کی روایات نقل کی جاتی ہیں۔ بلکہ وہ تو باذان ہیں اور لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے ان کی روایات نقل نہیں کیں۔ جبکہ یہ حدیث ائمہ حدیث کے درمیان معروف ہے۔ اور جب مجھے اس حدیث کے متن میں سفیان ثوری کی سند کے ہمراہ ایک متابع حدیث مل گئی۔ جس کو میں نے (ذیل میں) نقل کر دیا ہے۔

1385- حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ هَارُوْنَ الْفَقِیْهُ، اِمْلَاءً، حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حُذَیْفَةَ، حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خُثَیْمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ بَهْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِیْهِ، قَالَ: لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ زَوَّارَاتِ الْقُبُوْرِ

حدیث 1384:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3236 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 320 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 2043 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 2030 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 3179 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 2170 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 6998 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بیروت لبنان رقم الحدیث: 2733 اخرجه ابوالحسن الجوهری فی "مسنده" طبع موسسه نادر بیروت لبنان 1410ھ/1990ء رقم الحدیث: 1500 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 7549

وَهٰذِهِ الْاَحَادِيْثُ الْمَرْوِيَّةُ فِي النَّهْيِ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ مَنْسُوخَةٌ، وَالنَّاسِخُ لَهَا حَدِيْثُ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ كُنْتُ قَدْ نَهَيْتُكُمْ، عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ اَلا فَزُوْرُوْهَا، فَقَدْ اَذِنَ اللّٰهُ تَعَالٰى لِنَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ زِيَارَةِ قَبْرِ اُمِّهِ، وَهٰذَا الْحَدِيْثُ مُخَرَّجٌ فِي الْكِتَابَيْنِ الصَّحِيْحَيْنِ لِلشَّيْخَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

✧✧ حضرت عبدالرحمان بن حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبروں کی زیارت کے لئے جانیوالی عورتوں پر لعنت کی ہے۔

❖ اور یہ احادیث جو کہ زیارتِ قبور سے ممانعت سے متعلق ہیں، یہ منسوخ ہیں۔ اوران کی ناسخ حضرت علقمہ بن مرثد کی وہ حدیث ہے جس میں انہوں نے سلیمان بن بریدہ کے واسطے سے ان کے والد کا یہ بیان نقل کیا ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں قبروں کی زیارت سے روکا کرتا تھا، اب تم ان کی زیارت کیا کرو، بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کی والدہ کی قبر کی زیارت کی اجازت دی ہے۔ اور یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں نقل کی ہے۔

1386- وَقَدْ حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَحَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، قَالَ: اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ يَحْيٰى بْنِ حَبَّانَ الْاَنْصَارِيَّ اَخْبَرَهُ، اَنَّ وَاسِعَ بْنَ حَبَّانَ حَدَّثَهُ، اَنَّ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ حَدَّثَهُ، اَنَّ رَسُوْلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ فَزُوْرُوْهَا، فَاِنَّ فِيْهَا عِبْرَةً، وَنَهَيْتُكُمْ عَنِ النَّبِيْذِ اَلا فَانْتَبِذُوْا وَلَا اُحِلُّ مُسْكِرًا، وَنَهَيْتُكُمْ عَنْ لُحُوْمِ الْاَضَاحِي فَكُلُوْا وَادَّخِرُوْا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تمہیں زیارتِ قبور سے منع کیا کرتا تھا۔ اب تم زیارت کیا کرو کیونکہ اس میں عبرت ہے۔ میں تمہیں نبیذ سے روکا کرتا تھا، اب تم نبیذ بنالیا کرو۔ اور میں نشے کو حلال نہیں کرتا۔ میں تمہیں قربانیوں کے گوشت سے منع کیا کرتا تھا۔ اب تم (جتنا چاہو) کھاؤ (اور جتنا چاہو) جمع کرو۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1387- وَحَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ هَانِءٍ، عَنْ مَسْرُوْقِ بْنِ الْاَجْدَعِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنِّيْ كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ، وَاَكْلِ لُحُوْمِ الْاَضَاحِي فَوْقَ ثَلَاثٍ، وَعَنْ

حدیث: 1386

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربی' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 977 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث: 2032

نَبِيذِ الْاَوْعِيَةِ، اَلا فَزُوْرُوا الْقُبُوْرَ فَاِنَّهَا تُزَهِّدُ فِي الدُّنْيَا، وَتُذَكِّرُ الاٰخِرَةَ، وَكُلُوْا لُحُومَ الْاَضَاحِي، وَابْقُوا مَا شِئْتُمْ فَاِنَّمَا نَهَيْتُكُمْ عَنْهُ اِذِ الْخَيْرُ قَلِيْلٌ تَوْسِعَةً عَلَى النَّاسِ، اَلا اِنَّ وِعَاءً لا يُحَرِّمُ شَيْئًا، فَاِنَّ كُلَّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ

✧✧ حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تمہیں زیارت قبور سے اور قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ کھانے سے اور نبیذ کے برتنوں سے منع کیا کرتا تھا، خبردار! قبروں کی زیارت کیا کرو کیونکہ یہ دنیا میں بے رغبتی پیدا کرتی ہے۔ اور آخرت یاد دلاتی ہے۔ اور قربانی کا گوشت کھاؤ اور جتنا چاہو بچا کر رکھ لو، میں تو اس وقت تمہیں منع کیا کرتا تھا جب مالی حالات کمزور ہوا کرتے تھے تاکہ لوگوں پر وسعت رہے۔ خبردار! برتن کسی چیز کو حرام نہیں کرتے۔ بے شک ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔

1388- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ الْبَزَّازُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ، حَدَّثَنَا سَلامُ بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْجَابِرِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَامِرٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ فَزُوْرُوْهَا، فَاِنَّهَا تُذَكِّرُكُمُ الْمَوْتُ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تمہیں زیارت قبور سے منع کیا کرتا تھا اب تم اس کی زیارت کیا کرو کیونکہ یہ موت کی یاد دلاتی ہیں۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1389- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي الدُّنْيَا، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِمْرَانَ الْاَخْنَسِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: زَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْرَ اُمِّهِ فِيْ اَلْفِ مُقَنَّعٍ، فَلَمْ يُرَ بَاكِيًا اَكْثَرَ مِنْ يَوْمَئِذٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

1389- حضرت سلیمان بن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ہزار افراد کی معیت میں اپنی والدہ محترمہ کی قبر مبارک کی زیارت کی، اس دن کے علاوہ کبھی بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اتنا زیادہ روتے ہوئے نہیں دیکھا گیا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری اور امام مسلم کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اس کو نقل نہیں کیا۔

1390- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، وَاَبُو الْفَضْلِ الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْعَدْلُ، قَالَا:

حدیث 1390:

اخرجه ابو عبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلامية' حلب' شام ' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث: 2034 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" ' طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1572 اخرجه ابو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 9686 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 3169 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 6949

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْفَرَّاءُ، اَنْبَانَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُنَيْنٍ يَزِيْدُ بْنُ كَيْسَانَ، عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: زَارَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْرَ اُمِّهٖ فَبَكٰى وَاَبْكٰى مَنْ حَوْلَهٗ، ثُمَّ قَالَ: اسْتَاْذَنْتُ رَبِّىْ اَنْ اَزُوْرَ قَبْرَهَا فَاَذِنَ لِىْ، وَاسْتَاْذَنْتُهٗ اَنْ اَسْتَغْفِرَ لَهَا فَلَمْ يُؤْذَنْ لِىْ فَزُوْرُوا الْقُبُوْرَ، فَاِنَّهَا تُذَكِّرُ الْمَوْتَ وَهٰذَا الْحَدِيْثُ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی والدہ کی قبر کی زیارت کی تو آپ رو پڑے۔ (اورآپ کے رونے نے) آپ کے اردگرد (سب لوگوں) کورلا دیا۔ پھر فرمایا: میں نے اپنے رب سے اپنی والدہ کی قبر کی زیارت کی اجازت مانگی۔تو اللہ نے مجھے اجازت دے دی اور میں نے ان کے لئے دعائے مغفرت کی اجازت مانگی تو مجھے اجازت نہیں دی گئی۔ چنانچہ تم قبروں کی زیارت کیا کرو کیونکہ یہ موت یاددلاتی ہیں۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1391۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِىُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ شُعَيْبٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِىُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِىُّ، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا زُبَيْدٌ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرِيْبًا مِّنْ اَلْفِ رَاكِبٍ، فَنَزَلَ بِنَا وَصَلّٰى بِنَا رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهٖ وَعَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ، فَقَامَ اِلَيْهِ عُمَرُ فَفَدَاهُ بِالْاُمِّ وَالْاَبِ، يَقُوْلُ: مَا لَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: اِنِّىْ اسْتَاْذَنْتُ رَبِّىْ فِى الْاِسْتِغْفَارِ لِاُمِّىْ فَلَمْ يَاْذَنْ لِىْ، فَدَمَعَ عَيْنَاىَ رَحْمَةً لَّهَا، وَاسْتَاْذَنْتُ رَبِّىْ فِىْ زِيَارَتِهَا فَاَذِنَ لِىْ، وَاِنِّىْ كُنْتُ قَدْ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ فَزُوْرُوْهَا، وَلْيَزِدْكُمْ زِيَارَتُهَا خَيْرًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تقریباً ایک ہزار سوار تھے، ایک جگہ پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑاؤ ڈالا اور ہمیں دو رکعتیں پڑھائیں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہماری طرف متوجہ ہوئے تو آپ کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ آپ کی طرف اٹھ کر کھڑے ہوئے اور کہنے لگے: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ آپ کو کیا ہوا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے اپنے رب سے اپنی والدہ کے لئے دعائے مغفرت کی اجازت مانگی، لیکن مجھے اجازت نہ ملی تو والدہ کی محبت میں میری آنکھوں سے آنسو نکل آئے۔ میں نے ان کی زیارت کے لئے اجازت مانگی، تو اس کی مجھے اجازت مل گئی۔ میں تمہیں زیارتِ قبور سے منع کرتا تھا، اب تم ان کی زیارت کیا کرو۔ اوران کی زیارت سے تمہارے اندر اعمال صالح کا جذبہ بڑھے گا۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1392۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَانَا اَبُو الْمُثَنّٰى مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيْرُ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا بِسْطَامُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ اَبِى التَّيَّاحِ يَزِيْدَ بْنِ حُمَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ

بْنِ اَبِی مُلَیکَةَ، اَنَّ عَائِشَةَ اَقْبَلَتْ ذَاتَ یَوْمٍ مِّنَ الْمَقَابِرِ فَقُلْتُ لَهَا: یَا اُمَّ الْمُؤْمِنِیْنَ، مِنْ اَیْنَ اَقْبَلْتِ ؟ قَالَتْ: مِنْ قَبْرِ اَخِی عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِی بَکْرٍ، فَقُلْتُ لَهَا: اَلَیْسَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی عَنْ زِیَارَةِ الْقُبُوْرِ ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، کَانَ قَدْ نَهٰی، ثُمَّ اُمِرَ بِزِیَارَتِهَا

✧✧ حضرت عبداللہ بن ابی ملیکہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا قبرستان سے آ رہی تھیں ۔میں نے ان سے پوچھا: اے اُمّ المومنین! آپ کہاں سے آ رہی ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: اپنے بھائی عبدالرحمٰن بن ابی بکر کی قبر سے ۔میں نے ان سے کہا: کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زیارتِ قبور سے منع نہیں کیا؟ انہوں نے جواباً کہا: حضور صلی اللہ علیہ وسلم پہلے منع کیا کرتے تھے ۔لیکن بعد میں آپ نے اجازت دے دی تھی۔

1393۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِیٍّ الْحُسَیْنُ بْنُ عَلِیٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا عَبْدَانُ الْاَهْوَازِیُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَقَدِیُّ، حَدَّثَنَا عَامِرُ بْنُ یَسَافٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ یَحْیَی بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: کُنْتُ نَهَیْتُکُمْ عَنْ زِیَارَةِ الْقُبُوْرِ اَلا فَزُوْرُوْهَا، فَاِنَّهَا تُرِقُّ الْقَلْبَ، وَتُدْمِعُ الْعَیْنَ، وَتُذَکِّرُ الْاٰخِرَةَ، وَلَا تَقُوْلُوْا هُجْرًا

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تمہیں زیارت قبور سے روکا کرتا تھا، اب تم ان کی زیارت کیا کرو کیونکہ یہ دل کو نرم کرتی ہے اور آنکھوں کو رلاتی ہے اور آخرت کی یاد دلاتی ہے۔

1394۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ یَحْیَی الْمُقْرِءُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ عُثْمَانَ الْاَهْوَازِیُّ، حَدَّثَنَا الرَّبِیْعُ بْنُ یَحْیٰی، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ مُسْلِمٍ، وَحَدَّثَنِی یَحْیَی بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ التَّیْمِیُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَامِرٍ الْاَنْصَارِیِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّیْ کُنْتُ نَهَیْتُکُمْ عَنْ زِیَارَةِ الْقُبُوْرِ فَمَنْ شَاءَ اَنْ یَّزُوْرَ قَبْرًا فَلْیَزُرْهُ، فَاِنَّهُ یُرِقُّ الْقَلْبَ، وَیُدْمِعُ الْعَیْنَ، وَیُذَکِّرُ الْاٰخِرَةَ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تمہیں زیارت قبور سے منع کیا کرتا تھا (لیکن اب) جو قبر کی زیارت کرنا چاہے وہ کر سکتا ہے۔ کیونکہ یہ دل کو نرم کرتی ہے۔ آنکھوں کو رلاتی ہے اور آخرت یاد دلاتی ہے۔

1395۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِیُّ، حَدَّثَنَا مُوْسٰی بْنُ دَاوُدَ الضَّبِّیُّ، حَدَّثَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ، عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ، عَنْ اَبِی مُسْلِمٍ الْخَوْلَانِیِّ، عَنْ عُبَیْدِ بْنِ عُمَیْرٍ، عَنْ اَبِی ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ لِی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: زُرِ الْقُبُوْرَ تَذَکَّرْ بِهَا الْاٰخِرَةَ، وَاغْسِلِ الْمَوْتٰی فَاِنَّ مُعَالَجَةَ جَسَدِهٖ مَوْعِظَةٌ بَلِیْغَةٌ، وَصَلِّ عَلَی الْجَنَائِزِ لَعَلَّ ذٰلِكَ اَنْ یُحْزِنَكَ، فَاِنَّ الْحَزِیْنَ فِیْ ظِلِّ اللّٰهِ یَتَعَرَّضُ کُلَّ خَیْرٍ هٰذَا حَدِیْثٌ رُوَاتُهٗ عَنْ اٰخِرِهِمْ ثِقَاتٌ

✧✧ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قبروں کی زیارت کیا کرو جو آخرت یاد دلاتی ہے

اور مردوں کو غسل دیا کرو کیونکہ یہ میت کے جسم کو درست کرنا بہترین نصیحت ہے۔ اور نماز جنازہ پڑھا کرو شاید کہ اس وجہ سے تم غمگین ہو جاؤ کیونکہ غمگین شخص اللہ کے سائے میں ہوتا ہے اور ہر طرح کی بھلائی پاتا ہے۔

❖ اس حدیث کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

1396۔ حَدَّثَنَا أَبُو حَمِيدٍ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَامِدٍ الْعَدْلُ بِالطَّابِرَانِ حَدَّثَنَا تَمِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا أَبُو مُصْعَبِ الزُّهْرِيُّ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي فُدَيْكٍ أَخْبَرَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ تَزُوْرُ قَبْرَ عَمِّهَا حَمْزَةَ كُلَّ جُمُعَةٍ فَتُصَلِّي وَتَبْكِي عِنْدَهُ هٰذَا الْحَدِيْثُ رُوَاتُهُ عَنْ اٰخِرِهِمْ ثِقَاتٌ وَقَدِ اسْتَقْصَيْتُ فِي الْحَثِّ عَلٰى زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ تَحَرِّيًا لِلْمُشَارَكَةِ فِي التَّرْغِيْبِ وَلِيَعْلَمَ الشَّحِيْحُ بِذَنْبِهِ أَنَّهَا سُنَّةٌ مَسْنُوْنَةٌ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِهِ أَجْمَعِيْنَ

❖❖ حضرت علی بن حسن رضی اللہ عنہما اپنے والد کا بیان نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا ہر جمعہ کے دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حمزہ کی قبر کی زیارت کے لئے جاتی تھیں، آپ نماز بھی پڑھتی اور آپ کی قبر کے پاس روتی بھی تھیں۔

❖ اس حدیث کے تمام راوی ثقہ ہیں: اور میں زیارت قبور کی ترغیب دلانے میں بہت گہرائی میں اترا ہوں ترغیب میں شریک ہونے کی سوچ بچار کرتے ہوئے۔ تاکہ بخیل اپنی غلطی پر آگاہ ہو اور اسے پتہ چل جائے کہ یہ سنت مسنونہ ہے۔

1397۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سَلَامٍ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ مَيْمُوْنٍ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: كُنْتُ قَاعِدًا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمُرَّ بِجَنَازَةٍ، فَقَالَ: مَا هٰذِهِ؟ قَالُوْا: جَنَازَةُ فُلَانِيِّ الْفُلَانِ كَانَ يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، وَيَعْمَلُ بِطَاعَةِ اللّٰهِ، وَيَسْعٰى فِيْهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَجَبَتْ، وَجَبَتْ، وَجَبَتْ وَمُرَّ بِجَنَازَةٍ أُخْرٰى، قَالُوْا: جَنَازَةُ فُلَانِ الْفُلَانِيِّ كَانَ يُبْغِضُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، وَيَعْمَلُ بِمَعْصِيَةِ اللّٰهِ وَيَسْعٰى فِيْهَا، فَقَالَ: وَجَبَتْ، وَجَبَتْ، وَجَبَتْ، فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَوْلُكَ فِي الْجَنَازَةِ، وَالثَّنَاءِ عَلَيْهَا أُثْنِيَ عَلَى الْاَوَّلِ خَيْرٌ، وَعَلَى الْاٰخِرِ شَرٌّ فَقُلْتَ فِيْهَا وَجَبَتْ، وَجَبَتْ، وَجَبَتْ، فَقَالَ: نَعَمْ يَا اَبَا بَكْرٍ، اِنَّ لِلّٰهِ مَلَائِكَةً تَنْطِقُ عَلٰى اَلْسِنَةِ بَنِيْ اٰدَمَ بِمَا فِي الْمَرْءِ مِنَ الْخَيْرِ وَالشَّرِّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

❖❖ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ بیٹھا ہوا تھا، تو آپ کے پاس سے ایک جنازہ گزرا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: یہ کیا ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بتایا: یہ فلاں شخص کا جنازہ ہے جو کہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کیا کرتا تھا اور اللہ تعالیٰ کے احکام کی اطاعت کیا کرتا تھا اور اس میں کوشش کیا کرتا تھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: واجب ہو گئی (اس کے بعد) ایک اور جنازہ گزرا تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بتایا کہ یہ فلاں شخص کا جنازہ ہے جو کہ اللہ اور اس کے رسول سے بغض رکھتا تھا اور

بدعمل تھا اور اسی میں کوشش کیا کرتا تھا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: واجب ہوگئی، واجب ہوگئی، واجب ہوگئی۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ آپ کو پہلے جنازہ کے متعلق اچھائی بیان کی گئی تو آپ نے فرمایا "وجبت" (یعنی واجب ہوگئی) اور دوسرے کے متعلق برائی بیان کی گئی تو بھی آپ نے فرمایا "وجبت" (یعنی واجب ہوگئی) اس کی کیا وجہ ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابوبکر! ہاں، بے شک اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے ہیں جو بنی آدم کی زبانوں پر انسان میں پائی جانے والی اچھی یا بری خصلت جاری کر دیتے ہیں۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔

1398۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْعَنْبَرِيُّ، وَتَمِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَسْلَمَ الْعَابِدُ، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَمُوْتُ فَيَشْهَدُ لَهُ اَرْبَعَةٌ مِّنْ اَهْلِ اَبْيَاتِ جِيرَانِهِ الْاَدْنَيْنَ اَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ مِنْهُ اِلَّا خَيْرًا، اِلَّا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَتَبَارَكَ: قَدْ قَبِلْتُ قَوْلَكُمْ، اَوْ قَالَ: شَهَادَتَكُمْ وَغَفَرْتُ لَهُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب کوئی مسلمان فوت ہو جائے اور اس کے لئے اس کے چار قریبی پڑوسی یہ گواہی دے دیں کہ ہم اس کے متعلق بھلائی کے سوا کچھ نہیں جانتے تو اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے: میں نے تمہاری گواہی قبول کر لی ہے اور میں نے اس کے وہ گناہ بھی معاف کر دیئے ہیں جو تم نہیں جانتے ہو۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1399۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ قَاسِمُ بْنُ قَاسِمٍ السَّيَّارِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسٰى بْنِ حَاتِمٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيْقٍ، اَنْبَاَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، دُلَّنِيْ عَلٰى عَمَلٍ اِذَا اَنَا عَمِلْتُ بِهِ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ، قَالَ: كُنْ مُحْسِنًا، قَالَ: كَيْفَ اَعْلَمُ اَنِّيْ مُحْسِنٌ؟ قَالَ: سَلْ جِيْرَانَكَ، فَاِنْ قَالُوْا: اِنَّكَ مُحْسِنٌ فَاَنْتَ مُحْسِنٌ، وَاِنْ قَالُوْا: اِنَّكَ مُسِيءٌ" فَاَنْتَ مُسِيءٌ"

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: یارسول اللہ

حدیث 1398:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 13565 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرسالة' بيروت' لبنان' 1414ه/1993ء' رقم الحديث: 3026 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ه-1984ء' رقم الحديث: 3481

صلی اللہ علیہ وسلم مجھے کوئی ایسا عمل بتا دیجئے جس کو اپنا کر میں جنت کا مستحق ہو جاؤں۔ آپ نے فرمایا: "محسن" بن جاؤ۔ اس نے کہا میں مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ میں "محسن" ہوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے پڑوسیوں سے پوچھ لو! اگر وہ کہیں کہ تو "محسن" ہے۔ تو "محسن" ہے اور اگر وہ کہیں کہ تو برا ہے تو سمجھ لینا کہ تو برا ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1400- حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ الْاَسَدِيُّ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ دِيزِيلَ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ اَهْلُ الْجَنَّةِ ؟ قَالَ: مَنْ لَّا يَمُوْتُ حَتّٰى تُمْلَا اُذُنَاهُ مِمَّا يُحِبُّ، قِيْلَ: مَنْ اَهْلُ النَّارِ ؟ قَالَ: مَنْ لَّا يَمُوْتُ حَتّٰى تُمْلَا اُذُنَاهُ مِمَّا يَكْرَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: عرض کیا گیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! جنتی کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی موت سے پہلے لوگ اس کو برے لفظوں میں یاد کرتے ہوں۔ عرض کیا گیا جہنمی کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی موت سے پہلے لوگ اس کو برے لفظوں میں یاد کرتے ہوں۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1401- اَخْبَرَنِيْ اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَمَةَ الْعَنَزِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدِ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا اَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ خَارِجَةَ بْنَ زَيْدٍ اَخْبَرَهُ، اَنَّ اُمَّ الْعَلَاءِ امْرَاَةً مِّنَ الْاَنْصَارِ قَدْ بَايَعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّهُمُ اقْتَسَمُوْا لِلْمُهَاجِرِيْنَ قُرْعَةً فَطَارَ لَنَا عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُوْنٍ فَاَنْزَلْنَاهُ فِيْ اَبْيَاتِنَا، فَوَجِعَ وَجَعَهُ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ، فَلَمَّا تُوُفِّيَ غُسِّلَ وَكُفِّنَ فِيْ اَثْوَابِهِ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُوْنٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْكَ اَبَا السَّائِبِ فَشَهَادَتِيْ عَلَيْكَ لَقَدْ اَكْرَمَكَ اللّٰهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَمَا يُدْرِيْكِ اَنَّ اللّٰهَ اَكْرَمَهُ ؟ فَقَالَتْ: بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَمَنْ يُكْرِمُهُ اللّٰهُ ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَّا هُوَ فَقَدْ جَائَهُ الْيَقِيْنُ فَوَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاَرْجُوْ لَهُ الْخَيْرَ، وَاللّٰهِ مَا اَدْرِيْ وَاَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ مَاذَا يُفْعَلُ بِيْ ؟ قَالَتْ: فَوَاللّٰهِ مَا اُزَكِّيْ بَعْدَهُ اَحَدًا اَبَدًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت خارجہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اُمّ العلاء ایک انصاریہ خاتون ہیں، انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی ہے، آپ فرماتی ہیں: مہاجرین کے لئے قرعہ اندازی کی گئی تو ہمارے حصہ میں عثمان بن مظعون کا نام نکلا، ہم ان کو اپنے گھر لے گئے، ان کو ایسا شدید درد اٹھا کہ اسی میں ان کا انتقال ہو گیا، جب ان کا انتقال ہو گیا تو ہم نے ان کو غسل دیا اور انہی کے کپڑوں میں

ان کو کفن دے دیا۔ (اسی اثنا میں) رسول اکرم ﷺ تشریف لے آئے، میں بولی: اے عثمان بن مظعون اے ابوالسائب! اللہ تعالیٰ کی تیرے اوپر رحمت ہو، میری تیرے حق میں یہ گواہی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تجھے عزت بخشی ہوگی، اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمہیں کیا معلوم کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو عزت دی ہے؟ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں، اللہ تعالیٰ کس کو عزت دیتا ہے؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جہاں تک اس کا تعلق ہے تو اس کو یقین حاصل ہو چکا ہے، خدا کی قسم! میں اس کے بارے میں صرف خیر ہی کی امید رکھتا ہوں۔ اللہ کی قسم مجھے خود معلوم نہیں ہے کہ میرے ساتھ کیا ہوگا؟ حالانکہ میں اللہ کا رسول ہوں۔ (یعنی اللہ کے بتائے بغیر تو مجھے بھی کچھ معلوم نہیں ہے) اُمّ العلاء کہتی ہیں: اس کے بعد میں نے کبھی بھی کسی کے بارے میں یقین کے ساتھ کسی کی صفائی پیش کی۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1402 - اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّنْعَانِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبَّادٍ الصَّنْعَانِيُّ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، وَحَدَّثَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، اِمْلاءً، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ نَجْدَةَ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِي ابْنُ طَاوُسٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ كَانَ يَقُولُ بَعْدَ التَّشَهُّدِ كَلِمَاتٍ كَانَ يُعَظِّمُهُنَّ جِدًّا، قُلْتُ: فِي الاثْنَتَيْنِ كِلاهُمَا ؟ قَالَ: بَلْ فِي الْمُثَنَّى الآخِرِ بَعْدَ التَّشَهُّدِ، قُلْتُ: مَا هُوَ ؟ قَالَ: اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ، وَاَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَاَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ، وَاَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، قَالَ: وَكَانَ يُعَظِّمُهُنَّ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: اَخْبَرَنِيهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ طَاوُسٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ فِي التَّعَوُّذِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ اَمْلَيْتُ مَا صَحَّ عَلٰى شَرْطِهِمَا فِي هٰذَا الْبَابِ مِمَّا لَمْ يُخَرِّجَاهُ فِي كِتَابِ الايْمَانِ، وَلَمْ اُمْلِ هٰذَا الْحَدِيثَ

❖ حضرت ابن طاؤس رضی اللہ عنہ اپنے والد کے متعلق روایت کرتے ہیں کہ وہ تشہد کے بعد کچھ کلمات پڑھا کرتے تھے جنکو بہت عظیم سمجھتے تھے۔ میں نے پوچھا: دونوں قعدوں میں؟ انہوں نے جواب دیا: بلکہ آخری قعدے میں تشہد کے بعد۔ میں نے پوچھا: وہ کون سے کلمات ہیں؟ انہوں نے بتایا: "اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ، وَاَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَاَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ، وَاَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ" (میں جہنم کے عذاب سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں اور میں عذاب قبر سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں اور میں مسیح دجال سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں اور میں زندگی و موت کی فتنہ سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں) ابن طاؤس کہتے ہیں: وہ ان کلمات کو بہت عظیم سمجھتے تھے۔

❖❖ ابن جریج کا کہنا ہے کہ یہ حدیث مجھے عبداللہ بن طاؤس نے اپنے والد کے حوالے سے اُمّ المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے واسطے سے نبی اکرم ﷺ سے روایت کی ہے۔

اور عذاب قبر سے پناہ مانگنے کے موضوع پر یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق ہے لیکن

شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا ہے۔

اس باب میں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق جو احادیث صحیح تھیں لیکن انہوں نے ان کی تخریج نہیں کی تھی، میں نے وہ باب الایمان میں لکھ دی ہیں۔ البتہ یہ حدیث میں نہیں لکھ سکا تھا۔

